ترکیب ان تمام اجزا کو باریک کوٹ چھان کر سو گرام چھٹانک شیرہ کنوار گندل میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولی بنالیں روزانہ رات سوتے وقت ایک سے دو گولیاں همراہ نیم گرم دودھ یاپانی قبض کے علاوہ بواسیر اور سوزش انت میں بھی مفید هے بنایے اور دعامیں یادرکھیں اپکا بھای حکیم محمد سجاداحمد نزد سرکاری هسپتال هرپچندروڑ شیر گڑھ مردان دعا کریں

شاهد عمران منڈی بہاوالدین

## سوزاک

سوزاک پر میل ۔ جگر تلی کے ورم کے لئے لاجواب نسخہ سینہ بسینہ صدری راز جو آج آپکے سامنے دل کھول کر رکھ دیا۔ چالیس سال سے سینکڑوں مریضوں پر آزمایا هوا۔

نسخہ ۔ پھٹکری سفید ۔ نوشادر ٹھکری ۔ قلمی شورہ ۔ نمک لاهوری ۔ جو کھارا صل ۔ سھاگہ خام ۔ هر ایک 200 گرام ۔ ایلو یراپانی مقطر ڈیڑھ کلو میں یہ سب چیزیں پیس کر ملائیں ۔ دھوپ میں بوتل میں بند کر کے رکھیں ۔ تین دن روزانہ تین دفعہ هلائیں ۔ خوب زور دار هاتھوں سے ۔ پندرھ دن بعد پانی فلٹر کر کے الگ کرلیں ۔ بس یہی اکسیر اعظم آب شفاء هے ۔ دس قطرہ سے بیس قطرہ پانی یا شربت

بزوری سے دیں۔ جگر گردہ تلی۔ ورم۔ یرقان۔ سوزاک۔ غدی عضلاتی امراض سب پر آزمایا تیر حدف نسخہ ھے۔ مجھے یقین ھے پہلے کسی نے کبھی ایسا نسخہ کسی گروپ میں نہ دیکھا نہ سنا ھوگا سنیاسی فارمولہ ھے۔ حکیم خان محمد سومرو سانگھڑ سندھ۔۔

عضلاتی اعصابی امراض معدہ کے لے لاجواب جوارش کمونی ہمدرد۔ بڑھا ہوا پیٹ کمر کے ساتھ لگا دیتی ہے بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کی رطوبت اور سردی کو ختم کرتی ہے ہے۔ قبض کو ختم کرتی ہے۔ قبض کی وجہ سے کمر درد کے لے لاجواب ہے۔ گیس کو خارج کرتی ہے۔ پیٹ کے تناؤ اپھارا کے لے از بس مفید ہے۔ مقدار خوراک آدھی چمچی ہر کھانے کے بعد پانی کے ساتھ یا ویسے ہی کھالیں

## غدی اعصابی ہاضم

عطیہ؛ حکیم محمد یاسین دنیا پوری

ھوالشافی

سونٹھ، نوشادر، کالی مرچ، مغاں ہر ایک ایک تولہ۔ میٹھا سوڈا، پودینہ دیسی دو دو تولہ۔ سونف، ریوند خطائی، گندھک آملہ سار، نمک طعام ہر ایک چار تولہ۔

# سوزاک

پھٹکری سفید

قلمی شورہ ہموزن سفوف بنالیں

اور توے پہ رکھ کر اوپر الٹا برتن رکھیں اور وزن بھی رکھیں اور آگ جلالیں ہلکی آنچ سے۔۔۔۔۔

جب اچھی طرح پانی خشک ہو جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے باریک پیس لیں

اور زیرو سائز کیپسول بھرلیں۔۔۔

ترکیب استعمال۔ صبح دوپہر شام

ایک ایک کیپسول ہمراہ پانی

فوائد۔ سوزاک جلن پیشاب یرقان زردی قارورہ اور پیپ آنے کے لئے مفید ہے۔ سوزاک غدی تحریک میں ہوتا ہے اور خواتین اور مردوں دونوں کو ہو سکتا ہے اس کا یہ مجرب علاج ہے۔ حکیم عبدالرحمن راولپنڈی

# اکسیر درد

سملبو پاؤ

مامیخ 25 گرام سفوف بنالیں

اور ایک ماشہ کے کیپسول بھرلیں

ایک کیپسول روزانہ عصر کے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کروائیں اور دعاؤں میں یادرکھیں

مجرب اور معمول مطب ہے

حکیم عبدالرحمن راولپنڈی

ایک مجرب نسخہ

# برائے جریان لیکوریا

بھنے ہوئے چنے ایک پاؤ

پھٹکری سفید آدھ کلو

کالی مرچ ایک چھٹانک

سفوف بنالیں

اور ،500 ملی گرام کیپسول روزانہ عصر کے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم یا
چائے

صرف سات دن دیں بس کافی ہے

روغن سرسوں پاؤ

آب مولی پاؤ

ہنگ اصلی 50 گرام

آگ پہ چڑھائیں جب مولی کا پانی خشک ہو جائے تو اتارلیں

دو دو قطرے کان میں ڈالیں

بہرہ پن کان میں درد پردے پھٹنا وغیرہ کے لئے مفید ہے

حکیم عبد الرحمن راولپنڈی

بسم اللہ دارالشفاء دنیا پور

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا

## جوارش شاہی

ھوالشافی

مربہ آملہ مقشر سو گرام

مربہ سیب سو گرام

کشنیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بیس گرام

الائچی خورد۔۔بیس گرام

گل سرخ۔۔۔۔۔۔۔۔بیس گرام

زرشک شیریں۔بیس گرام

قوام مصری عرق گلاب میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حسب ضرورت

ترکیب تیاری

مربہ جات کوٹ کر گٹھلی دور کریں باقی ادویہ باریک پیس لیں اور عرق گلاب ایک لیٹر چینی ایک کلو میں قوام کر کے شامل کریں

مقدار خوراک

ایک چمچ دن میں تین بار همراه پانی یا عرق گلاب گاوزبان بادیان سے دیں

فواہد

دل کی گھبراہٹ بے چینی ھاتھ پاوں جلنا تیزابیت ھائ بلڈ پریشر خون کی کمی حرارت کی زیادتی فالج جس میں بلڈ پریشر ھائ ھو معدے کی خرابی کے لیے مفید ھے

طالب دعا

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرادنیا پور

03007750558

کوئ بھی موسمی سبزی کا جوش نکالیں اس آٹا گندم گوندھ کر ذیابیطیس کے مریض دوپھر اور شام کو یہ روٹی کھلائیں اور صبح فروٹ کا ناشتہ کرے عصر کے وقت قہوہ بنائے قہوہ کے اجزاء لونگ ایک عدد ۔دارچینی ایک گرام ۔زیرہ سفید ایک گرام ۔ادرک ایک گرام ۔پانی ایک کپ کو جوش دیں اوپر یہ اجزا ڈال دیں اور سے برتن کا منہ ڈھانپ دیں نیچے چولہا بند کردیں پانچ منٹ بعد پن کر

گڑ ڈال کر پی لیں اس نسخہ جو بھی مریض شوگر کا عمل کرے اس کی شوگر ھمیشہ ھمیشہ کنٹرول رہے گئ

## نامردی کا اصولی علاج

سب سے پہلے مریض کے نظام انھضام پہ توجہ دیں۔ اور کوئی نسخہ ھاضمہ کی اصلاح کا شروع سے آخر تک استعمال کرواتے رہیں۔

ھاضم چہار

کالی مرچ, کالا نمک, ٹھیکری نوشادر, الائچی سبز۔

ہموزن سفوف بنا کر ائیر ٹائیٹ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ایک سے دو گرام بعد از طعام استعمال کروائیں۔

ایضاً

زیرہ سفید, طباشیر بانسی, بادیان رومی, کشنیز خشک۔

ہموزن سفوف بنالیں۔

ایک سے دو گرام بعد از طعام استعمال کریں۔

اب اس کے ساتھ ہی ذکاوت حس کی دوا استعمال کروائیں۔ کہ اکثر بے جا محرک ادویات, گندے خیالات, فحش محافل اور بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے ذکاوت حس کا مرض پیدا ہو کر شہوت کے ساتھ ہی قطرے نکلنا شروع ہو جاتے ہیں۔ ان حالات میں اکثر ضعف قلب کا بھی عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔ اور مریض کا خود پی اعتماد ہی ختم ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات مقوی قلب نسخہ اور ذکاوت حس کو دور کرنے والی ادویات چند روز استعمال کروائیں۔

## حبوب ذکاوت

تخم جوژماثل سیاہ, ریوند چینی, تخم کاہو, افیون, پوٹاشیم برومائیڈ, کشتہ سہ دھاتہ, کشتہ نقرہ۔

ہموزن سفوف بنا کر عرق گلاب سہ آتشہ سے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

ایک ایک حبوب تین وقت بکری یا گائے کے دودھ سے استعمال کروائیں۔

دس سے ہندرہ روزہ استعمال کافی ہے۔

تقویت قلب کے لیے خمیرہ گاؤ زبان عنبری جوایردار یا خمیرہ مروارید استعمال کرواسکتے ہیں۔

یا یہ نسخہ استعمال کروائیں۔

# اکسیر قلب

بنسلوچن، دانہ ہیل خورد، چندن سفید، کشتہ سنگ یشب، کشتہ زہر مہرہ خطائی، کشتہ عقیق سرخ، کشتہ یاقوت سرخ۔

ہموزن ملا کر عرق بید مشک سے ایک دو روز خوب کھرل کر کے مثل غبار کرلیں اور کسی شیشی میں نگاہ رکھیں۔

خوراک:-چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ مکھن گائے

علاوہ ازیں مربہ آملہ، مربہ سفرجل اور مربہ سیب بھی مفید ہیں۔

تقویت قلب کے لیے طب یونانی کا شاہکار جواہر مہرہ کمال کی چیز ہے۔

اس کے بعد اگلا مرحلہ مغلظ و مولد مادہ حیات قسمکی ادویات استعمال کروانے کا ہے۔

# سفوف مغلظ خاص

موصلی سفید، ثعلب پنجہ، ثعلب مصری، ستاور، گوند کیکر پچاس پچاس گرام۔ مغز ہلنبہ دانہ سو گرام۔ دانہ الائچی سبز پچیس گرام۔ چھلکا اسپغول ایک سو پچاس گرام۔

تمام ادویات کا سفوف بنا کر چھلکا اسپغول شامل کر لیں۔

ایک چمچ درمیانہ صبح نہار منہ ہمراہ دودھ شیریں استعمال کریں۔

بعض مریضوں کو یہ سفوف دو وقت بھی استعمال کروایا جاتا ہے۔

اگر مریض کو پس سیل کی شکایت ہو تو اسی نسخہ کے ساتھ دو سے چار رتی فی خوراک روح طوطیا یا کشتہ جست بھی استعمال کرواتے ہیں۔

سفوف ھذا کا ایک سے ڈیڑھ ماہ استعمال کافی ہوتا ہے۔

اب آخری مرحلہ محرکات کا ہے۔ جسے اکثر کم علم حکماء شروع علاج میں ہی مریضوں کی جلد بازی دیکھتے ہوئے اپنی حذاقت دکھانے کی خاطر استعمال کروا کے کیس بگاڑ دیتے ہیں۔

درج ذیل ہمارے مطب کا بہترین نسخہ پیش خدمت ہے۔

# حبوب جند مشکی

جند بدستر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

ریگ ماہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

خولنجاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

عقر قرحا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

جائفل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

بسباسہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

مرچ سیاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

اذراقی مدبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

کشتہ نقرہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔6 گرام

کشتہ سم الفار۔۔۔۔۔۔۔۔3 گرام

کشتہ شنگرف۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

یوہمبین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

زعفران۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

آب برگ پان مقطر ایک لٹر

تمام ادویات اعلی کوالٹی کی لیں۔ بالخصوص کشتہ جات اعلی درجہ کے ہونے چاہ ئیں۔اور سفوف بنا کر بذریعہ کھرل آب برگ پان مقطر جذب کریں۔ تقریبا ایک سے ڈیڑھ ماہ کی متواتر محنت سے پانی جذب و خشک ہو گا۔

حبوب بقدر نخود بنالیں۔

ایک حب روزانہ بوقت عصر ہمراہ دودھ بالائ ی استعمال کریں۔

اکیس سے چالیس روز استعمال کافی ہے۔

مادرزاد نامرد کے علاوہ ہر قسم کا نامرد شیر مرد بن جاتا ہے, بفضل تعالی۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

03004264004

03334264006

یہ تمام ادویات تیار بھی مل سکتی ہیں۔

الحمد للہ معمول مطب نسخہ جات شئ ی ر کر دئ ے ہیں۔ بنائ یں اور دعاؤ ل میں یاد رکھیں۔

ہم طلاء جات بہت کم استعمال کرواتے ہیں البتہ بوقت ضرورت

طلاء ممسک اور طلاء فاسفورس محرک

بھی استعمال کروادیتے ہیں۔

ویسے اکثر روزانہ ریزر کا استعمال ہی کافی ہو جاتا ہے۔

دوران کورس غذا پہ خصوصی توجہ دیں۔ اچھی اور متوازن غذا کا استعمال ہی مستقل شفاء کا ضامن ہے۔ ان شاء اللہ

ہر مریض کو غذائی چارٹ ضرور دیا جانا چاہئے۔

آپ کا بھائی

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

گلوکوز ڈی بڑا ڈبہ لیں اس میں تین گرام امرت دھارا ڈالیں۔ ایک تولہ شب یمانی خام پیس کر ملائیں۔ چمچہ صبح شام لیموں کی شکنجی سے پلائیں۔ پینے میں خوش زائیقہ۔ ھونے کی وجہ سے بچے خوشی سے پی لیتے ھیں۔ جتنے اوپر لمبے چوڑے نسخے بیان کئے گئے وھی فوائید اس ایک نسخے سے ھونگے۔ ایک دفعہ بنانے والا ممکن ھی نہیں دوبارہ مطب سے اس نسخہ کو نکال نہ سکے گا۔ صفراء کو جڑ سے ختم کرے ورم جگر زخم گردہ مثانہ پیشاب کی جلن سوزاک تک استعمال کرتا ھوں۔ یرقان یعنی جائینڈس کے لئے تیر حدف میری کلینک کی پہچان ھے۔ یہ نسخہ۔ کم خرچ بالا نشیں۔ نگینہ دل کے اندر سے نکال کر دوستوں کی نظر کر دیا ھے۔ عقلمند حکماء قدر

کریں گے معدہ کی جلن تیزابیت السر تک ساتھ دوسرے نسخہ کے دینا مجرب المجرب ھے۔ حکیم خان محمد سومرو سانگھڑ سندھ۔

## امرت دھارا۔۔

ست لوبان۔ کافور۔ ست پودینہ روغن الائچی۔ روغن بادیان۔ سب هموزن تولہ تولہ ۔ شیشی میں بند کرکے دھوپ میں رکھ کر تیل کریں تین گرام ڈالیں۔ 250 گرام گلوکوز میں۔ ملائیں

## کشتہ عقیق تیاری

اجزاء۔۔ عقیق 250 گرام

عرق گلاب۔۔ سہ آتشہ --500 گرام

برہمی بوٹی کارس۔۔۔ 3500 گرام

بکرے کا مغز۔۔ 3 عدد

تیاری۔۔۔

سب سے پہلے عقیق کو بھٹی میں سرخ کر کے عرق گلاب حسب ضرورت لیکر اس میں بجھاوے دیں یہ عمل اس وقت تک کریں جب تک عقیق چرغ کھا کر پیسنے کے قابل نہ ہو جائے جب یہ پیس جائے۔

اس کے بعد میں اس کو الیکٹرانک کھرل میں ڈال کر رس برہمی اسکو پلاتا ہوں بذریعہ کھرل پونے دو کلو رس جب وہ خشک ہونے کے قریب ہوتا ہے تو اس کے بتاشے بنا کر خشک کر کے گل حکمت کر کے بھٹی کی خدمت میں پیش کرتا ہوں بھٹی اپنی افادیت اور طاقت کا اظہار کرتی ہے اور سات گھنٹے میں یہ بتاشے انتہائی نرم سوفٹ ہو جاتا ہے۔۔۔

دوسری دفعہ یہی عمل دوبارہ کر کے بتاشے بنا کر خشک کرنے کے بعد ہنڈیا میں ایک بکرے کا مغز رکھنے کے بعد اس کے اوپر بتاشے رکھ کر پھر اس کے اوپر دو مغز رکھ کر گل حکمت کر کے بھٹی کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔۔۔ بھٹی اپنی طاقت سے دوبارہ سات گھنٹے میں اس کو انتہائی لطیف کر دیتی ہے۔۔۔

آخری عمل میں۔۔۔ میں عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کر کے تین گھنٹے بھٹی کی خدمت میں پیش کر دیت ہوں گل حکمت کر کے۔۔ زبردست کشتہ عقیق تیار

تمام اطباء۔۔ اس کی افادیت سے واقف ہیں۔۔

زبردست مقوی دماغ

مقوی اعصاب

کیلشیم کا خزانہ

جسم کی تمام ہڈیوں بالخصوص (جمجمہ) اور مہروں کے لئے اکسیر ہے۔۔

میں کشتہ

عقیق۔۔مرجان۔۔۔یاقوت۔۔زمرد۔۔۔فولاد۔۔۔بیضہ مرغ۔۔۔

ایک ایک تولہ لیکر مکس کرکے پھر کھرل کرتا ہوں آدھے گھنٹے۔۔۔دو۔۔رتی کی مقدار کیپسول میں بھر کر دیتا ہوں۔۔

اور مرکب میں مکس کرکے بھی دیتا ہوں

جسمانی طاقت اور شوگر کے مریضوں پر بہت ہی اچھا رزلٹ پایا ہے۔۔۔

کشتہ عقیق کی ویڈیو ساتھ میں شئیر کر رہا ہوں

حکیم ابرار دہلوی

## اٹھراہ اور اولاد نرینہ

اٹھراہ اور اولاد نرینہ کا میرا معمول مطب نسخہ تمام معزز حکماء کی نظر۔۔۔براده دندان فیل 1 تولہ ناگ کیسر 1 تولہ سپاری 1 تولہ ٹکی مور 10 عدد

اسگند ناگوری 1 تولہ سفوف بنالیں۔۔۔500 ملی گرام کیپسول بھر لیں صبح اور شام خالی پیٹ بدرقہ مناسب کے ساتھ دیں

## اکسیر کثرتِ طمث

تخم سریالہ

جڑ نڑی (جس ڈنڈی سی بانسری بنتی ہے اس کی جڑ)

سنگ جراحت خام، گیرو، طباشیر، ملٹھی۔

ہم وزن باریک سفوف بنالیں اور ملٹھی کو کپڑ چھان کر لیں

آدھی چمچ صبح شام ہمراہ پانی یا دودھ

حکیم عبدالرحمن راولپنڈی 03065096300

## بندش ماہواری

بھلاوہ 20 گرام

مازو 20 گرام

گل ببول 30 گرام

چھلکا حنظل 50 گرام

پہلے بھلاوہ احتیاط سے کوٹ کر پیسٹ بنالیں اور اس کے بعد باقی تمام چیزیں الگ الگ باریک پیس لیں اور کپڑ چھان کر لیں

پھر کی مرد سے چنے برابر گولیاں بنالیں

صبح دوپہر شام ایک تا دو گولی ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی اور ادرک دیں مجرب ہے

حکیم عبدالرحمن راولپنڈی

## لیکوریا اور جریان کے لئے

ایک اور مجرب نسخہ لیکوریا اور جریان کے لئے

نمک نیلا 1 تولہ

کالی مرچ 1 تولہ

تخم دھتورا 1 تولہ

سنگ جراحت خام 1 تولہ

سفوف بنالیں

ایک رتی خوراک۔ عصر کے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم صرف پانچ دن تک

ایک خوراک روزانہ

اس کے بعد ایک دن ناغہ کر کے سات خوراکیں کھلائیں مجرب ہے

حکیم عبدالرحمن راولپنڈی

کشتہ صدف صادق 5 تولہ افیون خاص ایک ماشہ اچھی طرح کھرل کریں ایک ماشہ صبح نہار منہ ملائی ایک میں شکر ملائیں اور اس میں ایک ماشہ کشتہ ڈال کر مریضہ کو چٹائیں دوائی کھانی نہیں چٹانیں ہے ایک گھنٹہ بعد ایک گلاس دودھ پی لیں 15 دن کافی،شافی ہیں

## لیکوریا

کشتہ سنگ جراحت

کشتہ بیضہ مرغ

کشتہ صدف

پھٹکری سفید بریاں

سب چیزیں ہموزن

دو گھنٹے کھرل کرکے رکھ لیں تیار

ہے

2 رتی صبح و شام ہمراہ دودھ پتی

لاعلاج اور پرانا لیکوریا اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے

حکیم عبد الرحمن راولپنڈی

## زنانہ بانجھ پن

کمر کس

ناگ کیسر

الائچی سبز

برادہ دندان فیل

طباشیر

داڑھی بوہڑ

زعفران

ایک ایک تولہ تمام چیزیں

باریک سفوف بنالیں

تین تین ماشہ صبح و شام مکھن یا ملائی کے ساتھ کھلائیں

پہلے تین دن میاں بیوی اکٹھے سوئیں

ان شاء اللہ بانجھ پن کا خاتمہ ہو گا

مجرب و معمول مطب ہے

حکیم عبد الرحمن راولپنڈی

## سفوف لیکوریاء

مازو مائیں۔ کیکر پھلی۔ موچرس ۔گوند کتیرا ۔ سنگھاڑا کمرکش ۔ تخم بھنڈی۔ ھر ایک پانچ تولہ ۔ تین گرام صبح شام پانی سے دیں اس کے ساتھ سنگجراح سندھور فٹکی والا کشتہ ایک ٹائیم دیں۔ پندرہ دن۔ پانی سے۔ لیکوریا۔ کے لئے مجرب ھے۔

## کشتہ شنگرف

شنگرف ڈلی 1 تولہ

نر ہر نولی 2/1 کلو

نر ہر نولی کی پہچان یہ ہے کہ اس کی ٹہنی سرخ ہو گی نیچے سے اوپر تک۔۔

اس کی پھول نما شاخ کو اوپر سے توڑیں اور کوٹ کر نغدہ بنا لیں

اب مٹی کی چھوٹی سی کجی جس میں یہ نغدہ آجائے آدھا اوپر آدھا نیچے رکھ کر درمیان میں شنگرف کی ڈلی رکھیں اور ڈھکن بند کر کے لنٹر تار سے دونوں طرف باندھ لیں

اب گل حکمت کر کے ساڑھے تین کلو آپلوں کی آگ دیں

اگلے دن کھول کر نکال لیں شنگرف کو احتیاط سے نکال لیں اور باریک پیس کر ایک گھنٹہ کھرل کر لیں

اکسیری کشتہ شنگرف تیار ہے

نصف چاول سے ایک چاول خوراک ہے عصر کے وقت ہمراہ دودھ استعمال کروائیں

زیادہ سے زیادہ سات دن تک دیں بس کافی ہے

حکیم عبد الرحمن راولپنڈی

03065096300

# حمل کیلئے

ایسی عورتیں جن کو ایک بار بچہ ہو کر پھر حمل کا ہونا بند ہو جائے تو ایسی عورت کو ڈیٹ کے دوران تین دن تک سفوف حرمل کا آدھا چمچ صبح شام پانی سے دیں اس سے رحم کی فضولات نکل جائے گی اور حمل کے قابل ہو جائے گی۔۔یہ اتنا بھی کافی ہے لیکن میرا معمول یہ ہے کے نہانے کے بعد 12 دن تک ہر روز رات کو ایک ماشہ دودھ کے ساتھ یہ نسخہ دیتا ہوں۔۔

ھوالشافی۔۔

تخم بھنگ 50 گرام

پھلی کیکر 100 گرام

سونف 100 گرام

ناگ کیسر 30 گرام

تخم شونگی 70 گرام

الائچی خورد 50 گرام

کوزہ مصری 100 گرام سفوف بنالیں۔ حکیم سید وقار الحسن شاہ۔

## لیکوریا بند۔۔

ھوالشافی

کافور 100 گرام

سنگجراحت 150 گرام

مازو 100 گرام

سپاری 150 گرام

مائیں 150 گرام

سفوف بنالیں آدھاماشہ سے ایک ماشہ تک روزانہ دودھ کے ساتھ ایک ہفتہ کافی ہے۔۔

حکیم سید وقار الحسن شاہ

## کشتہ فولاد

ہیرا کسیس 100 گرام لے کر کسی سٹیل کے برتن میں ڈالیں۔ اسکے اوپر 100 گرام سوڈابائیکارب ڈال دیں۔ اب ان پر 1 لیٹر پانی ڈال دیں۔

بلبلے بنیں گے، سٹیل کا برتن باہر سے ٹھنڈا ہو جائے گا۔ اسی حالت میں رکھ دیں 4 گھنٹے کے لئے۔ 4 گھنٹے بعد اسکو چمچ سے اچھی طرح ہلا کر پھر آدھا گھنٹہ کے لئے رکھ دیں۔ اب پانی نتھر کر اوپر آجائے گا۔ ہیرا کسیس نیچے بیٹھ جائے گا۔ یہ پانی احتیاط سے نتھار کر ضائع کر دیں، اس میں سوڈابائیکارب ہے۔ دوبارہ پانی ڈال کر رکھیں، اور پھر کچھ دیر بعد نتھار کر پھینک دیں۔ اسطرح 4 سے 5 بار غسل دیں تاکہ سوڈا سے پاک ہو جائے۔ آخری بار پانی نکال کر نیچے جو مواد بیٹھا ہو گا اسکو ہلکی آنچ پر خشک کر لیں گے۔ یہ سیاہ رنگ کا مواد ہو گا۔ برتن سے کھرچ کر اتارلیں اور کھرل مثل غبار کریں۔ بعد کھرل کے سرخ رنگ اختیار کر لے گا۔ آپ کا بہترین کشتہ فولاد تیار ہے جہاں مرضی استعمال کریں۔

دعاوں کا طلبگار: عبدالعلیم بخاری

# گورکھ پان

گورکھ_پان

پنڈت کرشن کنوردت شرما کی کتاب #عرب_کا_چاند میں گورکھ پان کی چائے کا نسخہ پیش کیا گیا تھا-

جسے مجربات کی زبان میں حیرت العقول دوا سمجھا جاتا ھے۔ گورکھ پان ہندو پاک کی عام دستیاب ھونے والی جڑی بوٹی ھے- جس کی خوشبو سبز چائے سے ملتی جلتی ھے ۔ پنجاب کے بعض علاقوں میں اس کو #پنا_چینی یا #چڑی_پنجہ_کتھوی اور #پانا_بوٹی بھی کہا جاتا ھے- انگریزی میں اس کا بوٹنیکل نام heliotropium strigosum ھے ۔ خاص طور پر ساون بھادوں میں جوار باجرہ کے کھیتوں میں ملتی ھے۔ اس کا پودا چار انگلی اونچا زمین پر پھیلا ھوتا ھے۔ اس کے پتے چڑیا کے پنجے کی طرح باریک باریک اور تین تین ملے ھوتے ہیں۔

گورکھ پان کی بہترین چائے اور فوائد ایک زمانے میں یہ برسات کے موسم میں مینارِ پاکستان کے ارد گرد عام ھوا کرتی تھی- اور جو لوگ اس کے طبی فوائد جانتے تھے-وہ اس کی چائے بنا کر خونی اور بادی بواسیر کے علاج کے لئے استعمال

کرتے تھے۔ گورکھ پان بوٹی کی چائے لمبی عمر کا بہترین نسخہ ہے۔ جگر کی اصلاح کرتی - نظر بحال کر کے تیز کرتی -صالح خون پیدا کرتی ھے۔ مقوی معدہ اور بھوک لگاتی ھے۔ پیشاب کی جلن دور کرتی ھے۔

#ترکیب_چائے - :

تھکاوٹ دور کرنے کے لیے عام چائے کی نسبت گورکھ پان کی چائے ذیادہ مفید ھے۔ اطبا کہتے ہیں - کہ گورکھ پان کے پھول یا پتیاں تازہ یا خشک 1 تا 3 ماشہ فی پیالی کے حساب سے چائے دانی میں ڈالیں - اور پانچ سات منٹ تک پانی کو جوش دیں۔ جب سرخی مائل رنگ جھلکنے لگے - تو اتار لیں۔ موسم سرما میں اگر اس میں دار چینی - لونگ اور الائچی کلاں شامل کر لیں - تو اور بھی مفید ھے۔

رسوت۔ دار ہلد کے - فوائد

سُمبلو کا لاطینی نام بربیرس اریسٹاٹا ہے اور یہ نباتات کے خاندان زرشکیہ سے تعلق رکھتی ہے۔ یورپ کی عام زرشک کا لاطینی نام بربیرس دیگرس ہے۔ پاکستان اور انڈیا میں اسی کو سُمبل، سُمبلو یا سُملو کہتے ہیں۔ یہ پودا عام کانٹے دار جھاڑی ہے جس کی جڑ زرد رنگ کی ہوتی ہے۔ پاکستان کے شمالی علاقوں مانسہرہ، بالاکوٹ، کشمیر اور شمالی وزیرستان میں بھی پائی جاتی ہے۔ بلوچستان کے علاقوں زیارت، بابا خرواری، دوزخ تنگی، لورالائی، درگئی، قلعہ سیف اللہ اور سنجاوی کے اطراف میں

بھی پائی جاتی ہے۔ وہاں کے لوگ اسے "زرل" کہتے ہیں۔ بعض جگہ اسے "کورئے" بھی کہا جاتا ہے۔

یہ خودرو جھاڑی ہے۔ اس کے پرانے پودوں کا قد سات آٹھ فٹ ہوتا ہے۔ شاخیں اطراف میں پھیلی اور کانٹوں سے بھری ہوتی ہیں۔ ہر کانٹا سہ شاخہ ہوتا ہے۔ پرانے پودوں کے تنے کا قطر تین چار انچ ہوتا ہے۔ جڑیں گہری بلکہ آٹھ دس فٹ زمین میں ہوتی ہیں۔ یہی جڑ کارآمد ہے۔ اسے کاٹ کر اس پر سے چھلکا اتارتے اور سائے میں خشک کر لیتے ہیں۔ یہ چھلکا زرد رنگ کا اور ذائقے میں کڑوا ہوتا ہے۔ سُمبلو کے زرد پھول گچھوں کی شکل میں لہلہاتے ہیں۔ پتے لمبوترے اور نوکیلے ہوتے ہیں۔ پھولچند دن بعد جھڑ جاتے ہیں۔ ان کی جگہ چھوٹے چھوٹے سبز دانے نکلتے ہیں جو پکنے پر سیاہ ہو جاتے ہیں۔ بچے اور بڑے انہیں شوق سے کھاتے ہیں۔ اس کے پھول اور پتے بھی کھائے جاتے ہیں جن کا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔ یہ منہ اور گلے کے امراض کا علاج ہے۔ اس کی جڑ خزاں کے آخر میں نکالی جاتی ہے تاہم ضرورت پڑنے پر کسی وقت بھی تازہ جڑ کا چھلکا اتار کر استعمال کر سکتے ہیں۔ سُمبلو کی جڑ کے سفوف سے سرطان کے مریضوں کا شفا بخش علاج ہو سکتا ہے۔

## سرطان (کینسر) ہر قسم

سُمبلو اور ہموزن ہلدی کو باریک پیس کر ڈبل زیرو کے کیپسول بھر لیں اور ایک کیپسول صبح و شام بعد از غذا، ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ انشاءاللہ ایک ماہ میں کینسر کا نام نشان نہ رہے گا۔

## چھاتی کا سرطان

چھاتی کے سرطان (کینسر) میں کشتہ سنکھ، ہلدی اور سُمبلو ہم وزن باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھر لیں اور صبح، دوپہر، شام بعد از غذا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ تین ماہ میں آرام آجائے گا۔

صبح کو تین ماشے سُمبلو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں اور شام کو کھانے کے آدھ گھنٹے بعد پی لیں۔ اسی طرح شام کو بھگو کر صبح پی لیں۔ ایک ماہ کے استعمال سے چھاتی کا سرطان ختم ہو جائے گا۔

## دماغی رسولی (برین ٹیومر) کا خاتمہ

درخت سَرس کی چھال، کشتہ سنکھ، سُمبلو اور ہلدی میں ہم وزن چینی شامل کر کے زیرو کے کیپسول میں چار رتی کے برابر بھر لیجئے۔ صبح، دوپہر اور شام بعد غذا

عرق دھماسہ کے ساتھ ایک ایک کیپسول استعمال کریں۔ ذیابیطس کے مریض چینی شامل نہ کریں۔ تین سے چار ماہ تک دوا کا استعمال جاری رکھیں۔ یہ دماغی رسولی (برین ٹیومر) کا شافی علاج ہے۔

## ناسور کا پھوڑا

ناسور کا پھوڑا نکل آئے تو روزانہ صبح دوپہر اور شام بعد غذا ایک ایک ماشہ سُمبلو باریک پیس کر دودھ کے ساتھ صبح و شام نوش فرمائیں۔ بیس دن میں شفا ہو گی۔

## منہ کا سرطان

منہ کے سرطان کے لئے کشتہ سنکھ، ہلدی اور سُمبلو ہم وزن باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھر لیں اور صبح، دوپہر، شام بعد از غذا، تین ماہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## منہ کے امراض

سُمبلو کو منہ کے مختلف امراض میں استعمال کیا جاسکتا ہے مثلاً گلے میں تکلیف ہو تو اس کا چھلکا منہ میں رکھ کر سو جائیے۔ اس کا کڑوا پانی حلق سے اترتا

رہتا ہے اور صبح تک تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔ منہ میں چھالے ہوں تو ایک چٹکی سُمبلو پوڈر منہ میں رکھنے سے گھنٹہ بھر میں تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

## دانت کا درد

دانت کے درد اور ہلتے ہوئے دانت قائم رکھنے کے لئے جڑ سُمبلو، جڑ پان اور عناب ہم وزن ملا کر ۲-۲ ماشہ صبح و شام بعد غذا دودھ کے ساتھ لیں لیں۔

گردن کے مہرے یا پسلیوں کا درد

اگر پسلیوں یا گردن کے مہروں میں درد ہو تو سُملو کا پوڈر، ایک ماشہ رات کو نیم گرم دودھ سے لیں۔

## بہترین منجن

اگر دانتوں میں درد ہو یا مسوڑھوں سے خون آتا ہو، تو کسی اچھے منجن میں اس کی نصف مقدار کے برابر سُمبلو ملائیں اور دانتوں پر بطور منجن ملیں، ان شاء اللہ دنوں میں خون رک جائے گا اور دانتوں کا درد بھی کافور ہو گا۔

## غدہ درقیہ (تھائیرائڈ گلینڈز) کی سوجن

اگر غدہ درقیہ (تھائرائڈ گلینڈز) بڑھ جائے تو کشتہ سنکھ، ہلدی، سُمبلو پوڈر اور آرسینک پاؤڈر نمبر ۲ ہم وزن لیں اور صبح و شام بعد از غذا زیرو کا کیپسول بھر کر ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ دو سے تین ماہ میں بڑھا ہوا غدہ معمول پر آجائے گا۔

بڑھے ہوئے ٹانسلز میں سُمبلو بوٹی ورم دور کرتی ہے، اس کے چھلکے کا چھوٹا سا ٹکڑا منہ میں رکھ کر رات کو سونے سے اس کا رس آہستہ آہستہ ٹانسلز کو درست کر دیتا ہے۔

## پرانے زخم

سُمبلو کا سفوف روزانہ چھڑکنے سے پرانے سے پرانا زخم ہفتہ بھر میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ساتھ ہی دن میں دو بار کھانے کے بعد دودھ کے ہمراہ سفوف کی دو تین چٹکیاں لینی چاہییں۔

ذیابیطس۔۔ شوگر

ذیابیطس کے مریض سُمبلو پوڈر کی دو تین چٹکیاں دن میں دو بار دودھ کے ساتھ پھانک لیں، شکر کی سطح معمول پر آجائے گی۔

سُمبلو ۳ ماشہ کا ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال دیں۔ اسے نماز عصر کے

بعد پیجئے۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگوئیے۔ یہ نسخہ پندرہ، بیس روز استعمال کریں۔

گورکھ پان، برگ نیم، سُمبلو کی جڑ کا چھلکا، کر نجوا، گڑمار بوٹی، رسونت مصفّیٰ، چاکسو چرائتہ نیپالی اور نرکچور، ہر ایک دس تولہ لیجئے اور سب کو باریک پیس کر ملا کر رکھ لیں اور ۳-۳ ماشہ صبح و شام بعد غذا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ یہ دوا ذیابیطس دور کرنے کے علاوہ پیشاب کی بدبو اور زیادتی سے بھی نجات دلاتی ہے۔

ذیابیطس کے لئے یہ نسخہ ایک ماہ استعمال کریں: سُمبلو، کلونجی، تخم میتھی، کاسنی ہندی ہم وزن لے کر ۵-۵ ماشہ یعنی ۱-۱ چمچ صبح و شام بعد غذا استعمال کریں۔ رات کو خشخاش ایک چمچ دودھ کے ساتھ کھالیں۔

## داغ دھبے اور چھائیاں

نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے چہروں پر اکثر سیاہ چھائیاں اور داغ دھبے پڑ جاتے ہیں یا دانے نکل آتے ہیں۔ اس کے لئے کشتہ سنکھ، سُمبلو، ہلدی اور آم کے درخت کی چھال چاروں ہم وزن باریک پیس کر چہرے کی کسی اچھی کریم میں ملا لیں اور رات کو چہرے پر لگائیں۔ کریم ان چاروں کے مجموعے کے برابر ہونی چاہیے۔ صبح ڈیٹول، نیم یا گندھک کے صابن سے منہ دھولیں۔

## خارش، داد، پھوڑے

جسم پر خارش، داد چنبل، پھوڑے پھنسی ہوں یا سر پر دانے نکل آئیں، تو سُمبلو کی جڑ ۵ تولہ باریک پیس کر بیس تولہ سرسوں کے تیل میں ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ پندرہ دن میں فائدہ ہو گا۔ مرض پرانا ہو، تو نسخہ ایک تا دو ماہ استعمال کریں۔

## گردے بہتر بنائیے

اگر گردے میں رسولی ہو یا ان کی صفائی (ڈائیالیس) ہو رہی ہو تو، ایک چاول کشتہ سونا، ایک چاول آرسینک نمبر ۲، ایک رتی کشتہ سنکھ، ایک ماشہ سُمبلو ملا کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھریں اور صبح و شام بعد غذا، عرق منجشٹھا کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر ڈائیالیس روزانہ بھی ہو رہا ہو تو نسخے کے ایک ہفتہ استعمال سے ہر دوسرے روز ہونے لگے گا اور چالیس روز کے استعمال سے ہر پندرہ روز بعد۔

## جسمانی درد سے نجات پائیے

درد جسم کے کسی بھی حصے میں ہو، جوڑوں کا درد ہو یا کندھوں کا، ٹانگوں میں ہو یا کولھوں میں، عرق النساء ہو یا سر درد، مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرنے سے بالکل ختم ہو جاتا ہے۔

کشتہ سنکھ 4 تولہ، سُمبلو 4 تولہ، کچلہ مدبر ایک تولہ، کشتہ شنگرف 4 ماشہ، کشتہ بارہ سنگھا 4 ماشہ، آرسینک پاؤڈر نمبر 2 ایک تولہ۔

یہ ادویہ باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول میں بھر لیں اور صبح و شام بعد از غذا ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ ایک ماہ تک کھانے سے ہر قسم کا درد ختم ہو جائے گا۔

## جوڑوں کا درد

جوڑوں کے درد میں سوتے وقت دو تین چٹکیاں سفوف سُمبلو دودھ سے لے لیں۔ تین چار روز یہ عمل دہرانے سے درد رفع ہو جاتا ہے۔

سُمبلو کی ٹہنیوں کو جوش دے کر پینے سے پسینہ اور دست آتے ہیں اور جوڑوں کا درد رفع ہو جاتا ہے۔

جوڑوں کے ہر قسم کے درد، گنٹھیا اور بولی تیزاب (یورک ایسڈ) سے نجات پانے کے لئے، سُمبلو ۳ ماشہ کا ایک ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پیجئے۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگوئیے۔ یہ نسخہ پندرہ بیس روز استعمال کریں۔

## بانجھ پن دور کیجئے

بانجھ پن اور اٹھرا کے لئے کشتہ سنکھ، ہلدی اور سُمبلو ہم وزن باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھر لیں اور صبح، دوپہر، شام بعد از غذا، چھ ماہ تک ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

خون کا زہر۔۔ سیرم ٹرائی گلیسرائڈ

خون میں اگر ایک قسم کا زہر، سیرم ٹرائی گلیسرائیڈ زبڑھ جائے تو سنکھ کا کشتہ، سُمبلو اور ہلدی ہم وزن ملا کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول عرق ذیابیطس چوتھائی پیالی کے ساتھ صبح و شام، بعد غذا، استعمال کریں۔

## امساک

سُمبلو کی گولیاں امساک کے مریضوں کو فائدہ دیتی ہیں۔ ۵ تولہ سُمبلو ایک کلو پانی میں بارہ گھنٹے تک بھگوئیں، پھر اسے آگ پر چڑھا دیں۔ جب آدھا پانی رہ جائے تو سُمبلو چھان کر خشک کرلیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ رات سوتے وقت دو گولی ہمراہ ڈیڑھ پاؤ دودھ استعمال کریں۔

## بلند فشارخون معمول پر لائیے

سُمبلو بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) میں بھی مفید ہے۔ ایک پاؤ سُمبلو باریک پیس لیں، اس میں پانچ تولہ تازہ کھجور کی گھٹلی نکال کر ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ پہلے ایک ہفتہ صبح، دوپہر اور شام بعد غذا، ایک ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ دوسرے ہفتے صبح و شام بعد غذا لیں۔ تیسرے ہفتہ صرف شام کو بعد غذا ایک گولی استعمال کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ خون کا دباؤ معمول پر آجائے گا۔

## تپ دق اور پرانا بخار

سُمبلو، کشتہ گئودنتی، ست گلواور افسنتین دس دس تولہ، اجوائن خراسانی دو تولہ اور نمک خوردنی ایک تولہ، ان سب کو ملا کر باریک پیس لیں اور ایک ایک ماشہ صبح و شام بعد غذا ہمراہ چائے استعمال کریں۔ چند دن میں بخار ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گا۔

## ٹوٹی ہڈی

اگر کسی انسان کی ہڈی ٹوٹ جائے تو انڈے کی سفیدی میں سُمبلو پیس کر لگائیں اور اگر ممکن ہو تو کَس کر باندھ بھی دیں۔ انشأاللہ بیس دن میں ٹھیک ہو جائے گی۔

اگر کسی جانور کی ہڈی ٹوٹ جائے تو مکئی کے آٹے میں سُمبلو ملا کر پانی میں آمیزہ تیار کریں اور جانور کی ٹوٹی ہوئی ہڈی پر لیپ کر دیں۔ اللہ کے فضل سے بیس دن میں ہڈی بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔

ٹوٹی ہوئی ہڈی پر سُمبلو اور ارجن کا چھلکا ہم وزن باریک پیس کر انڈے کی سفیدی میں ملا کر صبح اور رات لگائیں۔ بیس دن میں ٹوٹی ہوئی ہڈی ٹھیک ہو جائے گی۔

## عرق النّساء

عرق النّساء عورتوں کی کوئی بیماری نہیں بلکہ ایک رگ ہے جو کولہے کی ہڈی سے لے کر پاؤں تک جاتی ہے، جب اس میں شدید درد ہو تو انسان چلنے پھرنے سے قاصر ہو جاتا ہے۔ سُمبلو، چاکسو، سونٹھ اور مرچ سیاہ ۵-۵ تولے لے کر ایک کلو شہد میں حل کر دیں اور صبح دوپہر شام ۲-۲ چھوٹے چمچ استعمال کریں۔ پندرہ دن میں عرق النّساء کی تکلیف ختم ہو جائے گی۔

ایک پاؤ سُمبلو باریک پیس کر چار کلو دودھ میں ملا کر پکائیں۔ جب دو کلو دودھ رہ جائے تو اسے برفی کی طرح کاٹ لیں اور صبح و شام بعد غذا ایک ایک ٹکڑا کھائیں۔ دودھ میں حسب ذائقہ چینی شامل کی جا سکتی ہے۔

عرق النّساء، جوڑوں کے ہر قسم کے درد، گنٹھیا اور بولی تیزاب (یورک ایسڈ) سے نجات پانے کے لئے سُمبلو ۳ ماشہ کا ایک ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال

دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پی لیں۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگو دیں۔ یہ نسخہ پندرہ بیس روز استعمال کریں۔

## یرقان سے نجات

یرقان (ہیپاٹائٹس) سے نجات پانے کے لئے، سُمبلو ۳ ماشہ کا ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پیجئے۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگوئیے۔ یہ نسخہ مکمل آرام آنے کے بعد بھی چھ ماہ تک مزید استعمال کریں۔

## تلی یا جگر بڑھنا

سُمبلو کا جوشاندہ تیار کریں اور صبح و شام بعد غذا نوش فرمائیں۔ تلی اور جگر بڑھ جانے میں بیحد مفید ہے۔

## پیٹ کے کیڑے

پیٹ کے کیڑے نکالنے کیلئے صبح نہار منہ دو تین چٹکیاں سفوف سُنمبلو ہمراہ پانی یا دودھ لے لیں۔ تین چار روز یہ عمل دہرانے سے پیٹ کے کیڑوں سے نجات مل جاتی ہے۔

## دست اور مروڑ

سُمبلو کی جڑ کی چھال اور سونٹھ ہموزن پیس کر دن میں تین بار لینے سے دست بند ہو جاتے ہیں۔ حکیم ضیاء الرحمن سندھو

## لیکوریا ہمہ اقسام مجرب المجربُ

:1 مازو۔۔۔پاؤ

:2 شب یمانی بریاں۔۔۔پاؤ

:3 بیروزہ خشک۔۔۔پاؤ

:4 کمرکس۔۔۔پاؤ

:5 سیپاری تیلیا۔۔100 گرام

:6 اووٹسٹا x3 گولیاں۔۔پاؤ۔۔۔

تمام کو مکس کر کہ پاوڈر بنالیں۔۔۔ڈبل زیرو کیپسول بھر لیں۔۔۔ صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔۔۔24 گھنٹہ میں بہتا لیکوریا رک جائے گا۔۔21 دن کورس ہے میرا 8سال سے معمول مطب نسخہ ہے۔۔۔۔۔۔ ہومیوپیتھ/حکیم شوکت اللہ فرام ڈیرہ اسماعیل خان...

نوٹ۔۔۔اوو ٹسٹا سے نتائج فوری ملتے ہیں بنسبت کشتہ بیضہ مرغ کے

03459826219

# سفوف شاہی

سفوف شاہی کھاو ہر طرح کی پریشانی کمزوری کو بھول جاو

سفوف شاہی ہر طرح کی مایوسی کا مستقل علاج، سفوف حیات نسخہ کھائیں باقی سب بھول جائیں

سفوف شاہی: کامیاب ترین دیسی نسخہ اب خود بنائیں

سفوف شاہی ہر طرح کی کمزوری کا مستقل علاج

ہر طرف سے مایوس لوگ سفوف شاہی ایک بار لازمی استعمال کریں۔

18سال سے لے کر 85سال تک کی عمر کے لوگ استعمال کر سکتا ہے

سفوف شاہی ہر قسم کی کمزوری کو انشاء اللہ ختم کر دے گا۔

ہر مزاج کے لوگوں کے لیئے یکساں مفید ہے۔

سفوف شاہی کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں

شوگر والے مریض جو مایوس ہو چکے ہیں وہ ایک بار سفوف شاہی لازمی استعمال کریں۔

سفوف شاہی شوگر کی وجہ سے ہونے والی خاص کمزوری کو ختم کر دیتا ہے

سفوف شاہی دماغی اعصابی جسمانی کمزوری چڑچڑا پن کمر درد پٹھوں کے درد کا بھی خاتمہ کر دیتا ہے۔

سفوف شاہی اعصاب کو طاقت دینے کے لیئے نایاب نسخہ ہے۔

ہائی بلڈ پریشر اور شوگر والے مریض بھی سفوف شاہی استعمال کر سکتے ہیں شوگر والے مریضوں کے لیئے خاص تحفہ ہے

==============

استعمال کرنے کا طریقہ

چائے والی آدھی چمچ صبح نہار ایک گلاس نیم گرم دودھ کے ساتھ آدھی چمچ شام عصر کے وقت دودھ کے ساتھ کھائیں روزانہ 40 دن کا استعمال کافی ہے۔ انشاء اللہ

نسخہ.

ثعلب پنجہ 50 گرام

اسگند ناگوری 50 گرام

موصلی سفید انڈیا والی 50 گرام

موصلی سیاہ 50 گرام

تخم لاجونتی 50 گرام

ثعلب مصری 50 گرام

شقاقل مصری 50 گرام

جنسنگ بوٹی 50 گرام

تخم لاجونتی 50 گرام ت

خم ریحان 50 گرام

تالمکھانہ 50 گرام

گوند کتیرا 50 گرام

ستاور 3 تولہ

خشخاش سفید 60 گرام

کباب چینی 50 گرام

موچرس 50 گرام

کیکر پھلی کچی خشک 100 گرام

تالمکھانہ 50 گرام

زعفران کشمیری 25 گرام تخم بھنگ 10 گرام

کشتہ قلعی اشرف والوں کا 50 گرام

کشتہ مرجان 50 گرام

کشتہ بیضہ مرغ 100 گرام

کشتہ چاندی 30 گرام

کشتہ سہہ دھاتہ 50 گرام

سب ادویات کو باریک پیس کر رکھیں بس تیار ہے اس میں الائچی خورد 10 گرام خوشبو کے لئے اور مصری سنگری 300 گرام باریک پیس کر اس میں مکس کر لیں.

غدی اعصابی ہاضم

امراض معدہ گیس قبض تیزابیت تبخیر

# یورک ایسڈ کی بہترین دواء

یہ نسخہ غدی اعصابی یعنی گرم تر مزاج کا حامل ہے۔۔غدد کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔۔بواسیر چاہے خونی ہو یا بادی دونوں کا مکمل خاتمہ کرتا ہے۔۔یرقان کی بہترین دواء ہے۔۔۔

سوزاک پیشاب کی جلن۔پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا جگر اور طحال کا بڑھ جانا ملیریا بخار احتلام اور ریاحی دردوں کے لیے اکسیر صفت ہے۔۔

اگر جسم پر ورم اور سوجن ہو تو ملین غدی اعصابی اور تریاق اعصابی غدی ہمراہ عرق مکوہ کاسنی کے ایک ہفتہ کھلا دینے سے مکمل سوجن اتر جاتی ہے۔۔۔۔

بڑھا ہوا جگر اعتدال پر آجاے گا۔۔اور جگر کی گرمی ختم ہو جاے گی۔۔

امراض گردہ میں ہمراہ تریاق گردہ دے سکتے ہیں۔۔۔قبض گیس معدہ کی جلن تیزابیت تبخیر معدہ کھٹی ڈکاروں اور خوراک کے ہضم نا ہونے کے لیے بہت مفید دواء ہے۔۔۔

غرض کہ ایک معالج اسے مفرد اور دیگر ادویہ کے ساتھ ملا کر بہت سارے فوائد حاصل کر سکتا ہے۔۔۔

میرے پاس جتنے بھی نوجوان مریض احتلام کی شکایت لے کر آتے ہیں سب کو یہی استعمال کرواتا ہوں۔۔بہترین رزلٹ ہے۔۔ہائی بلڈ پریشر کے

مریض بلادھڑک استعمال کرسکتے ہیں۔۔۔ بھوک کی کمی شکار افراد جوارش کمونی کے ہمراہ استعمال کریں۔۔۔

زنجبیل 10 گرام

مرچ سیاہ 10 گرام

فلفل دراز 10 گرام

نوشادر ٹھیکری 10 گرام

پودینہ خشک 20 گرام

گندھک آملہ سار 40 گرام

میٹھا سوڈا 40 گرام

سونف 40 گرام

ریوند خطائی 40 گرام

نمک سیاہ 8 گرام

تمام اجزاء کو صاف ستھرا چھان کر ہاون دستے میں خوب باریک کرلیں۔۔۔ 1 سے 3 ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔۔۔ہائی بلڈ پریشر کے مریض نمک کی جگہ الائچی خورد استعمال کریں۔۔۔

# سرعت انزال

ذکاوت حس کا علاج مکمل کرنے کے بعد سرعت کی دوا شروع کریں اگر ذکاوت کا علاج نہیں کیا تو سرعت کی دوا فائدہ نہیں دے گی مریض کے پیسے خراب اور حکیم کا اعتماد خراب ھو گا

سرعت ھے کیا سب پڑے لکھے لوگ ھو سمجھتے ھو سرعت کا مطلب جلدی انزال کا مطلب نازل ھونا خارج ھونا

منی کا جلدی خارج ھونا

نامردی کی بنیاد سرعت ھے شرمندگی کا باعث

ازواجی زندگ کی تلخی گھریلو جھگڑا بعض حالت میں بے اولادی بھی ھو جاتی ھے

ایسا کیوں ھوتا ھے یہ سب اپنا کیا دھرا ھے شادی سے پہلے علاج پر توجہ دیں نسخہ حاضر ھے کوشش کریں کسی حکیم سے بنوا لو خود کو جڑی بوٹی پہچان نہیں ھو گی

نسخہ

ثعلب مصری 40 گرام

ثعلب پنجہ 40 گرام

موصلی سفید اصل 40 گرام

اوٹنگن 20 گرام

تالمکھانہ 20 گرام

لاجونتی 20 گرام

کشتہ قلعی بھنگ والا 10 گرام

کشتہ مرجان در مکھن 10 گرام

کشتہ نقرہ 10 گرام

کشتہ سہ دھاتہ 10 گرام

زاعفران 5 گرام

مصطگی 10 گرام

مصری 200 گرام

یہ جناب نسخہ 100 فیصد گارنٹی شدہ ھے اگر معدہ دماغ

ٹھک ھے اجزا نمبر ایک اور صاف ستھرے ھیں بنانے والا حکیم ھوں

پوڈر بنا لیں اور آدھا چمچہ صبح شام خالی پیٹ پھکے نیم گرم دودھ کے ساتھ

ساتھ مربہ ہریڑ 4 دانے رات سوتے وقت اور قرشی کی دماغی معجون کھائیں

پرھیز وھی تلی اشیاء چاے مچھلی انڈا اچار وغیرہ

## سفوف قوتِ باہ و سفوف مغلظ:

بہت سے دوستوں میں جراثیم کی کمی، مادہ منویہ کا پتلا ہونا، جس کی وجہ سے ٹائمنگ کی کمی ہو جاتی ہے۔ اور دماغی کمزوری بھی ہو جاتی ہے، ایسے دوستوں کے لیے ہم آج بہترین سفوف بتا رہے ہیں کہ جس کے استعمال سے یہ خامیاں دور ہوں گی۔ ان شاء اللہ۔۔

اجزاء:

تالمکھانہ. ایک تولہ

بیج بند. ایک تولہ

تخم اوٹگن. ایک تولہ

ثعلب مصری. چار تولہ

موصلی سفید. دو تولہ

موصلی سیاہ. دو تولہ

شقاقل مصری دو تولہ

پھول مکھانہ. چار تولہ

ارد سنگھاڑا. چار تولہ

کمرکس .چھ تولہ

زعفران خالص. چھ ماشے

بادام 250 گرام نکلے ہوئے

تمام اجزاء کو باریک پیس لیں اور محفوظ کر لیں۔۔۔

خوراک:

آٹھ ماشے صبح شام ھمراہ شیر گائے کا استعمال کرے.

فوائد.

منی بکثرت اور صالح پیدا کرتا ھے. بچپن کی غلط کاریوں کے باعث عضو تناسل کے سکڑاو کو دور کرتا ھے جرثومے بکثرت پیدا کرتا ھے طاقت کو بڑھاتا ھے پیشاب کی نالی کی جلن اور درد کو ختم کرتا ہے منی کی رقت اور حدت کو

ختم کرتا ھے سرعت انزال کا خاتمہ کرتا ھے ضعف باہ کو نابود کرتا ھے۔ اللہ پاک سب کو شفا عطا کرے۔ آمین

# مین پاور کیپسول

پہلے دن عضو خاص سخت لوہے کی طرح سختی انتشار فل منی گاڑھی ٹائمنگ میں لاجواب اضافہ

ایک ماہ استعمال کریں اس کے بعد

کسی دوا کی ضرورت نہیں رہے گی۔

نسخہ۔

جنسنگ 2 تولہ

لونگ 1 تولہ

جلوتری 2 تولہ

کباب چینی 1 تولہ

دار چینی 3 تولہ

عقر قرحا 4 تولہ

خراطین مصفی 5 تولہ

زعفران 10 گرام

500 ملی گرام کیپسول پیس کر سفوف بنا لیں بس تیار ہے اس کے کیپسول بھر لیں یا شہد خالص دیسی کی مدد سے گولیاں نخودی بنا لیں.

استعمال..

1 کیپسول دن میں 2 مرتبہ همراہ دودھ

فوائد...

مقوی باہ. محرک. کمی انتشار. اعصابی جسمانی کمزوری.

آلہ تناسل کی رگوں میں خون کی روانگی بڑھا کر کجی لاغری کو دور کر کے آلہ تناسل کی لمبائی اور موٹائی میں اضافہ کرنے کے لیے مفید ھے ممسک بھی ھے.

گوھر نایاب جوھر سلطانی

## جادو اثر امساک

اَلسَلامُ عَلَیْکُم وَرَحْمَۃُاَللہِ وَبَرَکَاتُہٗ قابل قدر دوستو پوسٹ بے شک سونے کے قلم اور کستوری کی سیاہی سے ہی کیوں نہ لکھی گ ئ ہو لکھنے والا طب کا پروفیسر ہو یا طب کا عالم ہو سنیاسی ہو مبسی کیمیا گر کشتہ ساز ہو سادھو ہو ملنگ ہو جب تک علامات نہ پوچھے اور تشخیص نہ کرلے اس وقت تک ہر علاج فیل ہوتا ہے چاہے سونا کھایں یا ہیرا ساری گل مزاج تے مکدی ایہہ

قابل قدر دوستو جوہر سلطانی ایک ایسی فارمولیشن ہے جس کے اندر قدرتی طور پر تانبہ پارہ اور چاندی کا کشتہ ہوجاتا ہے جو اجزاِ ان دھاتوں کو کشتہ کردیتے ہیں انکی طاقت کا اندازہ کوی اہل فن اہل علم ادمی بخوبی لگاسکتا ہے کہ ان میں طاقت کتنی ہے اور پھر ان کے اندر خودہی اجزاِ تانبہ چاندی اور پارہ موجود ہے جو کہ بلکل بے ضرر ہے انکا کوی نقصان نہیں ہے جو دوست بے اس اور امیدوں کے جھرنوں سے نا امید ہوچکے ہیں جنکی ٹائمنگ بلکل زیرو ہے ان دوستوں کے لیے ایک اب حیات ہے اگر میں میں لکھوں کہ تحفہ زندگی ہے تو بلکل سچ ہے خزاں میں زرد پتوں میں بہار کے رنگ بھر دیتی ہے میرے مطب کا معمول ہے اور ہر ھفتہ اسکی تیاری میں مشغول ہوتا ہوں موجود اجزاِ مادہ منویہ کو سوچ سے زیادہ گاڑھا کرتی ہے اور پانچ منٹ سے اوپر ٹائمنگ ہوجاتی ہے پھر اسکے اندر اتنی طاقت موجود ہے کہ جماع کے بعد تھکاوٹ نام کی کوی چیز نہیں رہتی دماغ کو طاقت دیتی ہے دماغی سلز کو active کرنے میں بے مثال قوت امساک میں لاجواب ہے اور سختی میں لازوال ہے جو کچھ لکھا ہے سچ لکھا ہے اور تجربہ شدہ ہے

اور میرے کچھ دوست بغیر کسی تشخیص کروائے قیمت پوچھتے ھیں اصل میں وہ احمقوں کی جنت میں رھتے ھیں وہ اس لیے کہ میرا طریقہ یہ ھے میں تشخیص کیے بغیر کبھی علاج نہیں کرتا اور یہ طریقہ ایک طبیب ھونے کی علامت ھے اور اکثر دوست نسخہ مانگتے محترم مستحق کو دینا جرم نہیں ھے جو اہل نہ ھو اسکو دینا فضول ھے کیونکہ جو لوگ پوسٹ پڑھ کر نسخہ بنا کر استعمال کرتے ھیں وہ دوست اکثر اپنا نقصان کرتے ھیں وجہ کیا ھے وہ نہ تو اپنے مزاج کا واقف ھوتا ھے نہ دوای کے مزاج کا علم ھوتا ھے اسکو پتہ تب چلتا ھے جب پہلے سے بھی کام ختم کر چکا ھوتا ھے۔

نسخہ

عاقر قرح ایک تولہ زعفران ادھا تولہ قرنفل ادھا تولہ موصلی سفید تین تولہ ستاور تین تولہ جلسنگ تین گرام تخم پیاز تین تولہ جیفل تین دانے تخم بھنگ ایک تولہ اشو گندہ دو تولہ سفوف بنایں اور شہد ملا کر معجون تیار کریں ادھا چمچ رات سوتے وقت گرم دودھ سے

جادو وہ ھے سر چڑھ کے بولے

کام بھی وہ ھے جسکی تعریف گھر والے کریں میرے اس نسخہ خاص کی کیفیت یہ ھے کہ سو فیصد تک دو کام کرتا ھے عضو خاص میں سختی اور ٹائمنگ

دیتا ھے تیسری بات کہ مباشرت کے بعد جن لوگوں کا بدن بے جان ھو جاتا ھے اور تھک جاتا ھے ان دوستوں کے لیے تحفہ نایاب یا تحفہ خاص کہوں دونوں سچ ھے

سرعت انزال کی دشمن معجون ھے اور انتشار سے پہلے انے والے قطروں کا الحمد للہ جڑ سے خاتمہ کرنے میی نایاب ھے احتلام و جریان ودی مذی کا ان شاء اللہ یعقینی خاتمہ کرتی ھے یہ بات حقیقت اور سچ ھے کہ اجڑتے ھوے گھروں کو اباد کرنے میی بے مثال ھے اسکے استعمال سے دکھ دور ھو جاتے ھیی میی نے خود جتنا اسکا رزلٹ لیا ھے اسکو اپنی سوچ سے زیادہ پایا ھے

## سفوف الحیات

کثرت احتلام، جریان اور بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے خصیتین (کپورے) لٹک جاتے ہیں اور ان میں منی پیدا کرنے کی رفتار کم ہو جاتی ہے اور خصیتین درست کام نہیں کرپاتے جس کی وجہ سے منی ناقص اور رقیق ہو جاتی ہے اور اس میں جراثیم کی کمی واقع ہو جاتی ہے اور منی اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہتی اور ایسے مرد اپنی کمزوریوں پر پردہ ڈالنے کیلئے منکوحہ کو کوستے ہیں اور بے اولادی کا طعنہ دیتے ہیں حالانکہ یہ ساری کمزوری مرد کی ہوتی ہے اسی غرض سے اس کمزوری کو دور کرنے کیلئے آج ایک نسخہ حاضر خدمت ہے بنائیں اور اللہ رب

العزت کے بھروسے پر اسباب اختیار کرتے ہوئے آزمائیں اور اولاد کی نعمت سے اجڑی گود کو ہرا بھرا کریں.۔۔۔۔

ھوالشافی۔

خراطین مصفیٰ 30 گرام

ستاور سوکھا ہوا 30 گرام

ثعلب مصری 60 گرام

ثعلب پنجہ 60 گرام

ساگودانہ 40 گرام

مغز پنبہ دانہ 50 گرام

بہمن سفید 30 گرام

تخم سرس لگا ہوا نہ ہو 60 گرام

اسگندھ ناگوری 50 گرام

سنگاڑہ خشک 60 گرام

موصلی سفید انڈین 60 گرام

طباشیر بانسی 60 گرام

الائچی خورد 20 گرام

مصری کوزہ 160 گرام

کشتہ بیضہ مرغ 30 گرام

ترکیب تیاری۔۔۔۔

تمام ادویہ کو اچھی طرح صاف کر کے لوہے کے ہاون دستے میں باریک کوٹ کر سفوف بنالیں

ترکیب استعمال۔

صبح نہار منہ ایک چمچ نیم گرم دودھ کیساتھ استعمال کریں اور شام 5 بجے ایک چمچ نیم گرم دودھ کیساتھ استعمال کریں۔۔۔

فوائد۔۔

مغلظ منی۔ مولد منی۔ مولد کرم منی۔ ممسک اور مقوی باہ لاجواب اور انتہائی مؤثر ہے بے اولادی کے مریضوں میں لاجواب ہیں

## شہوت انتشار، نامردی

مشت زنی,ٹائمنگ

منی گاڑھی ٹائمنگ میں لاجواب رزلٹ دیتا ہے, مشت زنی کا شرطیہ علاج.
کثرت مباشرت اور دیگر غلط کاریوں سے ہونے والی کمزوری کیلئے اکسیر اعظم نسخہ ہے.

جریان احتلام سرعت انزال ذکاوت حس

جریان منی و مذی، احتلام

پاخانہ کے وقت زور لگانے سے لیسدار قطرے نکلنا

پیشاب کے ساتھ گرنا

شہوت کی کمی

طبیعت سست روی

کاروبار سے نفرت

چہرہ دبلا

جسمانی کمزوری

گرمی محسوس رنگ پیلا

کھانا ہضم نہ ہونا

قبض کا رہنا بواسیر خونی و بادی

دل دھڑکنا اور درد سر، حافظہ کمزور ہو جاتا ہے.

نسخہ..

ریگ ماہی 50 گرام

جند بید ستر 25 گرام

ثعلب مصری 50 گرام

اسگند ناگوری 50 گرام

جنسنگ بوٹی پوڈر 50 گرام

موصلی سیاہ 50 گرام

تالمکھانہ 50 گرام

موصلی سفید 50 گرام

سمندر سوکھ 50 گرام

مغز تمر ہندی کلاں 50 گرام

چھلکا اسپغول 100 گرام

زعفران کشمیری 12 گرام

مصری کوزہ 100 گرام

ترکیب تیاری...

سوائے چھلکا اسپغول کے تمام اشیاء کوٹ چھان کر اسپغول ملالیں. بس تیار ہے.

استعمال..

خوراک 3 ماشہ صبح اور شام ہمراہ پانی.

کورس مدت.................

15 دن لازمی استعمال.

نوٹ۔

اچار تیل کی تلی اور گرم اشیا سے پرہیز.

# طلاء بے نظیر خاص زعفرانی

*جو لوگ کسی خاص طلاء کی کی تلاش میں ہے*

*عضو خاص کی تمام نقائص کو دور کرکے, چھالے آبلے کے بغیر رگوں میں خون کا دوران بحال کرکے تناؤ میں اضافہ کرتا ہے, قوت بے مثال پٹھوں کو

طاقتور بنائے, فربہ پن, ضعف طولا" بہتری کرے, انتشار میں اضافہ سستی کمزوری کجی جلق اغلام سے پیدا شدہ کمزوری و علتوں کو دور کر کے محرک مقوی اور لطف کو دوبالا کرے*

*روغن بیدانجیر 2 تولہ*

*روغن دار چینی 2 تولہ*

*روغن قرنفل 2 تولہ*

*روغن بیر بہوٹی 2 تولہ*

*روغن جمالگھوٹا 15 گرام*

*روغن مالکنگنی 4 تولہ*

*روغن جائفل 2 تولہ*

*فاسفورس 20 رتی*

*زعفران 1 گرام*

*تمام روغنوں اور اجزاء کو ایک مضبوط شیشی میں بند کر کے ایک دیگچی میں پانی اتنا ڈالیں کہ شیشی اس میں اچھی طرح تیرے , چولہے پر رکھکر آگ جلائیں شیشی کے گلے میں ایک دھاگا باندھ کر اوپر کانا پر ایک لکڑی رکھ کر اسکے ساتھ باندھ دیں تاکہ شیشی دیگچی کے پیندے کے ساتھ نہ لگے, پانی کو جوش دیں ,

تھوڑی دیر میں فاسفورس حل ہو جاے گا, بس آپ کا طلاء بے نظیر خاص زعفرانی تیار ھے*,

*صرف 15 دن طلاء استعمال کریں 100 % شاندار رزلٹ پائیں, بغیر آبلہ چھالا کے, ماشاء اللہ بڑے بڑے طلاوں کی متعلق ضرورت نہیں رہتی مجرب ہے*

## معجون خاص کورونا

) حکیم ساجد اسلام والا (

تمام بلغمی امراض کے لئے

مجرب

کروناوائرس سینے کی جھکڑن سانس کی تنگی پسلیوں کے نیچے درد گبھراہٹ میں کامیاب علاج اور درد شقیقہ ۔ دمہ ۔ نزلہ زکام کھانسی ہمہ قسم ۔ ذائقہ و خوشبو کا ختم ہونا اور بخار ۔ چھینکیں ۔ دماغی سوزشوں اور

پولن الرجی میں بھی ان شاء اللہ

کامیاب علاج کر چکا ہوں ہزاروں

کے حساب سے اور ابھی میرے مطب پر یہ

# معجون خاص کورونا

کے نام سے دیتا ہوں۔ الحمد اللہ کسی مریض پر بھی خطا نہیں ہوا

ھوالشافی

لعوق سپستان اجمل یا ہمدرد کمپنی والا

فلفل دراز۔۔۔۔10 گرام

ہڑ جلاپہ۔۔۔ 10 گرام

کشتہ بارہ سنگھا۔ 3 گرام

کشتہ بسد۔۔۔ 3 گرام

کشتہ مرجان۔۔ 3 گرام

کاکڑا سینگی۔۔۔ 5 گرام

کشتہ سرطان۔۔۔1 گرام

ترتیب نسخہ

حکیم ساجد اسلام. کراچی

فلفل دراز ۔ کا کڑہ سینگھی ۔ جلابہ

کو باریک پیس کر سفوف بنا لیں

اور باقی کشتہ جات مکس کر لیں اور محفوظ کر لیں. میں ااسے 100 گرام لعوق سپستان میں ایک سے تین گرام مریض کی حالت دیکھ کر ملا کر دیتا ہوں۔

میں کورونا کی ابتدائی علامات میں 1 گرام سفوف اور پازیٹو رپورٹ پر 2 سے 3 گرام سفوف ملا کر چنے کے برابر دن میں 3 سے پانچ بار اور پازیٹو

مریض جسے سانس میں بہت زیادہ گھٹن اور گھبراہٹ ہو

اسے 4سے 6 مرتبہ چنے کے برابر چٹاتا ہوں۔ ان شاءاللہ کورونا یا پھیپھڑوں کی کسی بھی قسم کی مرض ہو دور ہو گی اللہ تعالی شفاء دے گا . میرے حالیہ بے شمار مریض جن کے پھیپھڑے (لنگز) کورونا سے 25 سے 50 فیصد تک خراب ہو چکے تھے۔

اس کے کھانے کے کے بعد رپورٹ 3 سے 5 دن میں نیگٹو ہو گئی اور مریض کو بیرونی آکسیجن

کے ساتھ 20 سے 40 دن میں لنگز جو ختم ہو گئے تھے ریکور ہوئے الحمد اللہ

وینٹی لیٹر پر ہیں اور ان کا آکسیجن لیول 70 تک ہے ان کو ہر کو دن میں 4 سے 6 بار چٹا دیں ان شاء اللہ 2 دن کے اندر اندر ہی وینٹی لیٹر سے اتر جائیں گے اور

آکسیجن لیول پورا ہو جائے گا

یہ میں نے بذات خود استعمال کیا ہے اور شفاء یاب ہوا یہ اللہ پاک کے فضل و کرم سے گارنٹی کے ساتھ ہے اس میں کوئی شک نہیں اور میرے ہزار مریض آج الحمد للہ صحت یاب ہیں اور بہت سے حکماء اپنے مریضوں کو کھلانے کے بعد تصدیق کے چکے ہیں۔ بنائیں اور انسانیت کی خدمت کریں۔

دعاوں کے طلبگار: پاک طبی ریسرچ فاونڈیشن پاکستان

حکیم ساجد اسلام

03119299976،03453032997

السلام وعلیکم ورحمتہ وبرکاتہ۔۔

مندرجہ ذیل نسخہ محترم قاری محمد اسلم صاحب کی عنایت ہے۔۔

جبوب بقدر کالی مرچ۔۔

ایک کالی مرچ اوسط وزن 50۔ ملی گرام ہے۔۔

اس طرح نسخہ کی ایک گولی میں اجزاء ترکیبی کے اوزان کچھ اس طرح ھونگے۔۔

## سر درد ہمہ اقسام

اسطوخودوس۔۔۔50 گرام۔۔

21.33.mg/tab.

مصبر عمدہ۔۔۔۔۔۔۔20 گرام۔۔

8.69.mg/tab

چھلکا حنظل۔۔۔۔20 گرام۔۔

8.69.mg/tab

رائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام۔۔

8.69.mg/tab

فلفل سیاہ۔۔۔۔۔۔۔5 گرام۔۔

2.17.mg/tab

حبوب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

استعمال:-ایک ایک عدد صبح وشام ہمراہ چاۓ ے۔

عطیہ:- حکیم سید عمر ھاشمی گوجرانوالہ

تصدیق وشی ئ رنگ:- حکیم قاری محمد اسلم صاحب لاہور

نوٹ۔۔

نمبر۔1۔۔۔

کیا کھانے کے بعد مصبر اور پوست حنظل کا استعمال کیا جاسکتا ھے۔۔یا۔۔ کھانا ھضم ھونے کے بعد زیادہ مناسب نہیں ۔۔ یعنی رات سوتے وقت ۔۔ کھانے کے چار گھنٹے بعد۔۔

نمبر۔2۔

مصبر اور پوست حنظل شدید مسہل نہیں ھے جس کو بہت احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا ضروری ھے۔۔

نمبر۔3

کیا یہ السر، تیزابیت، اور سوزش معدہ و امعاء کے مریضوں کو بہت زیادہ خطرے سے دوچار نہیں کرے گا۔۔ بھلے مصبر اور پوست حنظل کی مقدار کم ہی کیوں نہ ہے۔۔

عمومی سر درد میں ریلیف کیلیئے اسطو خودوس اور کالی مرچ (فلفل سیاہ) ہی کافی نہیں ہیں۔۔

اور اس کے ھمراہ قلزم (امرت دھارا۔ ست پودینہ۔۔ ست اجوائن۔۔ کافور) بیرونی طور پر لگایا جاسکتا ھے۔۔ جو فوراریلیف دے گا۔۔ ان شاء اللہ تعالی۔۔

سر درد کے 18۔ کے قریب اسباب ہیں۔۔

نیند کا نہ آنا یا کم آنا دماغی کمزوری

صبح شام مربہ آملہ 1+1 عدد

مغز بادام 250 گرام

کالے بھنے ہوئے چنے 125 گرام

کوٹ کے مکس کر لے ایک چمچ سوتے وقت ملائی میں مکس کر کے کھائے

سوتے وقت روغن خشخاش خود ساختہ

تین سے چار قطرے ماتھے پر مالش کریں اور پیروں کے نچلے حصہ کا مساج کریں

عموماروغن خشخاش کی ماتھے پر مالش کرتے کرتے نیند آنے لگتی ہے

حکیم حافظ قاسم سعید کمالوی

## سر درد ہمہ اقسام

اسطوخودوس۔۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

مصبر عمدہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام

چھلکا حنظل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام

رائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام

فلفل سیاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

حبوب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

استعمال:-ایک ایک عدد صبح و شام ہمراہ چائے۔

عطیہ:- حکیم سید عمر ھاشمی گوجرانوالہ

تصدیق و شیئرنگ:- حکیم قاری محمد اسلم صاحب لاہور

# مرگی کے لے

گائے کے پتے میں کالی مرچ ثابت ڈال کر کسی کمرے میں لٹکا دیں تقریباً دو ماہ بعد جب پتہ خشک ہو جائے تو کالی مرچ نکال کر کھرل کر لیں مثل غبار ہونی چاہیے

مرگی والے مریض کو ایک چٹکی سونگھا دیں

مریض کو چھینکیں آنا شروع ہو جائیں گی

چھینکوں کے ساتھ مرگے کے کیڑے بھی باہر نکلنا شروع ہو جائیں گے اور مریض تندرست ہو جائے گا

)اگر مریض کو ضرورت سے زیادہ چھینکیں آئیں تو پانی سے ناک کو واش کروائیں(

نوٹ

یہ نسخہ محترم شہباز انجم صاحب کا ہے

حکیم عمر فاروق

03217761420

# اکسیر الدم (حابس)

اجزاء :

.1 سکہ 5 تولہ

.2 پھٹکڑی سفید کا سفوف 5 تولہ

ترکیب :

سکہ کو کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں اور پھٹکڑی کے سفوف کی چٹکی دیتے جائیں اور لوہے کا ڈنڈا پھرتے جائیں یعنی رگڑتے جائیں جب سارا سفوف ختم ہو جائے تو ایک خاکستر مائل کشتہ تیار ہو جائے گا اس کو چھان کر رکھیں

خوراک :

2 سے 4 رتی تک مکھن بالائی یا شربت انجبار سے دیں۔

فوائد :

نفث الدم، نزف الدم، رعاف، کثرت الطمث،

بول الدم، قے الدم، بواسیر راور تمام قسم کے جریان خون کو بند کرتا ہے۔

استعمال: صبح، دوپہر، شام یا صبح، شام دیں۔

پرہیز :

تیز مرچ مصالحے چند دن تک معمول۔

الحاج حکیم قدرت اللہ شہاب حاصلپور

03007856313

## دماغ کی رگ پھٹنا

خمیرہ مروارید 100 گرام

کشتہ مرجان 1 گرام

ورق چاندی 10 عدد

طباشیر نقرہ 1 تولہ

طباشیر کو پاؤڈر کرکے خمیرہ میں ملالیں اس کے بعد ورق چاندنی ملائیں پھر کشتہ مرجان ملا کر ڈبی میں ڈال دیں ایک مریض کی دوا ہے

آدھی چمچ صبح نہار منہ ہمراہ دودھ

پھر دوسری خوراک 5 بجے دیں پانی

کے ساتھ۔

ہائی بلڈ پریشر سر درد بوجہ گرمی

اور شریانوں کا سکیڑ اور رگ پھٹنے کا تجربہ شدہ علاج ہے

حکیم عبد الرحمن راولپنڈی

03065096300

# کشتہ شاخ مرجان

)))) برائے قلب و دماغ (((

شاخ مرجان عمدہ 5 تولہ

مغز بادام شیریں 20 تولہ

مکھن گاؤ 20 تولہ

گلسرخ تازہ پتیاں 1 کلو

❤ ترکیب تیاری ❤

شاخ مرجان کو پہلے صاف کر لیں پھر

ایک روغنی کجی لے لیں بڑی جس میں 2 کلو مواد آجائے

مغز بادام کو درڑا کر لیں پھر اس میں مکھن شامل کر کے اچھی طرح مکس کر لیں اور درمیان میں شاخ مرجان رکھ کر گولا بنالیں اب اکلو گلسرخ تازہ لے لیں اور ان کو کوٹ کر دو حصے کر لیں درمیان میں گولا اوپر نیچے نغذہ گل سرخ رکھ رکھ کر اچھی طرح گل حکمت کر کے 25 کلو اپلوں کی گڑھے میں آگ دیں

ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں

سفید کلر کا کشتہ ہو گا

خوراک

آدھی رتی صبح نہار منہ ہمراہ مکھن" خمیرہ گاؤزبان سادہ یا مناسب بدرقہ

فوائد

بہترین مقوی دل دماغ

خفقان القلب اختلاج القلب کیئے اور بہترین مفرح دل و دماغ و

مقوی اعضائے رئیسہ ہے

دل کے درد کو بھی ختم کرتا ہے

جریان لیکوریا سرعت پر بھی اچھا کام کرتا ہے

سانس پھولنا و کمی کیلشیم کیلئے بھی بہترین مفید و مجرب ہے

بنائیں آزمائیں

اور دعاؤں میں یاد رکھیں

تمام گروپ کے دوستوں کیلئے خاص تحفہ ہے

طالب دعا

مہر راشد سیال

## دردسر بلغمی

اجوائن کرفس 1 تولہ اسطوخودوس 2 تولہ دار چینی 1 تولہ آب ادرک 5 تولہ

سب چیزیں باریک سفوف کرلیں اور کپڑ چھان کرکے ادرک کے پانی میں کھرل کریں دو دن اچھی طرح کھرل کرنے کے بعد شہد کی مدد سے کالے چنے برابر گولیاں بنالیں

ایک ایک گولی تین ٹائم ہمراہ قہوہ یا چائے۔

## مرگی

عقر قرعا اصلی 1 تولہ منقی 1 تولہ اصلی شہد 2 تولہ ورق چاندی 20 عدد

پہلے عقر قرعا کو مثل غبار بنا کر شہد میں ملائیں اور ایک گھنٹہ کھرل کریں اس کے بعد منقی کو کوٹ کر پیسٹ بنا کر شہد اور عقر قرعا والے مرکب میں ملا کر اور کھرل کرتے اور ایک ایک ورق چاندی ڈالتے جائیں جب ورق چاندی ختم ہو جائیں تو چنے برابر گولیاں بنالیں.

ایک سے دو گولیاں صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ استعمال کروائیں

## تیل برائے مرگی

سرسوں کا تیل 50 گرام دیسی لہسن 3 عدد عطر گلاب 2 ماشہ

تیل میں لہسن براؤن کر کے ٹھنڈا کر کے چھان کر اس میں عطر گلاب ملا لیں .

دورے کے وقت ایک سے دو قطرے ناک میں ڈالیں مریض ہوش میں آجائے گا اکثر مریضوں کو ہم نے یہ تیل ناک میں ڈالا کئی لوگوں کے ناک سے کیڑا نکل آیا ہے قسم سے

اگر یہ جھوٹ ہو تو ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ صاحب ہم ہر قسم جرمانے کے لئے تیار ہیں

نیز بے ہوشی کے مریض کو اسی کی ایک چٹکی نسوار سنگھانے سے بھی مریض کو چھینک آتی ہے اور وہ ہوش میں آجاتا ہے

حکیم عبد الرحمن راولپنڈی

# مرگی

عقر قرعا اصلی 1 تولہ

منقی 1 تولہ

اصلی شہد 2 تولہ

ورق چاندی 20 عدد

پہلے عقر قرعا کو مثل غبار بنا کر شہد میں ملائیں اور ایک گھنٹہ کھرل کریں

اس کے بعد منقی کو کوٹ کر پیسٹ بنالیں اور شہد اور عقر قرعا والے مرکب میں ملائیں اور کھرل کرتے جائیں پھر ایک ایک ورق چاندی ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب ورق چاندی ختم ہو جائیں تو چنے برابر گولیاں بنائیں

ایک سے دو گولیاں صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ استعمال کروائیں

حکیم عبد الرحمن راولپنڈی

03065096300

# کورونا کا صد فیصد علاج

از:- حکیم خان محمد سومرو

کورونا کا علاج مانند ڈبل نمونیا کریں۔

پچاس سے قریب مریض درج ذیل علاج سے اللہ کے فضل سے ایک ہفتہ میں روبہ صحت ہو چکے ہیں۔ گلے کی سوزش پہ خصوصی توجہ دیں۔

ھوالشافی

کشتہ بارہ سنگھا شیر مدار والا دو رتی مقدار میں شھد خالص حسب ضرورت میں ملا کر صبح وشام استعمال کروائیں۔

اور درج ذیل جوشاندے کے غرارے کرواۓ یں۔

چھلکا ریٹھہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک گرام

نمک لاہوری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چھ گرام

املتاس کی ٹکی۔۔۔۔چار عدد

پانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک کپ

ابال کر پن چھان کر نیم گرم کے غرارے کرواۓ یں۔

ان شاء اللہ تین دن میں ہی مریض ونٹی لیٹر سے گھر شفٹ ہو گا۔ یعنی سانس بحال ہو کر مریض تندرست ہو جاۓ گا۔

## کان کا درد زخم پیپ آنا

تمہ تازہ پانچ تولہ۔ سہاگہ خام تولہ نیم کا مغز پانچ تولہ لہسن پانچ دانہ۔ مہندی کے سبز پتے دو تولہ گھی گاؤ پاؤ۔ کاربالک دس قطرے۔ سب چیزوں کو کوٹ کر گھی میں پکائیں۔ ہلکی آگ پر تھوڑا سیاھی مائیل ھو چھان کر کاربال ڈالیں۔ دو سے تین قطرے صبح شام ھفتہ کافی ھے۔ حکیم خان محمد سومرو

## سر دد رہمہ قسم

سر دد رہمہ قسم ۔۔۔نزلہ زکام کیرہ ۔۔۔سینے کی نالیوں کو صاف کرتا ہے۔۔۔حتکہ ٹی بی پر بھی زبردست قسم کے رزلٹ کا حامل مرکب ہے۔۔۔

اطریفل زمانی سو گرام

اطریفل اسطخدوس سو گرام

اطریفل کشنیز سو گرام

شہد دیسی سو گرام

بادام روغن سو گرام

کشتہ ابرک سیاہ تین گرام

تمام اجزا کو ملا کر ایک شیشے کے جار میں ائیر ٹایٹ کر کے پندرہ دن کے لیے رکھ کر بعدازاں استعمال کروائیں

ایک ٹی سپون صبح شام

## کشتہ ءمرجان خاص

کشتہ ء مرجان خاص اکسیری بتر کیب صدیقی مجوزہ

حکیم محمد یاسین صدیقی

یہ میرا ذاتی مجوزہ نسخہ ھے میرے سینے کا راز اور میرا معمول مطب ھے یہی وہ کشتہ ھے جس کے ذرعیہ میں گردن اور کمر کے مہروں اور گھٹنوں کے مریضوں کا کامیاب علاج کرتا ھوں

ان شاء اللہ العزیز 10 تا 15 دنوں میں بستر اور کرسی لگے ھوئے مریض اپنے قدموں پر کھڑے ھو جاتے ہیں اور چلنے پھرنے لگ جاتے ہیں

کلیوں کو میں سینے کا لہو دے چلا ہوں صدیوں مجھے گلشن کی فضا یاد کرے گی

ھوالشافی نمبر 1..شاخ مرجان 50 گرام اعلیٰ قسم

نمبر 2..دیسی بکرے کی ران کی ھڈیوں کا گودا یعنی مخ جسے بون میرو بھی کہتے ہیں 200 گرام

طریقہ ء کار ایک روغنی کوزہ میں پہلے بون میرو 100 گرام ڈالدیں، پھر اس پر شاخ مرجان 50 گرام رکھ دیں، پھر اس پر بون میرو 100 گرام رکھ کر گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی محفوظ الھواء آگ دیں

ٹھنڈا ھونے پر نکال کر کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک ھونے پر بون میرو 100 گرام کے درمیان رکھ کر 30 کلو اپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ھونے پر پھر کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کر کے بون میرو 100 گرام کے درمیان رکھ کر 20 کلو اپلوں کی آگ دیں اور ٹھنڈا ھونے پر سحق بلیغ کے بعد کام میں لائیں اسطرح تین عمل مکمل کرنے کے بعد یہ کشتہ ء مرجان خاص اکسیری بترکیب صدیقی تیار ھو گیا ھے

مقدار خوراک دو تا چار چاول شدید حالت مرض میں ایک رتی تک دے سکتے ھیں

فوائد ۔ قدرتی نامیاتی کیلشم کا خزانہ ھے ھڈیوں اور بون میرو کے امراض حتیٰ کہ ھڈیوں کے کینسر گردن اور کمر کے مہروں اور گھٹنوں کے جملہ امراض گیپ ڈسک پرابلم، ٹوٹی ھوئ ھڈی ضعف دماغ، لیکوریا جریان، سوکڑا، نشو ونماء میں کمی غرض کیلشیم کی کمی سے ھونے والے تمام امراض کیلئے اکسیر اعظم ھے

انٹر نیشنل کشتہ سازی ورکشاپ کراچی میں میرے پیش کردہ تین اکسیری کشتہ جات میں یہ کشتہ بھی شامل ھے اور میں نے ھمدرد یونیورسٹی کے شعبہء ریسرچ کے پروفیسر صاحبان کی موجودگی میں اس پر بریفنگ دی

ھے۔اور یونی فیکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان کی طرف سے مجھے اس پر گولڈ میڈل بھی ملا ھے

حکیم محمد یاسین صدیقی

صدیقی دواخانہ چوک بلاک 1 خانیوال 03007896118

# قبض کے لیے

1000 ملی گرام

عطیہ: پروفیسر حکیم سید محمد شاہ صائم

پوست سنگدانہ مرغ 100 گرام

پوست ترنج 100 گرام

پوست بیرون پستہ 100 گرام

مغز جائفل 50 گرام

ست پودینہ 10 گرام

ست اجوائن 10 گرام

تمام چیزیں صاف ستھری لے کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک

500 ملی گرام سے 1000 ملی گرام کیپسول بھر لیں

یہ نسخہ میں 1995 سے بنارہا ھوں بہت اعلٰی رزلٹ ہے

فوائد

مقوی معدہ، قے، متلی، ہیضہ، گیس، قبض کے لیے لاجواب ہے

تصدیق نسخہ

حکیم میاں محمد صدیق s/o حکیم میاں محمد صادق

فہیم یونانی دواخانہ، ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

# سفوف پیچش

عطیہ: حکیم بابا الفت سلطان قبولہ

سونف بریاں 100 گرام

ہلیلہ سیاہ بریاں 100 گرام

سفوف بنالیں

مقدار خوراک

1 سے 3 گرام

حکیم میاں محمد صدیق s/o حکیم میاں محمد صادق

فہیم یونانی دواخانہ، ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

## دہی والی پڑی

یہ میرے والد محترم کا صدری نسخہ ہے

ہلیلہ سیاہ

کوکنار

سنڈھ

سونف

برابر وزن گھی میں بریاں کریں

مقدار خوراک

2 سے 3 گرام ہمراہ دہی

ان شاء اللہ 3، 2 پڑیوں سے ہی پیچش رک جاتے ہیں

حکیم میاں محمد صدیق s/o حکیم میاں محمد صادق

فہیم یونانی دواخانہ،ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

## اسہال کیلیئے (ڈائیرن پوڈر)

عطیہ: پروفیسر حکیم اظہر خان بلوچ

مروڑ پھلی

موچرس

لودھ پٹھانی

رال سفید

بیلگری

کڑاچھال

مازو

زہر مہرا خطائی

پھٹکڑی سفید بریاں

نسپال

ہموزن سفوف بنالیں

مقدار خوراک

500 ملی گرام سے 1000 ملی گرام کیپسول

چھوٹے بچوں کے لئے ایک رتی سے دو رتی

حکیم میاں محمد صدیق s/o حکیم میاں محمد صادق

فہیم یونانی دواخانہ،ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

## درد سر کے لیے

درد سر کے لیے میرا عرصہ دراز سے مجرب

اطریفل اسطخودوس 100 گرام

اطریفل زمانی 100 گرام

اطریفل کشنیز 100 گرام

سب کو آپس میں مکس کر لیں

ایک چمچ چھوٹی صبح و شام ہمراہ دودھ

حکیم میاں محمد صدیق کنگن پور قصور

## تریاق پیچش

پوست ہلیلہ زرد (بریاں) اجوائن دیسی زیرہ سفید تمام اجزاء برابر وزن لے کر سفوف کر لیں صبح دوپہر شام دو ماشہ دھی کے ساتھ استعمال کروائیں خونی پیچش سادہ پیچش اور سنگرہنی کے لئے مجرب المجرب ہے عرصہ 15 سال سے معمول مطب ہے

حکیم میاں محمد صدیق کنگن پور

## حب لولوی

مروارید 1 ماشہ

زہر مہرہ خطائی 1 تولہ

حجر الیہود 1 تولہ

ناریل دریائی 1 تولہ

پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ

مغز کنول گٹہ 1 تولہ

طباشیر 1 تولہ

الائچی خورد 1 تولہ

زرورد 1 تولہ

صاف ستھری چیزیں لے کر سفوف بنالیں

چھوٹی چمچ صبح وشام استعمال کروائیں

فوائد

دقت اطفال، پیچش، دست، قے، بد ہضمی، بچوں کا پرانا بخار، بچوں کا سوکڑا، اسہال، بچوں کے جملہ امراض

میرے والد محترم حکیم میاں محمد صادق (رح) کا معمول مطب تھا اور اب میرا معمول مطب ہے

حکیم میاں محمد صدیق s/o حکیم میاں محمد صادق
فہیم یونانی دواخانہ،ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور
03004896615

## سفوف ہندی سنگرہنی

کڑاچھال----100 گرام

بلیگری----50 گرام

نسپال----50 گرام

سفوف بنالیں،

500ایم جی سے لے کے 1000ایم جی صبح دوپہر شام

حکیم میاں محمد صدیق

فہیم یونانی دواخانہ،ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

## دوائے بیل گری

بیل گری----10 گرام

گل دھاوا----10 گرام

موچرس----10 گرام

کتھ گلابی----10 گرام

رال سفید----20 گرام

ترکیب تیاری: سفوف تیار کریں

مقدار خوراک: 1ماشہ

عرصہ 20 سال سے میرا معمول مطب ہے: حکیم میاں محمد صدیق

فہیم یونانی دواخانہ، ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

.........مفرد دوا......

## اسطخودوس

باریک سفوف بنا کر 500 mg کے کیپسول بھر لیں۔۔۔۔دن میں تین وقت ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔۔۔۔درد سر۔۔۔۔درد شقیقہ۔۔۔۔۔نزلہ۔۔۔۔مقوی معدہ۔۔۔۔از حد۔۔۔۔۔۔ڈاکٹر/حکیم شوکت اللہ فرام ڈیرہ اسماعیل خان کے پی کے۔

میں درد شقیقہ بائیں طرف کے مریضوں کو صرف جوارش شاہی استعمال کرواتا ہوں۔ ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ میرا مجرب ہے۔

عبد العلیم بخاری

# دردِ سر/دردِ عصابہ/دردِ شقیقہ

1980-81 میں, میں نے ایک مریض کے ناقابلِ برداشت سر درد کا علاج ایک چھوٹی چمچ سفوف مرچ سیاہ کو چائے میں ملا کر پلا کر کیا یہ علاج صرف 1 ہفتہ جاری رکھا جس سے اس کے ناک اور حلق سے اس قدر زرد بلغم کی گانٹھوں کا مسلسل اخراج ہوا کہ اسے سب سے الگ بیٹھ کر مسلسل ناک صاف کرنا پڑتی اور بلغم تھوکنا پڑتی.

یہ علاج سلسل 2-3 سال ہر سردیوں میں دورایا گیا جس سے اسکا دماغ بلغم سے بالکل صاف ہو گیا اور پھر کبھی اسے نہ دردِ سر ہوا نہ ھی بلغم کا عارضہ.

دوسرا تجربہ یہ بھی 1980-81 ھی کا واقعہ ھے کہ میرا پھوپھی زاد بھائی عبدالطیف شدید دردِ سر کی وجہ سے سر پر کپڑا باندے بیڈ پر بے سد پڑا تھا. کیس ٹیکنگ ہسٹری کے دوران انہوں نے بتایا کہ بچپن سے ھی یہ عارضہ لاحق ھے.

میں نے ایک تولہ اعلیٰ ہڑتال ورقیہ کو باریک کھرل کرکے 10 تولہ مرچ سیاہ کا تھوڑا تھوڑا سفوف ڈال ڈال کر 20 گھنٹے کھرل کرکے انہیں اسکا ایک لکھ دیا تو انکا زندگی بھر کا دردِ سر/دردِ عصابہ/دردِ شقیقہ ختم ہو گیا لیکن میں نے انہیں 1

رتی کے حساب سے 7 دن کی دوا دی. ماشاﷲ آج بھی وہ جب 80-82 سال کے ہو گئے ہیں لیکن پھر کبھی انہیں وہ جان لیوا دردِ شقیقہ, اعصابہ یا سر نہیں ہوا.

طالب دعا: پروفیسر ڈاکٹر طیب حاذق نواب محمد عقیل عباسی MBA

## سفوف اسطوخدوس

اسطوخدوس

کالی مرچ

دھنیا خشک

برابر وزن

3 ماشہ صبح شام کھانے کے بعد ہمراہ پانی نیم گرم

فوائید

ضعف دماغ

ریشہ

سر درد

کھانسی

بلڈ پریشر

کولیسٹرول و یورک ایسڈ

کے لیئے اکسیر ھے

خادم طب و طبیب

حکیم عبدالرحمن کلیمی راولپنڈی سے

0308 5004085

## سمبلو

سِملو۔انسانی صحت کے لیے ایک مفید پودا

سُمبلو کا لاطینی نام بربیرس اریسٹاٹا ہے اور یہ نباتات کے خاندان زرشکیہ سے تعلق رکھتی ہے۔ یورپ کی عام زرشک کا لاطینی نام بربیرس دیگرس ہے۔ پاکستان اور انڈیا میں اسی کو سُمبل، سُمبلو یا سُملو کہتے ہیں۔ یہ پوداعام کانٹے دار جھاڑی ہے جس کی جڑ زرد رنگ کی ہوتی ہے۔ پاکستان کے شمالی علاقوں مانسہرہ، بالاکوٹ، آزاد و مقبوضہ کشمیر اور شمالی وزیرستان میں بھی پائی جاتی ہے۔ بلوچستان

کے علاقوں زیارت ، باباخرواری، دوزخ تنگی، لورالائی، درگئی، قلعہ سیف اللہ اور سنجاوی کے اطراف میں بھی پائی جاتی ہے۔ وہاں کے لوگ اسے ”زرل“ کہتے ہیں۔ بعض جگہ اسے ”کورئے“ بھی کہا جاتا ہے۔

سملو ایک خودرو جھاڑی ہے۔ اس کے پرانے پودوں کا قد سات آٹھ فٹ ہوتا ہے۔ شاخیں اطراف میں پھیلی اور کانٹوں سے بھری ہوتی ہیں۔ ہر کانٹا سہ شاخہ ہوتا ہے۔ پرانے پودوں کے تنے کا قطر تین چار انچ ہوتا ہے۔ جڑیں گہری بلکہ آٹھ دس فٹ زمین میں ہوتی ہیں۔ یہی جڑ کارآمد ہے۔ اسے کاٹ کر اس پر سے چھلکا اتارتے اور سائے میں خشک کر لیتے ہیں۔ یہ چھلکا زرد رنگ کا اور ذائقے میں کڑوا ہوتا ہے۔ سُمبلو کے زرد پھول گچھوں کی شکل میں لہلہاتے ہیں۔ پتے لمبوترے اور نوکیلے ہوتے ہیں۔

پھول چند دن بعد جھڑ جاتے ہیں۔ ان کی جگہ چھوٹے چھوٹے سبز دانے نکلتے ہیں جو پکنے پر سیاہ ہو جاتے ہیں۔ بچے اور بڑے انہیں شوق سے کھاتے ہیں۔ اس کے پھول اور پتے بھی کھائے جاتے ہیں جن کا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔ یہ منہ اور گلے کے امراض کا علاج ہے۔ اس کی جڑ خزاں کے آخر میں نکالی جاتی ہے تاہم ضرورت پڑنے پر کسی وقت بھی تازہ جڑ کا چھلکا اتار کر استعمال کر سکتے ہیں۔

پنساریوں کے ہاں اسکی لکڑی دار ہلد (ہلدی رنگ کی لکڑی) کے نام سے مل جاتی ہے۔ لکڑی زرد رنگ کی ہوتی ہے اور ذرا سی نمی لگنے پر زرد داغ دیتی ہے۔

رسوت ایک بہت کارآمد دوا ہے جو اسی کا عصارہ ہے۔

اسکا مزاج دوسرے درجہ میں سرد اور دوسرے ہی درجہ میں خشک ہے۔

افعال

محلل، مسکن، مصفیٔ خون

تازہ تحقیق کے دوران پتا چلا ہے کہ سملو (دار ہلد) کسی حد تک اینٹی بائیوٹک ہے۔ محرک ہے اور قوتِ مدافعت کو بڑھاتی ہے۔ ذہنی دباؤ اور بلڈ پریشر کو کم کرتی ہے۔ معدہ کو تقویت دیتی ہے اور یوٹرس کے عضلات کو مضبوط کرتی ہے۔

اسکا استعمال جگر سے بائل کی مقدار میں اضافے کا باعث ہوتا ہے۔ ٹیومر یعنی گلٹیوں کی پیدائش وافزائش کو روکنے کی صلاحیت بھی اس میں بدرجہِ اتم موجود ہے۔ دافع بخار ہے اور جگر کی سوزش کے مریضوں کے لیے اسکا استعمال بہتر نتائج دِکھاتا ہے۔

واضع رہے کہ حاملہ خواتین کو اسکا استعمال نہیں کرانا چاہیے۔

سب سے اہم استعمال جو منظرِ عام ہوا ہے وہ کینسر کے خلاف ہے۔ سملو کی جڑ کی چھال کا استعمال کئی اقسام کے کینسر کے امراض میں بہت اچھے نتائج دیکھنے کو مِلے ہیں۔

سُمبلو کی جڑ کے سفوف سے سرطان کے مریضوں کا شفا بخش علاج ہو سکتا ہے۔

سُمبلو اور ہموزن ہلدی کو باریک پیس کر ڈبل زیرو کے کیپسول بھر لیں اور ایک کیپسول صبح و شام بعد از غذا، ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ انشأاللہ ایک ماہ میں کینسر کا نام نشان نہ رہے گا۔

## چھاتی کا سرطان

چھاتی کے سرطان (کینسر) میں کشتہ سنکھ، ہلدی اور سُمبلو ہم وزن باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھر لیں اور صبح، دوپہر، شام بعد از غذا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ تین ماہ میں آرام آجائے گا۔

صبح کو تین ماشے سُمبلو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں اور شام کو کھانے کے آدھ گھنٹے بعد پی لیں۔ اسی طرح شام کو بھگو کر صبح پی لیں۔ ایک ماہ کے استعمال سے چھاتی کا سرطان ختم ہو جائے گا۔

## دماغی رسولی (برین ٹیومر) کا خاتمہ

درخت سَرس کی چھال، کشتہ سنکھ، سُمبلو اور ہلدی میں ہم وزن چینی شامل کر کے زیرو کے کیپسول میں چار رتی کے برابر بھر لیجئے۔ صبح، دوپہر اور شام بعد غذا

عرق دھماسہ کے ساتھ ایک ایک کیپسول استعمال کریں۔ ذیابیطس کے مریض چینی شامل نہ کریں۔ تین سے چار ماہ تک دوا کا استعمال جاری رکھیں۔ یہ دماغی رسولی (برین ٹیومر) کا شافی علاج ہے۔

## ناسور کا پھوڑا

ناسور کا پھوڑا نکل آئے تو روزانہ صبح دوپہر اور شام بعد غذا ایک ایک ماشہ سُمبلو باریک پیس کر دودھ کے ساتھ صبح و شام نوش فرمائیں۔ بیس دن میں شفا ہو گی۔

## منہ کا سرطان

منہ کے سرطان کے لئے کشتہ سنکھ، ہلدی اور سُمبلو ہم وزن باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھر لیں اور صبح، دوپہر، شام بعد از غذا، تین ماہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## منہ کے امراض

سُمبلو کو منہ کے مختلف امراض میں استعمال کیا جاسکتا ہے مثلاً گلے میں تکلیف ہو تو اس کا چھلکا منہ میں رکھ کر سو جائیے۔ اس کا کڑواپانی حلق سے اترتا رہتا ہے اور صبح تک تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔ منہ میں چھالے ہوں تو ایک چٹکی سُمبلو پوڈر منہ میں رکھنے سے گھنٹہ بھر میں تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

## دانت کا درد

دانت کے درد اور ہلتے ہوئے دانت قائم رکھنے کے لئے جڑ سُمبلو، جڑ پان اور عناب ہم وزن

ملا کر ۲-۲ ماشہ صبح و شام بعد غذا دودھ کے ساتھ لیں لیں۔

گردن کے مہرے یا پسلیوں کا درد

اگر پسلیوں یا گردن کے مہروں میں درد ہو تو سُملو کا پوڈر، ایک ماشہ رات کو نیم گرم دودھ سے لیں۔

بہترین منجن

اگر دانتوں میں درد ہو یا مسوڑھوں سے خون آتا ہو، تو کسی اچھے منجن میں اس کی نصف مقدار کے برابر سُمبلو ملائیں اور دانتوں پر بطور منجن ملیں، ان شاء اللہ دنوں میں خون رک جائے گا اور دانتوں کا درد بھی کافور ہو گا۔

## غدہ درقیہ (تھائیرائڈ گلینڈز) کی سوجن

اگر غدہ درقیہ (تھائرائڈ گلینڈز) بڑھ جائے تو کشتہ سنکھ، ہلدی، سُمبلو پوڈر اور آرسینک پاؤڈر نمبر ۲ ہم وزن لیں اور صبح و شام بعد از غذا زیرو کا کیپسول بھر کر ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ دو سے تین ماہ میں بڑھا ہوا غدہ معمول پر آجائے گا۔

بڑھے ہوئے ٹانسلز میں سُمبلو بوٹی ورم دور کرتی ہے، اس کے چھلکے کا چھوٹا سا ٹکڑا منہ میں رکھ کر رات کو سونے سے اس کا رس آہستہ آہستہ ٹانسلز کو درست کر دیتا ہے۔

## پرانے زخم

سُمبلو کا سفوف روزانہ چھڑکنے سے پرانے سے پرانا زخم ہفتہ بھر میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ساتھ ہی دن میں دو بار کھانے کے بعد دودھ کے ہمراہ سفوف کی دو تین چٹکیاں لینی چاہییں۔

## ذیابیطس۔ شوگر

ذیابیطس کے مریض سُمبلو پوڈر کی دو تین چٹکیاں دن میں دو بار دودھ کے ساتھ پھانک لیں، شکر کی سطح معمول پر آجائے گی۔

سُمبلو ۳ ماشہ کا ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پیجئے۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگوئیے۔ یہ نسخہ پندرہ، بیس روز استعمال

کریں۔

گورکھ پان، برگ نیم، سُمبلو کی جڑ کا چھلکا، کرنجوا، گڑمار بوٹی، رسونت مصفّیٰ، چاکسو چرائتہ نیپالی اور نرکچور، ہر ایک دس تولہ لیجئے اور سب کو باریک پیس کر ملا کر رکھ لیں اور ۳-۳ ماشہ صبح و شام بعد غذا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ یہ دوا ذیابیطس دور کرنے کے علاوہ پیشاب کی بدبو اور زیادتی سے بھی نجات دلاتی ہے۔

ذیابیطس کے لئے یہ نسخہ ایک ماہ استعمال کریں: سُمبلو، کلونجی، تخم میتھی، کاسنی ہندی ہم وزن لے کر ۵-۵ ماشہ یعنی ۱-۱ چمچ صبح و شام بعد غذا استعمال کریں۔ رات کو خشخاش ایک چمچ دودھ کے ساتھ کھالیں۔

## داغ دھبے اور چھائیاں

نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے چہروں پر اکثر سیاہ چھائیاں اور داغ دھبے پڑ جاتے ہیں یا دانے نکل آتے ہیں۔ اس کے لئے کشتہ سنکھ، سُمبلو، ہلدی اور آم کے درخت کی چھال چاروں ہم وزن باریک پیس کر چہرے کی کسی اچھی کریم میں ملا

لیں اور رات کو چہرے پر لگائیں۔ کریم ان چاروں کے مجموعے کے برابر ہونی چاہیے۔ صبح ڈیٹول، نیم یا گندھک

کے صابن سے منہ دھولیں۔

## خارش، داد، پھوڑے

جسم پر خارش، داد چنبل، پھوڑے پھنسی ہوں یا سر پر دانے نکل آئیں، تو سُمبلو کی جڑ ۵ تولہ باریک پیس کر بیس تولہ سرسوں کے تیل میں ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ پندرہ دن

میں فائدہ ہو گا۔ مرض پرانا ہو، تو نسخہ ایک تا دو ماہ استعمال کریں۔

گردے بہتر بنائیے

اگر گردے میں رسولی ہو یا ان کی صفائی (ڈائیالیسس) ہو رہی ہو تو، ایک چاول کشتہ سونا، ایک چاول آرسینک نمبر ۲، ایک رتی کشتہ سنکھ، ایک ماشہ سُمبلو ملا کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھریں اور صبح و شام بعد غذا، عرق منجشٹھا کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر ڈائیالیسس روزانہ بھی ہو رہا ہو تو نسخے کے ایک ہفتہ

استعمال سے ہر دوسرے روز ہونے لگے گا اور چالیس روز کے استعمال سے ہر پندرہ روز بعد۔

## جسمانی درد سے نجات پائیے

درد جسم کے کسی بھی حصے میں ہو، جوڑوں کا درد ہو یا کندھوں کا، ٹانگوں میں ہو یا کولہوں میں، عرق النساء ہو یا سر درد، مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرنے سے بالکل ختم ہو جاتا ہے۔

کشتہ سنکھ 4 تولہ، سُمبلو 4 تولہ، کچلہ مدبر ایک تولہ، کشتہ شنگرف 4 ماشہ، کشتہ بارہ سنگھا 4 ماشہ، آرسینک پاؤڈر نمبر 2 ایک تولہ۔

یہ ادویہ باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول میں بھر لیں اور صبح و شام بعد از غذا ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ ایک ماہ تک کھانے سے ہر قسم کا درد ختم ہو جائے گا۔

## جوڑوں کا درد

جوڑوں کے درد میں سوتے وقت دو تین چٹکیاں سفوف سُمبلو دودھ سے لے لیں۔ تین چار روز یہ عمل دہرانے سے درد رفع ہو جاتا ہے۔

سُمبلو کی ٹہنیوں کو جوش دے کر پینے سے پسینہ اور دست آتے ہیں اور جوڑوں کا درد رفع ہو جاتا ہے۔

جوڑوں کے ہر قسم کے درد، گنٹھیا اور بولی تیزاب (یورک ایسڈ) سے نجات پانے کے لئے، سُمبلو ۳ ماشہ کا ایک ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پیجئے۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگوئیے۔ یہ نسخہ پندرہ بیس روز استعمال کریں۔

## بانجھ پن دور کیجئے

بانجھ پن اور اٹھرا کے لئے کشتہ سنکھ، ہلدی اور سُمبلو ہم وزن باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھر لیں اور صبح، دوپہر، شام بعد از غذا، چھ ماہ تک ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## خون کا زہر

خون کا زہر۔۔ سیرم ٹرائی گلیسرائڈ

خون میں اگر ایک قسم کا زہر، سیرم ٹرائی گلیسرائیڈ زبڑھ جائے تو سنکھ کا کشتہ، سُمبلو اور ہلدی ہم وزن ملا کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول عرق ذیابیطس چوتھائی پیالی کے ساتھ صبح و شام، بعد غذا، استعمال کریں۔

## امساک

سُمبلو کی گولیاں امساک کے مریضوں کو فائدہ دیتی ہیں۔ ۵ تولہ سُمبلو ایک کلو پانی میں بارہ گھنٹے تک بھگوئیں، پھر اسے آگ پر چڑھا دیں۔ جب آدھا پانی رہ جائے تو سُمبلو چھان کر خشک کرلیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ رات سوتے وقت دو گولی ہمراہ ڈیڑھ پاؤ دودھ استعمال کریں۔

## بلند فشار خون معمول پر لائیے

سُمبلو بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) میں بھی مفید ہے۔ ایک پاؤ سُمبلو باریک پیس لیں، اس میں پانچ تولہ تازہ کھجور کی گھٹلی نکال کر ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ پہلے ایک ہفتہ صبح، دوپہر اور شام بعد غذا، ایک ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ دوسرے ہفتے صبح و شام بعد غذا لیں۔ تیسرے ہفتہ صرف شام کو بعد غذا ایک گولی استعمال کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ خون کا دباؤ معمول پر آجائے گا۔

## تپ دق اور پرانا بخار

سُمبلو، کشتہ گئو دنتی، ست گلو اور افسنتین دس دس تولہ، اجوائن خراسانی دو تولہ اور نمک خوردنی ایک تولہ، ان سب کو ملا کر باریک پیس لیں اور ایک ایک ماشہ صبح و شام بعد غذا ہمراہ چائے استعمال کریں۔ چند دن میں بخار ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گا۔

## ٹوٹی ہڈی

اگر کسی انسان کی ہڈی ٹوٹ جائے تو انڈے کی سفیدی میں سُمبلو پیس کر لگائیں اور اگر ممکن ہو تو کَس کر باندھ بھی دیں۔ انشأاللہ بیس دن میں ٹھیک ہو جائے گی۔

اگر کسی جانور کی ہڈی ٹوٹ جائے تو مکئی کے آٹے میں سُمبلو ملا کر پانی میں آمیزہ تیار کریں اور جانور کی ٹوٹی ہوئی ہڈی پر لیپ کر دیں۔ اللہ کے فضل سے بیس دن میں ہڈی بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔

ٹوٹی ہوئی ہڈی پر سُمبلو اور ارجن کا چھلکا ہم وزن باریک پیس کر انڈے کی سفیدی میں

ملا کر صبح اور رات لگائیں۔ بیس دن میں ٹوٹی ہوئی ہڈی ٹھیک ہو جائے گی۔

عرق النّساء عورتوں کی کوئی بیماری نہیں بلکہ ایک رگ ہے جو کولہے کی ہڈی سے لے کر پاؤں تک جاتی ہے، جب اس میں شدید درد ہو تو انسان چلنے پھرنے سے قاصر ہو جاتا ہے۔ سُمبلو، چاکسو، سونٹھ اور مرچ سیاہ ۵-۵ تولے لے کر ایک کلو شہد میں حل کر دیں اور صبح دوپہر شام ۲-۲ چھوٹے چمچ استعمال کریں۔ پندرہ دن میں عرق النّساء کی تکلیف ختم ہو جائے گی۔

ایک پاؤ سُمبلو باریک پیس کر چار کلو دودھ میں ملا کر پکائیں۔ جب دو کلو دودھ رہ جائے تو اسے برفی کی طرح کاٹ لیں اور صبح و شام بعد غذا ایک ایک ٹکڑا کھائیں۔ دودھ میں حسب ذائقہ چینی شامل کی جا سکتی ہے۔

عرق النّساء، جوڑوں کے ہر قسم کے درد، گنٹھیا اور بولی تیزاب (یورک ایسڈ) سے نجات پانے کے لئے سُمبلو ۳ ماشہ کا ایک ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال

دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پی لیں۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگو دیں۔ یہ نسخہ پندرہ بیس روز استعمال کریں۔

## یرقان سے نجات

یرقان (ہیپاٹائٹس) سے نجات پانے کے لئے، سُمبلو ۳ ماشہ کا ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ پانی پی لیں۔ پھر پیالی میں مزید پانی ڈال دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پیجئے۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگوئیے۔ یہ نسخہ مکمل آرام آنے کے بعد بھی چھ ماہ تک مزید استعمال کریں۔

## تلی یا جگر بڑھنا

سُمبلو کا جوشاندہ تیار کریں اور صبح و شام بعد غذا نوش فرمائیں۔ تلی اور جگر بڑھ جانے میں بیحد مفید ہے۔

## پیٹ کے کیڑے

پیٹ کے کیڑے نکالنے کیلئے صبح نہار منہ دو تین چٹکیاں سفوف سُنمبلو ہمراہ پانی یا دودھ لے لیں۔ تین چار روز یہ عمل دہرانے سے پیٹ کے کیڑوں سے نجات مل جاتی ہے۔

## دست اور مروڑ

سُمبلو کی جڑ کی چھال اور سونٹھ ہموزن پیس کر دن میں تین بار لینے سے دست بند ہو جاتے ہیں۔.

افسنتین 1 تولہ

نیم کی کونپل 1 تولہ

30 گرام بادام روغن میں جلا لیں اور ایک ایک قطرہ روزانہ رات کو ڈالیں کانوں کی خارش۔ بہراپن کے لیے مجرب ھے حکیم طارق جاوید فیصل آباد

## تنگی تنفس

کاکڑا سنگی پیپلا مول مگھاں فلفل سیاہ ست ملٹھی ہر ایک دو تولہ شہد خالص پاؤ میں تمام اشیاء پوڈر کر کے مکس کر لیں اور لقوق بنائیں ایک ماشہ تا تین ماشہ

تک صبح نہار منہ دو پہر شام مریض کو چٹائیں فوائد دمہ خشک دمہ تنگی تنفس کیلئے دمہ بلغمی رطوبات کو پھیپھڑوں سے خارج کر دیتا ھے دو تین خوراکوں سے سانس کی تنگی تنفس کو بحال کرتا ھے بچوں بڑوں کے لئے مناسب مقدار دیں بہت ہی لاثانی مجرب نسخہ ھے

# کمی یا بندش حیض

مازو 50 گرام

حنظل 30 گرام

رائی 25 گرام

سفوف بنا کر 5 گرام رات سوتے وقت ہمراہ گرم دودھ صرف تین دن میں حیض کھل جاتے ہیں

اس کے بعد۔۔۔

روح توتیا

دو چاول روزانہ سات دن تک عصر کے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کروائیں

مجرب ہے

حکیم عبدالرحمن راولپنڈی

03065096300

## روح توتیا

جست 50 گرام

نیلا تھوتھا 50 گرام

عرق گلاب 3 پاؤ

تیزاب گندھک 1 تولہ

نیلا توتیا باریک پیس کر پاؤڈر کر لیں

اور جست کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں مکئی کے دانے برابر

اب شیشے کا جگ لیں اور اس میں عرق گلاب ڈالیں اور نیلا توتیا حل کریں پھر جست کے ٹکڑے ڈال دیں پھر تیزاب گندھک ایک تولہ ڈال دیں پہلے تین دن ہلا لیا کریں کسی لکڑی وغیرہ سے۔۔

21 دن پڑا رہے اس کے بعد انتہائی احتیاط سے مقطر کر لیں اور باقی چیزیں پھینک دیں

سب اس عرق کو کسی برتن میں ڈال کر ریت جنتر کے زریعے سکھالیں جب عرق مکمل خشک ہو جائے گا تو سفید پڑیاں برتن میں رہ جائیں گی اس کو کھرچ کر نکال لیں اور کھرل کر لیں

کامیاب روح توتیا تیار ہے کانچ کی بوتل میں محفوظ کر لیں

ایک سے دو چاول خوراک ہے عصر کے وقت مناسب بدرقہ۔۔

فوائد۔ جریان۔ لیکوریا بندش حیض۔ بواسیر۔ پس سیل۔ ناسور بھگندر اور بہت سے امرض پہ کام کرتا ہے.

میرا مجرب اور آزمودہ ہے

بہت دوستوں نے پرسنل میں میسج کیا کہ روح توتیا کا طریقہ سکھائیں.

تو آپ سب کے لئے یہ روح توتیا کا نسخہ پیش کر دیا ہے

حکیم عبدالرحمن راولپنڈی

اویسیہ شفاخانہ

## ماہواری کھولنے کے لیئے

پرانی سے پرانی ماہواری اس نسخہ کے تین دن استعمال سے کھل جائے گی

ہوالشافی

پھٹکی 7 رتی

عقرقرحا 1 تولہ

سوڈابائی کارب 1 تولہ

تمام ادویہ کا سفوف بنالیں

مقدار خوراک

ایک سے دو رتی صبح و شام کھانے کے بعد اجوائن سونف اور گڑ کے قہواہ کے ساتھ

مدت کورس صرف چھ سے سات دن

جب ماہواری شروع ہو جائے تو دوائی ایک ٹائم کر دیں

( نوٹ دوائی کیپسول میں بھر کر دیں )

حکیم عمر فاروق فرام گوجرانوالہ

03217761420

# حیض کی بے قاعدگی

تخم میتھی۔ سوئے۔ مجیٹھ۔ ڈوڈی کپاس ۔اجوائین دیسی۔ ھر ایک تیس گرام ۔بندال ڈوڈا۔ دس گرام چینی تین پاؤ۔ پہلے سب چیزیں چار پہر بھگوئیں دو کلو پانی میں پھر چھان کر بڑی بوتل شربت بنائیں دو چمچہ صبح شام۔ حیض والے دن بند کر دیں۔ ساتھ ایک ٹائیم رات کو حب نسواں کھلائیں۔ پانی سے ھزاروں مریضوں پر آزمایا ھوا نسخہ تیس سال سے۔ کئ بی اولاد بانجھ پن۔ کو اولاد اللہ تعالی نے دی حیض کی بیقاعیدگی کے لئے ھر مہینہ میں بیس دن پلائیں۔ کھٹی ترش چیزیں دھی لسی چاول بند کریں۔ پرانے مریضوں تیس دن سے نوے دن کا مکمل علاج ھے۔

## حب نسواں۔

شنگرف اجوئین دیسی میں مدبر شدہ ایک تولہ۔ زعفران چھ گرام ۔ نوشادر ٹھکری دو تولہ۔ مرمکی دو تولہ ۔ تخم گاجر دو تولہ۔ سب رگڑ کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ایک گولی رات پانی سے شربت کے ساتھ پرانہ مریض ھو صبح شام دے سکتے ھیں۔ ھر قسم کی حیض کی خرابی دور کرنے کے لئے مجرب نسخہ ھے آزمودہ ھے۔ گولیوں کا نسخہ میری ذاتی کاوش محنت ھے۔ صدری۔۔ نسخہ ھے۔ حکیم خان محمد سومرو سانگھڑ سندھ

نزلہ وزکام۔ ادھے سر کادردر، سر درد۔ ضعف دماغ

پوست ہلیلہ 20

ہلیلہ سیاہ 20 گرام

پوست ہلیلہ زرد 20 گرام

گل بنفشہ 20 گرام

گل سرخ 20 گرام

اسطوخودوس 40 گرام

بسفائج 20 گرام

گاؤزبان 20 گرام

برہمی بوٹی 20 گرام

جدوار خطائی 20 گرام

سفوف بنالیں صبح شام ہمراہ پانی تین سے چار گرام

اگر تزابیت بھی ہو تو ساتھ

ملٹھی، ہلدی، سونف، کشنیز ہم وزن آدھا چمچ صبح شام

تخم جوزماثل 10 گرام

پوست ہلیلہ زرد 30 گرام

فلفل سیاہ 20 گرام

اسطوخودوس 60 گرام

500 ایم جی کیپسول بھرلیں

روزانہ ایک کیسول رات سوتے

## نسوار بجلی

پوٹاشیم پرمگنیٹ جس کو پنکی بھی کہتے ھیں۔۔۔۔1 تولا

گیرو 5 تولا

ادویات کو کھرل کر کے باریک کریں اور بطور نسوار استعمال کریں۔

فواید۔۔

بند نزلہ وزکام۔ سر درد ادھے سر کا درد میں مفید ہے

پارہ مصفی 1 تولہ

تیزاب گندھک 5 تولہ

آتشی بیکر میں ہلکی آگ پر کھلی جگہ میں پکائیں

جب تیزاب ختم ہو جائے تو آگ بند کر دیں

ٹھنڈا ہونے پر تین بار غسل دیں

زرد رنگ کا کشتہ تیار ہو گا

مقدار = ایک چاول سڑا میں رکھ کر ناک میں پھونک دی

# کینسر

گندھک 2/1 کلو

رسکپور 1 تولہ

گندھک کو کسی سٹیل کے ڈول میں ڈال کر ہلکی آنچ پہ پگھلائیں

اور ایک تولہ رسکپور کو پیس کر دس پڑیاں بنائیں

ہر 15 منٹ بعد ایک پڑی ڈالتے جائیں

دھیان رہے کہ گندھک صرف پگھلی رہے جلے نہیں اس طرح ہر 15 منٹ بعد ایک ایک کرکے دس پڑیاں ڈالیں اور آخری پڑی ڈالنے کے 15 منٹ بعد اتار لیں

یہ کشتہ گندھک رسکپور سرمئی رنگ میں تیار ہو گا

ہمارے طب جدید گروپ کے ایک استاد محترم جناب حکیم وید پون کمار صاحب نے یہ نسخہ عید پہ گروپ والوں کو گفٹ دیا تھا یہ ہر قسم کے کینسر ٹیومر بریسٹ کینسر

بواسیر ناسور بھگندر کیلئے مفید ہے میں نے خود یہ بنایا ہے امراضِ خبیثہ کے 20 سے زائد مریضوں کو استعمال کروایا ہے اچھا رزلٹ ہے

مقدار خوراک۔۔

ایک سے ڈیڑھ چاول خوراک چوبیس گھنٹوں میں ایک مرتبہ

ملائی یا مکھن میں رکھ کر کھلائیں اور دودھ نیم گرم پلائیں

سات دن کھلائیں پھر تین دن ناغہ

پھر سات دن کھلائیں اور تین دن ناغہ

پھر سات دن کھلائیں اور تین دن ناغہ

اس طرح اکیس خوراک دیں اور لیبارٹری ٹیسٹ کروائیں

نسخہ حکیم پون کمار انڈیا

تصدیق

حکیم عبدالرحمن خان راولپنڈی

# ٹانسلز کا مکمل علاج

میرا کمبینیشن

(1) اکسیر بادیان

ہلدی ملٹھی سونف قسط شیریں تمام ہموزن سفوف

آدھا چمچ صبح و شام

بعد غذا ہمراہ پانی

(2) ساتھ شربت توت سیاہ ملٹھی والا لعوق سپستان اور لعوق خیار شنبر دیتا ہوں

ترکیب استعمال۔

(3) لعوق سپستان اجمل

لعوق خیار شنبر اجمل

دونوں سے چھوٹا چمچ آدھا آدھا

ایک کپ نیم گرم پانی میں ملا کر چمچ سے حل کریں

پھر اسی پانی کے کپ میں شربت توت سیاہ ملٹھی والا ایک چمچ ڈال کر مکس کر کے صبح و شام پلائیں

(4) وکس بام یا کوئی بھی بام ہو اسکی چھاتی اور گلہ پر مالش کروائیں

مالش کے بعد اگر شہتوت کے پتے تازہ مل جائیں وہ کوٹ کر گلے پر باندھیں

(5) ریٹھہ 2 عدد

کا بیرونی چھلکا لیکر اسے پانی میں ابال کر اس کے غرارے صبح و شام کروائیں

ٹانسلز کا مکمل علاج ہے

کورس تا حصول شفاء

خادم الحکماء

مہر راشد سیال

## مرہم سفید

آگ سے جل جانا

آج ایک ایسا نسخہ گروپ کے تمام حکماء کی نذر کرتا ہوں امید ہے سب اطباء کرام کو بہت پسند آئے گا

چونا ڈلی ایک کلو

مٹی کا تیل آدھا کلو

ویزلین ایک کلو

چونا کا پانی میں ڈال دیں تاکہ بجھ جائے

ایک دن پڑا رہے اگلے دن اچھی طرح ہلا کر بالکل صاف سفید پیسٹ لے لیں پانی ضائع کر دیں

اب اس میں مٹی کا تیل ڈال کر تین دن متواتر کھرل کریں

پھر ویزلین ملا لیں جتنا تیل اس میں جذب ہونا ہو اوہ کھرل کرنے سے جذب ہو جائے گا

پھر ویزلین ملانے کے بعد ایک گھنٹہ کھرل کریں اور فالتو تیل نکال لیں اور مرہم محفوظ کر لیں

یہ میرا آزمودہ اور آٹھ سال سے مجرب اور معمول مطب ہے

صرف جلنے والے زخم پہ لگائیں صرف تین دن۔۔۔بس کافی ہے

ان شاء اللہ جلے ہوئے زخم کا نشان بھی نہیں رہے گا

میں فی سبیل اللہ یہ مرہم دیتا ہوں

آپ خدمت کرنا چاہیں تو فری دیں یا مناسب ہدیہ لے کر دیں آپ کی مرضی ہے

اویسیہ شفاخانہ

حکیم عبد الرحمن خان قادری

راولپنڈی

## ذکاوتِ حس کیا ہے؟

بہت سے لوگوں نے ہمیں پرسنل میسجز کیے ہیں کہ ذکاوتِ حس کے بارے میں بھی کچھ لکھیں اس لیے ہم اس نامراد مرض پر ایک تفصیلی پوسٹ لکھ رہے ہیں۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جنسی امراض میں سب سے ضروری علاج ذکاوتِ حس کا علاج ہے

جبکہ لوگ دیگر علاج معالجے (انتشار، امساک وغیرہ) کی طرف زیادہ توجہ دیتے ہیں اور بیماریوں کی جڑ (زکاوتِ حس) کی طرف بالکل بھی توجہ نہیں دیتے ۔

آپکو معلوم ہونا چاہیے کہ جب تک آپ بیماریوں کی جڑ (زکاوتِ حس) کا قلعہ قمع نہیں کریں گے تب تک جسم میں امن قائم نہیں رہے گا، ھل چل مچی رہے گی، اور کوئی بھی دوا آپ پر اثر نہیں کرے گی۔۔۔۔

ذکاوتِ حس سے مراد ایسی کیفیت ہے جس میں جنسی اعضاء کی حس بڑھ جاتی ہے۔ جلق، کثرتِ احتلام، اغلام بازی، سرعتِ انزال اور شہوت کی کمی کے مریضوں کو یہ عارضہ لاحق ہوتا ہے۔

ذکاوتِ حس کی وجوہات:

فحش لٹریچر، فحش فلمیں، اغلام بازی، جلق، گرل فرینڈز سے فون پر سیکسی باتیں کرنا اور اس طرح کی دیگر ترغیبات سے جنسی جذبات بھڑک اٹھتے ہیں اور اس سے بھی ذکاوتِ حس کی شکایت ہوتی ہے۔ زیادہ گرم مزاج والے کھانے، گرم ماحول اور ہر وقت ذہن پر فحش خیالات کی بھرمار اس مرض کو بڑھاوا دینے میں پیش پیش ہوتے ہیں۔

ذکاوتِ حس کی علامات و نشانیاں :

عضو خاص میں بار بار تحریک ہوتی ہے۔ کپڑوں کی ہلکی سی رگڑ سے رطوبت نکل آتی ہے، گرل فرینڈ سے بات کرتے ہوئے یا لڑکی کے بارے میں

سوچتے ہی لیس دار مواد نکل آتا ھے،اور جوش ختم ہو جاتا ہے۔ ذکاوتِ حس سے عضو خاص کے عضلات اور اعصاب بہت کمزور ہو جاتے ہیں اور جسم و اعضاء میں پوری قوت نہیں رہتی۔ ذکاوت حس کا مریض تنہائی پسند کرتا ہے۔ طبیعت مغموم اور متفکر رہتی ہے۔ سستی اور کاہلی سوار رہتی ہے۔ دل کمزور ہو جاتا ہے۔ سر چکراتا ہے۔ مریض تھوڑی بات کو زیادہ محسوس کرتا ہے اور اسے غصہ بہت جلد آ جاتا ہے۔.

والسلام .

حکیم منصور الحق شاھین فرام فیصل آباد .

What'sApp Or Call.

0323-7678070

# جلی ہوئی جگہ کے لیے مرہم

باسی روٹیوں کو جلا کر پوڈر بنالیں اور پھر اس میں ہم وزن کھوپرے کا تیل coconut oilڈال کر خوب کھرل کریں اور پھر اس کو جلی ہوئی یا زخم والی جگہ پر لگائیں ان شاء اللہ تعالی 3 سے 4 دن میں ٹھیک ہو جائے گا

حکیم سعید سومرو

# اپینڈکس کے لئے آزمودہ نسخہ

کسٹرائیل بیس گرام ۔ شکر دیسی بیس گرام آنبہ ھلدی دو گرام ۔ دیسی گھی دو چمچہ عصارہ ریوند چارر تی ۔ ست پودینہ دو رتی ۔ یہ ایک خوراک ھے ۔ پہلے دن صبح شام ۔ پیٹ کھل جائے پھر ایک ٹائیم ۔ اپینڈکس کیپسول ۔۔۔

کیکر ببول کے پھول ۔ چھوٹی الائیچی بیج ۔ سرمہ سیاہ صرف عرق گلاب میں کہرل شدہ ھر ایک تولہ آنبہ ھلدی تولہ ۔ ست پودینہ گرام ۔ سب اچھی طرحہ پیس کر ملالیں ۔ گرام خوراک دن میں تین مرتبہ عرق مکو سے دیں ۔ تین دن کا علاج ھے درد پہلے دن رک جائے گا ۔ آزمودہ ھے سینکڑوں مریضوں پر ۔

جس مریض کی گیس تک نہ خارج ھو ۔ الٹی کر رھا ھو اسکا رسک نہ لیں ۔ آپریشن کا مشورہ دیں ۔ کیونکہ جب بلکل آنت بند ھو گی دوائ منہ کے زریعے وھاں نہیں پہنچے گی ۔

حکیم خان محمد سومرو سانگھڑ

# اکسیر قلب و مقوی دماغ

عقیق سرخ

رنگ عمدہ لیں آدھ پاؤ چھلکا بادام سات کلو کچھ چھلکا بادام نیچے رکھیں اوپر فاصلے پر دانہ عقیق رکھیں پھر اوپر چھلکا بادام ڈال دیں اسی طرح دو کلو چھلکا نیچے رکھیں درمیان میں عقیق رکھیں پھر اوپر چھلکا دو کلو ڈال دیں اوپر ایک کوئلہ جلا کر رکھ دیں دو دن بعد آگ ٹھنڈی ہوگی سرد ھونے پر بہت احتیاط سے عقیق آٹھا لیں یہ کشتہ پھولا ہوا ملے گا اب اس کشتہ میں عرق کیوڑہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں صبحِ نہار منہ خمرہ مروارید میں یا دودھ مکھن میں جس بدرقہ سے دینا چاہیں دے دس منٹ میں دل دماغ کو سکون ملتا ھے دل کے ہر امراضِ میں عمدہ رزلٹ ملتا ھے

حکیم شفقت صاحب

## اختلاج قلب

اکسیر نمبر 1

کشتہ قلعی 1 تولہ

کشتہ چاندی 1 تولہ

طباشیر نقرہ۔ 1 تولہ

الائچی کلاں اتولہ

دونوں چیزیں باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں اور دونوں کشتہ جات ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کرلیں

ایک رتی خوراک صبح نہار منہ ہمراہ دودھ

ان شاء اللہ پہلی خوراک سے دل خوش ہو جائے گا ہر قسم کی گھبراہٹ بے چینی خفقان اور ذکاوت حس اور سرعت انزال کے لئے مفید ہے

اور میرا مجرب ہے

ثلاثہ کا اعصابی عضلاتی اکسیر ہے

حکیم عبدالرحمن خان قادری راولپنڈی

اویسیہ شفاخانہ

## حب اپنڈکس

ا۔۔۔۔۔ ہیرا ہینگ 2 تولہ

2۔۔۔۔ گڑ پرانا 5 تولہ

حبوب نخودی بنائیں

ایک ایک گولی 3 ٹایم

اپنڈکس کیلئے تریاق صفت دوائے ہے۔

میرے کئے بار کا مجرب ہے۔

ایک بار ایک شخص میرے مطب میں آکر بولا کہ میرے بھائی کا دو گھنٹہ بعد اپنڈکس کا آپریشن ہے کسی نے مجھے آپ کی پاس بیجھا ہے میں نے مندرجہ ذیل ادویہ دیدے۔وہ مریض ایک گھنٹہ کی اندراندر صحت یاب ہو کر آپریشن سے بچ گئے الحمد للہ۔

تجویز شدہ ادویہ یہ ہیں

1۔۔۔۔ حب اپنڈکس ہیرا ہینگ والا

ہمراہ ماء العسل

2۔۔۔۔اکسیر بادیان

حکیم مفتی عبدالعلیم عبقری قادری محبوب شاہی فرام افغانستان

# اکسیر سوزاک

بیروزہ مصفی در نیم دو سو گرام

کشتہ گاودنتی در کنگی بوٹی سو گرام

پھٹکڑی خام۔۔۔۔۔۔۔۔سو گرام

نمک نیلا در جست والا۔۔۔۔۔۔بیس گرام

روغن صندل خودساختہ بیس گرام

ترکیب تیاری

جملہ ادویہ کو باریک پیس کر یکجان کر کے روغنی کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیں جو کچھ نکلے اس میں روغن صندل ڈال کر اچھی طرح ملالیں

مقدار خوراک

ایک گرام دن میں تین بار ھمراہ پانی لسی یا شربت انجبار سے دیں

فواہد

احتلام جریان لیکوریا کثرت حیض سوزاک پس سیل آر بی سی کے لیے لاجواب نسخہ ھے

طالب دعا

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیا پور

03007750558

## اپنڈکس کا دو گھنٹہ میں علاج

1 ریوند عسارہ اصلی ایک تولہ

.2 سہاگہ سفید ایک تولہ

باریک پیس کر رکھ لیں

250 ملی کے کیپسول بھر لیں

دو کیپسول ایک ساتھ ہمراہ دودھ پتی دیں بس دو سے تین گھنٹہ انتظار کریں زائد اور خالی ہو جائے گی ان شاء اللہ

بیشک الٹرا ساؤنڈ کروالیں فوراہی

نسخہ استاد حکیم شہباز خان درویش اللہ یر حمہ

عطاء الرحمن ہزاروی

دواخانہ دار الصحت چھپر روڈ ہری پور ہزارہ.

معزز قارئین آپ سب کو میری طرف سے محبتوں بھرا اسلام۔۔۔

## تریاقِ اپنڈکس

اجوائن دیسی 50 گرام

باپچی۔ 50 گرام

رائی۔ 50 گرام

گندھک آملہ سار 150 گرام

سفوف بنالیں

اور 5۔ 5 منٹ بعد نیم گرم پانی سے دیتے جائیں جب درد ختم ہو جائے تو صبح دو پہر شام کی دوا ایک ہفتے کے لئے دے دیں

خوراک 2 ماشہ

اپنڈے سائیٹس پر یہ نسخہ 4 ملین ثلاثہ والا ہے اور میرا مجرب ہے

کبھی خطا نہیں گیا

یہ ضرور استعمال کروائیں اور اس کا فیڈ بیک ضرور دیں

حکیم عبدالرحمن خان قادری راولپنڈی

اویسیہ شفاخانہ

## اپینڈکس کے لئے آزمودہ نسخہ

فلفل سیاہ 15 گرام

سفوف بنالیں اور

تین جگہ 5 گرام کی ایک خوراک بنالیں۔

ایک خوراک ہر ایک گھنٹہ کے وقفہ کے بعد لگاتار دیں

مریض ہوسپٹل میں داخل کیوں نہ ہو بس اللہ کا نام لے کر یہ تین

خوراک کے بعد اپریشن کی ضرورت نہیں میرا آزمودہ ہے

طالب دعا

حکیم ساجد اسلام کراچی

# ضعف قلب کی وجہ سے انتشار کم ہو جانا

خفقان قلب اور ضعف قلب و ضعف قلب کی وجہ سے انتشار کم ہو جانا

سرخ عقیق 5 تولہ پودینہ سبز ڈنڈی سمیت آدھا کلو

پودینہ کو کوٹ کر نغدہ بنائیں درمیان عقیق سرخ رکھ کر کوزہ میں بند کر کے 30 یا 35 کلو کی اوپلوں کی آگ دیں

ٹھنڈی ہونے پر نکال کر عقیق کو پیس کر پودینہ کے پانی سے ٹکی کریں اور دوبارہ نغدہ پودینہ آدھا کلو میں فرش لحاف دے کر بند کر کے 30 کلو اوپلوں کی آگ دیں

نکال کر یہی عمل پھر کریں

کل تین آگ

عقیق عمدہ کشتہ ہو گا

4 نمبر کیپسول بھر لیں

ایک کیپسول روزانہ رات دودھ کے ساتھ

3 ماہ کورس دل جوان لڑکے کی طرح ھو گا

اگر 4 ماہ مسلسل استعمال کریں اور اس کے بعد ہفتہ میں دو خوراک کو دوام دیں ان شاء اللہ عمر 100 سال بھی ہو گی تو نہ ہارٹ اٹیک ہو گا نہ انتشار میں کمی ھو گی

حکیم ابوالھیثم علی لاہور

## ملین 4

اجوائن دیسی 4 تولہ

تیزپات 4 تولہ

رائی 4 تولہ

گندھک 12 تولہ

خوراک آدھا ماشہ سے ایک ماشہ

مسہل 4

ملین 4 میں جمال گھوٹہ 1 تولہ شامل کریں

خوراک 1 رتی تا 4 رتی

## دردِ شقیقہ۔ آدھے سر کا درد۔

پہ مجرب ترین

مائیگرین یا سائنوسائٹس

دائیں طرف ہو یا بائیں طرف

جہاں سفوف معجونات اطریفلات گولیاں کیپسولز کچھ کام نہ کریں یا وقتی کام کریں۔

یہ سادہ سا مرکب اس مرض کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے

اور اس مرض پہ میرا معمول ہی یہی ہے۔

## اجزاء اصلیہ

ست پودینہ۔ 6ماشہ

ست اجوائن۔ 6ماشہ

کافور دیسی۔ 6ماشہ

## ترکیب تیاری

ان کو کسی شیشی میں ملا دیں یہ لیکوئیڈ بن جائے گا

اور یاد رہے کہ ان تین اجزاء کے علاوہ کوئی بھی اور چیز نہیں ملانی

کیونکہ کچھ طبیب اس میں روغن دار چینی یا روغن لونگ کا اضافہ کرتے ہیں

لیکن تجربہ کہتا ہے کہ جو اثرات 3 اجزاء کے ہیں ان کے ہم پلہ کوئی چیز نہیں۔

## طریقہ استعمال

1 قطرہ ناک کے نتھنوں پہ لگائیں۔

1 قطرہ آنکھ سے 1 انچ نیچے لکیر کی مانند لگائیں

اور 3 قطرے ماتھے پہ مل کر کوئی مفلر لپیٹ دیں

## اثرات

جلن ہو گی برداشت کریں۔ چھینکیں بھی آئیں گی۔ آنکھ سے پانی نکلے گا۔

ناک سے پانی نکلنا ضروری ہے اگر نہیں نکلتا تو اس عمل کی تکرار کریں۔

ناک سے پانی بہنا شروع ہو جائے تو سمجھ لیں کہ درد شقیقہ مستقل ختم ہو رہا ہے۔

**احتیاط** :ناک سے بہنے والے پانی کیلیئے کوئی بھی دوا نہ دیں۔

2 دن چلے یا 3 دن۔

**نوٹ:** اس کے ساتھ میں قبض کشاء کوئی بھی مرکب جو موجود ہو دے دیتا ہوں۔

**خاص نوٹ** : الحمدللہ اس سادہ سستے اور آسان سے مرکب سے خاندانی درد شقیقہ کے شکار کئی مریض عرصہ 7 یا 8 سال سے اس موذی مرض سے نجات پا چکے ہیں۔ یہ مبالغہ آرائی ہر گز نہیں حقیقت ہے۔

طالب دعا: حکیم عامر باجوہ، چک جھمرہ فیصل آباد۔

## آدھے سر کا درد

ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے ہو تو۔۔

اسطخودوس۔۔۔10 گرام

کالی مرچ۔۔۔8 گرام

کشنیز خشک۔۔10 گرام

باریک پیس کر آدھی چائے والی چمچ سادہ پانی سے کھانے کے بعد دیں۔

اگر درد لو بلڈ پریشر کی وجہ سے ہو تو

اسطخودوس۔۔10 گرام

کالی مرچ۔۔۔۔۔10 گرام

نوشادر۔۔۔8 گرام

آدھی چمچ چائے والی نیم گرم پانی کے ساتھ دیں۔

اگر یہ درد نیند کی کمی یا تھکاوٹ سے ہو تو

اسطخودوس۔۔10 گرام

چھوٹی چندن۔10 گرام

خشخاش۔۔۔10 گرام

آدھی چمچ چائے والی سادہ پانی یا میٹھی لسی کے ساتھ دیں۔

اس سے نیند آئے گی اور درد رفع ہو جائے گا۔

اگر یہ درد زیادہ دھوپ لگنے سے ہو۔

تو مریض کو غسل کروائیں اور

اسطخودوس۔۔10 گرام

کشنیز خشک۔۔5 گرام

دانہ چھوٹی الائچی۔۔ 2 گرام

کالی مرچ۔۔۔ 5 گرام

آدھی چمچ چائے والی

طبیب عامر باجوہ

## سفوف نوم

کشنیز خشک

چھوٹی چندن

ہموزن دونوں کو لے کر نہایت باریک سفوف بنالیں

خوراک چار رتی سے ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ دودھ یا پانی سے دیں

فوائد:

بے خوابی ہائی بلڈ پریشر دل کی گھبراہٹ اور سکون کی نیند لاتاہ۔

بشکریہ... حکیم محمد مزمل صدیقی صاحب کا نسخہ ہے

# دل کی کمزوری بے چینی و گھبراہٹ

الائچی کلاں 20 گرام

الائچی خورد 20 گرام

زرشک شیریں 50 گرام

مصطگی رومی بریاں دیسی گھی میں 20 گرام

چھوٹی چندن 20 گرام

دار چینی 20 گرام

زہرہ مہرہ خطائی 30 گرام

مویز منقی 50 گرام

جلوتری 10 گرام

**ترکیب تیاری۔** تمام ادویات کو پیش کر سفوف بنا کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھر کر رکھ لیں یا شہد کی مدد سے کالے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک ۔۔ 1 کیپسول صبح و شام کھانے کے ایک گھنٹے بعد تازہ پانی کے ساتھ پندرہ سے ایک ماہ استعمال کریں۔

**فوائد**۔ دل کی کمزوری دل کے امراض گھبراہٹ بے چینی کے لیے بہترین علاج ہے۔

پرہیز ۔۔ دال ثنا دال ماش چاول آلو گو بھی شملہ مرچ تمام قسم کے کولڈ ڈرنکس ہر قسم کی تلی ہوئی اشیاء ٹھنڈا دودھ سفید چنے نان خمیری روٹی چھوٹے بڑے پائے بڑا گوشت حلوہ پوری اور ہر قسم کے کھٹی اشیاء۔

گروپ کے ایڈ من صاحبان محترم حکماء کو السلام علیکم !

# امراضِ قلب کے لئے اکسیر

نسخہ: صندل سفید عمدہ ایک نمبر دو تولہ، طباشیر نقرہ عمدہ دو تولہ، دریائی نارجیل خالص دو تولہ، کشتہ صدف صادق دو تولہ، مغز دھنیا دو تولہ، کوزا مصری 5 تولہ۔ ان تمام کا پوڈر بنالیں صبح نہار منہ ایک ماشہ مکھن میں ملا کر دیں یا خمیرہ مروارید یا مناسب بدرقہ سے دیں ایک خوارک وقت عصر دیں ان شاء اللہ پہلی خوراک سے فائدہ ہو گا

حکیم شفقت صاحب ملتان

# جریان منی کا طبی علاج

نسخہ اُم الشفاء

مغز تخم ہندی 50 گرام

بہو پھلی بوٹی 50 گرام

موچرس 50 گرام

ست ریش برگد 50 گرام

کشتہ سہ دھاتہ 30 گرام

شیر برگد 100 گرام

ترکیب تیاری۔

تمام ادویات کو مانند غبار کر کے شیر برگد ملا کر حب بقدر نخودی گولیاں بنا لیں مزاج خشک سرد ہے

**خوراک۔**

ایک گولی صبح اور ایک گولی شام دودھ کے ساتھ لیں دودھ میں ایک چمچ چھلکا اسپغول ڈال لیں۔

**فوائد۔**

جریان منی احتلام سرعت انزال کے لئے بے حد مفید ہے

## دواء مفرح

1۔۔۔ تخم خرفہ 10 گرام

2۔۔۔ تخم گشنیز 5 گرام

3۔۔۔ گل گاوزبان 5 گرام

4۔۔۔۔ صندل سفید 5 گرام

5۔۔۔۔ طباشیر 5 گرام

6۔۔۔ گل سرخ 5 گرام

7۔۔۔۔ مصری ہموزن

تمام ادویہ سفوف بنائیں

مقدار خوراک: 3 گرام

**فوائد:** خفقان،ہائی بلڈ پریشر، تمام غدی امراض میں مفید اور معمول مطب ہے۔

قلیل الاجزاء اور کثیر النفع ہے۔

حکیم مفتی عبدالعلیم عبقری قادری مجبوب شاہی فرام افغانستان

# اکسیری چورن

چہار نمک 100 گرام

ثنا مکی

پتی گلاب

جنگلی پودینہ

فلفل سیاہ

انار دانہ

آم چور

اجواءن دیسی

زیرہ سفید

جوھر نوشادر

سہاگہ بریاں

ھریڑ سبز

آملہ

بہیڑے

سونڈھ ہر ایک 100 گرام

تمام ادویہ پیس کر ملالیں

معدہ کے لیے انتہائی مفید ہے

گیس پر کام نہیں کرتا

حکیم ابوالھیثم علی حیدر لاہور

## سائیڈ ایفیکٹ کیلئے

کسی بھی قسم کی ویکسین کے سائیڈ ایفیکٹ دور کرنے کے لیئے ہومیوپیتھک کی مانی ہوئی پروونگ دوا Thuja ہے۔ اس کی ایک ہزار پوٹینسی کے چند قطرے شوگر آف ملک پہ ڈال کر یا دو گھونٹ پانی میں ملا کر پلا دیں۔

ان شاء اللہ ویکسین سے پیدا اشدہ تکالیف دور ہو جائیں گی۔

ایک ہی خوراک کافی ہے۔

ہر عمر کے فرد کے لئے بس سنگل ڈوز

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، گوجرانوالہ۔

قبض کیلے مجرب. مطب پہ سفوف ثناء کے نام بناتا ہوں ملٹھی مصری کوزہ ثناء مک تینو چیزیں ہم وزن پیس لیں. خوراک 3 ماشہ صبح وشام کھانے کے بعد پانی کیساتھ حکیم محمد احمد قبولہ شریف

## سفوف حیات معدہ

:1 سونف 50 گرام 2: گندک آملہ سار 50 گرام 3: ثنا مکی 100 گرام 4: چینی یا مصری 200 گرام تمام اشیاء باریک پیس لیں اور صبح ورات ہمراہ دودھ نیم گرم یا پانی استعمال کریں. میرا معمول مطب اور بہت

مجرب ہے

**فوائد:-** گیس، قبض، بد ہضمی، جلن تیزابیت، اپھارہ، خشکی، کولسٹرول، یورک ایسڈ، خرابی خون، سوداوی امراض کے لئے انتہائی مفید ہے،

حکیم حماد اللہ علوی دواخانہ گلشن اقبال کراچی

## برائے امراض معدہ

ا۔۔۔ آملہ خشک۔ بادیان۔۔۔ میٹھا سوڈا۔ الائچی کلاں سب برابر وزن لیکر پیس لیں اور محفوظ کر لیں دن میں تین بار بمقدار ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ فوائد ۔۔۔۔ ورم معدہ۔ السر معدہ درد معدہ۔ سوزش معدہ۔ تبخیر معدہ الغرض معدہ کے تمام امراض پر بہترین کام کرتا ہے۔ عرصہ اٹھائیس سال سے معمول مطب ہے۔

## 2اکسیر اعظم

میرا یہ نسخہ امراض جگر و معدہ پر بہترین کام کرتا ہے۔ پتے کا درد ہو یا اپنڈکس کا درد۔ جگر میں درد ہو یا معدہ میں۔ پرانا درد ہو یا نیا سب پر تیر بہدف کام کرتا ہے۔ عتڈہ بیس سال سے معمول مطب ہے۔

تخم جوزماثل۔ نوشادر ٹھیکری۔ فلفل سیاہ۔ ہر ایک دو دو تولہ اور ہر پچی پانچ تولہ میٹھا سوڈا پانچ تولہ سب کو پیس کر محفوظ کر لیں۔

500 mg دن میں دو تا تین بار ہمراہ پانی۔۔۔۔

حکیم اعجاز احمد ناصر مرید کے لاہور

## دو معمول مطب ہاضم نسخے

ھوالشافی

کالا نمک

کالی مرچ

ٹھیکری نوشادر

الائچی سبز

ہموزن سفوف بنا لیں۔

ایک سے دو گرام بعد از طعام استعمال کریں۔

یہ نسخہ ھاضم چہار کے نام سے نارمل اور لو بلڈ پریشر کے مریضوں کی ھاضمہ کی خرابی پہ دیا جاتا ہے۔

یہ اسی کی دھائی میں حکیم ایس ایم اقبال نے ایک رسالہ میں دیا تھا۔ تب سے معمول مطب ہے۔

## دوسرا ھاضم نسخہ

دوسرا ھاضم نسخہ بھی چار ادویات پہ مشتمل ہے اور تبخیری کے نام سے معمول مطب ہے اور ان مریضوں کو دیا جاتا ہے۔ جن کا ھاضمہ کی خرابی کے ساتھ بلڈ پریشر بھی ہائی رہتا ہو۔

ھوالشافی

چاول کشنیز

طباشیر بانسی

دانہ الائچی خورد

چاول سونف

ہموزن

ایک سے دو گرام بعد از طعام

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

گوجرانوالہ

## سفوفِ السر

1۔۔۔۔۔ملٹھی 100 گرام

2۔۔۔۔۔گشنیز 100 گرام

3۔۔۔۔۔رال سفید 100 گرام

4۔۔۔۔صمغ عربی 100 گرام

5۔۔۔۔۔گوند کتیرا 100 گرام

6۔۔۔۔۔۔ مصری 100 گرام

--------------------------

تمام ادویہ کو سفوف بنائیں

مقدار خوراک:3 گرام

فوائد:السر اور تیزابیت کیلئے اکسیر سے کم نہیں۔

میرے معمول مطب ہے۔

حکیم مفتی عبدالعلیم عبقری قادری محبوب شاہی فرام افغانستان

# اکسیر معدہ

جو میرے مطب کا معمول ھے اور کافی عرصہ سے میرے دواخانہ کی زینت ھے آپ دوستوں کی نظر جب بناؤ گے دعاؤں میں یاد کروگے نسخہ کچھ یوں ھے

تخم مولی 50 گرام

زیرہ سفید 50 گرام

پودینہ خشک 50 گرام

کچری خشک 50 گرام

سفوف کرلیں صبح دوپہر شام 2 گرام ہمراہ آب تازہ

بڑھے ہوے پیٹ کیلیے معدہ کی تیزابیت بھوک کا نہ لگنا ادرارے بول کیلیے اکسیر اعظم ھے اگر اس فی خوراک امرت دھارا ڈال دیا جائے تو سونے پر سہاگہ والی بات ھے

حکیم طارق جاوید فیصل آباد

## امراض معدہ

معدہ کی گیس قبض اور تمام امراض معدہ کا علاج کے نسخہ کے اجزاء

چینی باریک 100 گرام پسی ہوئی، میٹھا سوڈا 20 گرام اور ست پودینہ 3 گرام

معدہ کی گیس قبض اور تمام امراض معدہ کا علاج کے نسخہ کی ترکیب تیاری

چینی اور میٹھا سوڈا آپس میں ملائیں اور پھر ست پودینہ اس میں ملا کر خوب رگڑیں اتنا

کہ چینی میٹھا سوڈا اور ست پودینہ آپس میں یکجان ہو جائیں۔ کسی ہوا بند ڈبے میں بوتل میں محفوظ

رکھیں۔ زیادہ مقدار میں نہ بنائیں نمی کے موسم میں جم جاتا ہے۔

معدہ کی گیس قبض اور تمام امراض معدہ کا علاج کے نسخہ کے اجزاء

حکیم عبدالرحمن خان قادری راولپنڈی

## ہر قسم کی بواسیر کے لیے

ایک تولہ رسونت انڈیا

ایک تولہ مصبر سیاہ

چاسکو کو کوٹ کر چھان کر سوا تولہ آٹا

اڑھائی تولہ منقہ بیج نکال سب کو کوٹ کر چنے کے برابر گولی بنالیں اور باسی پانی کے ساتھ ایک سے دو گولی 15 دن کھلائیں۔

خونی بواسیر والے کو مولی شلجم گاجر اور دیسی گھی کا استعمال ضرور کرائیں اور 3 ماہ بعد دوبارہ 15 دن یہ ہی نسخہ کھلائیں تو پھر کبھی بھی بواسیر نہ ہو گی ان شاء اللہ تعالی

حکیم رانا وحید

## احتلام کا سو فیصد نسخہ

آدھا کلو لاہوری نمک۔ ایک پاؤ گندھک آملہ سار۔ ایک تولہ جمال گھوٹہ مدبر۔ چھ گھنٹہ جمالگوٹہ کے ساتھ کھرل کریں۔ چار رتی صبح شام پانی سے دیں ایک ہفتہ۔ جڑ سے اکھاڑ پھینکنے والا نسخہ ہے احتلام کو۔ دائیمی قبض۔ بادی بواسیر کے لئے مہین کھلائیں پہلی خوراک قبض توڑتی ہے۔ حکیم خان محمد سومرو، مجرب المجرب ہے۔

میں خام جمال گوٹہ استعمال کرتا ھوں۔ آپمدبر کری۔

## سفوف ِ احمر

عطیہ:- استاد الحکماء سید محبوب علی شاہ قادری

اجزاء:- نمک لاہوری۔۔۔۔۔۔۔ا تولہ

کشتہ ورقیہ دربرگ نیم۔۔۔۔۔۵ تولہ

گیرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۱ تولہ

چینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۱۰ تولہ

سرکہ سینتھیٹک۔۔۔۔۔۔۔۱ بوتل

ترکیب تیاری:- ایک آہنی توے پر نمک ڈالیں اور نیچے کوئلوں کی آگ جلائیں۔ اور تھوڑا تھوڑا سرکہ ڈالتے رہیں۔ اور نمک کو کسی لکڑی کے چمچ وغیرہ سے ہلاتے جلاتے رہیں۔ جب تمام سرکہ جذب ہو جائے تو اس نمک پر کوئی مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ دیں۔ اور مزید آگ جلانا موقوف کر دیں۔ صرف سابقہ کوئلوں پر ہی رہنے دیں۔ تین چار گھنٹہ بعد آگ سرد ہو جانے پر نمک نکال لیں اور باقی اشیاء ملا کر خوب کھرل کرکے مثل غبار کر لیں۔

مقدار خوراک:- آدھا ماشہ

بچوں کو حسب عمر کم مقدار دیں۔

فوائد:- ماسوائے درد معدہ کے تمام دردوں پہ فوری مؤثر ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے کسی انگریزی درد کش Pain Killer کو ضرورت نہیں۔

زبردست پسینہ آور ہے۔ ڈسپرین یا پیناڈال سے زیادہ سریع الاثر ہے۔ بخار خواہ کتنا تیز ہو پہلی خوراک سے پسینہ آکر فوراً اتر جاتا ہے۔

بخاروں کی بے چینی, گھبراہٹ, اعضاء شکنی, کثرت پیاس, دل کا دھڑکنا وغیرہ فوری رفع ہو جاتا ہے۔ چوٹ, نمونیہ و ذات الجنب کی درد کو محض ایک دو خوراک سے دور کرتا ہے۔ کسی بھی قسم کے زہریلے حشرات و بچھو وغیرہ کے کاٹے میں ایک خوراک خوردنی اور ایک چٹکی لعاب دھن سے مقام ماؤف پہ ملنے سے دردوالم ختم ہو جاتا ہے۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

تمام حکماء و اطباء کو سفارش کی جاتی ہے کہ اسے بنا کر معمول مطب بنائیں اور انگریزی ادویات سے مخلوق خدا کی جان چھڑوائیں۔

## درد کے لئے اکسیر

ہڑتال ورقی 1 تولہ

کالی مرچ 4 تولہ

ہڑتال ورقی باریک پیس لیں اور کھرل میں ڈال دیں

ایک ایک کالی مرچ ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب مرچیں ختم ہو جائیں تو اس مرکب کو مزید 4 گھنٹے کھرل کریں

تیار ہے

ایک رتی خوراک عصر کے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم اور مکھن یا بالائی بھی ساتھ کھلائیں تو زیادہ اکسیر ہے

جوڑوں کے درد کمر درد یورک ایسڈ کولیسٹرول گھٹنے اور مہرے میں گیپ کے لئے بہت اعلیٰ نسخہ ہے

ڈاکٹر تنویر صاحب کے لئے تحفہ ہے

سب دوست بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں

نسخہ کی تصدیق لازمی کرنی ہے

عبدالرحمن قادری راولپنڈی

# نظریہ اربعہ مجربات شاکر

اعصابی کمزوری پٹھوں کی درد کمزوری

اور دردوں اور قوتِ باہ کے لیے لاثانی ھے

مغزِ بادام 60 گرام

کچلا مدبر 50 گرام

زنجبیل 50 گرام

فلفل سیاہ 20 گرام

تمام ادویات کو باریک پاؤڈر کر لیں

اور شہد سے چنے برابر گولیاں تیار فرمالیں

ایک گولی نیم گرم دودھ سے

مقوی ہے پٹھوں کی درد

عام جسمانی کمزوری کمر درد

اور قوتِ باہ کے لیے نہائیت مفید ہے

بہت مختصر سا نسخہ ہے

اور ملین 45 دونوں دردوں کے لیے

میں اکثر بناتا ھون ابھی بھی میرے پاس تیار ہیں یہ دونوں نسخے

واقعی لاجواب ہیں کمال ہیں

شاھد عمران

## دردِ اعصابِ معدہ

میرے تجربات کے مطابق معدہ کے اعصاب میں درد ہوتی ہے

ہمارے مطب کا اس میں واحد نسخہ

لونگ ا حصہ

چینی 3 حصہ

مکس کر لیں

500 ملی گرام ہمراہ قہوہ پتی

لو سجنو آپ بھی کیا یاد کریں گے ایک پنتھ 2 کاج

حسبِ ضرورت پھلے چوگنے پانی میں ڈالیں جو تیریں وہ بیکار ہیں انہیں نکال کر پھینک دیں اور جو تہ نشین ہو گئے ہیں انہیں پانی سمیت آگ پر سوار کریں حتٰی کہ گل جائیں اور خوب پھول جائیں تو آگ بند کر دیں. ٹھنڈا ہونے پر پھلوں کا پوست اتار کر پھینک دیں اور تیز چاقو کی مدد سے مغز کو چیر کر درمیان سے جڑ/پتہ بھی نکال کر پھینک دیں اور صاف مغز کو سل بٹہ پر زور دار ہاتھوں سے پیس کر باریک پیسٹ/سفوف بنا کر اس میں چوگنا مغز پستہ بھی ملا کر دوبارہ خوب رگڑ کر یکجان کر کے کانچ کے کھلے منہ اور ڈھکن والے جار میں رکھیں تاکہ نکالنے

میں آسانی رہے یہ وہ اکسیر تیار ہے جو نمونہ دمہ بدنی عصابی پٹھوں اور مردانہ کمزوری وناطاقتی اور دردوں کی بے مثال دوا ہے .

جس پانی میں کچلوں کو جوش دیا ہے اسے مٹی کے اعلاوہ کسی بھی دھات کی پراتھ میں ڈال کر گرد سے بچا کر دھوپ میں رکھیں پانی اڑ کر نمک رہ جائےگا جو دیسی روح کچلہ یعنی ولائیتی سے بہتر اسٹر کنیا ہے .

کچلہ مدبر کی خوراک مرچ سیاہ کے برابر منقٰی میں بعد دیسی گھی کی چوری کے ناشتہ کے بعد ہمراہ دودھ ہے اور اسٹر کنیا مردانہ طاقت اور امساک کے لیئے دوسرے اجزا ایکساتھ قابل استحمال ہے .

## حب شفاء خاص

تخم جوزماثل 50 گرام

ریوند خطائی 50 گرام

زنجبیل 50 گرام

گوند کیکر 50 گرام

سفوف بنالیں. اس میں 70 گرام سفوف لے کر 10 گرام کچلہ مدبر ڈال کر حب بقدر مرچ سیاہ سے بڑی بنالیں۔

بوقت ضرورت ایک سے دو حب ہمراہ پانی یا نیم گرم دودھ

ہر قسم کے دردوں کے ل ئ ے معمول مطب و مجرب المجرب ہیں

کچلہ مدبر

آدھا پاؤ کچلہ لے کر پریشر میں ڈالیں اور ایک دو کلو پانی ڈال کر آگ پر ایک گھنٹہ پکائیں. پھر نکال کر صاف کر کے پتہ نکال دیں کچلہ مدبر یہ استعمال کریں. یہ نسخہ پہلے بھی پرانے گروپس میں send کر چکا ہوں

حکیم علی ضیاء احمد

# اکسیر دردِ فم معدہ

ھوالشافی دردِ معدہ کے تڑپتے مریض کو مرچِ سیاہ کے برابر اصلی ہینگ پانی سے کھلاتے ھی منٹوں میں ایسا آرام جیسے کبھی درد ہوا ھی نہیں. بڑے بڑے درد سے تڑپتے چکن اور مصالحے خوروں کا میں نے اسی سے مستقل علاج کیا ھے

# اکسیر درد

ھوالشافی: 1 حصہ سفوف مرچ سیاہ دو حصے سفوف ہلدی کی گڑ کے شیرے کی مدد سے چنے سے بڑی گولیاں بنالیں.

استعمال بغیر کسی بدرقے کے معمولی چبا کر نگل لیں.

فوائد ہر قسم کے درد کا فوری علاج ہے.

طالب دعا: پروفیسر ڈاکٹر طبیب حاذق نواب محمد عقیل عباسی MBA

پتہ کی درد گردہ درد اور پیٹ درد

پتہ کا درد۔ گردہ درد۔ اور پیٹ درد سے تڑپتا ہوا مریض اور بوبتی بخاروں ضیق النفس کی شدت میں فی الفور آرام دافع تعفن آپ کے کلینک پہ ہی صرف پندرہ منٹ کے اندر اندر درد سے نجات پالیتا ہے۔ ان شاء اللہ

کرنجوہ۔۔۔۔۔۔50 گرام

کالی مرچ۔۔۔۔25 گرام

سفوف بنالیں اور 500 mg کیپسول بھر لیں درد میں فوری راحت بخشتی ہے۔ بفضل تعالیٰ

حیکم ساجد اسلام کراچی

پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

03453032997،03119299976

## حب شفاء خاص

تخم جوزماثل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔60 گرام

اجوائن خراسانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔60 گرام

ریوند خطائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔40 گرام

زنجبیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔30 گرام

گوند کیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

آب بھنگ مقطر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔100 ملی لٹر

آب اسگندھ پاکستانی۔۔۔100 ملی لٹر

حبوب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

بوقت ضرورت ایک سے دو حب ہمراہ پانی نیم گرم

ہر قسم کے دردوں میں بطور درد کش فوری اثرات کی حامل ہیں۔

نیز یہ گولیاں افیون اور ہیروئن چھڑوانے کے لئے معمول مطب و مجرب المجرب ہیں

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

# پتہ کی درد

پتہ کی درد سے تڑپتا ہوا مریض آپ کے کلینک پہ ہی صرف پانچ منٹ کے اندر اندر درد سے نجات پالیتا ہے۔

چند دنوں قبل ایک مریض جس کے پتہ میں 20 ملی میٹر کی بڑی اور چھوٹی متعدد پتھریاں تھیں۔ درد سے کراہ رہا تھا۔ اسے

پھول کردہ سہاگہ۔۔۔۔۔۔ تین گرام

شہد خالص۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو چمچ

ملا کر چٹایا گیا۔ تقریبا تین منٹ میں درد ایسے غائب تھی جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔

اس کے علاوہ

اجوائین اور میٹھا سوڈا ہموزن سفوف کی ایک چمچ کی خوراک بھی پتہ کے درد میں فوری راحت بخشتی ہے۔ بفضل تعالیٰ

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

اجوائن اور سوڈا والا نسخہ گردہ کی درد میں بھی فوری شفاء کا حامل ہے۔ اس کے لئے اسے سپرائٹ کی بوتل وغیرہ سے استعمال کروایا جاتا ہے۔

## حب اوجاع

سنڈھ۔ سہاگہ۔ حرمل۔ سنا۔ نمک سیاہ ہموزن۔

مقدار خوراک 500 ملی گرام صبح دوپہر شام۔

1: میٹھا سوڈا۔۔۔ ایک پاؤ

2: زنجبیل۔۔۔ ایک پاؤ

3: مرچ سیاہ۔۔ 50 گرام

4: میٹھا تیلیہ مدبر۔۔۔ ایک تولہ

تمام کا سفوف بنا کر 500 mg کے کیپسول بھر لین۔۔۔۔۔دو ٹائم دیں۔۔

فوائد۔۔۔فوری درد ختم کرے ۔۔۔۔۔یورک ایسڈ۔۔۔درد وجع المفاصل۔۔۔ گھنٹیا۔۔۔پھٹوں کا درد اور کھچاؤ۔۔دانت درد۔۔۔ سر درد۔۔۔درد شقیقہ۔۔۔سر ویکل اینڈ لمبو درد۔۔۔۔ مہروں کا درد۔۔۔سب کے لی ئے تیر بہدف ہے۔۔۔۔ میرے کلینک پر پین نل کے نام سے چلتا نسخہ عرصہ نوسال سے ۔۔۔۔۔۔سیکڑوں مریضوں پر تجربہ شدہ۔۔۔ازمائیں ضرور۔۔۔انشاء اللہ اپکے مطب کا انمول ہیرا ثابت ہو گا۔۔۔۔۔ڈاکٹر و حکیم۔۔۔شوکت اللہ فرام ڈیرہ اسماعیل خان کے پی کے

# بلڈ بنک

ھوالشافی میٹھا سوڈا اور ہیرا کسیس 1,1 پاو میں 2 کلو آبِ چونا مقطر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کر کے خشک ھونے پر اس مرکب کے وزن وزن سے دو گنا وزن کشتہ صدف مروارید ملا کر خوب کھرل کر کے 125 ملی گرام یعنی رتی رتی کی کیپسولز بھر لیں.

استحمال روزانہ 1 کیپسول ھمراہ دہی یا دودھ دیں.

زیتون آئل استعمال کریں....زیتون آئل جو افورڈ نہیں کر سکتے....

سرسوں کے تیل میں صرف دہی جلا کر وہ استعمال کریں....

آلو اروی شکر قندی وغیرہ کم سے کم استعمال کریں

کھیرے اور دیسی کدو ذیادہ سے زیادہ کھا سکتے ھیں...

کدو ابال کر سالن پکایا جا سکتا ھے....رائتہ بنا کر

کھیرے اکیلے کاٹ کر یا..

کھیرے باریک کاٹ کر اس میں ڈرائی فروٹ بادام، کاجو ،پستہ ،اخروٹ ، وغیرہ ڈال کر کالی مرچ اور ہلکا نمک ڈال کر ابلا انڈا بھی شامل کیا جا سکتا ھے یا صرف سفیدی۔

اس سب کے اوپر زیتون تیل ڈال کر ناشتہ کیا جاسکتا ہے۔

بوقت ضرورت

روٹی کم سے کم مقدار میں جو کہ کھائی جائے...

چائے پھیکی سے بھی پرہیز کیا جائے....

چائے کی پتی اور 2 عدد الائچی کلاں اور دار چینی شامل کر کے بلیک/کالا قہوہ پیا جائے....

سرخ اور سبز مرچ کم سے کم استعمال کی جائے....دودھ دہی کم مقدار میں بالائی اترے/سپرٹے استعمال کیئے جائیں....

ڈالیں کم سے کم کھائی جائیں....

حسب ضرورت.... .

گوشت اور انڈے حسب برداشت سٹیم کر کے کھائے جائیں....

کچھ عرصہ صرف یہی غذائیں کھائی جائیں

آہستہ آہستہ

نارمل غذا کی طرف لوٹ آئیں۔

جناب بہت وضاحت سے لکھا ھے.....

جو کوئی چاہتا ھے کہ اسکا لبلبہ درست کام کرنا دوبارہ شروع کر دے.....بہت آسان حل بتایا ھے....

جو کی روٹی....

کدو کا یا انڈے کدو کا سالن...

چٹنی....

کھیرے + ڈرائی فروٹ

زیتون آئل

ابلے انڈے کالی مرچ + نمک

دن میں دو تین بار پیٹ بھر کر کھائے....

کالا قہوہ جتنی بار مرضی پیئے......الائچی کلاں دار چینی پتی ڈال کر بنایا ھوا اس میں زیتون تیل بھی ڈالا جا سکتا ھے....

دودھ دہی بغیر ملائی/بالائی کے استعمال کر سکتا ھے....

ہمہ قسم گوشت گھی آئل کے بغیر پکائے.... سٹیم روسٹ کھا سکتا ھے۔

جامن/زیتون/امرود/پپیتا/شوق سے کھائے...

نمکین سکنجبین پیئے.....

## روغن برائے شوگر

کلمی شورہ 100 گرام

نوشادر ٹھیکری 100 گرام

فاسفرس 2 گرام

ورق سونا 3 گرام

ترکیب تیاری:

کلمی شورہ اور نوشادر کو باریک کر لیں اور روغنی ہنڈیا میں بچھا دیں اور درمیان میں سٹینڈ رکھ کر اس پر روغنی پیالہ رکھ دیں اور پیالہ میں فاسفورس اور 1 گرام ورق سونا ڈال دیں

اوپر ایک اور روغنی ہنڈیا رکھ کر دونوں کو پلاسٹر آف پیرس سے جوڑ دیں

اور اوپر والی کو پانی سے بھر دیں ہلکی آگ پر پکائیں

پانی گرم ہو جائے تو تبدیل کر دیں

2 گھنٹے بعد آگ بند کر دیں-

ٹھنڈا ہونے پر کھول دیں

پیالہ میں پیلے رنگ کا روغن ملے گا محفوظ کر لیں

اور اس میں بقیہ ورق سونا بھی ڈال دیں تمام روغن بن جائے گا

مقدار خوراک: روغن مذکور 20 قطرے پانی 250 ملی لیٹر

حل کر لیں اب اس محلول سے ایک چمچ کھانے والا 2/1 گلاس پانی میں ڈال کر صبح شام ، کھانے کے بعد دیں ،

تین /چار ماہ استعمال سے شوگر اللہ کے فضل و کرم سے نارمل سطح تک آ جائے گی ،مجرب ہے ، ہمارا خاندانی نسخہ ہے

محترم ڈاکٹر تنویر بٹ صاحب کے سامنے تیار کیا تھا

آج ان کے گروپ کی نظر کر رہا ہوں

حکیم قاری محمد اسلم

00966581591052واٹس ایپ،03004448816

# سفوف پین کلر

برائے درد جوڑ. مہرے گیپ

درد بدن و مہروں کا اپنی جگہ سے سلپ ہو جانا۔

اور جنرل کمزوری ..

ہڈیوں کا کمزور ہونا۔

ڈسک سلپ.

کمر کا درد .

مہروں کا ھلنا .

ہڈیوں کا بھر بھرا ہونا۔

ہڈیوں کا کمزور ہو جانا خاص طور پر شوگر کے مریض۔

عورت و مرد دونوں یہ دوا استعمال کر سکتے ہیں کسی بھی قسم کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہے۔

ان تمام امراض کے لئے نسخہ پیش خدمت ہے یہ نسخہ جناب پروفیسر سر دوست محمد صاحب کا مجرب ہے آپ ایک صاحب علم حکیم ہیں.

اجزاء نسخہ.

اسگندھ ناگوری. سورنجان شیریں. سونٹھ.

زیرہ سفید.

قسط شیریں.

موصلی سفید اصل انڈین .

بدھارا.

ترکیب تیاری۔

سب ادویات برابر وزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک. آدھا چمچ صبح و شام ھمراہ دودھ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد استعمال کریں۔

بہت سے مہنگے نسخوں سے بہت زیادہ بہتر ثابت ہو گا.

طبیب وجاہت فرام کراچی

مطلوبہ فارمولہ میں نے مہروں کے گیپ والے مریض کو ایک ماہ دی جس کو ڈاکٹروں نے آپریشن کا کہا تھا تین دن دوا کے استعمال سے مریض چلنے پھرنے لگا۔ اس کے ساتھ تیل مالش کے لیے :

جائفل، لونگ، کچلہ ہموزن 50,50 گرام کو آدھا کلو تلوں کی تیل میں ہلکی آنچ پر ڈارک براؤن کرلیں۔ کچلہ کو خوب پکائیں۔ تیل تیار ہے۔

چھان کر استعمال میں لائیں۔ رات سوتے وقت ہلکے ہاتھ سے مالش کیجیے۔

مطلوبہ کیس کی رہنمائی استاد محترم ڈاکٹر رضوان شاہ صاحب سے لی تھی

یہ میرا معمول مطب نسخہ ہے

ڈیڑھ کلو اماہ میں استعمال ہوتا ہے اس میں فی خوراک دو سے چار چاول ورقیہ در تمباکو ڈالتا ہوں، پندرہ منٹ میں جسمانی درد تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے

حکیم حاجی عبدالجبار فرام ٹوبہ ٹیک سنگھ،

از حکیم عبدالرحمن کلیمی راولپنڈی سے

0308 5004085،

کلیم دواخانہ۔

## غدی شوگر کے لئے

ملین 1، کلونجی پوڈر۔

برابر وزن مکس کرلیں

3 گرام صبح شام کھانے کے بعد پانی سے دیں

غدی شوگر،

شوگر سے پیدا ھونے والی کمزوری، ضعف باہ، پاوں کا سن ھونا

حتی کہ تمام غدی امراض میں کم خرچ بالا نشین ھے

# اکسیر شوگر کلیمی

میتھی دانہ۔۔۔50 گرام

کلونجی۔۔۔50 گرام

کالازیرہ۔۔۔50 گرام

گڑمار بوٹی۔۔50 گرام

باریک سے باریک کریں

3 گرام صبح شام کھانے کے بعد ھمراہ پانی

شوگر کنٹرول کرتی ھے

انسولین کا استعمال ختم کرادیتی ھے

از کلیم دواخانہ۔۔

0308 5004085

# گل منڈی

منڈی 5 تا 7 دانے رات کو 1 کپ پانی میں بھگو دیں صبح 1 جوش دیکر چھان کر خالی پیٹ پیں شوگر کنٹرول ھوجاتی ھی بینائی تیز ھوجاتی ھے ضعیف انتشار بسبب شوگر ٹھیک ھوجاتا ھے

مغز جامن،افسنتین، کریلے خشک،

گڑمار بوٹی، پوست ہلیلہ کابلی، اندر جو تلخ،کلونجی، میتھرے، تخم حرمل، کشتہ زمرد، سلاجیت

برگ نیم، کالی مرچ، تخم کاسنی، حنظل، ہموزن پیس کر سفوف بنالیں،

3 گرام دن میں تین بار

ڈاکٹر ذیشان آرائیں

# شوگر کا نسخہ

ٹاپک شوگر کا ہے، میں اپنی معلومات آپ سے شئر کر رہا ہوں

ان معلومات سے میں نے جو نتیجہ اخذ کیا ہے اس سے کوئی بھی صاحب علم اختلاف کر سکتا ہے

ہر صاحب علم کا اپنا تجربہ ہو سکتا ہے

شوگر کوئی بھی ہو اَور شوگر کی جو بھی وجہ ہو اس کا حتمی علاج

''قائم جاری گندھک'' ہے

گندھک کو قائم جاری کر لیں اس گیارہ یا اکیس خوراک شوگر اور تمام بیماریوں کو ختم کر دیں گی

میں کیمیا گر نہیں

مجھے اس کا نہیں پتہ اگر کوئی صاحب علم جانتا ہو تو مجھے بتائے میں احسان مند رہوں گا

اب نسخوں کی بات....

جو نسخہ بھی شوگر پر کام کرتا ہے اس میں گندھک لازمی ہوتی ہے

جیسے

بعض لوگ کسی جڑی بوٹی سے یا کسی کشتہ سے یا کسی بھی دوا سے شوگر کا علاج کرتے ہیں تو آپ سمجھ لیں اس میں گندھک ہے

مثال کے طور پر کسی دوا میں تمہ یا نیم یا لہسن یا ہلدی ہے تو ان سب میں گندھک ہے

سونے کا کشتہ یہ بھی گندھک ہے

اسی طرح جو نسخہ زیادہ کام کرتا ہے اس میں گندھک زیادہ قائم ہے

میرا تجربہ

کشتہ سونا اگر اچھی کوالٹی کا بنا ہو تو کم از کم تین گرام (چاول چاول) کی خوراک سے مریض کو کھلایا جائے تو دو سے پانچ سال تک شوگر ٹھیک رہتی ہے

جتنا اچھا کشتہ ہو گا اتنا دیر تک مریض ٹھیک رہے گا

# شوگر کیلیئے

سادہ اور سستا نسخہ

تمہ

کلونجی

تخم سرس

گوند کیکر

هموزن پاؤڈر کر کے ڈبل زیرو کیپسول بھر لیں

رات کو ایک کیپسول دودھ کے ساتھ دیں

اور ہلدی پاؤڈر کر لیں اور ڈبل زیرو کیپسول بھر لیں

ہر کھانے کے درمیان ایک کیپسول دیں

اور روزانہ ایک چھٹانک سے لے کر آدھ پاؤ مکھن کھلائیں

دو سالوں کھلانے سے مریض کی شوگر ہمیشہ کے لیے ٹھیک ہو گی

دو ماہ کے بعد مریض جتنی بھی بد پرہیزی کر لے شوگر نہیں بڑھے گی

مجرب ہے کئی مریضوں کو استعمال کروا چکا ہوں

## برائے ٹائفائیڈ

جسم سے ٹائیفائیڈ کے جراثیم کیسے ختم ہو سکتے ہیں۔

میرا آزمودہ نسخہ برائے ٹائفائیڈ

قسط شیریں 50 گرام

برگ مہندی۔ 30 گرام

تخم کاسنی 20 گرام

تمام کو پیس کر سفوف بنائیں اور دن میں دو مرتبہ آدھا چمچ شہد ملا پانی سے استعمال کریں صرف دو ہفتوں میں جگر میں چھپے ٹائیفائیڈ کے جراثیم مار دیتا ہے

## لو بلڈ پریشر

مغز کرنجوا 10 گرام

آملہ 10 گرام

پھٹکڑی سفید بریاں 20 گرام

ہلیلہ سیاہ بریاں 40 گرام

سفوف بنالیں ،مقدار خوراک 1 گرام

5 منٹ میں بلڈ پریشر کو نارمل کرتا ہے۔بارہا کا مجرب ہے۔

حکیم قاری محمد اسلم

03004448816

00966581591052

## لو بلڈ پریشر

ثناء مکی 80 گرام

سنڈھ 50 گرام

نوشادر۔10 گرام

کالی مرچ 10 گرام

کلونجی 10 گرام

باریک پیس لیں اور صبح و شام ہمراہ پانی ایک سے دو ماشہ

عبد الرحمن خان، اویسیہ شفاخانہ راولپنڈی۔

## تریاق بلڈ پریشر

صندل سفید 100 گرام

چھوٹی چندن 50 گرام

باریک پیس لیں اور 500 ملی گرام کیپسولز بھر لیں

صبح و شام ایک ایک کیپسول شربت انجبار کے ساتھ دیں سات دن میں ہائی بلڈ پریشر کنٹرول ہو گا

مجرب ہے

عبد الرحمن خان

اویسیہ دواخانہ راولپنڈی

## لو بلڈ پریشر کے لیے

عقر قرحا10

لونگ10

دار چینی10

جدوار10

جلوتری10

جائفل10

مگاں10

اذراقی مدبر10

تمام اجزاء باریک سفوف کرلیں

500ایم جی کیپسول دودھ پتی یا دار چینی پودینہ کے قہوہ کے ساتھ دیں ان شاءاللہ چند لمحوں میں بلڈ پریشر ٹھیک ہوجائیگا۔۔

حکیم قاری محمد عمر

0301-4818151

## نسخہ برائے ہائی بلڈ پریشر

اسگندہ 30 گرام زیرہ سفید 20 گرام اصل السوس مقشر 30 گرام سقمونیا 10 گرام باریک پوڈر بنالیں 500 ملی گرام صبح وشام

حکیم عبد الستار خان

## نسخہ برائے لو بلڈ پریشر

شنگرف 10 گرام کشتہ فولاد 10 گرام جاوتری 10 بریک کر کے بانی کی مدد سے گولی نخود بنائیں ایک ایک گولی بعد غذا استعمال کرائیں

## برائے ہائی بلڈ پریشر

قلمی شورہ اصلی 250 ملی گرام کیپسول میں بند کر کے پانی سے دیں مجرب ہے۔

## زبردست قوّتِ مردمی

دوا ہم دیتے ہیں شفا اللہ پاک کی ذات دیتی ہے۔

یہ نسخہ مجھے میرے استاد محترم نے عنایت کیا تھا میں سوچ رہا ہوں کہ اس نسخے کی تیاری لکھوں یا اس کے فائدے لکھوں۔۔

1۔ ایک زندہ جنگلی کبوتر لیں

2۔ پانچ تولہ شنگرف

3۔ تین گرام زعفران لے

4۔ پانچ گرام ریگ ماہی لیں

5۔ دو تولہ دار چینی لے

6۔ دو تولہ لونگ لیں

ترکیب تیاری۔۔۔

جنگلی کبوتر کے علاوہ تمام چیزوں کو اچھی طرح کوٹ لیں. جنگلی کبوتر کو ذبح کر لیں ذبح کرنے کے بعد اس کا پیٹ چاک کریں۔ اور جو تمام چیزیں کوٹ کر رکھی ہوئی ہیں وہ پیٹ میں ڈال دیں۔ اب ایک کڑاہی لے لیں اس میں دیسی گھی ڈال لیں حسب ضرورت۔ کبوتر کے پیٹ میں تمام چیزیں ڈالنے کے بعد اچھی طرح دھاگا لپیٹ کر کبوتر کو کڑاہی میں ڈال دیں۔ اب کبوتر کو اتنا بھونے یہ تمام جل جائے جب یہ سفوف کی شکل اختیار کر جائے گا تو اس کو کسی شیشی میں محفوظ کر لیں۔۔ اور روزانہ صبح نہار منہ ایک سے دو رتی مکھن میں ملا کر کھائیں۔

فوائد۔۔۔

جو بندہ بولتا ہے میں نے پتہ نہیں کس کس حکیم سے علاج کروایا لیکن مجھے آرام نہیں آیا وہ خود بنائے اور کھائے کسی انسان کے عضو میں طاقت نہ ہو ٹائمنگ کا مسئلہ ہو مردانہ کمزوری ہو سیکس کو دل نہ کرتا ہوں یا عمر زیادہ ہو گئی ہو دل جوان ہو سیکس کو دل کرتا ہوں لیکن جسم میں جان نہ ہو عضو خاص میں جان نہ ہو اور جو بندہ پچاس سال سے بھی اوپر ہو شادی کی امید رکھتا ہوں اور جو بولتے ہیں کہ ہمیں احتلام ہو جاتا ہے جریان ہے ہمیں ٹائمنگ کا مسئلہ ہے عورت کے پاس جاتے ہیں ڈسچارج ہو جاتے ہیں کوئی بھی مسئلہ ہے مردانہ لحاظ سے کوئی مسئلہ ہے تو یہ استعمال کریں۔ دعاؤں میں یاد رکھیں حکیم احمد شاہ۔

## بند ماہواری

میرا آزمودہ نسخہ ہیں

اس سے 10 سال سے بند ماہواری بھی کھل کر آنے لگ جائے گی

عقر قرہ ایک تولہ

میٹھا سوڈا ایک تولہ

پنکی ایک تولہ

سب کا سفوف بنالیں

100ایم جی کیپسول

سونف اجوئن گھڑ کے قہوہ کے ساتھ صبح دوپہر شام استعمال کریں

جیسے ہی افاقہ ہو دوائی کا استعمال بند کر دیں

اس کے استعمال سے انشاء اللہ مکمل شفاء ہو گی

از حکیم فضل سبحان، پشاور پاکستان۔

# مدر حیض کیپسول

از:-ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

ہیرا ہینگ, بیر بہوٹی, جونک کے سر, کشتہ فولاد اعلٰی, زعفران سپر نگین, مرمکی ہر ایک دس دس گرام

پوٹاش ی ئ یم پرمنگانیٹ پانچ گرام

تمام اشیاء سفوف بنالیں۔

ابہل, گھگر بیل دونوں سو سو گرام لے کر ایک لٹر پانی میں پکائیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ پھر پن چھان کر اوپر والا سفوف کھرل میں ڈال کر یہ پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر جذب و خشک کریں۔ اور ایک نمبر کیسول بھر لیں۔

حیض آنے کے متوقع دنوں سے دس دن قبل ایک یا دو یا تین وقت درج ذیل جوشاندہ سے پلائیں۔

سونف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

دار چینی۔۔۔۔۔۔3 گرام

لونگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔1 گرام

گڑ پرانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔25 گرام

پانی دو کپ

سب خوب ابالیں۔ جب ایک کپ پانی رہ جائے پن چھان کر استعمال کروائیں۔

یہ دوا کمزور, نحیف و لاغر اور حاملہ کو استعمال نہیں کروائیں۔

ایڈمن پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

حکیم و ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

# بھگندر، ناسور کیلیے مجرب

دھماسہ ۔۔ کچور ۔۔ نیم ۔۔ قسط شیرین ۔۔ ریوند چینی ۔۔ میتھی دانہ ۔۔ اجواین دیسی

ہموزن سفوف بنالیں ایک چمچ صبح دوپہر شام نیم گرم پانی سے

مجرب المجرب ہے

نسخہ۔ سوڈا بائیکارب 50 گرام۔ نوشادر 50 گرام۔ نمک سیاہ 50 گرام۔ سوئے 50 گرام۔ سنڈھ 50 گرام۔ پودینہ خشک 50 گرام۔ اجوائن دیسی 50 گرام۔ سنامکی 50 گرام۔ امچور 50 گرام۔ پپلی 50 گرام۔

ترکیب۔ سب کو کپڑ چھان کرلیں تیار ہے شیشے کے جار میں بند رکھیں۔

طریقہ استعمال۔ دو طرح استعمال کیا جاسکتا ہے بعداز طعام ایک سے دوماشہ ہمراہ آب تازہ دوسرا طریقہ کھانے کے درمیان دوماشہ سفوف ایک چمچ

گڑ کھا کر اوپر سے باقی کھانا کھائیں غذا کا پتہ بھی نہیں چلے گا کہ کھائی ہے یا نہیں پیٹ ہلکا پھلکا رہے گا چند روز میں چہرے پر خون کی لہریں دوڑ جائیں گی بڑا ھوا پیٹ اندر ھو جائے گا غذا کی طرف رغبت پیدا ھوگی بھوک خوب پیدا ھوگی سو کھا سڑا ھوا بدن طاقتور فربہ ھو گا کھایا پیا خوب ہضم ھو گا اجابت بافراغت ھوگی سر درد چکر گیس اپھارہ پیٹ ڈھول کی طرح سخت نہیں ھو گا جگر خوب کام کرے گا کمی خون دنوں میں پوری ھو گی چھوٹے بڑے سب یکساں استعمال کر سکتے ہیں تیار کریں اور بھرپور فائدہ حاصل کریں اور

مجھ فقیر کو دعاوں میں یاد رکھیں پوسٹ چوروں کو کھلی اجازت ھے کہ چوری کریں اور فائدہ حاصل کریں

۔طالب دعا شاکر غلام رسول بھائ ی کے لیے دعا کی ئ جیے

## مقوی اعضاء رئیسہ

المشہور ہربل فوڈ سپلیمینٹ برائے مقوی بدن۔ فربہ جسم۔

کچھ لوگ پوچھتے ھیں کہ کوئی ایسا نسخہ جو اعضائے رئیسہ کیلئے فوڈ سپلیمنٹ جیسا کام کرے جسم کو طاقت ور بنائے اور ھم اسکو بطور ٹانک استعمال کر سکیں۔ جسم کی کمزوری بوجہ مشت زنی یا کسی وجہ سے ھو وہ دور کرے. وہ لوگ درج ذیل نسخہ بنالیں نہایت آسان اور بغیر کسی نقصان کے ھے. دل, جگر اور معدہ کو تقویت بخشتا ہے۔ یاد رکھیں یہ تینوں اعضاء اگر صحت مند ہوں تو انسان سو سال کی عمر میں بھی چاق و چوبند رہتا ہے۔ بے حد فائدہ مند ھے.

1. مربہ آملہ پچیس گرام

2. مربہ سیب پچیس گرام

3. مربہ گاجر پچیس گرام

4. مربہ ھریڑ پچاس گرام

5. جوارش انارین 1 ڈبی

6. جوارش جالینوس 1 ڈبی

7. دواالمسک معتدل 1 ڈبی

8. خمیرہ گاؤزبان پچاس گرام

9. گلقند پچاس گرام

10. دانہ چھوٹی الائچی دس گرام

مربہ جات سے گٹھلیاں دور کریں اور ملا کر کوٹ کر یکجان کریں. پھر تمام معجونیں اور خمیرہ وغیرہ ملا کر کوٹ کر مکس کریں اور آخر میں الائچی کا سفوف ملا لیں. تیار ھے

اس معجون کو کسی شیشے کے جار میں محفوظ رکھیں.

صبح شام ایک چمچ سے تین چمچ تک بلحاظ عمر ھمراہ دودھ آدھا کلو۔

مرد خواتین سب استعمال کرسکتے ھیں

فوائد

ٹانک کے طور پر معدہ کو تقویت دیتا ھے. گیس تبخیر کو ختم کرتا ھے. اعصاب کو طاقت دیتا ھے. دل اور دماغ کے لئے فرحت بخش ھے.

بغیر کسی کشتے اور مہنگی ادویات کے بنائیں

## پتہ و گردہ کی پتھری اور اپینڈکس

فلفل سیاہ و نوشادر ھم وزن لے کر الگ الگ سفوف کریں.

ایک روٹی پکانے والا توّا لیں. نوشادر کو فلفل سیاہ کا فرش و لحاف دے کر ھلکی آگ دیں.

یہ میٹیریل جلنا شروع ھو جائے گا. جب دیکھیں کہ آگ اس ڈھیری کے ٹاپ پر سے ایک آدھ انچ نیچے رہ گئی ھے تو آگ بند کر دیں. ٹھنڈا ھونے پر حاصل شدہ سارا میٹیریل باریک سفوف کر لیں.

پتہ و گردہ کی پتھری کے درد میں ایک تا دو رتی ھمراہ نیم گرم پانی دیں.

اپینڈکس کے درد میں 125 سے 250 ملی گرام والا کیپسول دس سے پندرہ منٹ کے وقفہ سے،دو تین کیپسول استعمال کروائیں ھمراہ نیم گرام پانی .

نیز یہ کہ تیز قسم کا مسہل دینا بھی اپینڈکس میں مفید ثابت ھوتا ھے .

حکیم عطاء الرحمن ،فرام لاھور۔

## سردی خشکی والوں کے لئے

کشتہ گؤدنتی۔۔20 گرام

خاکسی۔۔۔10 گرام

گلو خشک۔۔10 گرام

اجوائن دیسی۔10 گرام

مغز تخم۔کرنجوہ۔10 گرام

برگ ریحان یا تخم ریحان۔ 10 گرام

رال سفید۔۔ 20 گرام

پھٹکڑی بریاں۔ 10 گرام

گوند کیکر۔۔۔ 10 گرام

۔۔۔

500 ملی گرام کیپسول 3 وقت گرم میٹھے دودھ کے ساتھ۔۔

ان شاء اللہ 10 دن۔ میں اللہ فضل کر دیتے ہیں۔۔

اسی نسخہ میں 2 گرام ہڑتال ورقیہ

اور 10 گرام کالی مرچ بھی 20 گھنٹہ کھرل شدہ ڈالی جائے تو سونے پہ سہاگہ۔۔

اس کے ساتھ اجوائن دیسی اور پودینے کا قہوہ بھی دیں

محترم حکیم عامر باجوہ صاحب

نے عطا کیا تھا

بہترین اور لاجواب رزلٹ ہیں

خاکسار شاہد عمران

گرمی خشکی والے مریض

## غدی اعصابی اکسیر

ھڑتال ورقی 10 گرام سنڈھ 40 گرام مرچ سیاہ 30 گرام ایک 500 ملی گرام کیسپول میں بند کر دیا کرتا ھون

اجوائن ادھا چمچ

اور پودینہ خشک ادھا چمچ

ڈیڑھ گلاس پانی میں جوش دیں جب ایک گلاس رہ جائے دوا کھانے کے بعد قہوہ پیئیں

اور کچھ لوگوں کو ٹایفایڈ ھوجاتا ھے بخار تیز ہوجاتا ھے اور قے بھی لوگوں کو آتی ھے دیکھا گیا ھے

ان کے لیے اب یہ دیتا ہوں

ٹائیفائیڈ کو مکمل کور کرنے کے لیئے وہ دوادی جاتی ہے۔ جو پسینہ لائے اور کسی بھی قسم کے نمک یا مرچ کے بغیر ہو۔

اللہ 10 دن۔ میں کرم۔ و فضل کر دیتے ہیں۔۔

اور اس کے ساتھ

سونف ملٹھی ہلدی ہم وزن سفوف بنا کر لعوق خیار شنبر میں ملا کر آدھی چمچ صبح شام ہمراہ دودھ دیں تو سونے پہ سہاگہ ہے

یہ نسخہ

محترم حکیم عامر باجوہ صاحب

نے عطا کیا تھا

بہترین اور لاجواب رزلٹ ہیں

خاکسار شاہد عمران

## دل کے بند والو کا علاج

کولیسٹرول، یورک ایسڈ

موٹاپا وغیرہ

اجوائین 25 گرام

کلونجی 25 گرام

لہسن 25 گرام

سونٹھ 25 گرام

سورنجان شیریں 20 گرام

زعفران 10 گرام

250 تا 500 کیپسول صبح شام ہمراہ دودھ اور ساتھ دین دوالمسک

فوائد: کولیسٹرول، یورک ایسڈ، ہارٹ بلاکیج، بہتر بلڈ سرکولیشن کرے۔

حکیم طارق محمود

میاں چنوں

## حرارت غریزی

بوڑھے بندوں کے لیے ایک خوراکی فارمولہ ہے۔ ان کو یہ اکثر کھاتے رہنا چاہیے اس سے ان کی حرارت غریزی (Animal Heat) پوری رہتی ہے۔

نسخہ:

بادام، اخروٹ ، ناریل، چلغوزہ، چاروں مغز، کشمش،

چاروں گوندیں، پستہ، چھوارے، بھنے چنے۔

برابر وزن

کوٹ کر لڈو بنالیں یا سفوف بنالیں۔

ایک لڈو صبح شام

## دیگر

کچلہ مدبر 50 گرام

بادام 50 گرام

سونڈھ 50 گرام

کشتہ فولاد 20 گرام

کالی مرچ 10 گرام

500 ملی گرام صبح شام ھمراہ دودھ

یا اسگند اور دار چینی

برابر وزن

500 ملی گرام صبح شام

ہمراہ دودھ

لیکن دوائی سے پہلے ایک مسہل ضرور دیں۔

ساتھ دیں معجون فلاسفہ تین گرام صبح شام

کشتہ بیضہ مرغ اتولہ

کشتہ زمرد ۲ گرام

مکس کرکے ۵۰۰ ملی گرام کیپسول صبح شام دین

## ضعف قلب

(مروارید اوریاقوتیوں کامقابلہ کرے۔

گوُدنتی چمکدار ۲ تولہ، آب سیب کشمیری ۲۵۰ گرام۔

گودنتی کو آب سیب میں کھرل کرکے ٹکی بنا کر گلحکمت کرکے ۵ سیر کی آگ دیں سرد ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن، بالائی سے دیں۔

حکیم طارق محمود، میاں چنوں۔

## مقوی قلب و مفرح قلب

گل گاؤزبان 5 تولہ

میٹھا سوڈا 5 تولہ

خوراک: دو تا تین ماشہ

اگر ذائقہ بنانا ہو تو گلوکوز 10 تولہ شامل کر لیں۔

۲ - امراض دل

تخم خربوزہ ۲ تولہ

چینی حسب ذائقہ

رات کو ایک گلاس پانی میں بگھو کر صبح گرائنڈ یا رگڑ کر پی لیں اس کے آگے یاقوت وغیرہ سب مات ہیں۔

## درد دل، انجائنا، پیکٹورس

درد دل/انجائنا/پیکٹورس 10 منٹ میں دور

سونٹھ 5 تولہ

شیر مدار حسب ضرورت

سونٹھ کو تین مرتبہ تر و خشک شیر مدار کر کے پیس لیں۔

خوراک؛چار چاول تا ایک رتی ہمراہ دودھ پتی

حکیم طارق محمود میاں چنوں۔0307-2211500

## تقویت قلب

تقویت قلب،دماغ،شدت صفرا،اور کھٹی ڈکاروں کے لیے مفید،:

کشتہ فولاد 5 تولہ

کشتہ ابرک سفید 5 تولہ

مکس کر لیں

خوراک:ایک رتی ہمراہ مکھن گاؤ۔

## صلایہ مرجان ہمراہ ورق نقرہ برائے

کمزوری دل ودماغ، دل ڈوبنا، دل کی گبھراہٹ، اور ضعف باہ کے لی ئے اکسیر ہے۔

شاخ مرجان 5 تولہ

ورق نقرہ 120 عدد

عرق گلاب 500 گرام

پانچ آتشہ

شاخ مرجان کو ہاون دستہ میں باریک کوٹ کر آٹا سا بنالیں۔ پھر نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا عرق گلاب ملاتے اور پیستے رہیں۔ متواتر چھ گھنٹے کھرل کرنے کے بعد ایک ایک ورق ملائیں اور ساتھ ساتھ پیستے جاویں۔ تقریبا" ہر منٹ بعد ورق ملادیا کریں۔ اس طرح تمام اوراق شامل ہو جانے کے بعد تقریبا" ایک ہفتہ تک دن بھر کھرل کریں اور ذرا ذرا عرق بھی شامل کرتے رہیں۔ حتکہ بلکل زوردار ہاتھوں سے کھرل کرتے کرتے خشک ہو جائے۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن یا خمیرہ گاؤزبان عنبری دیں

امیروں کے لیئے چاندی ورق 80 عدد اور سونا ورق 40 عدد شامل کرکے بھی تیار کرسکتے ہیں۔

**احمرین**

برائے دل کی گرمی، جگر کی گرمی، دل کی کمزوری، دل کی دھڑکن، یرقان، جریان وغیرہ کی اکثیری زود اثر دوا۔

کشتہ شاخ مرجان

در مکھن 1 تولہ

کشتہ عقیق اعلیٰ 1 تولہ

کشتہ فولاد اعلیٰ 1 تولہ

جو پانی پر تیرے

ہر سہ کشتہ جات کو کھرل میں ڈال کر روح بید مشک یا عرق گلاب سہہ آتشہ میں کھرل چار گھنٹے کریں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں۔

خوراک: چار چاول سے ایک رتی مکھن گاؤ میں ملا کر استعمال کریں۔

## کرونا و بخار، نمونیہ اور سردی کے لئے

کرونا و بخار۔ نمونیہ اور سردی کے ہر مرض و کھانسی کے لیے اپنا مجرب

. . :1 کشتہ گاؤدانتی سادہ 10 تولہ ہڑتال طبقی یا ورقی 1 تولہ گرینڈ کرلیں۔ 500 ملی گرام کیپسول گرم دودھ کے ساتھ دن میں دو تا تین بار دیں

. . . :2 کچلہ مدبر جس طرح بھی مدبر کیا ہوا ہو۔ سنڈھ ۔ مرچ سیاہ۔ بذرالنبنج ہر ایک 1 تولہ شہد 15 تولہ معجون بنالیں۔

ایک تا تین چنے برابر دن میں تین تا پانچ بار گرم دودھ یا چائے یا نیم گرم پانی سے

اگر مرض پرانا ہو پھپھڑوں ہں زیادہ خراب ہو تو دس دن سے زیادہ دیں سکتے ہو۔ فائدہ پہلے دن سے شروع ہو گا۔ حکیم اسحاق

# بالوں کو سیاہ کرنا

بالوں کو سیاہ کرنے کا ایک ساتھی نے ایک اچھا نسخہ شیئر کیا تھا

جس میں

ناریل کا تیل جملہ ایک لیٹر

ارنڈ کا تیل

بلادر ۵۰ گرام

بلادر کوٹ تیل میں معمولی پکا کر ایک ھفتہ سورج پر رکھیں

پھر صاف کریں

استعمال کریں بیس دن کے بعد اثرات شروع ہونگے

اور ساتھ

ہلیلہ سیاہ آملہ

پیس کر پانچ سو تا ہزار ملی گرام صبح شام استعمال کرواتے ہے....

انکا کہنا ہے کہ بلکل مجرب ہے

ارنڈ ناریل آدھا آدھا لیٹر جملہ ایک لیٹر

## تلی، پتے اور گگر کی پتھری کیلیے

بڑھی ہوئی تلی پتے کی پتھری اور جگر مثانہ کی پتھری کے لئے مجرب

تخم مولی

جو کھار

زیرہ سفید

ریوند خطائی

مغز کرنجوہ

پھٹکڑی بریاں

قلمی شورہ

ہموزن سفوف بنالیں

1 سے 3 گرام ہمراہ پانی

دن میں تین بار

منہ کے اندر جو دانے بن جاتے ہیں ان کے لئے ایکیلی کالی مرچ 250 ملیگرام 1+1 کھانے کے بعد پانی سے دین مجرب ہے

اجوائن دیسی + چینی برابر وزن مقدار خوراک 1 ماشہ درد گردہ کے لئے مجر ب ہے

ست پودینہ 10 گرام

ست اجوائن 10 گرام

ست الائچی 10 گرام

کافور 10 گرام

کاربالک ایسڈ 10 گرام

ان تمام کو ایک ایئر ٹائیٹ شیشی میں ڈالکر تھوڑی دیر دھوپ میں رکھیں سب پانی ھوجائیگا۔۔۔۔

گندھک آملہ سار 10 گرام

زنک اکسائیڈ 10 گرام

ٹیکہ 40 لاکھ 1 عدد

ڈیٹول چھوٹی شیشی 1 عدد

یھی شیشی تیل سرسوں 1 عدد

ویزلین 1 پاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔

ویزلین پھگلا کر تمام ادویہ شامل کر کے خوب ھلائیں ھاتھ رکنے نہ پائے جب تک ویزلین دوبارہ اپنی شکل میں نھیں آجاتی۔۔۔۔۔۔

## خارش۔ دھدر۔ چنبل۔ بیڈسول۔

کیلیے بھترین مرھم تیار ھے بنائیں مخلوق خدا کی خدمت کریں۔۔ دعاجو
قاری محمد عقیل

## بخار

،،،،تحریک،،،،،

سردی سے بخار ہو تو عضلاتی اعصابی اور بغیر سری کے ہو تو غدی عضلاتی تحریک سے ہوا کرتا ہے

،،،،،،،،،،علاج،،،،،

چونکہ اس بخار کی وجہ عضلاتی تحریک ترشی تیزابیت اور جگر و غدد میں سکون ہوتا ہے

اس لیئے اس کے علاج کے لئے غدی عضلاتی سے غدی اعصابی اغذیہ ادویہ استعمال کرائیں

جونہی جگر و غدد میں تحریک پیدا ہو گی فوراً بخار غائب ہو جائے گا

## تریاق بخار

ایک پتہ گل

ایک ماشہ اجوائن دیسی

پانی ایک پیالہ

ترکیب تیاری،،

رات کو بھگو دیں

طریقہ استعمال

صبح پن چھان کر پی لیں اس طرح صبح کو بھگو دیں شام کو پی لیں

یہ تریاق بھی مفید ہے

سم الفار ایک حصہ

آفسنتین 30 حصہ

ترکیب تیاری،،،

اول سم الفار کو چار گھنٹے کھرل کریں پھر آفسنتین پیس کر تھوڑا تھوڑا کر کے کھرل کر کے سم الفار میں ملالیں بس تریاق بخار تیار ہے

زیرو سائز کے کیپسول بھر لیں

یا مریض کی کیفیات اور عمر کے حساب سے کیپسول کا سائز بھریں

ترکیب استعمال،،،،

جب بخار اتر گیا ہو تو کیپسول کھلا دیں روزانہ دو کیپسول صبح شام کھلائیں امید ہے کہ پہلے ہی دن میں بخار ختم ہو جائے گا ورنہ دوسرے دن میں نہیں ہو گا

پھٹکڑی سفید بریاں

قلمی شورہ

آک کا دودھ

تینوں ہموزن آگ پر خشک کر لیں

زیرو سائز کیپسول بھر لیں

صبح دوپہر شام ایک ایک

عرق اجوائن دیسی کے سے

فوائد،،

ملیریا اور موسمی بخاروں کے لیے تریاق ہے

وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

حکیم غلام حسین قادری جونا فرام سندھ

کورونا وائرس اور ویکسین دونوں کے مضر اثرات کا توڑ

سونف ملٹھی گاؤزبان کا قہوہ 3 بار

ہلدی ملٹھی اور سونف کا سفوف آدھی چمچ صبح دوپہر شام ہمراہ آب نیم گرم

پپلا مول کا سفوف بنا کر 250 ایم جی کیپسول صبح و شام

لعوق خیار شنبر اجمل دواخانہ ایک ایک چمچ تین ٹائم دیں

یہ سب ادویات 7 دن استعمال کروائیں اور پھر ٹیسٹ کروائیں

دعاؤں کا طالب عبد الرحمٰن خان راولپنڈی

## نسخہ مقوی حافظہ

کشتہ عقیق

خمیرہ گاؤزبان

خمیرہ مروارید

اور ایک میرا نسخہ مقوی حافظہ

اسکے استعمال سے برسوں پرانی بھولی ہوئی باتیں یاد آجائیں گی

# سرعت انزال

دھنیا ایک پاؤ

کوزہ مصری ایک پاؤ

ستاور 50 گرام

کشتہ عقیق 1 تولہ

چھلکا اسپغول 50 گرام

سفوف بنا کر صبح نہار منہ ہمراہ پانی 15 دن تک استعمال کروائیں

ایک پاؤ املتاس کا گودہ لے کر اس میں تین سے چار دانے ریٹھہ کے ڈال کر چینی ملا کر شربت تیار کر لیں حسب عمر ایک سے دو چمچ دو سے تین ٹائم دے سکتے ہیں

ٹونسلز کے لئے ہلدی ملٹھی سونف اور کتھ شیریں ہموزن بھی ساتھ دیں تو چند دنوں میں ٹونسلز ٹھیک ہو جاتے ہیں

چینی حسب ضرورت اور پانی اتنا کہ گاڑھا شربت تیار ہو جاے

15 دن بیس سے

# پتھری گردہ کیلیے

پتھری گردہ کو تحلیل کر کے ایک ہفتہ میں خارج کرنے والا حیرت انگیز مجرب نسخہ:

میٹھا سوڈا

ایک ٹی سپون

پوٹاشیم برومائیڈ

ایک رتی

پوٹاشیم آئیوڈائیڈ

ایک چاول

سب کی ایک پڑیا بنا کر ایک گلاس پانی میں حل کر کے روزانہ استعمال کریں.

یہ ایک دن کی خوراک ہے۔ ہفتہ دس دن مین پتھری تحلیل ہو کر نکل جائے گی۔

پانی پیاس سے زیادہ نہین پینا۔

گردے یامثانے کی پتھری

آب لیموں ایک پاؤ

کوڑی زرد سات عدد

کوڑیوں کو پانی میں ڈال دیں چار پانچ روز میں کوڑیاں لیموں کے پانی میں حل ہو جائیں گی

بس دوا تیار ہے ،ایک چمچ صبح و شام

چھلیوں کا بور۔ جو اوپر بال ھوتے ھیں۔ 50 گرام

1 پاو پانی میں ڈال کر پکائیں جب پانی آدھا رہ جائے گا تو چھان لیں۔ اور صبح کھانے کے 1 گھنٹہ بعد مریض کو پلائیں۔۔

ان شاء اللہ تعالیٰ 15 دں کے اندر گردے طاقتور ھو جائیں گے۔ اور ڈائلیسز سے بچ جائیں گے۔

حکیم عبد الرزاق شاہین بورے والا

## سیلان الرحم

ھوالشافی

کشتہ فولاداعلی

کشتہ صدف مروارید ی

کشتہ قلعی

کشتہ مرجان جواہر دار

کشتہ بیضہ مرغ تمام برابروزن لیں دو رتی کے کیپسول صبح وشام ہمراہ مکھن وبالائی

فوائد سیلان الرحم کہنہ کے لیے بفضلہ باری تعالی کبھی خطا نہی کرتا مستقل فائدہ کرتاہے کیلشیم کی کمی کو پورا کرتاہے

ضعف رحم کے لیے مفید ہے دماغ واعصاب کو بہی قوت دیتاہے سات دن میں بالکل ٹانکا لگ جاے گاایک ماہ مکمل لے لینے مرض کاخاتمہ ہوجاتاہے

نوٹ کشتہ جات اپنے ہوں تو زیادہ بہتر ہے میں ہمدرد کے استعمال کرتا ہوں اشرف والوں۔ کے بہی بہتر ہیں۔

حکیم حافظ عبدالحی صاحب حیدر آباد

# سفوف گردہ

گردہ کی صفائ ی کرتا ہے۔ گردہ کو طاقت دیتا ہے۔ گردہ میں بار بار پتھری بننے کے عمل کو ختم کرتا ہے۔اور گردوں کی کمزوری سے پیدا شدہ قوت باہ میں بہت فائ دہ بخش ثابت ہوا ہے۔

اجزاء-:

مغز پستہ 100 گرام

مغز تخم ریٹھہ 100 گرام

خارخشک 200 گرام

تینوں اشیاء کو علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر ملالیں۔

خوراک:- ایک چمچ چھوٹا روزانہ تین مرتبہ قبل از طعام ہمراہ شیرہ مغز تخم خربوزہ(دس گرام)استعمال کروائ یں۔

ان شاء اللہ ڈائیلاسس کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

## گردے کی پتھری کا علاج

- سہاگہ بریاں
- پھٹکڑی بریاں
- قلمی شورہ اصلی
- نوشادر ٹھیکری
- سنگ یہود
- سنگ سرماہی
- زیرہ سفید
- کانچ
- دانہ الائچی سبز
- کلتھی دال
- تخم سوئے
- جوکھار اصلی

○ چینی

تمام چیزیں ہم وزن سفوف بنالیں

2سے 3 گرام خوراک

گوکھرو تخم خربوزہ تخم کھیرا کی سردائی کے ساتھ صبح و شام نہار منہ استعمال کروائیں ، حکیم عبدالرحمٰن فرام لاہور

عرق سونف۔۔120 ml

عرق کاسنی۔۔120 ml

شربت دینار۔۔60 ml

مکس کرلیں

ایک۔ایک پیالی صبح شام کھانے سے پہلے دیں

## ڈائیلاسس کا توڑ

کئی باریہ نسخہ گروپ میں شیئر کرچکا ہوں

سے نئے دوستوں کے لئے حاضر ہے

قلمی شورہ اصلی 1 تولہ

عرق گلاب سہ آتشہ 1 لیٹر

قلمی شورہ کو عرق گلاب میں حل کر لیں بس تیار ہے

اعصابی عضلاتی اکسیر ہے

گردوں کی خرابی ڈائلایسس سے نجات ہاتھ پاؤں اور پیشاب کی جلن

اور بلڈ پریشر بوجہ گرمی کے لئے آزمودہ ہے

15 سے 20 قطرے ایک گلاس پانی میں ملا کر دن میں تین بار دیں

بچوں کے لیے 3 سے 5 قطرے

حکیم عبدالرحمٰن خان راولپنڈی

## ڈائیلاسز سے نجات کا مجرب نسخہ

یہ میرا مجرب ترین ہے اس سے پہلے ڈائلسز کا دورانیہ بڑھنا سٹارٹ ہو جاتا ہے

یعنی اگر ڈائلسز 3 دن بعد ہوتے ہیں تو آہستہ آہستہ یہ مدت بڑھتا جاتی ہے۔۔۔ 10 دن بعد پھر 20 دن بعد پھر 30 دن بعد ضرورت پڑتی ہے اور آخر کار گردے مکمل کام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔۔

عرق کلونجی۔۔۔۔۔۔ آدھا گلاس

انجیر۔۔۔۔۔ 3 دانے

رات بھر انجیر عرق کلونجی میں ڈپ کر کے رات بھر رکھیں

صبح انجیر بھی کھالیں اور عرق میں 3 چمچ شہد خالص شامل کر کے نوش فرما لیں۔۔۔

اسی طرح صبح کو بھگو دیں اور شام کو پی لیں۔۔۔

وقت تو لگتا ہے لیکن بناء کسی درد تکلیف کے مکمل آرام آجاتا ہے۔۔۔

جو میں نے علاج کیئے ہیں زیادہ تین ماہ کے ہیں لیکن 2 پیشنٹ تھے جن کو 4 سے 5 ماہ لگ گئے۔۔۔

حکیم عامر باجوہ

## ضعفِ گردہ

گوکھرو عمدہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 5 تولہ

انار دانہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔3 تولہ

سفید زیرہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔3 تولہ

ریوند خطائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔4 تولہ

مغز تخم خربوزہ۔۔۔۔۔۔۔۔4 تولہ

لوبیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔4 تولہ

ہلدی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔3 تولہ

سفوف بنا کر 1000 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں

زلال۔۔

گوکھرو۔۔۔انار دانہ۔۔۔سفید زیرہ

اس زلال سے 1 کیپسول صبح شام کھلائیں۔

یاد رہے کہ مریض ایسی کوئی چیز نہیں کھا پی سکتا جس میں کسی قسم کا بھی کوئی نمک شامل ہو۔

فالسہ کی شکل کا تھوڑا بڑے سائز کا ایک پھل ملتا ہے جس کا نام آلو بالو ہے۔

پنسار کی بڑی دکانوں سے مل جاتا ہے۔

اگر اس کا شربت بنایا جائے یا اسکا زلال مریض کو پلایا جائے تو فوائد مزید بڑھ جائیں گے۔

ایک ماہ میں سوزش اور ضعف ختم ہو کر گردے مکمل کام کرنا شروع کر دیں گے۔۔۔

اس نسخہ سے گردہ کی خرابی کی وجہ سے جو سوجن پاؤں پہ ہو جاتی ہے وہ بھی ٹھیک ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔

کلونجی ایک کلو

پانی۔۔ 8 لیٹر

کلونجی کو صاف کریں اور رات بھر پانی میں بھگو کر رکھیں۔

پھر 4 سے 5 لیٹر عرق کشید کر لیں۔

اگر عرق بنانا مشکل ہو تو کلونجی کو پانی میں ابال لیں۔۔ اور وہ پانی استعمال کروا دیں۔

حکیم عامر باجوہ

ہوالشافی

# پتھری توڑ

میگنیشیا سالٹ.100 گرام

قلمی شورہ....50 گرام

لال پھٹکڑی....50 گرام

سنگ سرماہی....25 گرام

کشتہ حجر الیہود 20 گرام

کانچ........50 گرام

میٹھا سوڈا....25 گرام

کچری........20 گرام

گوکھرو.........25 گرام

سب سب اشیاء کا سفوف کرلیں۔اور مکس کر دیں۔سنگ گردہ مثانہ نالی میں پھنسی پتھری اور پتہ کی پتھری کے لئے بے حد مفید۔ ہر قسم کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دے گا

ان شاء اللہ۔ گردے کو تقویت دیتا ہے اور پتھری کو دوبارہ بننے سے روکتا ہے۔ڈائلسز کے مریض کو 20 گرام گوکھرو کے قہوہ کے ساتھ دیں۔ کریٹینن اور یوریا کو کم کرتا ہے

اور ساتھ جوارش زرعونی عنبری کلاں اشرف لیبارٹری کی دیں۔ صبح نہار اور شام آدھی چمچ

ترکیب استعمال سفوف پتھری

صبح دوپہر شام ہر کھانے کے آدھے گھنٹے بعد ایک گلاس پانی کے ساتھ

حکیم ساجد اسلام کراچی

03039299976،03453032997،03119299976

پاک طبی ریسرچ فاونڈیشن پاکستان

# یورک ایسڈ کیلیے

یورک ایسڈ کم کرنے کیلئے جو میں استعمال کرتا ھوں وہ نسخہ حاضر خدمت ھے۔۔اللہ تعالٰی رحمن ورحیم کی مہربانی سے کبھی مایوسی نہیں ھوئی۔۔

الحمدللہ۔۔۔ مریضوں کی اکثریت میں بہت مفید رھا۔۔

ھوالشافی۔۔۔

گوکھرو۔۔1000۔ گرام۔۔۔

تخم خربوزہ۔۔500۔ گرام۔۔

تخم کھیرا۔۔500۔ گرام۔۔

تخم کاسنی۔۔500۔ گرام۔۔

زیرہ سفید۔۔500۔ گرام۔۔

پنیر ڈوڈی۔۔۔۔250۔ گرام

دانہ الائچی خورد۔۔125۔ گرام

مقدار خوراک دس گرام صبح وشام۔۔ اگر شوگر کا مریض نہ ھو اس میں گڑ شہد چینی۔۔ برائے ذائقہ ملائی جا سکتی ھے۔۔

دوا کھانے کے بعد ایک گلاس نیم گرم پانی ضرور پلائیں۔۔ ویسے بھی ایسے مریضوں کو تین چار لٹر پانی روزانہ پلانا ضروری سمجھتا ھوں۔۔

گوشت دالوں انڈوں کے سالن سے پرہیز لازم ھے۔۔ سبزیاں فروٹ کا استعمال زیادہ کیا جائے۔۔

زیادہ گرم مصالحے،، میدہ بیسڈ غذائیں۔ بیکری۔ فاسٹ فوڈ۔۔ سافٹ ڈرنکس۔

ایک وقت میں پیٹ بھر کے نہ کھایا جائے۔۔ اگر مریض کو ایکسر سائز،،،
واک ممنوع نہ ھو تو ایکسر سائز۔۔ واک لازمی کرائیں۔

# روغن گیسو دراز

کینولا آیل 5 کلو۔ بنولہ آئیل 1 کلو۔ تیل کو آگ پر رکھیں اور ) بالچھڑ 50 گرام۔ آملہ 50 گرام۔ ریٹھا 50 گرام۔ سکاکائ 50 گرام ) پوٹلی بنا کر تیل میں ڈال دیں تیل کو گرم کریں جب ایک دو ابال آجائیں سبز رنگ ڈال کر نیچے اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر ڈابر آملہ خوشبو 2/1 اونس ڈال دیں اور ڈابر آملہ کی طرح کی بوتلوں میں بھر دیں

یہ میرا معمول مطب ہے۔ فوائد بالوں کو لمبا گھنے سیاہ چمکدار اور مضبوط کرنے کی طاقت رکھتا ہے گرتے بالوں کو روکتا ہے خشکی سکری دور کرتا ہے بالوں کا ٹوٹنا۔ آپ کا دوست حکیم عبد الجبار ناصر شیخوپورہ

# سعالی

ملٹھی 50 گرام

بادیان 50 گرام

برگ بانسہ 50 گرام

خشخاش 50 گرام

شکر تیغال 25 گرام

مصری 200 گرام

سفوف بنا کر ایک سے تین گرام دن میں تین مرتبہ پانی یا نیم گرم دودھ کے ہمراہ دیں۔

نزلہ ،زکام ، کھانسی کیلیے بہت مفید ہے

خیر اندیش

حکیم عبداللطیف

دھول بالاساہیوال ضلع سرگودھا

03008320836

# پروسٹیٹ گلینڈ

پروسٹیٹ گلینڈ۔ غدہ قدامیہ کا بڑ جانا کے لیے زود اثر اور مجرب نسخہ۔ سنگ یہود خام۔ کھرل شدہ در آب مولی۔ اور برابر وذن پوست ریٹھہ۔ خوب کھرل کر لیں 500 ملی گرام۔ 0 سائز کیپسول دن میں 3 بار ھمرار قہوہ درجہ ذیل دیں۔ سر پھوکہ۔ پھکڑا۔ جڑ سر کنڈا۔ ہر ایک 10 گرام پانی 1 کلو پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو پن چھان کر دن میں 3 بار دیں

بچوں کی کو کڑ کھانسی کے لیے۔ پھٹکری بریاں۔ دار چینی۔ سہاگہ بریاں۔ ھم وذن۔ کوزہ مصری برابر وذن ادویہ کے ملائیں اور خوب کھرل کریں۔ خوراک 2 رتی سے 4 رتی تک عمر کے لحاظ سے۔ چٹائیں دن 3۔ 4۔ بار۔ شدید کھانسی اور کوا کے گر جانے کیوجہ سے کھانسی کے زود اثر ھے

قسط شیریں 50 گرام

کاکڑا سینگی 25 گرام

سنڈھ 25 گرام

مرچ سیاہ 10 گرام

سفوف بنالیں

خوراک 1 گرام دن میں تین بار شربت ٹوٹ سیاہ 2 چمچ کے ہمراہ

فوائد دمہ کھانسی گلے کی خرابی گلے کا ورم

حکیم عبید اللہ صاحب بورے والا

03006996821

## دمہ ۔ کھانسی ۔ گلا خراب

دمہ ۔ کھانسی ۔ گلا خراب ۔ ورم گلو ۔ قسط شیریں ۔ 50 گرام ۔ کاکرڑا سنگی ۔ 25 گرام ۔ سنڈھ 25 گرام کالی مرچ 10 گرام ۔ سفوف بنالیں ۔ خوراک 1 گرام دن میں 3 بار ۔ ھمراہ شربت توت سیاہ 2 چمچ

## دمہ اور کھانسی

سوم کلپا 1 تولہ

ست ملٹھی 1 تولہ

کاکڑا سنگھئ 1 تولہ

شنگرتیغار 1 تولہ

فلفل سیاہ 3 ماشہ

کورہ مصری 2 تولہ

سفوف بنا کر ڈیڑھ ماشہ صبح شام ہمراہ پانی

حکیم محمد اعظم ندیم چوہنگ لاہور

## دمہ اور کھانسی

سوم کلپا 1 تولہ

ست ملٹھی 1 تولہ

کاکڑا سنگھی 1 تولہ

شنگرتیغار 1 تولہ

فلفل سیاہ 3 ماشہ

کورہ مصری 2 تولہ

سفوف بنا کر ڈیڑھ ماشہ صبح شام ہمراہ پانی

# اکسیر کھانسی

سفوف فلفل سیاہ 2 تولہ

شہد 10 تولہ دونوں کو ملا کر دن میں 4 چار بار 2 چمچ چٹائیں

حکیم محمد اعظم ندیم چوھنگ لاھور

# نسخہ برائے کالی کھانسی

پٹھکنڈہ 10 تولہ

سہاگہ بریاں 1 تولہ

پٹھکنڈہ کو توے پر جلالیں اس کا بنا کر سہاگہ شامل کر دیں ۔ شہد ملا کر معجون بنالیں۔

بچوں کو ایک چمچ دن میں تین سے چار بار چٹائیں۔ بڑوں کو دن میں دو چمچ چار بار چٹائیں،

حکیم محمد اعظم ندیم،03004169844

## حقیقی دمہ کے لیے

ھوالشافی

سہاگہ سفید بریاں، ملٹھی پُٹھکنڈا، نوشادر،

چاروں چیزیں ہموزن لیکر باریک کپڑ چھان سفوف تیار کر کے رکھ لیں

مقدار خوراک۔ 1000 ملی گرام کیپسول تین ٹائم پانی یا کسی کف سیرپ کے ساتھ دے دیں

ان شاء اللہ دمہ کو جڑ سے ختم کر دے گا۔

باقی تمام دوست اس نسخہ پہ اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

صاحب نسخہ۔ حکیم اسحاق فرخ صاحب فرام بہاولپور

پیش کردہ۔ حکیم جمشید اقبال کھوکھر جوائینٹ سیکرٹری طبی فاؤنڈیشن پاکستان

## بلغمی دمہ

چرچٹے (prickly chaff flower) کے تمام پودے کو جلا کر اور اس کی راکھ میں دگنی چینی ملا کر چار ماشہ صبح وچار ماشہ شام پانی کے ساتھ کھلائیں، بلغمی دمہ اور بلغمی کھانسی کو فوراً فائدہ ہوتا ہے

چرچٹہ (prickly chaff flower) کے پنچ انگ (پھول، پتے، جڑ، ٹہنی اور چھال) جلا کر ڈیڑھ ماشہ کی مقدار میں شہد چھ ماشہ ملا کر چاٹنے سے بلغمی امراض اور کھانسی کو آرام آجاتا ہے۔ بچوں کو ایک رتی کافی ہے

## کالی کھانسی:

ہر قسم کی کالی کھانسی، خصوصاً بچوں کی کالی کھانسی میں اس (prickly chaff flower) کی جڑ کی راکھ یا چرچٹہ نمک دو رتی بھر قدرے شہد میں ملا کر دن میں دو تین بار چٹانا بہت مفید ہے۔

برائے دمہ:

ایک رتی راکھ چرچٹہ مکھن میں رکھ کر کھلانے سے دمہ کا دورہ رک جاتا ہے اور بلغمی کھانسی کے لئے بھی مفید ہے

## دمہ کے لیے

ایک ھی نسخہ بنایا لاجواب رزلٹ

نمک پٹھکنڈا دو تولہ

سوگہ بریاں دو تولہ

شہد ڈیڑھ پاؤ

اچھی طرح مکس کر کے محفوظ کر لیں ،مقدار چھوٹا آدھ چمچ ۔

انشاء اللہ جمی ہوئی بلغم کو اکھاڑ پھینکنا اس کا ادنی سا کام ہے

سانس کو بحال کرتا ہے، سہل سا نسخہ ہے ۔

خاکسار شاھد عمران

## قد بڑھانے کا مجرب فارمولا

عقر قرعا۔۔۔۔۔50 گرام

ساگودانہ۔۔۔۔۔50 گرام

مصری۔۔۔۔۔50 گرام

ستاور۔۔۔۔۔50 گرام

کشتہ مروارید۔۔۔۔۔1 تولہ

کشتہ بیضہ مرغ۔۔۔۔۔۔1 تولہ

چائے والا چمچ صبح شام ہمراہ دودھ

25 سال تک کے لڑکے اور لڑکیاں اپنا قد بڑھا سکتی ہیں

صبح نہار منہ دوائی کھانے کے بعد 5 منٹ لٹک جائیں کسی شیڈ وغیرہ کے ساتھ

ان شاء اللہ ایک ماہ میں قد بڑھ جائے گا

آزمودہ اور مجرب ہے

عبدالرحمٰن خان راولپنڈی

اویسیہ شفاخانہ

## فیبرائیڈ رسولیوں کیلئے

تخم سرس ایک پاو

کالی زیری 60 گرام

فلفل سیاہ 30 گرام

پوٹاشیم آئیوڈائیڈ 40 گرام

مقدار خوراک۔۔ایک تا دو گرام دن میں دو تین بار ہمراہ عرق برنجاسف نصف کپ پانی ملا کر پلائیں

یہ نسخہ فیبرائڈ رسولیوں پر بہترین کام کرتا ہے میرا معمول مطب اور مجرب ہے۔۔۔۔ حکیم اعجاز احمد ناصر مرید کے لاہور

## خشک کھانسی،گلے کی خراش

خشک کھانسی،گلے کی خراش،ٹانسلز،سینے کی کھڑ کھڑاہٹ،جمی ہوئی بلغم کے لیے میرا مجرب کمبینیشن

سوسی (اکسیر لاثانی) ایک گرام

قسط شیریں ایک گرام

غدی اعصابی ملین آدھا گرام

صبح دوپہر شام تازہ پانی کے ساتھ دیں ان شاء اللہ دو تین خوراکوں میں شدید ترین کھانسی کنٹرول ہوگی اور کچھ دن مسلسل استعمال سے مندرجہ زیل علامات کا خاتمہ ہوجائیگا

سردیوں کے موسم کے لیے معجون بھی تیار کر کے رکھ سکتے ہیں

سوسی + قسط شیریں برابر وزن کپڑچھان پاؤڈر تیار کر کے تین گنا خالص شہد گرم کر کے ادویات ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں اور ٹھنڈا ہونے پر ڈبیوں میں بھر لیں

بچوں اور بڑوں کے بہت ہی مفید معجون تیار ہے

حکیم جمشید اقبال کھوکھر جوائیٹ سیکرٹری طبی فاؤنڈیشن پاکستان

# سانس اور سینہ کے امراض

سانس اور سینہ کے امراض پہ میرا معمول

نسخہ-:

قسط البحری۔۔۔۔۔60 گرام

حب الرشاد۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

تخم حلبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

کلونجی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام

تمام اشیاء کو سو گرام سوما کلپا کے جوشاندہ میں تر و خشک کر کے سفوف بنا لیں۔

چھوٹا چمچ چائے والا صبح و شام بعد از طعام سادہ یا شہد ملے نیم گرم پانی سے استعمال کرواۓیں۔

سوتے وقت روغن زیتون اعلیٰ کوالٹی ایک بڑا چمچ استعمال کریں۔

ہر کھانے سے قبل تین دانے خشک انجیر پانی میں بھگو دیں۔ جنہیں کھانے کے فوراً بعد کھالیں۔

**جوشاندہ**

درج ذیل جوشاندہ دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

ایک دن کے استعمال یعنی تین کپ قہوہ کا نسخہ

انجیر زرد۔۔۔۔۔۔10عدد

منقیٰ مویز۔۔۔۔۔10عدد

فلفل سیاہ۔۔۔۔۔10عدد

ہیل خورد۔۔۔۔۔10عدد

گل بنفشہ۔۔۔۔۔۔10گرام

گل گاؤ زبان۔۔۔۔10 گرام

بہی دانہ۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

حب الرشاد۔۔۔۔10 گرام

تخم حلبہ۔۔۔۔۔۔10 گرام

پانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔1 لٹر

ہلکی آنچ پر گرم کریں۔ کہ صرف تین چار کپ پانی رہ جاۓ۔

پن چھان کر ایک چمچ شہد ملا کر نیم گرم نوش فرمائیں۔

رات کو اشیاء بھگو لیا کریں۔ اور صبح پکا کر پن چھان کر رکھ لیں۔ اور شام تک اسے تین چار مرتبہ استعمال کر کے ختم کر کے دوسرے دن کے لئے پھر تازہ بھگو لیا کریں۔

ہر قسم کی ثقیل, بادی اور ترش و چکنائی والی اشیاء سے دوران علاج پرھیز کریں۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن پاکستان

# کورونا وائرس اور ویکسین

کورونا وائرس اور ویکسین دونوں کے مضر اثرات کا توڑ

سونف ملٹھی گاؤزبان کا قہوہ 3 بار

ہلدی ملٹھی اور سونف کا سفوف آدھی چمچ صبح دوپہر شام ہمراہ آب نیم گرم

پیپلا مول کا سفوف بنا کر 250 ایم جی کیپسول صبح و شام

لعوق خیار شنبر اجمل دواخانہ ایک ایک چمچ تین ٹائم دیں

یہ سب ادویات 7 دن استعمال کروائیں اور پھر ٹیسٹ کروائیں

دعاؤں کا طالب عبد الرحمٰن خان راولپنڈی

## سعالی

سعالی۔ کھانسی کی دوا جو معمول مطب ہے۔

آک کے تازہ پھول دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ فلفل دراز دو تولہ۔ کاکڑا سنگی ایک تولہ۔

آک کے پھولوں کے علاوہ سب چیزوں کو مثل غبار پیس لیں۔ آک کے پھولوں کو کوٹ کر ملائم نغدہ کی طرح کر لیں۔ نغدے کو کونڈے میں ڈال کر تینوں دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈال کر کوٹتے جائیں تا آنکہ سارا سفوف ختم ہو جائے۔ اس مرکب کے دو حصے کرلیں۔ ایک حصہ کو خشک کر کے مثل غبار کر لیں۔

خشک کھانسی والے کو ایک سے دو رتی یہ دوا ایک چمچ شہد میں ملا کر بغیر پانی چٹا دیں۔ ان شاء اللہ زبان پر رکھتے ہی خشک کھانی والے کو افاقہ ہو گا۔

دوسرے حصے میں صدوری شربت۔ ھمدرد کا ایک بوتل بذریعہ کھرل جذب کریں کہ گولی باندھنے کے قابل ہو جائے۔ دو رتی کی گولی بنالیں۔

جس مریض کا بلغم بوجہ لزوجت اور گاڑھا ہونے کے خارج نہ ہوتا ہو۔ اسے ایک گولی چوسنے کے لیے دیں۔ شدید صورتوں میں ہر آدھے گھنٹے بعد گولی دے سکتے ہیں۔ بلغم کو رقیق کر کے اخراج کرتی ہے۔ اس کی موجودگی میں کسی دوسری دوا کی کم ہی ضرورت پڑتی ہے۔

"احتیاط"

سفوف ہو یا گولی اس دوا کو استعمال کرنے کے بعد 20 منٹ تک کچھ بھی کھانے پینے سے منع کریں۔ قے ہونے کا اندیشہ ہے۔

یہ نسخہ حکیم عبداللہ صاحب مرحوم کی کتاب۔ درختوں اور پودوں کے خواص صفحہ 24 پر درج ہے۔ جو تجربات اور ضروری ترامیم کے بعد اسطرح معمول مطب ہے۔

"نوٹ"

بعض دفعہ آک کے تازہ پھول نہ ملنے کی صورت میں آک کے خشک پھول ایک تولہ کی مقدار میں شامل کرتا ہوں۔ تب بھی اتنا ہی مفید ہے۔

حکم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## گلا خراب، نزلا، زکام، کھانسی

ہلدی،50 گرام

ملٹھی،50 گرام

سونف50 گرام

قسط شیریں100 گرام

معمول مطب نسخہ ہے گلا خراب، نزلا، زکام، کھانسی اسی طرح تمام امراض میں میں بہت مفید ہے۔

حکیم آمین اصغر عاصی پاک پتن شریف

خشک کھانسی، گلے کی خراش، ٹانسلز، سینے کی کھڑ کھڑاہٹ، جمی ہوئی بلغم کے اخراج کے لیے میرا اور میرے استادوں کا مجرب ہے

**ھوالشافی**

ہلدی 50 گرام

ملٹھی 100 گرام

سہاگہ سفید خام 100 گرام

کالی مرچ 50 گرام

گاؤزبان 100 گرام

شیر مدار 40 گرام

تمام چیزوں کا سفوف بنا کر شیر مدار ڈال کر خشک کر لیں 500 ایم جی کیپسول صبح وشام ہمراہ قہوہ سونف، ادرک، پودینہ کے استعمال کریں

حکیم قاری محمد عمر 0301-4818151

# کھانسی و بلغم

کھانسی بلغم سینے کی تنگی کے لیے مجرب بچوں کو بھی استعمال کروا سکتے ہیں۔

ملٹھی کپڑ چھان چھ گرام۔۔

مرچ سیاہ۔۔چھ گرام کپڑ چھان۔۔۔

آب ادرک ایک تولہ۔۔

شہد چھوٹا خالص سو گرام۔

ملا کر نرم آگ پر پکا کر محفوظ کریں انگلی کے ساتھ لگا کر چٹائیں۔ صبح شام۔

الیاس اشرف،دنیا پور۔

# کھانسی کے لئے مجرب

کھانسی کے لئے مجرب۔ کاکڑا سنگی سایہ میں خشک کردہ ۔گل مدار تازہ۔ مرچ سیاہ۔ برابر وزن لیکر کھرل میں باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک ایک ماشہ مناسب بدرقہ سے تین دفعہ دن میں

ہر قسم کی کھانسی کے لئے مجرب ہے

حکیم شاہد جاوید، حویلیاں ایبٹ آباد۔

# گلے کی خرابی

گلے کی خرابی, آواز بیٹھ جانا, زیریلے کیڑے کا کاٹ لینا, بواسیر کیلیئے مفید و مجرب ہے۔

سفید گلیسرین 50 گرام, پھٹکڑی سفید خام ایک تولہ پیس کر دونوں کو ملا لین دوا تیار ہے۔

گلے مین لگائیں۔ پی بھی سکتے ہین۔ بواسیر کے موہکوں پر لگائین۔ زہریلے کیڑے نے کاٹ لیا تو وہاں لگائیں۔ مجرب از حکیم شمشیر علی فیصل۔

# موسمی و بلغمی وخشک کھانسی

تخم السی چینی برابر وزن سفوف کرلیں تین تین تین گرام بعد طعام ہمراہ نیم گرم دودھ ایک کپ موسمی و بلغمی وخشک کھانسی پر معمول مطب نسخہ ھے

## نمبر1

میرا ذاتی مجرب ہے۔۔ مجھے جب نزلہ زکام کھانسی اور بلغم کے غلبے کی شکایت ھوتی ہے۔۔ تو 5۔ عدد۔ مغز بادام اور 5۔ عدد کالی مرچ منہ میں رکھ کر چباتا اور چوستے رہتا ھوں۔۔ جیسے پان کھایا جاتا ہے۔۔ فوری ریلف ملتا ہے۔۔

## نمبر2

ایک چٹکی سفوف زنجبیل۔۔ ایک چٹکی۔۔ سفوف فلفل دراز۔۔ شہد ایک چمچ۔۔ صبح دوپہر شام۔۔

الرجک کف۔۔ غلبہ بلغم۔۔۔ تنگی تنفس میں فوری ریلف ملتا ہے۔۔

نمبر۔۔3۔۔

ہلدی۔۔ ملٹھی۔۔ سونف۔۔ قسط شیریں۔۔بیہدانہ۔۔ گوند کیکر سوڈانی۔۔ ھموزن۔۔ سفوف سازند۔۔

مقدار۔۔بڑوں کیلیئے۔۔1۔ گرام۔۔

بچوں کیلیئے آدھا گرام۔ دن میں تین چار دفعہ۔۔ چٹکی چٹکی منہ میں رکھ کر چوسنے کیلیئے تجویز کریں۔۔ گلے کی سوزش خراش اور درد۔۔ پھیپھڑوں کی سوزش کھانسی،، میں،، مریضوں کی اکثریت میں بہت مفید پایا گیا ہے۔۔

طبیب رانا عبدالستار ملتان

## خشک و تر کھانسی

نسخہ ھوالشافی........ ہلدی خام 50 گرام

ریوند خطائی 50 گرام

قسط شیریں 50 گرام

کاکڑ سینگی 50 گرام

تمام چیزوں کو اچھی طرح صاف کر کے سفوف تیار کریں

طریقہ استعمال

بچوں کو ایک ماشہ دوا شہد میں ملا کر دن میں تین بار چٹائیں (یہ ایک دن کی خوراک ہے )

اور بڑوں کو 500 mg کیپسول دن میں تین بار نیم گرم دودھ یا نیم گرم پانی کے ساتھ کھلائیں

فوائد...... .

خشک و تر کھانسی۔ گلے کے امراض۔ گلے کا ورم۔ نزلہ زکام۔ چھینکوں کا آنا ۔ نمونیا کے لئے بہت مفید ہے

اللہ عزوجل صاحب نسخہ حکیم قاری محمد جاوید صاحب کو سلامت رکھے آمین

تصدیق

حکیم ذاکر خان سردار فرام انڈیا

# کھانسی

کاکڑا سینگھی،

فلفل دراز،

اصل السوس

،سوما کلپا

ہموزن سفوف بنا کر 500 ملی گرام تا 1 گرام صبح دوپہر شام ہمراہ اب تازہ خشک و تر کھانسی میں ہمراہ مناسب بدرقہ مفید ہے

ظفر اقبال نول

03427627887

## امراض گلہ کے لیے

ہلدی 10 گرام

ملٹھی 10 گرام

بادیان 10 گرام

قسط شیریں 20 گرام

سفوف بنا کر

150 گرام شہد میں معجون بنالیں

مقدار خوراک

دو تا پانچ گرام

دو سے چار دفعہ

عمر کے حساب سے

حکیم عمر فاروق گوجرانوالہ

# امراض ناک کان گلہ

سورنجاں شیریں 100 گرام

کلونجی 15 گرام

شہد تین گناہ ملا کر رکھ ناک کان گلہ کے امراض میں ایک ہی دوا خصوصیت سے مفید ہے

حکیم ملک محمد یاسر ملتانی ملتان

از حکیم عبدالرحمن کلیمی راولپنڈی

0308 5004085

# امراض گلہ

تیزابی و سوزشی

ملٹھی پوڈر۔۔۔100 گرام

قسط شیریں۔۔۔100 گرام

ست پودینہ۔۔5 گرام

فائن پوڈر کر لیں

3 گرام صبح شام کھانے کے بعد چائے سے

اضافہ خاص

سوسی کا اضافہ کر لیں

یا شربت توت سیاہ کے ساتھ دیں

امراض گلہ کی اکسیری دوا ھے

# نسخہ بلغمی دمہ؛ سانس پھولنا

اجزأ

سفوف ہریڑ زرد ایک پاؤ

شہد تین گنا معجون بنالیں

ایک بڑا چمچ رات سوتے وقت بغیر بدرقہ کے کھلائیں دوائی کھانے کے دو گھنٹے بعد تک کوئی چیز کھانی پینی نہیں ہے۔

یہ نسخہ ظفر اقبال مدنی صاحب سے ملا تھا بہت اچھا ریزلٹ ہے۔

سب دوست بنا کے فائدہ اٹھائیں اور مدنی صاحب کو دعا دیں۔

حکیم وزیر حسین فرام کامرہ اٹک، 03126011312

# کھانسی اور بلغم کے لیے

اجزاء نسخہ۔ کلونجی 20 گرام۔ کاکڑا سنگی 80 گرام سایہ میں خشک کردہ۔ دونوں کو سفوف کرلیں۔

مقدار خوراک دو ماشہ تین ٹاہم مناسب بدرقہ کے ساتھ

فواد کھانسی۔ نزلہ وزکام بلغم کے لیے بہت عمدہ دوا ہے۔

حکیم شاہد جاوید حویلیاں ایبٹ آباد

## نزلہ زکام و بخار

ملٹھی 250 گرام۔ سپستان 10 گرام۔ تخم خطمی 50 گرام۔ عناب 30 گرام۔ انجیر برگ بنفشہ خبازی ہر ایک 5 گرام۔ زوفا برگ بانسہ توت سیاہ ہر ایک60 گرام

تمام اشیاء کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک۔ 5تا10 گرام نیم گرم پانی سے یا پانی میں جوش دیکر حسب منشاء میٹھا ملا کر نوش فرمائیں۔ چاہیں تو شربت معروف طریقہ کے مطابق شربت بھی بنا سکتے ہیں۔

فوائد۔ نزلہ زکام و بخار گلے کی سوزش کیلئے مفید ہے۔

ڈاکٹر حفیظ الرحمن ایبٹ آباد۔KPK

## بنولہ (Cotton Seed) کے مجربات

1۔ گری بنولہ، گری بادام شیریں، پستہ، اخروٹ کی گری، کاجو، کھوپرہ گری، ہر ایک 100 گرام لے کر کوٹ لیں۔ برابر چینی ملا کر ایک ایک چمچہ صبح و شام دودھ نیم گرم سے لیں۔ جسم کو طاقت دیتا ہے اور مردانہ صحت کو بڑھاتا ہے۔ یہ نسخہ صرف سردی کے موسم میں ہی استعمال کیا جاتا ہے۔

2۔ بنولہ (Cotton Seed) کی گری دس گرام لے کر پانی میں پیس کر ان کا شیرہ حاصل کریں۔ اگر دودھ میں شیرہ نکال لیں تو زیادہ بہتر رہے گا۔ پھر اسے حریرہ کی طرح پکائیں اور مناسب چینی ملا کر استعمال کریں۔ مردانہ صحت کے لئے مفید ہے۔

3۔ ثعلب مصری، مغز پنبہ دانہ (بنولہ)، سنگھاڑے کا آٹا ہر ایک 3 گرام۔ ان سب کو پیس کر 250 گرام دودھ گائے میں پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو چینی 20 گرام ملا کر پلائیں۔ ویرج (منی) کے کیڑے پیدا کرنے کے لئے مفید ہے۔

4۔ گری بادام 8 عدد، گری بنولہ (banola) کا آٹا 9 گرام، خشخاش 9 گرام۔ ان سب کو باریک کر کے دودھ میں پکا کر حریرہ بنا کر کھلائیں۔ اس سے طاقت ملتی ہے، منی بھی پیدا ہوتی ہے۔ آسان گھریلو علاج ہے۔ جن آدمیوں کے منی کے کرم پیدا ہوتے ہیں ان کے لئے بے حد مفید ہے۔ (حکیم پریم ناتھ ملتانی، پانی پت)

5۔ گوند کیکر بریاں، آٹا خرما، سنگاڑا خشک ہر ایک آدھا کلو۔ کوٹ چھان کر اور گری بادام شیریں، چلغوزہ(ینجے)، گری فندق ہر ایک 50 گرام۔ علیحدہ علیحدہ پیس کر ترنجبین و شہد خالص اڑھائی کلو، کا قوام کر کے مذکورہ دواؤں کو شامل کریں اور بعدازاں اس میں گری پنبہ دانہ(بنولہ) 12 گرام، لونگ 6 گرام، جاوتری، جائفل ہر ایک 3 گرام، کوٹ چھان کر ملائیں اور معجون بنالیں۔ خوراک 12 گرام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔ شادی سے پہلے و شادی کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔

## امراض گلہ کے لیے

ہلدی 10 گرام

ملٹھی 10 گرام

بادیان 10 گرام

قسط شیریں 20 گرام

سفوف بنا کر

150 گرام شہد میں معجون بنا لیں

مقدار خوراک

دو تا پانچ گرام

دو سے چار دفعہ

عمر کے حساب سے

حکیم عمر فاروق گوجرانوالہ

تصدیق

میں اس نسخہ کی تصدیق کرتا ہوں۔ میں نے یہ نسخہ کسی وٹس ایپ گروپ سے ہی پڑھ کے بنایا تھا۔ نزلہ زکام کے علاوہ گلے کے شدید درد کو فوری کم کرتا ہے۔ گلے کے شدید درد کے لیے ایک گرام دوا میں چند دانے چینی کے ڈال کر مریض کو چوسنے کے لیے کہیں۔ اور پھر پانی پی لے۔ 10 سے 15 منٹ میں گلے کی درد کو سکون مل جاتا ہے۔ حسب ضرورت 15 منٹ بعد اسی طرح ایک اور خوراک بھی دے دیتا ہوں۔

حکیم ذیشان محمود۔ لاہور

# امراض سینہ دمہ کھانسی

اکسیری تریاق کورونا

لعوق سپستان۔۔۔۔100 گرام

فلفل دراز۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

جلابہ ہرڑ۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

کشتہ قرن ایل۔۔۔۔3 گرام

کشتہ جست۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

کشتہ بسد۔۔۔۔۔۔۔۔3 گرام

کشتہ خر مہرہ۔۔۔۔۔۔5 گرام

کشتہ زرنیخ۔۔۔۔۔۔3 گرام

کشتہ نقرہ۔۔۔۔۔۔۔۔1 گرام

شہد خالص۔۔۔۔۔۔30 گرام

سب اجزاء خوب ملالیں۔اور ایک چنے برابر دن میں تین سے چار مرتبہ چٹائیں۔اور شہد ملا گھڑے کا پانی ہی استعمال کریں۔

ان شاء اللہ کورونا اور کورونا ویکسین کے مضر اثرات سے بچنے کے لئے ایک مضبوط ڈھال ہے۔

حکیم ساجد اسلام

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن پاکستان

# قبض کیلیے

جوشاندہ کے تمام اجزا عناب کے علاوہ بیس بیس گرام اور گودا املتاس چالیس گرام ایک بوتل شربت تیار کریں۔ اور دو چمچ صبح نہار منہ اور دو رات کو سوتے وقت بس ایک بوتل ایک مریض کا علاج ہے چاہے وہ انیمیا ہی نہ کرواتا ہو۔۔۔

پلیز پرسنل میں میسج کر کے مت پوچھئیے گا کہ جوشاندہ کے اجزاء کیا ہیں حاذق طبیب جانتا اس کو۔

طبیب ساجد نواز عرف طبیب جھلا

# آسان دواء وطلاء

لہسن کو خشک کر لیں دھوپ میں اور پیس لیں میڈیسن تیار 500 ملی گرام کا کیپسول کافی ہے۔۔۔۔۔اور پانی اسکا کمپنی کے تمام طلاجات سے بہتر۔

طبیب ساجد نواز عرف طبیب جھلا

# تریاق قلب مجرب المجرب

خون کا گاڑھا پن بلاکیج اور دل کے درد کے لئے آزمودہ

اجوائن دیسی 50 گرام

دیسی لہسن مقشر 50 گرام

دیسی لہسن کا پانی 150 گرام

اجوائن کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور لہسن کو کوٹ کر بالکل ملائم کر لیں اور اجوائن کے ساتھ کھرل کریں اور تھوڑا تھوڑا آب لہسن ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب 3 گنا پانی یعنی 150 گرام اب لہسن جذب ہو جائے تو چنے برابر گولیاں بنالیں

ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ قہوہ پودینہ

فوائد دل کے بند والو کھولتا ہے اور درد دل میں مفید ثابت ہوا ہے

مفرد اعضاء ثلاثہ کی کتاب میں یہ نسخہ لکھا ہوا ہے

حکیم عبد الرحمٰن خان راولپنڈی

# اکسیر دمہ

نمک مدار۔۔۔۔۔۔50 گرام

نمک تمباکو۔۔۔۔۔۔50 گرام

نمک پٹھکنڈہ۔۔۔۔۔۔50 گرام

نمک سوما کلپا۔۔۔۔۔۔50 گرام

سب نمکیات کو آب گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں غبارہ رہو مچھلی ایک کلو لے کر درمیان کوزہ روغنی ہانڈی ٹکیاں نمکیات رکھ کر گل حکمت کر کے 20 کلو آپلوں کی آگ دیں

ٹھنڈی ہونے پر نکال کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں

مقدار خوراک

ایک رتی کیپسول میں ڈال کر صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں

فوائد : تنگی سانس بلغمی دمہ کھانسی عضلاتی دمہ ضیق النفس ایستھمااور ہر طرح کی کھانسی کے لئے بدرقہ بدل کر استعمال کروائیں

حکیم نذیر احمد قصوری ایڈووکیٹ، 03065592853

## شربت کھانسی

گل بنفشہ 250 گرام

ملٹھی 250 گرام

خطمی 100 گرام

خبازی 100 گرام

چینی 2 کلو

حسب دستور شربت بنالیں

ایک ایک چمچ دن میں 3 بار گرم پانی سے دیں

حکیم محمد روف قادری شاذلی، فیصل آباد، 03007240864

# نسخہ برائے موٹاپا

نسخہ برائے موٹاپا ختم کرنا/بڑھا ھوا پیٹ کنٹرول کرنا

ھوالشافی

ایک پاو دودھ میں بیس گرام ادرک کا ٹکڑا ڈالکر ابالیں جب دودھ کو ایک ابالا آجائے تو ادرک کا ٹکڑا نکال کر محفوظ کر لیں،

اور اس دودھ میں ایک چمچ دیسی گھی اور ایک چمچ شہد ڈالکر نیم گرم پی لیں اور جو ادرک کا ٹکڑا محفوظ کیا تھا اسے صبح ناشتے کے وقت سالن کے اوپر باریک کاٹ کر مکس کر کے روٹی کے ساتھ کھا جائیں۔

اکیس یوم میں ڈھول جیسا پیٹ جو تیزاب سے بھی کم نہ ھوتا ھو چھوارے کی طرح سوکھ جائیگا ساتھ فٹنس آئیگی خواتین اور مردوں کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی اور آسان نسخہ فٹنس کے لئے نہ ھے ساتھ جسم میں درد کا نام و نشان باقی نہیں رھے گا شوگر کے مریض شہد کے بغیر استعمال کریں انکی شوگر لیول پہ آجائیگی۔ مجرب ھے بے ضرر ھے ہائی بلڈ پریشر کے مریض استعمال کرسکتے ھیں

# جوڑوں کے درد کے لیے

جوڑوں کے درد کے لئے تیر بہدف نسخہ: سَونٹھ (خشک ادرک): 50 گرام، سِمبلو

50: گرام، میتھی دانہ: 50 گرام، سُورنجان شِیرِیں: 50 گرام، مامیخ: 50 گرام۔ تمام دوائیں ہم وزن لے کر پیس لیجیے۔ صبح و شام ایک ایک چمچ (اندازاً چھ۔ چھ گرام) پانی سے استعمال کیجئے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جوڑوں، کمر، ہاتھ اور پَیر کے ہر طرح کے درد میں مفید ہو گا۔ مدّتِ استعمال: تا

## عضو خاص کی طاقت کیلیے

آلہ تناسل عضو خاص کی طاقت کے لیے دیسی نسخہ

شیر مدار 12 گرام

گائے کا خالص دیسی گھی 12 گرام

ترکیب:: چینی کے کھرل میں 4 گھنٹے لگاتار زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں بس طلاء تیار ہے۔

طریقہ استعمال:: رات سونے سے پہلے عضو خاص کی پشت کو کسی کھردرے کپڑے سے خوب رگڑائی کریں تاکہ پشت سرخ ہو جائے پھر یہ طلاء ایک گرام کی مقدار میں مالش کریں خیال رہے کہ صرف پشت پر مالش کی جائے پہلوؤں پر

ہلکی مالش اگر استعمال کے دوران دانے نکلیں تو اس دن مالش نہ کریں اور گھی گرم کر لگائیں جب دانے ختم ہو جائیں تو پھر طلاء استعمال کرنا شروع کر دیں۔

نوٹ۔ مالش کے بعد پان کا پتہ باندھنے سے رزلٹ زیادہ اچھا ملے گا۔

پرہیز:: دوران استعمال میں عضو خاص کو ٹھنڈے پانی سے بچانا ہے۔

ایک ہفتے کے استعمال سے بہترین نتائج پیدا ہوں گے۔

## طلاء فاسفورس

روغن زیتون۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔400 ملی لٹر

بیر بہوٹی تازہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔100 گرام

دونوں کو خوب کھرل کریں کہ بیر بہوٹی ناپید ہو جائے۔

فاسفورس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

تیل مذکورہ میں ڈال کر بذریعہ ریت جنتر حل کر لیں۔ تقریبا تین سے چار گھنٹے لگتے ہیں۔

سم الفار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

گلیسرین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔400 گرام

یہ دونوں بھی ملا کر بذریعہ ریت جنتر حل کر لیں۔ تقریبا پانچ گھنٹے لگتے ہیں۔

اب اوپر والا تیل اور یہ تیل دونوں ملا لیں۔

طلاء فاسفورس تیار ہے۔

محرک و مسمن اثرات کا حامل ہے۔ عضو مخصوص کی کجی و کوتاہی کو دور کر کے کامل انتشار پیدا کرتا ہے۔ ایک مریض کے ل ئ ے پانچ ملی لٹر کافی ہوتا ہے۔

ہم نے اس طلاء میں روغن دار چینی اور روغن لونگ خود ساختہ سو سو ملی لٹر کا اضافہ کیا تو رزلٹ پہلے سے کہیں زیادہ ملے۔۔۔ بہتر ہے کہ بیر بہوٹی, دار چینی اور لونگ کا مرکب تیل بذریعہ پتال جنتر نکال کر شامل نسخہ کریں۔ ہماری ترتیب یہی ہے۔

اس سے نہ صرف انتشار کامل پیدا ہوتا ہے۔ بلکہ کجی کوتاہی دور کر کے قدرے فربہی بھی پیدا کرتا ہے۔ بہت ہی قلیل مقدار میں لگا کر جماع کرنے سے ملذذ کیفیات بھی پیدا کرتا ہے۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

# چڑچڑاپن

آجکل کے عام ماحول میں امراض کے عمومی اور خصوصی بہت سے علاج ہو رہے ہیں لیکن ایک ایسا مرض بھی ہے جسکا ہر دوسرا بندہ شکار ہے وہ ہے بلاوجہ کمزوری، مرض کے بعد کی کمزوری، ہر وقت کی تھکاوٹ، طبیعت میں مایوسی، چڑچڑاپن، کسی بھی کام میں جسم کا جواب دے جانا خاص طور پہ بغیر کسی مرض کے مردانہ کمزوری، بظاہر آپ ٹھیک ہوں گے رپورٹس بھی ٹھیک لیکن تھکاوٹ ہے کہ جان نہیں چھوڑتی۔

آج کی عاجزانہ پوسٹ طاقت کی ایسی دوا کی ہے جسکا کوئی نقصان نہیں ہر عمر کے لوگ استعمال کر سکتے ہیں نسخہ آپکی خدمت میں پیش ہے۔

ہوالشافی

لونگ پانچ گرام

جائفل۔ پانچ گرام

عقرقرحا ایک نمبر۔ پانچ گرام

کباب چینی۔ پانچ گرام

کشتہ شنگرف پانچ گرام

کشتہ فولاد۔ پانچ گرام

دار چینی پانچ گرام

مالکنگنی پانچ گرام

شہد خالص۔ تیس گرام

سب ادویات کو کوٹ چھان کر شہد ملا کر کالی مرچ سے تھوڑی بڑی گولی بنا لیں

مقدار خوراک ایک گولی صبح شام لیجئیے دودھ کے ساتھ۔

سات دن میں ہی حالت بدلنے لگتی ہے چالیس دن استعمال کر لیں انشااللہ کرم ہو جائے گا۔

عورت مرد دونوں استعمال کر سکتے ہیں عمومی مردانہ قوت اور خواتین میں خواہش کی کمی میں بھی نہایت فائدہ مند ہے

دعاؤں میں یاد رکھیئے

خادم

حکیم ظہیر سیف صاحب خاکسار شاھد عمران

مجرب المجرب ہے

## طلائے مطول خاص

روغن تل خالص ۔ 500 گرام ۔ خراطین چائنہ صاف 50 گرام ۔ جونک خشک صاف 50 گرام

بیر بہوٹی خالص 50 گرام

پیاز نرگس کی جڑ کا پانی 250 گرام

دیسی لہسن کا پانی 250 گرام

جڑ کنیر سفید کا پانی 250 گرام ۔ امبر بیل کا پانی 250 گرام

ان سب کو کسی سٹیل کے برتن میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں جب پانی خشک ھو جائے اور ادویہ جل جائیں تو پن چھان کر رکھ لیں روزانہ 10 قطرے سپاری اور نچلا حصہ چھوڑ دو ماہ مالش کریں لمبائی اور موٹائی دونوں کے لیے مجرب ھے

حکیم عبید اللہ صاحب 03006996821

## طلا طول مجرب

معز ز دو ستو طلا مجرب جو عضو کو طول دیتا موٹائی لاغری وغیرہ کے لیے بے مثال ہے باقی حکما حضرات بہتر سمجھ لیں گے کہ یہ کیا ہے۔

تیل ساہنہ پانچ تولہ فاسفورس ایک تولہ تیل میں فاس چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے بزریعہ کھرل یکجان کر لیں اب اس میں شیر مدار پانچ تولہ شامل کر کے خوب زور دار ہاتھوں سے جلد کھرل یکجان کر لیں فل پوٹنسی ہے یہ کم کرنے کے لیے روغن زیتون یا کوئی عمدہ روغن دس تولہ شامل کر لیں۔

اوپر کی طرف تین قطرے لگا کر اوپر شاپر لگا کر کپڑا دھاگہ سے باندھیں رات کو صبح کھولیں گرم پانی سے دھولیں

مریض کی حالت مطابق چند روز استعمال کرائیں

سائز کروا کر رزلٹ دیکھیں۔

الیاس اشرف ،دنیا پور

## طلا مورچہ

روغن سم الفارز ایک پاو

روغن مورچہ ایک پاو

روغن بہر بہوٹی ایک پاو

روغن گل کنیر ایک پاو

روغن دار چینی ایک تولہ

روغن لونگ ایک تولہ

روغن چہار (گل کنیر بادام پستہ جمال گوٹا) ایک ماشہ

سب کو ملالیں تیار ہے

عضو کے تمام نقائص کو دور کر کے بے انتہا سختی لاتا ہے

میرا مجرب ہے

ہر وقت مطب میں تیار ہوتا ہے

حکیم ابوالھیثم علی لاہور

گروپ کے تمام اساتذہ کرام اور حکماء حضرات کو اسلام و علیکم

## ایک آسان ساطلا

ایک پاو روغن ارنڈ

ایک پاو سرسوں کا تیل

دیسی لہسن پچاس گرام

پیاز چالیس گرام

دونوں تیل مکس کر کے لہسن اور پیاز ہلکی آنچ پر رکھ کر جلالیں

پن کر محفوظ کرلیں

دن میں ایک بار استعمال کروائیں

اس سے نہ کوئی زخم ہو گا اور نہ ہی کوئی انفیکشن

حکیم عمر فاروق فرام گوجرانوالہ ،03217761420

## طلاء مسمن

یہ ایک تجربہ شدہ طلاء ہے۔ جو نہ صرف آلہ تناسل کو فربہہ کرتا ہے۔ بلکہ عورتوں کی چھاتیوں کو بھی فربہہ کرنے میں بہترین ثابت ہوا ہے۔

روغن چربی سانڈا۔۔۔۔۔۔۔۔۔100 گرام

مغز ارنڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

مغز سرشف۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

خوب کھرل کریں۔ تاکہ مثل کریم ہوجائے۔

حسب دستور مساج کیا جائے۔

عضو خاص اور بریسٹ کی نشو و نما کرتا ہے۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

## پٹی خاص

نسخہ :۔ پوست بندق ہندی کو خوب باریک پیس لیں اور شہد کی مدد سے مرہم تیار کریں اور ایک کاغذ کی پٹی پر لگا کر عضو کے اوپر رکھ کر کپڑے کی پٹی باندھ دیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو لیں پہلے دن رزلٹ ملے گا اور آپ کو اندازہ ھو جائے گا کہ کتنے یوم مزید استعمال کرنا پڑے گا۔

یہ نسخہ میرے استاد محترم بابا جمن مرحوم صاحب کا میرے لئے خصوصی تحفہ تھا جو گروپ کی نذر کیا۔

جو اس نسخے سے فائیدہ اٹھائے استاد محترم کی مغفرت کے لئے دعا ضرور کرے شکریہ۔

حکیم سید عبدالغنی بخاری۔

# دمہ ونزلہ زکام کیلئے

دمہ، سل، ہر قسم کے پختہ نزلہ زکام کے لاجواب نسخہ

اجزاء

عناب تیس دانے۔ لسوڑیاں پچاس عدد۔ خطمی۔ خبازی۔ گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔ انجیر بیس عدد۔ زوفا۔ ملٹھی ہر ایک تین تولہ۔

پرساؤشان دو تولہ۔ مصری آدھا کلو۔

ترکیب تیاری

مصری کے سوا تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ جب آدھا سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریقہ استعمال

تین تولہ یہ شربت پانچ تولہ عرق گاؤزبان اور قدرے پانی ملا کر استعمال کریں۔ تین مرتبہ دن میں۔ معمولی نزلہ زکام و کھانسی میں عام طور پر صرف پانی ملا کر دیا جاتا ہے۔

فوائد

یہ شربت کھانسی اور ہر قسم کے نزلہ وزکام پختہ وخام ۔ نمونیہ ۔ دمہ ۔ سل کے لئے اکسیر و عجیب وغریب خاص چیز ہے ۔ بلغم کو پکا کر نکالتا ہے ۔ ذات الجنب کے علاج میں غفلت کرنے سے کھانسی اور درد پرانا ہو جائے اور زخم بن چکا ہو تو ایسی حالت میں یہ شربت عجیب اثر دکھاتا ہے ۔

میرا مجرب نسخہ ہے

دعاؤں کا طالب

حکیم منصور الحق شاھین فرام فیصل آباد

What'sApp & Call

0323-7678070

حکماء واطباء کے لئے مجرب تحفہ

از:ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشنPTRF

## طلاء بے ضرر برائے مرد وزن

مغز تخم ارنڈ اور تخم سرشف تلخ

ہموزن لے کراس قدر کھرل کریں کہ مانند کریم یکجان وملاۂم پیسٹ تیار ہوجاۂے۔

اس طلاء کو بلا خوف وخطر استعمال کرسکتے ہیں۔بالکل بے ضرر ہے

اس کے استعمال سے نہ صرف عضو تناسل کی نشوونما ہوتی ہے۔بلکہ عورتیں اپنی چھاتیوں کو خوبصورت اور سڈول اور جاذب نظر بنانے کے لئے بھی استعمال کرسکتی ہیں

اس بظاہر دو اجزاء پہ مشتمل طلاء کو بتاۂے گۓ طریقہ اور معیار کے مطابق بنا کر ایک دفعہ تجربہ کریں۔تو تعریف کۓ بغیر نہیں رہیں گے۔

معمول مطب بناۂیں اور دعاؤ ں میں یاد رکھیں۔

استعمال کا طریقہ اور احتیاطیں معروف ہیں۔لہذا بیان نہیں کی جارہیں۔

## طلاء مشت زنی

خراطین پانچ گرام

ریگ ماہی پانچ گرام

جائفل دس گرام جلوتری 5 گرام لونگ پانچ گرام دار چینی پانچ گرام بیر بوٹی دس گرام مال کنگھنی

دس گرام

عقر قرحا دس گرام

سبکو پہلے ایک کلو پانی میں پکائیں جب پانی ایک پاو رہ جاے تو اس میں تیل تل سفید 200 گرام ڈال دیں اور پکنے دیں کہ تیل جل جاے اور پھر اسکو چھان لیں اور محفوظ کرلیں رات کو سوتے وقت کیپ اور نیچے کی رگ چھوڑ کر مالش کرنی ہے صبح نیم گرم پانی سے دھولیں حکیم سہیل 03106975341

# ماءاللحم

کانسخہ آپ دوستوں کیلئے پیش خدمت ہے

اجزاء... لونگ 30 گرام... دار چینی 30 گرام... جائفل 30 گرام... چوب چینی 50 گرام... الائچی خورد 20 گرام... الائچی کلاں 30 گرام... صندل سفید 20 گرام... تیز پات 20 گرام... بالچھڑ 20 گرام برگ ریحان تازہ 200 گرام... ابریشم (باریک کاٹا ہوا) 200 گرام... نرم چھلکا (پوست) کیکر 200 گرام ...

چھلکا (کنوں) 200 گرام

گوشت کبوتر (جنگلی ہو تو زیادہ اچھا ہے) آدھا کلو

گوشت گردن بکرا دیسی قیمہ ایک کلو

زعفران 5 گرام

گوشت اور زعفران کے علاوہ سب ادویات کو 15 لیٹر اچھے پانی میں 12 گھنٹے کے لئے بھگو دیں

پھر گوشت ڈال کر زعفران کو ٹونٹی کے منہ پر باندھ کر 10 لیٹر عرق کشید کریں

کشید شدہ عرق میں 3 لیٹر عرق گلاب سہ آتشہ مکس کر لیں

مقدار خوراک...15 ملی لیٹر سے 30 ملی لیٹر تک دن میں 2 بار

دودھ. وغیرہ میں ڈال کر

فوائد...اعضائے رئیسہ اور اعصابی طاقت کیلئے بہترین ٹانک ہے. شوگر سے ہونے والی کمزوریوں کیلئے بہترین مرکب ہے. خون کی کمی کو پورا کرتا ہے. عمر رسیدہ (قابل احترام) بزرگوں کے لیے لاجواب ہے

نیوروبائن انجیکشن لگوانے والوں کے لیے بہترین ٹانک ہے

پانی کی جگہ عرق گلاب استعمال کریں تو فوائد کئ گنا تیز اور زیادہ ہوں گے

معالج اجزاء کو دیکھ کر مختلف علامات میں استعمال کرا سکتا ہے

مہر راشد سیال۔۔۔۔۔۔

# جوڑوں کا درد اور نمونیہ کیلیے

ست اجوائن 12 گرام

ست پودینہ 6 گرام

کافور 20 گرام

روغن تارپین 100 گرام

روغن زیتون 50 گرام

کافور ست پودینہ ست اجوائن کو مکس کرکے دھوپ میں رکھیں جب یکجاں ہو جائے تو روغن تارپین اور زیتون میں مکس کر لیں

ہومیو ڈاکٹر ذیشان آرائیں

فوائد جوڑوں کا درد نمونیہ اور تمام قسم کی چوٹوں کے درد میں مفید ہے

## خورا کی دوا

میڈم پال200

آرنیکا200

ہائی پیریکم200

سمفائٹم200

مکس کرلیں دن میں تین سے چار بار شدت مرض میں گھنٹے گھنٹے میں

## اعصابی دردیں و گنٹھیا

. . . . . . . . . ھوالشافی . . . . . . . .

اسکندناگوری.... مصبر . . . .

2 تولہ..........3 تولہ

اذراقی مدبر... سرنجاں شیریں

2 تولہ...........2 تولہ

ہلیلہ سیاہ..........اسپند

2 تولہ...........2 تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنائیں

1000 ملی گرام کا کیپسول صبح

شام ہمراہ نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

فوائد . . . . .

اعصابی دردیں گنٹھیا اعصابی کمزوری کے ل ئے مفید ھے . . . . . . . . .

حکیم محمد اعظم ندیم

چوھنگ لاھور

## چوٹ کی درد

مصبر 1 تولہ

مائلکنگنی 1 تولہ

ھلدی...1 تولہ

لوٹا سجی 1 تولہ

دیسی انڈا. 1 عدد

پہلی تین ادویات کا سفوف بنائیں۔ انڈے میں ملا کر لیپ سا بنا لیں۔ چوٹ والی جگہ پر لیپ کر کے اوپر کپڑا باندھ دیں۔

## جوڑوں کا درد

ھوالشافی:

ست پودینہ........6ماشہ

ست اجوائن.......1 تولہ

تیل تارامیرا.......1پاؤ

روغن تار پین.......5 تولہ

تمام اشیاء کو ملالیں

جوڑوں کا درد۔ جوڑوں کا پتھرا جانا۔ سر درد۔ درد سینہ۔ نمونیا کی مالش۔ چوٹ پر مالش کریں

بطور طلا بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

حکیم اعظم ندیم۔ چوہنگ, لاہور

## پپلا مول

سورنجاں شیریں

زنجبیل بے ریشہ

مگھاں

الائچی کلاں

برابر وزن لے کر سفوف کر کے یکجاں ن کر لیں اب اس کو شیر مدار سے تر کر کے رکھدیں جب خشک ہو جائے تو پیس کر آب کوار گندل سے تر کے کے رکھیں دوبارہ خشک ہونے پر سفوف کر کے شہد کی مدد سے گولیاں برابر چنے کے بنالیں

ایک گولی صبح ایک شام استمال کروائیں۔

## مالش

ایک تولہ ست اجوائن

آدھا تولہ ست پودینہ

چار تولہ روغن تارپین

ایک پاؤ روغن تارا میرا

پہلے ست کو آپس میں ملا کر جب پانی بن جائے تو روغن تار پین ملا کر روغن تارا میرا ملا لیں جہاں بھی درد ہو جسم میں سر سے پاؤں تک استمال کروا سکتے ہیں۔

والسلام جی

حکیم غلام مصطفٰے۔ گوجرانوالہ

## دردسینہ

ست پودینہ........6ماشہ

ست اجوائن.......1 تولہ

تیل تارامیرا.......1پاؤ

روغن تار پین.......5 تولہ

تمام اشیاء کو ملالیں

جوڑوں کادرد۔ جوڑوں کا پتھرا جانا۔ سر درد۔ درد سینہ۔ نمونیا کی مالش۔ چوٹ پرمالش کریں

بطور طلا بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

مصبر 1 تولہ

مائلکنگنی 1 تولہ

ھلدی...1 تولہ

لوٹائسجی 1 تولہ

دیسی انڈا. 1 عدد

پہلی تین ادویات کا سفوف بنائیں۔ انڈے میں ملا کر لیپ سا بنا لیں۔ چوٹ والی جگہ پر لیپ کر کے اوپر کپڑا باندھ دیں۔

حکیم محمد اعظم ندیم

چوھنگ لاھور

## نمونیہ، دردکیلیے

روغن کنجد اور سپرٹ

ہم وزن مقدار ملا کر ہوابند بوتل میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت اچھی طرح ہلا کر ہلکے ہاتھ سے مل کر پلٹس باندھ دیں۔

فوائد: ضربہ، سقطہ، نمونیہ، درد میں مفید ہے۔

حکیم بابر کوٹ رادھا کشن

روغن کنجد اور سپرٹ ہمقدار ملا کر ہوابند بوتل میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت اچھی طرح ہلا کر ہلکے ہاتھ سے مل کر پلٹس باندھ دیں۔

فوائد: ضربہ، سقطہ، نمونیہ، درد میں مفید ہے۔

## چوٹ کا درد

پھٹکری سرخ

گوند پھلاہ

سک سمبلو

ہم وزن سفوف بنا کر رکھ لیں۔

1 رتی خوراک روزانہ بوقت عصر آدھی ٹکی مکھن اور پاؤ گرم دودھ

بس تین دن کی تین خوراکیں کافی ہیں

چوٹ کادرد اندرونی زخم موچ وغیرہ کے لئے سالوں سے آزمودہ اور مجرب ہے۔

عبدالرحمن خان راولپنڈی

## آشوب چشم، نظر کی کمزوری

ناخونہ، آشوب چشم، نظر کی کمزوری مین

چھوٹی مکھی کا شہد اللہ ۱۰ گرام نمک طعام ا گرام اچھی طرح مکس کر کے آنکھون مین لگایین معمول۔ مطب ہے۔

حکیم شاھد ممبی

## ہچکی کے لیے

آدھی چمچ ہلدی 1 گلاس شربت شہد سے دیں۔

منٹ میں آرام آجائے گا

کھانسی کے ل ئ ے مجرب کچے امرود آدھ کلو کو گل کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۵۰۰ ملی گرام صبح شام استعمال کرائ ین دعا میں یاد رکھیں خادم الاطباء عبد الصمد بھیو مدنی طبی دواخانہ روھڑی

## نکسیر کے لیے فسٹ ایڈ

جب ناک سے خون آرہا ھو تو نیم گرم پانی کر کے مریض کے دونون گھٹنوں پر ڈالتے جائ یں

ان شا اللہ 10 سے 15, منٹ میں خون رک جاۓ گا۔

ڈاکٹر میر حسن فرام مستونگ

## معدہ یا پیٹ میں درد

معدہ یا پیٹ میں درد ہو یا اپھارہ یعنی تبخیر معدہ ہو اور طبیعت بے چین ہو تو پانچ سے سات عدد کالی مرچ سالم لیکر منہ میں رکھ کر دردرا کر کے نگل لیں پانی کا

استعمال نہیں کرنا۔۔۔ ٹھیک پانچ سے دس منٹ میں معدہ کی تکالیف دور ہو جائیں گی۔۔۔ان شاء اللہ تعالیٰ

حکیم اعجاز ناصر مرید کے: حکیم اعجاز احمد ناصر مرید کے

# کھانسی کے لئے

نوشادر اور کالی مرچ برابر وزن سفوف بنا کے توے پر ڈالیں اوپر ایک پیالہ اوندھا رکھ دیں نیچے اگ جلائیں درمیانی جب سب جل جائے تو اگ بند کر دیں ٹھنڈا ھونے پر سفوف بنا کے سنبھال رکھیں ایک چٹکی چوسائیں کھانسی کے لئے مجرب ھے۔ خشک کھانسی ھو تو ایک بوتل لال شربت قرشی یا کسی بھی کمپنی کا لے کے ایک چھوٹا چمچ سفوف اور ایک چمچ گلیسرین مکس کر لیں۔

یہ نسخہ حکیم واجد اللہ خان صاحب کا ھے مجرب ھے

# سانس کی تکلیف

کرونا کا جب بہت زیادہ شور تھا تب میری والدہ کو سانس کی تکلیف ہوئی جو پہلے نہیں تھی یہاں تک کہ بات کرنا بھی ان کے لئے مشکل ہو گیا تھا تب گھر میں رکھی دار چینی کا سفوف بنا کے کر پانی ابالا اور چھوٹا چمچ دار چینی کا سفوف اس پانی میں ڈال کر بھاپ دی،دن میں دو گھنٹہ کے وقفہ سے چار بار یہ عمل دہرایا اور ہر

بار سانس کی تکلیف میں کمی ہوئی اور شام تک سانس کی تکلیف مکمل ختم ہو گئی۔ الحمدللہ۔

## بہتے زکام کا مجرب علاج

ھوالشافی

ایک چمچ سے آدھی چمچ سرخ مرچ حسب ضرورت و برداشت لیکر تھوڑے سے گھی میں بھون لیں جب خوشبو آنے لگے تھوڑا سا نمک ملا کر فوراً اتار لیں اب خشک چپاتی کے ساتھ یہ مرچ والا سالن کھالیں لیکن پانی دو گھنٹہ تک نہیں پینا

فوائد بہتے ہوے نئے زکام کو فوراروک دے گی بس جیسے روٹی ختم ایسے ہی ناک بہنا ختم شرط ضروری ہے کہ پانی نہ پیئیں مزے کی بات بہتے کو روکتی ہے اور جمے ہوے تو پانی بنا کر خارج بھی کرتی ہے حکیم آصف رضا

## کھانسی کا گھریلو علاج

ھوالشافی

ایک شلجم لیکر چار ٹکڑے کرلیں اور ایک گلاس پانی میں جوش دیں حتی کہ ایک کپ رہ جاے تو پن چھان کر حسب ضرورت شہد ملا کر نوش کریں

فوائد موسمی کھانسی کے لیے لاجواب ہے ہر سال شلجم کے موسم میں کافی مریضوں کو بتاتا ہوں الحمد للہ بہت فائدہ ملتا ہے سینہ کی سختی دور ہو جاتی ہے بلغم کا اخراج آسان ہو کر کھانسی ختم ہو جاتی ہے حکیم آصف رضا تلہ گنگ۔

# میپرازول کا نعم البدل

سو کھا دھنیا ایک چمچ چائے والا کناروں سے برابر کریں اور تین عدد الائچی خورد کے دانے۔۔ منہ میں رکھ کر چبائیں اور چوستے جائیں۔۔ جیسے لوگ پان کھاتے ہیں۔۔ فوری ریلیف ملتا ھے۔۔ میپرازول کے نعم البدل کے طور پر کام کرتا ھے۔۔

سکون آور بھی ھے۔۔ ھائی بلڈ پریشر اور بے خوابی اور بے چینی کے مریضوں کو بھی تھوڑا بہت سکون مہیا ھو جاتا ھے۔۔

کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے۔۔

یا جب معدہ خالی ھو۔۔

دن میں دو سے تین بار شدت مرض کے حساب سے زیادہ مرتبہ بھی لیا جا سکتا ھے۔۔

میدہ بیسڈ اور چکنائی۔۔۔ فاسٹ فوڈ۔ چائے کی زیادتی۔۔ مصالحہ دار کڑائی گوشت۔۔سافٹ ڈرنک سے پرہیز کرائیں۔۔

قبض کا ازالہ کرتے رہیں۔۔

جسم کی ضرورت کے مطابق پانی کی کمی نہ ھونے دیں۔۔

چند مریضوں کو تو سرعت میں بھی مفید پایا گیا ھے۔۔

طبیب رانا عبد الستار ملتان۔

# بچوں کے مسائل

بچوں کی بلغمی رطوبات،سردی لگنا، کھانسی،گلے کی خرابیوں کیلئے مجرب ہے،دار چینی 10 گرام،شہد خالص 100 گرام مکس کریں اور دو ٹائم دیں حکیم مفتی حماد اللہ علوی دواخانہ گلشن اقبال کراچی

# کھانسی کے لیے

فلفل دراز 20 گرام،شہد خالص 100 گرام مکس کرلیں اور ضرورت اور شدت کو سامنے رکھتے ہوئے استمال کریں حکیم مفتی حماد اللہ علوی دواخانہ گلشن اقبال کراچی

اجوائن دیسی کشنیز دیسی شکر برابر وزن

اجوائن اور کشنیز کا سفوف کر کے 3.3 ماشہ صبح + شام ھمراہ پانی

الرجی اور چھپاکی کے ل ئے مفید ھے۔

حکیم محمد اعظم ندیم لاھور

# یورک ایسڈ وکسٹرول

ھوالشافی

اجوائن دیسی 1 پاؤ

لہسن دیسی 2 کلو

لہسن کو گرائنڈ کر کے اجوائن میں ملا کر خشک کر لیں۔

3 ماشہ صبح + شام ھمراہ پانی

فوائد

یورک ایسڈ۔ کسٹرول۔ جوڑوں کی دردوں کے ل ئے مفید ھے۔

# کھانسی کیلیئے

5۔ عدد مغز بادام دیسی۔۔ 3۔ عدد کالی مرچ۔ ایک عدد۔ لونگ دیسی۔۔ چباتے رہیں اور چوستے رھیں۔۔ دن میں 2۔3۔ دفعہ۔ ان شاءاللہ تعالیٰ فوری افاقہ ھو گا۔۔ برائے خشک کھانسی۔۔ جو ڈسٹ الرجی۔۔ نظام ہضم کی خرابی۔۔ گلے کی خراش کی وجہ سے ھو۔۔ خصوصا سموکر مریضوں کیلیئے۔۔

طبیب رانا عبدالستار ملتان

# الرجی اور چھپاکی کے لئے

پودینہ خشک 6ماشہ

2 کپ پانی میں ابال کر دیسی شکر سے میٹھا کر کے قہوہ استعمال کریں

فوائد

الرجی اور چھپاکی کے لئے مفید ھے۔

حکیم محمد اعظم ندیم لاھور

# ہچکی کا ٹوٹکہ

پٹ سن کی پرانی بوری کو جلا کر اس کی راکھ محفوظ کر لیں۔۔پرانی ہچکی کا مجرب ترین علاج ہے۔۔ایک ماشہ سفوف ایک چمچ شہد میں ملا کر چٹا دیں۔۔ ہچکی چاہے سالوں پرانی ہو فورا ختم ہو جائیگی۔۔ معمول مطب ہے۔۔

حکیم سید محمد عمران شاہ بخاری

## بلڈ پریشر

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو فوراً فریج کا یخ ٹھنڈا دودھ ایک کپ بغیر بالائی پینے سے فوری طور پہ طبیعت فرحت محسوس کرتی ہے۔اورہائی بلڈ پریشر سمیت دیگر تکلیف دہ علامات دور ہو جاتی ہیں۔

اگر بلڈ پریشر لو ہو تو فوری طور پہ لونگ اور دار چینی کا نمکین قہوہ نوش فرمائیں۔ ان شاء اللہ فوری آفاقہ ہو گا۔

ہائی بلڈ پریشر کا مستقل علاج درج ذیل قہوہ استعمال کرنے سے بہت سے لوگوں کو بہت فائدہ ہوااور مستقل نجات حاصل ہوئی۔

گلاب کی پتیاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک پھول تازہ یا خشک

زیرہ سفید۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک چمچ چھوٹا

سونف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نصف چمچ چھوٹا

الائچی سبز۔۔۔۔۔۔۔ تین سے چار عدد

دو کپ پانی میں ابالیں۔ایک کپ رہ جانے پر ٹھنڈا کر کے قدرے شیریں کر کے قبل از طعام نوش فرمائیں۔۔۔دودھ بھی ملایا جاسکتا ہے۔

اس قہوہ کے مستقل استعمال سے ہائی بلڈ پریشر, یورک ایسڈ, حرکت البول وغیرہ امراض سے بفضل تعالیٰ بہت جلد نجات مل جاتی ہے۔

چائے کے عادی افراد کو انہیں اجزاء کی چائے تیار کر کے پلانے سے چائے کے بد اثرات ختم اور عادت سے نجات مل جاتی ہے

## سوداوی کھانسی

چند مغز بادام توے پر گرم کریں کہ جلنے نہ پائیں سوتے وقت چبا کر کھالیں بہت مفید ہے

# پیٹ درد

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

پیٹ درد یا اچانک گردہ یا پتہ میں درد کے لئے فوری طور پہ کچن کا رخ کریں۔ اور

ایک چمچ اجوائن نیم بریاں اور میٹھا سوڈا نصف چمچ ملا کر شہد یا گڑ ملے نیم گرم پانی سے استعمال کرنے سے گھڑی سے دیکھ کر پانچ منٹ میں ہی سکون ہو جاتا ہے۔

# کھانسی

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

اگر کھانسی تر ہو یعنی بلغم تنگ کر رہی ہو تو

دار چینی اور لونگ معمولی مقدار کا قہوہ نکال کر قدرے شہد ملا کر گرم گرم چائے کی طرح پینے سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔

خشک کھانسی کے ل ئ ے خوب پکے ہو ئ ے کیلے کو چینی لگا لگا کر متعدد مرتبہ کھانے سے کھانسی دور ہو جاتی ہے۔

نیز سوتے وقت دودھ کی چا ئ ے میں ایک چمچ دیسی گھی ملا کر پینے سے بھی خشک کھانسی سے نجات مل جاتی ہے۔ ان شاء اللہ

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

# زکام

زکام کی ابتداء میں ہی ناک کے اندر سرسوں کا تیل بار بار لگانے سے ایک ہی دن میں زکام دفع ہو جاتا ہے۔

آلو کی بجھیا کھانے سے بھی بہتی ہو ئ ی ناک خشک ہو جاتی ہے۔

# خشک کھانسی

کالی مرچ اور چینی ہموزن سفوف بنالیں۔

چٹکی چٹکی دن میں متعدد مرتبہ چوسنے سے بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

حکیم چاکر حسین۔۔کراچی

## ورم جگر، پتہ، گردہ، مثانہ

بلڈ پریشر ہائی ،یورین کی بندش، جلن،رک رک کر آنا،غصہ کی کثرت، صبح اٹھنے کے بعد چہرے پر،ہاتھوں،اور پاؤں پر ہونے والی سوجن،ورم رحم،درد کمر ،زیر ناف درد، پیپ والے دانوں کے لیے،رحم میں ہونے والی سسٹ کے لیے،پانی کی تھیلیوں، جلن کے ساتھ ہونے والے موشن،پس سیلز،منہ میں پلپ والے چھالوں،ورم جگر،پتہ، گردہ،مثانہ،لبلبہ،پستان،کے لیے سوزاکی زھر سے بیدا ہونے والے ہر مرض وعلامات کے لیے مجرب ہے،سونف،زیرہ سفید،چھوٹی الائچی،گل سرخ،ثنا مکی کا قہوہ شہد سے میٹھا کر کے دیں حکیم مفتی محمد حماد اللہ علوی دواخانہ گلشنِ اقبال کراچی

## خارش،خشک کھانسی

بند نزلہ،گلے میں خراش،ناک میں خارش، خشک کھانسی،سینے کی جکڑن،منہ یا ناک سے یا کثرتِ حیض جو ایام مقررہ کے بعد بھی جاری رہے ،نیند کی

کمی، خشکی، جسم میں دردوالم، اکڑاو ہو، بواسیر خونی وبادی اسکے لیے اجوائن دیسی، پودینہ دیسی، ادرک کا قہوہ شہد سے میٹھا کر کے دیں حکیم مفتی محمد حماد اللہ علوی دواخانہ گلشنِ اقبال کراچی

## بلغمی کھانسی

بہنے والا نزلہ، بلغمی کھانسی، بخار، کثرت سردی، بلڈ لو، جسم بے جان ہو اس کے لیے لونگ، دار چینی، کلونجی کا قہوہ شہد سے میٹھا کر کے دیں حکیم مفتی محمد حماد اللہ علوی دواخانہ گلشنِ اقبال کراچی

## نزلہ زکام کیلیے

نزلہ زکام کے لیئے بہت اچھا کام کرتا ھے دار چینی انچ کے دو تین ٹکڑے قرنفل تین عدد چھوتی الائچی ایک دانہ بڑی الائچی آدھی جوشاندہ بنا کر گڑ مین میٹھا کر کے پیئیں اگر ساتھ میں بخار بھی ھو تو چٹکی اجوائن بھی شامل کریں اللہ شفا دیگا۔

حکیم عبد الصمد۔۔روہڑی

## کھانسی اور گلے کا درد، سوزش

قسط شیریں

سفوف شہد میں ملا کر دیں

کھانسی اور گلے کے درد سوزش میں بہت مفید ہے۔

حکیم قاری محمد اسلم۔۔۔ مدینہ منورہ

## ہائیوسین ہربل

حکیم محمد مصطفٰی۔۔انڈیا

-----

نہایت آسان اور ہر گھر کی ضرورت

عورتوں مردوں پہ یکساں مفید

اجوائن دیسی مدبر۔۔100 گرام

میٹھا سوڈا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام

----

اجوائن کو توے پر بریاں کریں اور گرائنڈ کریں۔۔۔ پھر میٹھا سوڈا مکس کرلیں۔۔۔

خوراک۔۔۔ چوتھائی چائے والا چمچ کھانے کے 30 منٹ بعد ابال کر ٹھنڈا کیئے گئے پانی کے ساتھ۔۔۔

پیٹ درد میں مفید ہے

گرانی معدہ کو دورا کرتا ہے۔

## خشک کھانسی

گاوزبان 1 گرام

ملٹھی 2 گرام

سونف 1 گرام

کالی مرچ 2 عدد پسی ہوئی

حسب ضرورت پانی میں ابال کر قہوہ بنالیں اور شہد سے میٹھا کرکے گرم گرم ہی ایک ایک گھونٹ کرکے پی لیں اور سوجائیں صبح اٹھیں گے تو کھانسی نہیں ہوگی ان شاء اللہ

مجرب ہے

عبدالرحمن خان راولپنڈی

# امراض معدہ

قہوہ برائے بدہضمی

پودینہ 2 گرام

اجوائن دیسی 1 گرام

دار چینی ایک انچ کا ٹکڑا

سونف 20 دانے

2 کپ پانی میں اچھی طرح ابال لیں جب ایک کپ رہ جائے تو حسب ضرورت میٹھا کر کے نیم گرم پی لیں

فوائد کولیسٹرول گیس تیزابیت

بدہضمی کے لئے مجرب ہے

گھر میں بچوں کو دوا کی بجائے یہی قہوہ پلاتا یوں

عبدالرحمن خان راولپنڈی

ھوالشافی:

# اکسیر فیٹی لیور:

آملہ، ہلیلہ، بلیلہ، اجوائن دیسی، گودہ تُمہ۔ ہموزن ادویہ لیکر سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک۔ 1000 ملی گرام کیپسول روزانہ رات سونے سے پہلے پانی کے ساتھ دو کیپسول:

فوائد۔ فیٹی لیور، قبض، گیس، پیٹ درد، شوگر، بلڈ پریشر پہ زبردست رزلٹس ہیں

نسخہ عنایت کردہ :استاد محترم جناب ڈاکٹر و حکیم سید رضوان شاہ گیلانی صاحب(03125338952)

# ڈکار بند

ایک لڑکی عمر تقریباً انیس سال اسکے ڈکار نہیں رک رہے تھے بقول اس کے گھر والوں کے پچھلے دو سال سے یہ معاملہ تھا چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے یہی معاملہ تھا۔۔۔ جھلے کے پاس مریضہ آئی جھلے نے اگلے دن کا ٹائم لیا نسخہ بنانے کے لئیے پنسار کے پاس گیا جو نسخہ ساڑھے تین سو میں بنتا تھا اس کی قیمت پنسار سے نو سو تیس بتائی۔ میں تین سو کی موٹی الائچی لے آیا اور پیس کر ایک چمچ دودھ کی ملائی میں خالی پیٹ استعمال کروائی اللہ کے فضل سے پہلے دن ہی ڈکار میں کمی آ گئی اور ساتھ دن استعمال کروانے سے کڑی ٹھیک ہو گئی۔۔۔

میرا خیال ہے ٹاپک گھریلو اشیاء سے علاج کا لگا ہوا۔

طبیب ساجد نواز عرف طبیب جھلا

# نزلہ زکام جسم میں کمزوری

خاص طور پر شوگر کے مریض جن کا بلڈ پریشر اور شوگر دونوں لو ہوں

گردن میں بل پڑھ جانا پٹھوں کی کموری جو کسی ٹانک سے نہ جاتی ہو

انسان کو ایک دم انرجیٹک کر دیتا ہے

بہت .بہت آزمودہ ہے

کرنا اس طرح ہے 7 کالی مرچ لے لیں ایک چمچ دیسی گھی فرائی پین میں ہلکہ براؤن کر لیں

دودھ دار چینی ڈال کر گرم کیا میں یہ گھی ڈالیں مرچ چبا کر کھا لیں اور دودھ پی لیں دن میں ایک بار

حکیم شاہد سیفی لاہور

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تصدیقی نسخہ نمبر 231

طبی ریسرچ سنٹر

# گرتے بالوں اور گنج پن کا اکسیری تیل

عطیہ

حکیم عبد الغفار فیصل آباد

ھو الشافی

1 کلو سرسوں کا تیل لے لیں۔

امر بیل 250 گرام۔

ترکیب تیاری

اسکو ہلکی آنچ پہ جلالیں۔ اور اسکو سر پہ لگائیں۔ انشاء اللہ 15 دن میں نئے بال اگنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اور گرتے بال بھی بند ہو جاتے ہیں

یہ مجرب المجرب ہے

حکیم میاں محمد صدیق s/o حکیم میاں محمد صادق

فہیم یونانی دواخانہ، ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

سعال یابس کے لیے 50 گرام نبات سفید دو چائے کے چمچ روغن زرد ملا کر ہلکی آنچ پر پکائیں جب نبات سفید پگھل کر رنگت تبدیل کرنے لگے کسی پیالہ میں ڈال لیں ٹھنڈا ہونے پر گھی اوپر سے اتار کر دوا کے ٹکڑے مثل ٹافیوں کے بنالیں اور مریض کو چوسانے کا کہیں بہت ہی مفید ہے حکیم عبد السلام عاجز ضلع لیہ

## عرق النساء

مصبر۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

حرمل۔۔۔۔۔50 گرام

سرنجاں شیریں۔۔۔۔۔50 گرام

سفوف بنالیں

اور 125 ملی گرام کیپسول بھر لیں

صبح وشام ایک ایک کیپسول ہمراہ

قہوہ استعمال کروائیں

عرق النساء جوڑوں کے درد اور گیس قبض کے لئے مفید اور مجرب ہے

دعاؤں کا طالب

طبیب عبدالرحمن خان

# گینگرین کے لئے

یہ مجرب نسخہ جو سب کو معلوم ہو گا لیکن گینگرین پہ کسی نے نہیں آزمایا ہو گا

سرسوں کا تیل 1 پاو

چھپکلی 1 عدد

چھپکلی کے پیٹ کو بلیڈ سے چیر کر تیل میں ہلکی آنچ پہ جلالیں

اور یہ تیل چھان کر استعمال کروائیں بہت جلد گینگرین کے مریض ٹھیک ہو جاتے ہیں

دعاؤں کا طالب

طبیب عبد الرحمن خان راولپنڈی

# قبض و بواسیر کیلیے

ھوالشافی تخم نیم، تخم کلونجی، تخم تارا میرا، تخم بکائن، پوست ریٹھہ ہموزن بہت باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے شہد کی مدد سے سفید بڑے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح شام پانی کے ساتھ۔

فوائد: پرانی سے پرانی خونی و بادی و ریاحی بواسیر، موہکوں مسوں چند دن میں ختم ھوتے ہیں۔ دائمی قبض، معدے کی جلن، گیس تبخیر، مہلک تیزابیت، پیٹ کے کیڑوں فسچولہ یا فشر یا بگھندر، جوڑوں کے درد یورک ایسڈ، چہرے کے دانے، مہاسے، کیل، رنگت میں سیاہی، الرجی، پرانی سے پرانی خارش، داد چنبل، خارس بڑھے ہوئے پیٹ، رحم کی اور ہر طرح کی رسولی و گلٹی خواہ کہیں ہو سب کیلیئے قلیل اجزا اسہل الحصول کم خرچ اور بالا نشین اکسیر ہے۔

بواسیر کیلئے تقریبان 3 ماہ استعمال کرواتا ہوں مکمل جڑ سے ختم ہوجاتے ہیں دوبارہ نہیں ہوتے ان شاء اللہ

ساتھیو اس کے فوائد بہت ہیں یہ ضرور بنا کر استعمال کریں اور ناچیز کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں

صاحب نسخہ عزت علی شاہ

تصدیق و تجربہ شدہ

عبد الرحمن خان راولپنڈی

## ہر قسم کی بواسیر کیلیے

پوست ریٹھہ، مغز تخم نیم، مغز تخم دھریک، رسونت خود ساختہ، تخم تارہ مرا، تخم کلونجی۔۔۔۔ ہموزن

ترکیب تیاری:- تمام ادویات سفوف بنا کر آب پوگاٹ یا آب مولی کے پانی میں ایک دن کھرل کر کے گولیاں بنا کراوپر کشتہ مرگانگ ملفوف کریں۔

حبوب بقدر کوکن بیر بنائیں۔

ایک سے دو عدد ہمراہ پانی سادہ تین وقت قبل از طعام استعمال کروائیں۔

ایک ماہ کے باپرھیزا ستعمال سے ان شاء اللہ ہر قسم کی بواسیر سے کلی نجات حاصل ہوگی۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## بلغمی دمہ کے لیے

سبز الائچی 10 گرام

تیزپات 10 گرام

دار چینی 10 گرام

مگاں 40 گرام

آرد چھوہارہ 80 گرام

ملٹھی 160 گرام

دیسی میوہ حسب ضرورت

میوہ کے علاوہ تمام ادویہ کا سفوف بنالیں

پھر میوے کے ساتھ کوٹ کوٹ کر اقراص بنائیں

1 گولی منہ میں رکھ کر چوسے

بلغمی دمہ کے لیے مجرب ہے خاص طور پر مریض جب رات کو سونے کے لیے لیٹے اس کو منہ میں رکھ کر چوسے اور سو جاے۔ جمع ہوا بلغم نکال دیتی ہے ان شاء اللہ

## عرق النساء

عرق النساء جو کسی بھی دوائی سے ختم نہ ہو اس کیلئے لاجواب نسخہ۔۔ پہلی خوراک سے ہی انجکشن سے بھی جلدی درد کا خاتمہ۔

زعفران۔۔ایک تولہ

مصطگی کوئٹہ والی۔1 تولہ

ہیرا ہینگ۔۔ایک تولہ

علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے شہد کی مدد سے مرچ سیاہ جتنی گولیاں بنائیں۔۔ایک ایک گولی صبح شام بعد از غزاء ہمراہ دودھ پتی۔۔

عرق النساء 20 سال سے بگڑی ہوئی بھی ہوئ تو انشاللہ ٹھیک ہو گی۔۔10 دن کافی ہیں

## عرق النساء

حرمل، سورنجان شیریں، کالی زیری ہم وزن

دن میں دو سے تین بار

ڈیڑھ سے دو گرام

عزیز دوستو السلام علیکم

فالج کے حملہ سے فوری بچاو یا حفظ ما تقدم کے طور پر یہ میرے چند تجربہ شدہ دوایں پیش خدمت ھیں شفا من جانب اللہ

ھوالشافی

## برائے لقوہ وفالج

ھینگ اصلی حسب ضررت لیکر پانی میں گھول لیں اور ڈراپر سے ناک میں دونوں طرف ڈالیں

جندبیدستر 5 گرام

زعفران 5 گرام

جدوار خطای 5 گرام

سب کو خوب باریک کھرل کرکے ایک گرام لیکر ایک چمچ خالص شہد یا برانڈی میں ملا کر چٹایں اوپر سے اگر ممکن ھو تو ادرک دار چینی لونگ بڑی الاپچی اسارون کا قہوہ بنا کر پلایں دن میں دو مرتبہ

مقام فالج پر جایفل لہسن ادرک لونگ بیر بہوٹی کو تیل سرسوں میں جلا کر تیل کی مالش کریں

سرد ھوا سے بچایں بھوکا رکھیں صرف ما١٦ العسل یعنی شہد کا پانی پکا کر پلایں

حکیم عبدالعزیز

ٹنڈوادم

03103138758

## فالج کیلیئے

فوری طور پر Aconite CM کے چند ڈراپس مریض کی زبان پر ہر پانچ سے دس منٹ کے وقفے سے ڈالیں

فوری طور پر افاقہ ہوتا ھے

حکیم وڈاکٹر زاھد مشتاق

# ہمہ قسم دردوں کیلیے، زنجبیل مدبر

ھوالشافی

۱ -سونٹھ ایک پاؤ

۲ -برگ مدار تین کلو

۳ -دیسی گھی حسب ضرورت

ترکیب تیاری

گھی کے ایک ٹین میں دو کلو برگ مدار دھلے ہوئے نیچے بچھا کر اوپر سونٹھ کے ٹکڑے بچھا دیں اور ایک کلو پتے اوپر بچھا کر خوب دابو بنائیں اور ٹین کا منہ کٹے ہوئے ٹین سے ڈھانپ دیں۔ چولہے پر رکھ کر نیچے نرم آگ جلائیں۔ جب پانی مکمل خشک ہو کر نیچے والے پتے جل جائیں تو آگ بند کر دیں۔ خوب سرد ہونے پر سونٹھ نکال کر خشک ہونے کے لیے رکھ دیں۔ اس کے بعد سونٹھ کی گنڈیوں کو حسب ضرورت دیسی گھی لگا کر نیم بریاں کر لیں۔ جب بریاں ہو جائے تو کوٹ پیس کر خوب باریک کر لیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

اڑھائی سو سے پانچ سو ملی گرام روزانہ دو تین بار بعد از غذاء ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا آب تازہ کھلائیں۔

خواص و فوائد

درد دل، گھٹنوں کے درد، جوڑوں کے درد، یورک ایسڈ کا درد، بلڈ یوریا، پتہ کا درد، درد شکم، بادی بواسیر، سانس کی تنگی، خشک کھانسی، انقطاع رابطہ وغیرہ کے لیے اکیلی یا دوسری ادویہ کے ساتھ کھلانا بے حد نفع کرتی ہے۔ مجرب و معمول مطب ہے۔

نوٹ:

اس دفعہ میرا پروگرام ہے کہ ایک پاؤ سونٹھ کے ہمراہ ایک پاؤ فلفل سیاہ پوٹلی بنا کر اور ایک چھٹانک ہڑتال ورقیہ چار کلو برگ مدار کے دابو میں تیار کروں گا۔

ہڑتال ورقیہ کو مثل سرمہ پیس کر فلفل سیاہ چٹکی چٹکی ڈال کر کھرل کر کے مانند غبار کروں گا اور سونٹھ کو دیسی گھی بریاں کر کے باریک پیس کر شامل کروں گا۔ اس کی مقدار خوراک ایک تا دو رتی ہوگی۔ یہ غدی اعصابی اکسیر تیار ہوگی۔ ان شاء اللہ العزیز

ڈاکٹر سید تنویر حسین

نسخہ نمبر ۴ -

## قرص سیر مقوی معدہ وامعاء

ھوالشافی

۱ - لہسن دیسی مقشر ایک چھٹانک

۲ - سونٹھ قسم اول ایک چھٹانک

۳ - نمک سیاہ اصلی ایک چھٹانک

ترکیب تیاری

لہسن کی چٹنی بنا کر سونٹھ اور نمک سیاہ کا سفوف بنا کر ڈالیں اور خوب گھوٹ کر ایک ایک گرام کے چپٹے قرص بنالیں اور دیسی گھی تھوڑا سا توے پر لگا کر بریاں کرلیں براؤن ہو جائیں مگر جلنے نہ پائیں۔ کسی پیپر پہ اتارتے جائیں جب سب تیار ہو جائیں تو ائر ٹائٹ شیشی میں پیک کرلیں۔

مقدار خوراک :

ایک تا دو قرص روزانہ دو تین بار بعد از غذا چوس کر کھائیں تاکہ منہ کے انزائم معدہ میں جائیں۔ اگر چوسنا مشکل ہو تو چبا کر تھوڑے سے پانی کے ساتھ نگل لیا کریں۔

مزاج؛ غدی اعصابی (گرم تر) محرک شدید

خواص و فوائد:

مقوی معدہ و امعاء، ہاضم طعام، محرک اشتہاء، کاسر ریاح، الٹی متلی گیس اپھارہ، بلڈ پریشر لو، درد دل ضعف ہضم، کمی اشتہاء کی بہت اعلیٰ دوائی ہے۔ ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

# ہائی بلڈ پریشر کے لیے بہترین نسخہ

مجرب و معمول مطب

ھوالشافی

چھوٹی چندن ۵ تولہ

صندل سفید ۲ تولہ

کشنیز خشک ۲ تولہ

تخم الائچی سبز ۲ تولہ

ایرانی گلاب کے پھول کی پتیاں ۵ تولہ

سفوف ۵۰۰ ملی گرام صبح و شام بہت قابل قدر نسخہ ہے۔ بروقت استعمال کرنے سے کسی نعمت سے کم ثابت نہیں ہوتا۔ اس مقصد کے لیے اس کا ہمسر نسخہ نہیں ملے گا۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## بلا کیج کیلئے

تصدیق یہ نسخہ ڈاکٹر تنویر حسین شاہ صاحب کا سینہ کا راز جسکو شاہ صاحب نے ہمارے لئے ایاں کر دیا اللہ پاک آل نبی اولاد علی کے صدقے میں شاہ صاحب کی عمر اقبال دراز فرمائے اور آپکی زندگی میں آسانیاں پیدا فرمائے آپکی آخرت سنوار دیں آمین

نسخہ

تخم جرجیر

تخم ستیاناسی

کالی زیری

ہموزن سفوف بنا کر 500 ایم جی کے کیپسول بھر لیں ایک کیپسول صبح شام دیں ہر قسم کی بلاکیج کو کھول دیتا ہے. دل کے بند وال. وینس کی بلاکیج، شوگر والوں کی انسولین چھوٹ جاتی ہیں، ریح کے دردوں کو بھی زبردست کام کرتی ہیں، یورک ایسڈ، چربیلی گلٹیاں رسولیاں کو ختم کرتی ہے، اعلی درجے کی مصفی خون بھی ہے.

نسخہ نمبرا

حکیم یٰسین دنیا پوری مرحوم کا خاندانی مجرب المجرب نسخہ

# ہاضم5

سونٹھ، نوشادر، کالی مرچ، مغاں ہر ایک ایک تولہ میٹھا سوڈا، پودینہ دیسی خشک دو دو تولہ، سونف، ریوند خطائی گندھک آملہ سار، نمک طعام ہر ایک چار تولہ۔ کل دس اجزاء کوٹ چھان کر محفوظ کر لیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

چار رتی تا ایک ماشہ روزانہ دو تین بار کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

مزاج: غدی اعصابی (گرم تر) ہاضم ہے۔

خواص و فوائد

ترشی و تیزابیت اور اس سے پیدا ہونے والی تمام علامات و امراض کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں۔

بواسیر بادی و خونی ہر قسم پر مجرب المجرب ہے۔ علاوہ ازیں یورک ایسڈ، عرق النساء، وجع المفاصل، بائی کے ٹیسیں مارنے والی درد، ضعف ہاضمہ کی بہترین دوائی ہے۔ الٹی متلی گیس درد دل، درد جگر، درد زائدہ اعور بوجہ ترشی و تیزبیت کو بند کرتی ہے اعلیٰ درجہ کی ملین و قبض کشاء ہے۔ کثیر الفوائد ادویہ میں شامل ہے۔

جلدی امراض **پھوڑے پھنسیاں خارش** دھدر کے لیے مؤثر ترین ہے۔ بلڈ یوریا اور اسکی پیدا کردہ علامات کو چند دن میں روک دیتی ہے۔ عضلاتی اعصابی عضلاتی غدی اور غدی عضلاتی علامات کے دفعیہ کے لیے بھروسہ کی دوائی ہے۔ ہر دواخانے کی زینت بننے کے لائق ہے۔

نوٹ

اصل نسخہ میں میٹھا سوڈا 3 تولہ اور نمک طعام 8 تولہ ہے۔ ہم نے اپنی ضرورت کے مطابق سوڈا 2 تولہ اور نمک 4 تولہ کیا ہے۔ فوائد میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## شوگر، قبض و دمہ کیلیے

اسطخودوس، تمہ اور رائی ہموزن

ترکیب تیاری

سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک

چار رتی روزانہ دو تین بار ہمراہ پانی

خواص فوائد

شوگر کے ایسے مریض جن کے پاؤں جلتے ہوں۔ ان کے لیے تریاق ہے۔
انہیں 500 ملی گرام کے دو کیپسول رات کو پانی سے کھلائیں۔ ایک دو دن میں جلتے ہوئے پاؤں بلکل ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

اس کے علاوہ دائمی قبض، نزلہ زکام، اعصابی کھانسی، بلغمی دمہ سر درد عصابہ اور دائیں جانب کا سر درد کے لیے باکمال نسخہ ہے۔ یہ نظریہ کا نسخہ ہے۔

حکیم واجد اللہ خان چشتی صابری۔

## ٹائیفائیڈ، سوکھڑا، دق الاطفال

سفوف مصطگی رومی

ھوالشافی

1- مصطگی رومی 1 تولہ

2- طباشیر نقرہ 1 تولہ

3- الائچی سبز 1 تولہ

4- ست گلو اصلی 1 تولہ

5- کوزہ مصری 4 تولہ

ترکیب تیاری:

پہلے مصطگی کو نہایت نرم ہاتھوں سے چوٹ پہنچائے بغیر رگڑ لیں۔ پھر باقی اجزاء ملا کر کھرل کر کے نہایت باریک سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک:

بچوں کو ایک تا دو رتی بڑوں کو چار تا آٹھ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں

مزاج غدی اعصابی ( گرم تر (

خواص و فوائد:

معدہ کی گرمی ہاتھوں پاؤں کی جلن، جگر کی گرمی ALT ہائی، موسمی بخار، ٹائیفائیڈ بخار، ضعف معدہ و امعاء کی بہت اعلٰی دوائی ہے۔ ہمارا خاندانی مجرب نسخہ ہے۔

بچوں کے اکثر امراض الٹی، متلی، ہرے پیلے دست، بخار بالخصوص عطاش یعنی سوکھڑا مسان یادق الاطفال کی بھروسہ کی دوا ہے۔

جن بچوں کی گروتھ رک جائے ان کے لیے آب حیات، نوید مسرت ہے۔ پچیس سال کی عمر تک کے بچوں اور بچیوں کی رکی ہوئی گروتھ دوبارہ شروع ہو

جاتی ہے۔ ایک دو ماہ کے استعمال سے ان کا قد بھی بڑھنے لگتا ہے اور وزن بھی پورا ہو جاتا ہے۔ بارہا کا آزمودہ،

مجرب و معمول مطب ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## نمب آدی چورن

آیورویدک کا معروف اور مؤثر نسخہ محرقہ و ٹائیفائیڈ کیلیے

ھو الشافی

-1 نیم کے پتے 10 تولہ

-2 آملہ خشک 1 تولہ

-3 پوست بھیڑہ 1 تولہ

-4 پوست ہلیلہ 1 تولہ

-5 کالی مرچ 1 تولہ

-6 فلف دراز 1 تولہ

-7 نمک سیاہ 1 تولہ

8- نمک سانبھر 1 تولہ

9- نوشادر ٹھیکری 1 تولہ

10- اجوائن دیسی 5 تولہ

11- جو کھار اصلی 2 تولہ

ترکیب تیاری

تمام اجزا صاف ستھرے ملا کر کوٹ چھان لیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

ایک گرام صبح و شام پانی سے دیا کریں شدید صورتوں میں ایک ماشہ چورن کے ساتھ دو رتی کشتہ سنکھ بھی شامل کر کے دیں۔

خواص و فوائد

ہمہ قسم کے بخار، موسمی، محرقہ، ٹائیفائیڈ، کے لیے مفید ترین دواء ہے۔ آنتوں کی ٹی بی آنتوں کے ٹیومر کی بھروسے کی دواء ہے۔ مصفیٰ خون بھی ہے ہرنیا اور اپنڈیکس کے لئے استعمال کرائیں تو اپریشن کی نوبت نہیں آئے گی۔ ان شاء اللہ۔

یہ آریو ویدک کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ ایک گروپ میں جناب پروفیسر حکیم اسحاق سلطان صاحب نے بتایا تھا۔ تجربہ پر شاندار ثابت ہوا۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## درد شقیقہ، بواسیر و عرق النساء

ملین 45

) فارماکوپیا حکیم شاکر (

ھوالشافی

زنجبیل، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری، اسطخودوس، پیپلا مول ہر ایک 10 گرام۔ سہاگہ سفید خام، سورنجاں شیریں سورنجان تلخ، ہر ایک 20 گرام۔ برگ مدار زرد خشک، سوڈا خوردنی، سونف، زیرہ سفید، پودینہ خشک ہر ایک 30 گرام۔ ہلدی دیسی، ریوند خطائی ہر ایک 60 گرام۔ کل سولہ اجزاء

ترکیب تیاری

سب ادویہ صاف ستھری کر کے سفوف بنالیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

دو سے تین گرام دواء دن میں تین مرتبہ ہمراہ دودھ یا بدرقہ مناسبہ

افعال و اثرات

گرم تر۔ تر گرم اجزاء پہ مشتمل نسخہ ہے۔ اس لحاظ سے مقوی و محرک دماغ و اعصاب ہے۔ بدن میں حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔ جگر کی مشینی اور دماغ کی کیمیاوی تحریک شروع کرتا ہے۔

خواص و فوائد

اعصاب میں کرنٹ دوڑا دیتا ہے۔ پولن الرجی۔ چھینکیں۔ جیسی علامات کو شافی ہے۔ خون کو پتلا کر کے شرائین و اوردہ کے سدے تحلیل کرتا ہے۔ سکستھ نروپالسی، درد شقیقہ کے لیے از بس نافع مجرب ہے۔

بہرہ پن، قشری کھانسی، کان بہنا، نزلہ، سر درد، پٹھوں کے درد، دماغی رسولیاں،

ناف ٹلنا فالج اسفل، لقوٰی بال گرنا، گھٹنوں کا درد، نقرس، جوڑوں کے درد، عرق النسا، موہروں کا گیپ، ڈسک پنکچر ہونا، موہروں کے اپریشن کے دوران جو انجیکشن لگتا ہے اس کے بد اثرات اور درد کو بھی ختم کرتا ہے۔

بواسیر بادی و خونی، ترشی تیزابیت معدہ پر بھی نہایت مفید دواء ہے۔ مزید اس میں کولینبئر سنڈروم

بھی شامل ہو گیا ہے۔

صفت خاص

نہایت مقوی و محرک دماغ و اعصاب نسخہ ہے۔ اس لیے ضعف باہ بوجہ ضعف دماغ و ضعف معدہ کے لیے مجرب ہے۔ خاص الخاص اعصابی خدر کے باعث عین وقت پر انقطاعِ رابطہ کے لیے تیر بہدف دوا ہے۔

مرتبہ :

یہ نسخہ میرے استاد محترم جناب حکیم پروفیسر شاکر صاحب کے استاد محترم جناب حکیم محمد شبیر صاحب کا ہے۔

ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی

## ڈائریا کے لیے

ھوالشافی

-1 پوست ہلیلہ زرد 100 گرام

-2 بیلگری 100 گرام

-3 آنبہ ہلدی 100 گرام

ترکیب تیاری

تمام اجزا پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک

چار رتی تا ایک ماشہ سرد پانی سے ایک ہی خوراک اکتفا کرتی ہے۔ ضرورت پڑے تو ایک اور کھلا دیں۔

خواص و فوائد

جلاب، ڈائیریا، پیچش، اسہال کو فی الفور بند کر دیتا ہے۔ اس لیے سدوں والے مریض کو نہ دیں۔ جب اسہال بند کرنے ہوں تو ایک خوراک کھلا دیں۔ بس

حکیم و ڈاکٹر طاہر شبیر ملہی

## لاثانی جدید (نزلہ و امراضِ رحم)

ھوالشافی

1- سونف 1 تولہ

2- ملٹھی 1 تولہ

3- ہلدی 1 تولہ

4- مکو دانہ 1 تولہ

5- ریوند خطائی 4 تولہ

ترکیب تیاری

تمام اجزا باریک پیس کر وزن کریں اور کھرل کر کے یکجان کر دیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

ایک تا دو گرام حسب ضرورت ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں دو تین بار دے سکتے ہیں۔ بعض امراض میں اس کے ساتھ فی خوراک کشتہ سنکھ دو رتی شامل کرنے سے اسکی تاثیر دوچند ہو جاتی ہے۔

خواص و فوائد

ناک ہڈی بڑھ جانے کی وجہ سے نزلہ ریشہ چھینکیں آنا، نیز بند نزلہ کو مفید ترین نسخہ ہے۔

اس کے علاوہ امراض نسواں مثلاً ڈس مینوریا (عسر الطمث)، سوزش رحم، ورم الرحم، انقلاب الرحم، انبساط الرحم رحم ٹل جانا، فلپن ٹیوبز کی بلاکیج، یوٹرس کی سسٹس اور ہارمونل امبیلنس کو ازبس مفید ہے۔ ضعف جگر کے تمام امراض میں

بھروسہ کی دواء ہے۔ الغرض کثیر الفوائد ہے سمجھدار طبیب اس سے کئی کام لے سکتا ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## امرت دھارا

ست لوبان۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ۔ ست کافور۔ ست لیموں۔ ست الائچی۔ ست لونگ۔ نشادر۔

تمام اجزاء 1 + 1 تولہ روغن جائفل 1 ماشہ

معروف طریقہ کار سے تیاری اور چینی کا استعمال

نمونیہ میں 10 قطرے , ہیضہ میں 5 قطرے

عام گیس میں 1 تا 3 قطرے

نزلہ وزکام میں 1 قطرہ انگلی پر لگا کر دونوں نتھنوں میں لگانا ہے

اہم ترین بات 1 کپ چائے دو حصوں میں تقسیم کر لیں 1 قطرہ ایک حصہ میں ڈال کر پلا دے اور اوپر سے دوسرا سادہ ہی پلا دے رات کو سوتے وقت 7 دن لگاتار آٹھویں دن اس بندے کا معدے کا السر ختم ہو جائے گا بے شک اسے مرغن غذا کھلائے معدہ میں درد نہیں ہو گا

شاہد تنویر فرام جہلم

# ماہواری کھولنے کے لیے

میرا آزمودہ نسخہ ہیں

اس سے 10 سال سے بند ماہواری بھی کھل کر آنے لگ جائے گی

عقر قرہ ایک تولہ

میٹھا سوڈا ایک تولہ

پنکی ایک تولہ

سب کا سفوف بنا لیں

100 ایم جی کیپسول

سونف اجوئن گھڑ کے قہوہ کے ساتھ صبح دوپہر شام استعمال کریں

جیسے ہی افاقہ ہو دوائی کا استعمال بند کر دیں

اس کے استعمال سے انشاء اللہ مکمل شفاء ہو گی

یہ نسخہ طاہر سندھو صاحب نے مجھے عطا کیا گیا ہے

طالب دعا عامل حکیم عاصم رانا سانگھڑ سندھ پاکستان

# مفرح نقرئی (سرعت انزال کیلیے)

سرعت انزال کے لیے مجرب و معمول

ھوالشافی

طباشیر نقرہ 100 گرام

الائچی خورد 100 گرام

زہر مہرہ خطائی 100 گرام

ورق چاندی 1 دفتری

کشتہ مرجان 3 گرام

ترکیب تیاری

تمام اجزاء نہایت باریک پیس کر یکجان کر لیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

ایک گرام صبح و دوپہر و شام ہمراہ پانی یا بدرقہ مناسبہ دیں۔

خواص و فوائد

الٹی متلی قئے خواہ کسی سبب سے ہو بفضل خدا بند ہو جاتی ہے۔ جہاں کوئی دوائی کام نہ کرے وہاں اس کو استعمال کریں۔ اس کے علاوہ تقویت قلب کے لیے نہایت اعلٰی ہے۔ دل کے امراض مثلاً اختلاج القلب خفقان القلب اور ضعف قلب یا سن سٹروک میں یہ ہمراہ دودھ دہی ملا کر دینے سے بہترین رزلٹ آتا ہے۔ ہر قسم کی کمزوری و ناتوانی کو دور کر دیتا ہے۔ سرعت انزال کے لیے بھروسے کی دوائی ہے۔ اس کو استعمال کرنے والے کو گرمیوں میں تیز دھوپ سے ضرر نہیں پہنچتا۔ اگر صرف پندرہ دن استعمال کریں تو سخت گرمی میں پیدل سفر کرنے سے بھی گھبراہٹ نہیں ہوگی۔ نہ سن سٹروک ہوگا نہ چکر آئیں گے نہ اٹیک ہوگا۔ ان شاء اللہ

عطیہ حکیم اعجاز احمد ناصر

فرام مرید کے لاہور، سابق انچارج طبیب قرشی انڈسٹریز قرشی ڈسپنسریز نیاریاں چوک لاہور، سابق طبیب ہمدرد دواخانہ شیخوپورہ

## دوائے ہشت

ہلدی خام 50 گرام

کاکڑا سنگھی 50 گرام

رال سفید 50 گرام

ریوند خطائی 50 گرام

قسط شیرین 50 گرام

ہیرا ہینگ بریاں 50 گرام

کشتہ بارہ سنگھا در شیر مدار 50 گرام

کشتہ سنگھ در شیر مدار 50 گرام

ترکیب تیاری

کشتہ جات کے علاوہ تمام چیزوں کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے کشتہ جات شامل کریں اور اچھی طرح مکس کریں۔

طریقہ استعمال

250 ایم ٹی کا 500 ایم جی کیپسول بھر لیں یا پانچ گنا زیادہ شہد ملا کر معجون تیار کر لیں چوتھائی چمچ تا آدھا چمچ دن میں تین بار مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کروائیں

فوائد تمام قسم کے عضلاتی غدی اور غدی عضلاتی امراض کا قلع قمع کرتی ہے

ہر قسم کی بلاکیج ۔بندش حیض ۔گلے اور پھیپھڑوں کے امراض گلے کا ورم

ٹانسلز

سانس کی تنگی دمہ کھانسی۔ ریح بادی کے درد

بواسیر خونی بادی۔ ورم۔

موسمی الرجی پولن الرجی

تمام قسم کے وائرس کے لیے اکسیری دواء ہے نیز بہترین قسم کی اینٹی بائیوٹک ہے

حکیم قاری محمد جاوید راولپنڈی 03459724633

نسخہ نمبر 3

## حب مقوی خاص

1- ست سلاجیت 15 گرام

2- کچلہ مدبر 15 گرام

3- کشتہ فولاد 12 گرام

4- زعفران 3 گرام

5- فلفل سیاہ 6 گرام

ترکیب تیاری

تمام اجزاء باریک پیس کر ملالیں اور خوب کھرل کر کے منقیٰ کی مدد سے گولی بقدر نخود سیاہ بنالیں۔

مقدار خوراک

ایک ایک گولی صبح وشام یا صرف رات کو ہمراہ دودھ نیم گرم

مزاج عضلاتی غدی مقوی ہے۔

خواص و فوائد

ضعف باہ، اور وجع المفاصل کی بہت شاندار دوائی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

فالج، لقویٰ، پٹھوں کی کھچاوٹ، کمر درد، نمونیا وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ دانا اس سے کئی کام لے سکتا ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین, طاھر سندھو

نسخہ عطیہ : حکیم یونس صاحب

## اکسیر جسم

یہ اکسیر تین چیزوں کا مجموعہ ہے آملہ کا سفوف چار سو گرام, بھیڑہ کا سفوف دو سو گرام, ہریڑ کا سفوف سو گرام مکس کر کے بنتا ہے

ایک کپ پانی میں ایک چمچ سفوف ڈالکر ابال کر چھان کے ایک چمچ شہد ملا کے صبح نہار منہ گھونٹ گھونٹ کر پی لیں یہ پورے جسم کے لیے اکسیر ہے

جسم میں زائد رطوبتیں جمع ھونا, بالوں کا قبل از وقت سفید ھونا, جسم میں صفراء کا جمع ھونا جسم میں گلٹیاں بننا, جلد کا بگڑنا پھوڑے پھنسیاں زخم بننا, قبض کا مستقل رہنا, معدے کا کام نہ کرنا

آنتوں کی خشکی, بلغم کیرہ نزلہ

صفراوی موٹاپا, کولیسٹرول بڑھنا, یورک ایسڈ بڑھنا

داڑھی کے بال سفید ھونا, منہ پہ جھریاں سیاہیاں کیل مہاسے ھونا, عضو خاص کی کمزوریاں, جریان

لیکوریا, رحم کے تمام مسائل, پیشاب کے تمام امراض, سوزاک, آتشک, گردے مثانے پتے کی پتھریاں, نظر کی کمزوری, مثانے کی کمزوری

پراسٹیٹ گلینڈ کا بڑھنا, ہائیپر ھونا, دماغی کمزوری

سٹریس, ٹینشن, جسمانی کمزوری, پیشاب کی جلن عورتوں کے جملہ امراض مخصوصہ, نقاہت, چکر آنا

بیہوشی, غشی, جسمانی دردیں, بلڈ پریشر ہائی لو

گردوں کی صفائی, جگر کی مضبوطی, جسم سے بلغم کا خاتمہ, کمر درد, پٹھوں کا درد, لنگڑی کا درد

کمر درد, قوت مدافعت میں کمی

سر بصد ادب و احترام مجرب عرض کرتا ہوں منہ کے چھالوں کے لیئے۔۔۔۔

1 سے 2 دفعہ لگانے سے ہی مکمل آرام ہو گا۔۔

# نیشنل زعفرانی قوام

جو کہ پان سگریٹ کی دکان سے مل جاتا ہے۔۔۔یہ چونے کی اکال خاصیت کا تریاق ہوتا ہے جو میٹھے پان میں لگا کر گاہک کو دیا جاتا ہے

یہ 30 سے 40 روپے کا ملتا ہے ڈبی کی پیکنگ میں۔۔۔

طریقہ استعمال

انگلی کی مدد سے منہ میں لگائیں۔۔۔ذائقہ بہت میٹھا عمدہ ہوتا ہے۔۔۔

بچوں بڑوں مرد و عورت کے لیئے بہت مفید و موئثر ہے اور بہت عرصہ سے میرے استعمال میں ہے ۔۔۔ عامر باجوہ

## تریاق دمہ

ھوالشافی

1- حنظل بغیر بیج ۱۲۰ گرام

2- سرخ مرچ بمع بیج ۱۲۰ گرام

3- مویز منقیٰ ۱۲۰ گرام

ترکیب تیاری

پہلے تمہ اور سرخ مرچ کا پوڈر تیار کریں پھر منقیٰ ڈال کر اس قدر کوٹیں کہ اجزاء کی الگ شناخت ختم ہو جائے ۔ اب گولیاں بقدر کنار دشتی تیار کر لیں۔

مقدار خوراک

ایک دو گولیاں صبح و دوپہر و شام ہمراہ تازہ پانی یا قہواہ لونگ دار چینی بنفشہ وغیرہ

مزاج عضلاتی غدی تریاق ہے۔

خواص و فوائد

اعصابی دمہ کی خاص دوائی ہے۔ انتڑیوں کو حرکت دے کر تمام بلغم بذریعہ پاخانہ خارج کر دیتی ہے۔ اور دمہ کا مریض پہلے ہی دن سکھ کا سانس لیتا ہے۔ اس کے علاوہ الرجی (چھینکیں نزلہ زکام کھانسی بخار) کو بے حد مفید ہے۔ حاذق طبیب اپنی حذاقت سے اس معمول نسخہ سے کئی فوائد لے سکتا ہے۔ ریاحی دردوں یورک ایسڈ کے درد اور وجع المفاصل اور ہچکی کے لیے بھی نافع ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## کڑوی اکسیر جگر

میگنیشیا سالٹ۔۔۔250 گرام

قلمی شورہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

جو کھار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

نوشادر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

ہیرا کسیس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

پتری فولاد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

سبز کونین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

میٹھا سوڈا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

عرق سونف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔1 بوتل

**ترکیب**

سب چیزیں باریک سفوف کر کے عرق میں مکس کر دیں اور اچھی طرح ہلائیں یا مدھانی سے مکس کر لیں۔۔۔

تیار ہے

خوراک۔۔۔

دہی کی لسی آدھا گلاس مریض کو پلا کر یہ کڑوا شربت 2 سے 4 چمچ حسب برداشت پلا دیں اور بعد میں بھی لسی پلا دیں۔۔۔

صبح شام یا 24 گھنٹے میں ایک بار کھانے کے بعد

روٹی مکھن سے تر کر کے کھلائیں۔۔

**اثرات**

اس دوا سے سیاہ رنگ کے پاخانے آتے ہیں۔۔۔ صفرا سودا کا بہترین مخرج ہے

۔۔۔۔۔۔

معدہ جگر پتہ تلی گردہ مثانہ کی بہترین اصلاح کرتا ہے

حد سے زیادہ گرمی کو دونوں میں اعتدال پہ لے آتا ہے

چہرے کی رنگت میں خون کی رمق کو واضح کر کے چہرہ گلاب کی مانند کر دیتا ہے

پیشاب کی جلن درد کو بہت فائدہ دیتا ہے

ہیپاٹائٹس کے مریضوں کے لیئے بھی بہترین ہے

وہ مادے جن کے فساد کی وجہ سے جسم میں بیماریاں گھر کر جاتی ہیں ان کو خارج کر دیتا ہے۔۔۔

اکسیر بدن ہے

۔عامر باجوہ

## مقوی نمبر 3

ھوالشافی

-1 بلادر قلادار 30 گرام

2۔ تل سفید 200 گرام

-3مغز اخروٹ200 گرام

-4ناریل گری200 گرام

-5کلونجی 100 گرام

ترکیب تیاری

پہلے میوہ جات کو الگ الگ باریک پیس کر مکس کر لیں پھر

بلادر کا قلا اتار کر احتیاط سے نہایت باریک پیس کر کھرل کر لیں اور میوہ جات کا تھوڑا تھوڑا پوڈر ڈال کر نرم ہاتھوں سے کوٹیں یا رگڑتے جائیں حتیٰ کہ تمام پوڈر یک جان ہو جائے۔

آخر میں کلونجی کا پوڈر ملا کر بہت نرمی سے رگڑیں اور یکجان کر کے محفوظ کر لیں۔ سفوف بھی نہایت باریک ہو جائے اور روغن بھی الگ نہ ہو۔

مقدار خوراک؛

چار رتی تا ایک ماشہ دن میں تین چار بار ہمراہ دودھ پتی یا بدرقہ مناسبہ

مزاج

## عضلاتی غدی

عضلاتی غدی (گرم خشک) مقوی ہے۔

خواص و فوائد

نزلہ، زکام، فلو، چھینکیں، کھانسی، دمہ، پولن الرجی، کثرت بول، شوگر، ضعف مثانہ، جریان، لیکوریا، ضعف باہ بوجہ جریان، کمر درد، سرد پسینے اور شوگر کے لیے جادو اثر دوائی ہے۔

مجرب و معمول مطب ہے۔

نوٹ؛

اس نسخہ میں کلونجی اضافہ کی گئی ہے۔ اصل نسخہ چار اجزا پر مبنی ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## سفوف اکسیر جگر

مرچ سیاہ ادھ پاو۔ میٹھا سوڈا ادھ پاو۔ قلمی شورہ ایک پاو ریوند خطائی ایک پاو نوشادر ایک پاو ملا کر پیس لیں۔ اور آخر میں گندھک آملہ آدھ پاؤ سار پیسا ہوا ملا کر حل کریں۔ سفوف اکسیر جگر تیار ہے۔

نوٹ۔ جس نسخہ میں قلمی شورہ ہو۔اس کے ساتھ گندھک ملانہ پیسے دھماکہ کرکے جان کی خطرہ ہوتی ہے۔ گندھک ہر نسخے میں آخر میں پیسا ہوا ملائیں۔اور ہاتھوں سے حل کرلیں۔

مقدار خوراک۔

ایک ماشہ سے دوماشہ دن میں دو سے تین بار

فوائد

ورم جگر ۔یرقان زرد ۔ہیپاٹائٹس بی و سی۔ بواسیر ۔بھوک کی کمی ۔موٹاپا۔ہائی بلڈ پریشر۔ پٹھوں کی کھنچاو۔ عرق النساء۔ اماس تہوج۔ہیپاٹومہ(جگر کا پوڑا) ۔ جگر کا بڑھ جانا۔ یا جگر کا چھوٹا ہونا۔ گردے کی پتھری ۔مثانے کی پھتری ۔پتہ کی پھتری۔ منی میں پس سیلز ۔پیشاب میں پس سیلز۔ گردہ مثانہ اور خزانہ منی میں زخم۔

رحم میں رسولیوں کے لیے بھی بہترین کام کرتا ہے۔

## حب زنجبیل رطب

سنڈھ کپڑ چھان پاؤڈر۔ 4 تولہ

سفوف تمہ خشک کپڑ چھان۔2 تولہ

مویز منقی بنا بیج کے۔۔۔2 تولہ

خالص چھوٹی مکھی کا شہد۔۔حسب ضرورت

سب اجزاء کو کوٹ کر چنے برابر گولیاں بنائیں

نوٹ۔۔

اس نسخہ کو اجزاء کے حساب سے آسان سمجھ کر نظر انداز نہ کریں

یہ نسخہ نچلے دھڑ کا فالج تک کو الحمدللہ ٹھیک کر دیتا ہے۔۔

خوراک۔۔

1 گولی صبح شام کھانے کے بعد دودھ پتی کے ساتھ

مزید فوائد۔۔

قبض۔۔ تبخیر۔۔جوڑ درد۔۔ایڑھیوں کا درد۔۔چوٹ کا درد۔۔ بواسیر پہ بہترین معاون۔۔ ہر طرح کی وائی بادی کا توڑ۔۔ کندھوں کا کھچاؤ۔۔ ناف کا درد۔۔پیریڈز کا درد۔۔

طبیب عامر باجوہ

# کیلوڈراپس

میرے مطب کا مایہ ناز اور خاندانی نسخہ، عرصہ دراز سے زیر استعمال ہے کم خرچ بالا نشین۔ بچوں بڑوں کو یکساں مفید

ھوالشافی

دیسی آک کے پتے حسب ضرورت

ترکیب تیاری

دیسی آک (کیلوٹروپس) کے پتوں کا بطریق معروف عرق کشید کر کے اس میں نصف وزن گرمیوں میں چینی اور سردیوں میں شہد حل کر لیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

ایک سال کے بچے کو ایک قطرہ

دو سال کے بچے کو دو قطرے

تین سال کے بچے کو تین قطرے۔ حتٰی کہ دس سال کے بچے کو دس قطرے اور بڑوں کو پندرہ قطرے صبح وشام ایسے ہی پلا دیں۔ خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے بچے باآسانی پی لیتے ہیں۔

خواص و فوائد

بچوں کے ہرے پیلے دست، الٹی متلی، پھٹکی نکالنا، گیس اپھارہ، دانت نکالنے کے زمانے کی تمام تکالیف، اینٹی بائیوٹکس کے استعمال کے بعد بچوں میں چڑچڑاپن اور گروتھ نہ ہونا، کھانسی ڈبہ اطفال، سانس کی تنگی، سانس کے ساتھ سٹی کی آواز، نزلہ، ریشہ، بخار، سوکھڑا مسان بچوں کے اکثر امراض معدہ و امعاو ششش کے لیے خوش ذائقہ اور لاجواب دوائی ہے۔ جو بنائیں گے معترف ہونگے۔

# برگ مدار کا عرق نکالنا

عرق نکالنے کا دیسی طریقہ

آک کے پتوں کا گھر میں بغیر مشین عرق کشید کرنے کا طریقہ درج ذیل ہے۔

-1 آک کے بڑے پتے تقریباً دس عدد لے آئیں۔ انہیں نرم ہاتھوں سے اچھی طرح مل مل کر دھوئیں۔ تاکہ مٹی اور اس کی سفید لوئیں سی اتر جائے۔

-2 گیلے گیلے پتے دیگچی میں پھیلا پھیلا کر اوپر نیچے رکھتے جائیں۔ اور نصف کپ پانی ڈال دیں۔ جب تمام پتے رکھ لیں تو پتوں کے اوپر ایک چائنہ مٹی کی چائے والی خالی پیالی پتوں کے اوپر سیدھی رکھ دیں۔ اور دیگچی کے منہ کے اوپر سٹیل کا ایک باؤل ٹھنڈے پانی سے بھر کر ڈھکن کی جگہ رکھ دیں۔ اور دیگچہ

چولہے پر رکھ کر نیچے ہلکی درمیانی آگ جلائیں۔ جب بھاپ بننا شروع ہو جائے پھر نرم کر دیں۔

-3 پہلی دفعہ تقریباً بیس منٹ بعد دیگچی کے منہ سے پانی کا باؤل احتیاط سے اٹھائیں اور اندر سے پیالی آرام سے اٹھالیں۔ جس میں عرق اکٹھا ہوا ہو گا۔ وہ عرق کسی صاف اور خشک شیشی میں انڈیل کر پیالی واپس رکھ دیں اور باؤل کا پانی تبدیل کر کے دوبارہ دیگچی کے منہ پہ رکھ دیں۔

-4 دوسری اور تیسری دفعہ پندرہ پندرہ منٹ بعد عرق اٹھا کر شیشی میں انڈیلتے جائیں بس تین دفعہ کے بعد چولہا بند کر دیں۔

اب عرق اگر آدھ پاؤ ہے تو چینی ایک چھٹانک گرم گرم میں حل کر دیں۔ بس تیار ہے۔

ضروری نوٹ : اس بات کا خیال رکھیں کہ پتے جلنے نہ پائیں۔ اگر آگ تیز ہو گی تو پتے جلدی خشک ہو کر جلنے لگیں گے۔ جیسے ہی جلنے کی بُو آئے یا پتہ چلے فوراً عمل روک دیں۔ یاد رکھیں جلے ہوئے پتوں کا عرق نہیں لینا۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## لبوب واجدی

حرمل۔۔۔50 گرام

جاوتری۔۔۔50 گرام

جائفل۔۔۔50 گرام

لونگ۔۔۔50 گرام

دارچینی۔۔۔50 گرام

تل۔۔۔۔۔۔۔۔۔80 گرام

شہد۔۔۔۔۔۔3 گنا

معروف طریقے سے لبوب بنائیں

مقدارِ خوراک

آدھی چمچ صبح شام ھمراہ دودھ

فوائد۔

تمام بازاری لبوب بھول جائیں گے

میں نے یہ بنائی۔ بہت مفید پائی

یہ نسخہ سرواجد اللہ خان صاحب کا ھے

حکیم محمد شفیق فرام قصو

قوتِ باہ اور دیگر کمزوریاں کے لیے بھت مفید ھے

## ہر قسم کی دردوں کیلیے

اس نسخہ کو تیسری بار بنایا ہے۔۔ اثرات بہت عمدہ ہیں۔۔ لیکن اس بار دیسی مرغ آدھا کلو کا ملا تھا اس لیئے دوا کم مقدار میں تیار ہوئی ہے۔

مہروں کا درد۔۔۔ دیرینہ گنٹھیا۔۔ جوڑوں کا اکڑ جانا۔

نقرس درد۔۔ مفاصل درد۔۔۔

------

اجزاء خاص

ہو الشافی الحکیم

-----

دیسی مرغ۔۔۔۔ آدھا کلو سے 3 پاو تک۔۔۔ 1 عدد

سنڈھ پاؤڈر بغیر ریشہ۔۔۔.........................5 تولہ

ہینگ خالص۔۔۔2 تولہ

کالی مرچ۔۔۔۔2 تولہ

گندم آٹا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آدھا کلو

دیسی گھی۔۔۔2 کلو

------

مرغ کو ذبح کر کے بال و پر اور آلائش وغیرہ سے مکمل صاف کر لیں۔۔۔

پھر اس مرغ کے پیٹ میں ہینگ اور کالی مرچ بھر کر سلائی کر دیں۔۔۔

---------

پھر آٹے میں سنڈہ پاؤڈر مکس کر گوندھ کر اس مرغ پر چڑھا کر دھوپ میں خشک کر لیں۔۔۔

------

پھر اسکو دیسی گھی میں اتنا بھونیں کہ

آٹا بالکل سیاہ ہو جائے۔۔۔

آگ بند کر کے یہ غلولہ نکال کر اخبار پر رکھ دیں۔۔۔

جب خشک ہو جائے تو آٹا توڑ کر مرغ نکالیں۔۔۔

بڑی ہڈیاں نکال کر سب کوٹ لیں۔۔۔

جب گولی بنانے کے قابل ہو تو معمولی گوند کیکر شامل کر کے مٹر کے دانہ برابر گولیاں بنالیں۔۔۔

گولیوں پر کوئی بھی خوراکی رنگ چڑھالیں۔۔۔

یہ گولیاں خشک ہو کر چنے برابر رہ جائیں گی

خوراک

---------

1 سے 2 گولیاں دودھ پتی کے ساتھ یا نیم گرم پانی کے ساتھ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد صبح شام دیں۔۔۔

--------

اثرات

-------

اس سنیاسی دوا سے مریض کو بہت زیادہ گیس کا اخراج ہوتا ہے۔۔ اور مرض جڑ سے ختم ہوجاتا ہے۔۔۔

--------

نوٹ

-------

یہ نسخہ میرے استاد

جناب محترم استاد ملک محمد شریف صاحب مندر روڈ چک جھمرہ والے۔۔ کا

ہے

جوڑوں کے پتھرا جانے پہ اس دوا کے اثرات بہت عمدہ و مؤثر ہیں۔۔۔

جو لوگ عرصہ دراز سے جوڑوں کے درد یا جوڑوں کے اکڑ جانے کے مرض

میں مبتلا ہیں۔

وہ رابطہ کرسکتے ہیں۔

مرد و عورت پہ یکساں مفید ہے

طبیب عامر باجوہ03017016176،

03341174551 Whats App:

اسلام آباد

# مایوس الباہ کیلیے

اگر لوہے کی کڑائی میں پہلے 18 انڈوں کی زردیاں ڈالیں اور ان متذکرہ ادویات کے نغدے یعنی پیڑے کے درمیان (1,1 تولہ ہڑتال ورقی اعلی کے اوپر سنکھیا سفید اعلی اس کے اوپر شنگرف اعلی ترتیب وار رکھکر بجلی کی سب سے باریک پیتل کی تار میں باندھ کر) رکھ کر کڑائی چھت کھلی جگہ رکھکر ہلکی آگ پر سوار کریں کہ آہستہ آہستہ پکے .

پہلے تو کڑائی میں خود آگ لگے گی شعلہ چاروں طرف پھیلیگا اور بہت بلند ہو گا اس لی ئے خود دور رہیں اور کڑائی کے اوپر کوئی ایسی چیز نہ ہو کہ اسے آگ لگے اور سارے گھر کو لپیٹ میں لے لے یا آپ کو جلادے .

جب کڑائی میں آگ لگے تو نیچے کی آگ فورن بند کر دیں اور جب سب کچھ جل کر آگ بجھ کر ٹھنڈی ہو جائے تب ہاتھ سے ہڑتال و شنگرف نکال کر پونچھ کر پیس لیں کیونکہ سنکھیا اپنے کیمیائی اثرات ہڑتال او شنگرف میں چھوڑ کر کے اڑ گیا ہے .

اور کڑائی میں جو کچھ ہو اسے پیس کر پیسٹ بنا لیں.

استعمال: رات کھانے میں دیسی گھی کی چوری کھاہیں اور سوتے وقت ہڑتال و شنگرف والے پوڈر کا ایک لکھ رتی کا چوتھا حصہ بالائی میں چھپا کر نصف کلو ٹھنڈے دودھ سے نگل لیں منہ میں چبانا یا گمانا نہیں ہے. رات جب بھی پیاس لگے ٹھنڈا دودھ ہی پیئں. تیسرے دن دوسری اور مذید تیسرے دن تیسری آخری خوراک دیں.

شروع سے لیکر 15 دن مسلسل چوری دودھ گھی موسمی پھل فروٹ جوس خوب کھاہیں پھر رنگ و روپ اور شباب کی بہاریں اپنی آنکھوں سے دیکھیں جبکہ پہلی خوراک ھی صد سالہ بوڑھے کھوسٹ عنین نل اور ناکارہ مایوس الباہ جسکے عضو میں کبھی ذرا بھر خیزش ھی نہ آئی ھو کو لوہے کی لاٹھ بنا دیتا ہے.

جو پیسٹ بنایا ھے اسکا ایک ہفتہ عشرہ طلا کرنے سے کمزوری لاغری ٹیڑھا پن گندے فاسد مادے بعذریعہ پسینہ خارج ہو کر ٹنا ٹن ہوتا ھے.

پرہیز: دورانِ طلاہ ہمیشہ عورت سے دوری لازم اور غسل بھی منع ھے.

نسخہ نمبر 41

# سفوف لاثانی جدید

حکیم انقلاب دوست محمد صابر ملتانی مرحوم کے نسخہ میں مکو دانہ کا اضافہ کیا گیا ہے۔

ھوالشافی

1- سونف 1 تولہ

2- ملٹھی 1 تولہ

3- ہلدی 1 تولہ

4- مکو دانہ 1 تولہ

5- ریوند خطائی 4 تولہ

ترکیب تیاری

تمام اجزا باریک پیس کر وزن کریں اور کھرل کر کے یکجان کر دیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

ایک تا دو گرام حسب ضرورت ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں دو تین بار دے سکتے ہیں۔ بعض امراض میں اس کے ساتھ فی خوراک کشتہ سنکھ دو رتی شامل کرنے سے اسکی تاثیر دو چند ہو جاتی ہے۔

مزاج غدی اعصابی ملین ہے۔

خواص و فوائد

ناک کے غدد، ناک کی ہڈی بڑھ جانے کی وجہ سے نزلہ ریشہ چھینکیں آنا، نیز بند نزلہ کو مفید ترین نسخہ ہے۔ بند نزلہ، ریشہ لیسدار، خشک کھانسی، گلے کی خرابی، ترشی تیزابیت کے سبب سوزش معدہ و امعاء، ورم امعاء، پرانی پیچش، بخار، انقطاع رابطہ، کو نافع ہے۔

اس کے علاوہ امراض نسواں مثلاً اووورین سسٹس، ڈس مینوریا (عسر الطمث)، سوزش رحم، ورم الرحم، انقلاب الرحم، انبساط الرحم رحم ٹل جانا اور ہارمونل امبیلنس کو ازبس مفید ہے۔ ضعف جگر کے تمام امراض میں بھروسہ کی دواء ہے۔ الغرض کثیر الفوائد ہے سمجھدار طبیب اس سے کئی کام لے سکتا ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

# کمالات سونف

نسخہ نمبر 3

اصلاح کبد، معدہ و امعاء، جگر و مثانہ و کلیہ اور نظر و حافظہ کے لیے سادہ مگر مؤثر ترین مجرب و معمول مطب نسخہ

میری طرف سے احباب کے لیے عید کا تحفہ ہے۔ قبول فرمائیں اور اپنی دعاؤں میں مجھ عاجز کو بھی یاد رکھیں۔

ھوالشافی

1- سونف 2 تولہ

2- گلسرخ 3 تولہ

3- شیر خشت 5 تولہ

ترکیب تیاری

مٹی کا پیالہ لے کر اس میں ایک کپ نیم گرم پانی ڈالیں اور شام کے وقت تینوں اجزاء اس میں بھگو کر ڈھانپ کر رکھ دیں۔ صبح ہلکا ہلکا گھوٹیں یا بلینڈ کر لیں اور ایک ڈیڑھ کپ مزید تازہ پانی ڈال کر ہلائیں اور پن چھان کر نہار منہ ناشتہ سے ایک گھنٹہ پہلے مریض کو پلا دیں۔ غذاء نرم رکھیں۔ نہایت مزیدار اور خوشبودار

مشروب ہو گا۔ عصر کے وقت خوب کھل کر ایک اجابت ہو گی۔ مریض ہلکا پھلکا ہو جائے گا۔

مقدار خوراک

یہ ایک خوراک ہے۔ روزانہ تازہ بنا کر ہفتہ عشرہ پلائیں۔ اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔

خواص و فوائد

ضعف جگر، جگر کے سدے، دائمی قبض، امعاء کے سدے، ضعف معدہ، بھوک کا نہ لگنا، منہ کا ذائقہ کڑوا رہنا، مٹی کھانے والے، کوئلہ کھانے والے افراد کا بھس، نظر کی کمزوری دھند جالا موتیا بند اٹھتے بیٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا کو از حد نافع ہے۔ نسیان ختم ہو کر یاداشت بحال ہو جاتی ہے۔ فاضل صَفراء بذریعہ پیشاب و پاخانہ خارج ہو کر یرقان درست ہو جاتا ہے۔ الٹی متلی ختم ہو کر بھوک کھل جاتی ہے۔ کھایا پیا ہضم ہونے لگتا ہے۔ پیشاب کی جلن، پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا، مجاری بول کی سوزش و سوجن سے پیشاب کی بندش اس سے رفع دفع ہو جاتی ہے۔ پیشاب و پاخانہ کھل کر آنے لگتے ہیں۔ خون سے گندگی و فضلات با آسانی خارج ہو کر خون معتدل ہو جاتا ہے۔ چہرے کی رنگت نکھر جاتی ہے، جلد صاف ہو جاتی ہے۔ سدر دوار صفراوی بفضل خدا درست ہو جاتے ہیں۔ دل کی گھبراہٹ،

بے چینی، بے جا غصہ، چڑ چڑا پن، بد مزاجی دور ہو کر طبعیت اعتدال پر آجاتی ہے۔ دانا حکیم اپنی فہم و فراست سے اس سے کئی فائدے لے سکتا ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

## شربت اکسیر جگر

کاسنی 150 گرام

بکھڑا 250 گرام

ریوند خطائی 100 گرام

سونف 150 گرام

چینی ساڑھے چار کلو شربت بنالیں

احراق گوٗد نتی، گندھک آملہ سار مصفیٰ

ہموزن سفوف بنا کر ایک روغنی ھانڈی میں رکھ کر انتہائی نرم آنچ پر چار گھنٹے حرارت پہنچائیں۔ بعدازاں نکال کر کھرل کر کے 125,250 اور 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

حسب عمر و مرض ایک سے تین مرتبہ نیم گرم دودھ وغیرہ سے استعمال کروائیں۔

ہر طرح کی جراثیمی وغیر جراثیمی گلے اور پھیپھڑوں کی انفیکشن میں مؤثر ہے۔

حکیم عزیز احمد فرام چکوال

# فیلوپین ٹیوب بلاکیج

نمک سیاہ اور سہاگہ خام دونوں ہموزن سفوف بنا کر آپس میں مکس کر لیں اور توے پر بریاں کر لیں دوا تیار ہے.

دو رتی دن میں تین وقت باؤ گولہ والے کو شہد سے.

جسم کے اندرونی و بیرونی گلٹیاں ختم کرتا ہے.

بخار حاد کو اتارتا ہے

رحم کی بند ٹیوب کو کھولتا ہے.

بند ٹیوب والوں کو منقی میں بیج نکال کر رکھ کر دیں. ریح کا خاتمہ کرتا ہے.
اگر تین گرام پانی سے دیں تو اندری جلاب کا کام کرتا ہے.

میں نے فیلو پین ٹیوب بلاکیج کی دو مریضاؤں کو دیا انکی بند ٹیوب کھل گئی بند ٹیوب کیلئے میں اس نسخے کی تصدیق کرتا ہوں یہ نسخہ مجرب المجرب ہے

تصدیق نسخہ حکیم واجد اللہ خان صاحب چشتی صابری دامت برکاتہ

نسخہ

ا***

نیلا تھوتھا ایک پاؤ

جست آدھا پاؤ

بہروزہ خشک ایک کلو

مصری آدھا کلو

طباشیر آدھا پاؤ

الائچی خورد 50 گرام

پانی سات لیٹر

ترکیب تیاری:- ایک بڑے جار میں جست کے ٹکڑے کر کے نیلا تھوتھا کے ساتھ پانی میں ڈال کر حل کریں اور سات دن تک بھیگو کر رکھیں روزانہ ہلاتے رہیں اور سات دن بعد اوپر سے پانی مقطر کر لیں اب اس پانی میں بہروزہ خشک باریک شدہ حل کر دیں اور ہلکی آگ پر پکائیں حتی کہ تمام پانی خشک ہو جائے اس نمک میں باقی ادویات کا سفوف ملالیں تیار ہے۔

250ایم جی کا کیپسول بھر لیں صبح شام دودھ سے ایک کیپسول۔

فوائد:- سرعت انزال، رحم کی اندرونی و بیرونی زخم، گلٹیاں و رسولیاں، ریڑھ کی ہڈی میں حرام مغز کا جم جانا جوڑوں میں کڑ کڑ کی آوازیں، رحم کے گندے زخم، رحم سے بدبو آنا، رحم سے گندے پانی کا اخراج، آتشک و سوزاکی زہروں پر اسکا استعمال کریں بہت اچھے رزلٹ ہے اس کے۔

میں نے اس نسخے کو بنا کر کافی مریضوں کو دیا بہت ہی مجرب المجرب پایا

سیلان الرحم اسکی پہلی خوراک سے برسوں کا مرض بھاگ جاتا ہے اور رحم کے جملہ امراض پر بہترین نتائج ہے

آتشک اور سوزاک پیشاب کی نالی کا انفیکشن و پس سیلز پر بھی زبردست کام کرتا ہے.

میرے پاس ایک مریضا جسکی عمر 52 رحم کے کینسر کی جسکی رحم سے گندہ اور بدبودار پانی خارج ہوتا رہتا تھا اس کو میں نے یہ کیپسول استعمال کرائیں ایک ماہ تو الحمد للہ پانی کا اخراج ختم ہو گیا اور مریضہ کافی بہتر محسوس کر رہی ہے علاج جاری ہے.

## دانتوں کا منجن

دانتون کے درد، مرض و مضبوطی کیلئے منجن.

1.

1. نیم کے خشک پتے 1 تولہ

2۔ لونگ 2 تولا۔

3. گندھک آملہ سار. 3 تولے.

4۔ مرمکی. 3 تولے

5۔ سمندر جھاگ. 6 تولے

6۔ کشتہ سیپ/صدف سوختہ 6 تولے.

ترکیب:- تمام اشیاء پیس کر ملالین.

روزانہ برش سے دانتون پر لگائین. اگر دانتون مین درد ھو تو پانچ، چھ منٹ کلی نہ کرین تانکہ دوا اپنا اثر کرے. پہلی مرتبہ ھی لگانے سے درد سے جان چھوٹ جاتی ہے. یہ منجن استعمال کرنے والے کو عمر بھر ڈینٹل سرجن کے پاس جانے کی ضرورت نہین پڑتی. حکماء حضرات ان اجزا کی افادیت سے واقف ہین.

ترکیب کشتہ صدف:- سیپ ثابت یا چھوٹے ٹکڑے جو انتہائی سستے مل جاتے ھین کے اوپر نیچے نیم کے پتون کا لغدہ دین. اگر ٹکڑے ھون تو کسی سوتی کپڑے مین رکھ کر باندہ لین. نیچے اوپر اوپلے رکھ کر آگ دین. صبح آھستہ نکالین صدف پھولی ھوئی ملے گی. پیس کر کام مین لائین.

نوٹ. اگر کیلشئم کی کمی کی وجہ سے دانت روزانہ ٹوٹ رھین ھون تو صدف کے اس کشتے کی ایک چٹکی رات کو دودھ کے ساتھ استعمال کرین، مفید ہے.

دعاؤن کا طالب

.پروفیسر دوست محمد لاڑکانہ.

# بلڈپریشر و فالج کیلیے

اسرول 60 گرام

گلاب کی پتیاں 60 گرام

اسطو خدوس 60 گرام

باپچھڑ 30 گرام

مرچ سفید 15 گرام

اجوائن خراسانی 15 گرام

پوٹاشیم برومائیڈ 7 گرام
گھیگھوار کی مدد سے حب نخودی بنائیں۔

خوراک 1 گولی رات کو روزانہ یا بوقت ضرورت۔

فوائد۔ ھائی بلڈ پریشر۔ گرمی کا فالج۔ درد سر۔ بے خوابی۔ اختناق الرحم وغیرہ۔ پروفیسر دوست محمد چنا

# مادہ منویہ کی پس کیلیے

نیلا ایک پاؤ

جست ٹکڑے آدھ پاؤ

سات کلو پانی میں ڈال دین سات دن تک نسخہ کے مطابق لیکن ری ایکشن سات دنوں مین مکمل نہیں ہوتا اس لیے اکیس دن رکھنے سے کامل بنتا ہے۔۔۔

اب اسکا صاف مقطر لیکر اس مین

بیروزہ مدبر ایک کلو ڈال کر پکائیں حتکہ خشک ہو جائے اب اس تمام مواد کو پاؤڈر کر لین۔۔۔

اس پاؤڈر میں درج ذیل اجزا پاؤڈر کر کے شامل کر لین

مصری آدھا کلو

طباشیر نقرہ آدھ پاؤ

الائچی خورد پچاس گرام

تمام پاؤڈر کو اچھی طرح یکجان کر لین دوا تیار ہے۔۔۔۔

۔۔۔مادہ منویہ میں پس کو ختم کر کے سپرم کو ایکٹو کرتا ہے

۔۔۔ ہر طرح کی زہروں کے اخراج کی کامل دوا ہے

۔۔۔ ہر طرح کی انفیکشن۔۔۔

۔۔۔ گلٹیون رسولیوں۔۔۔

رحم کا اندرونی و بیرونی انفیکشن۔۔

ریڑھ کی ہڈی کے امراض

سرعت انزال۔۔۔

تمام کا بہترین علاج ہے

250 ملی گرام کیپسول صبح شام۔۔۔

میرا مجرب ہے بہترین رزلٹ ہیں بنائیں اور فایدہ اٹھائیں

صاحب نسخہ:-

حکیم واجد اللہ خان صاحب

## سفوف ذیابطیس

تخم حرمل 10 تولہ

خراطین مصفی 5 تولہ

سلاجیت 1 تولہ

کچلہ مدبر 1 تولہ

کشتہ فولاد 1 تولہ

ترکیب تیاری:- تمام کا سفوف بنا کر 500 ایم جی صبح شام دیں.

فوائد:- ذیابطیس، کثرت بول، اعصابی درد، نامردی، کمزوری کیلئے لاجواب ہے.

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

## افیون کا نعم البدل

خشخاس۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 تولہ

اجوائن خراسانی۔۔۔۔۔3 تولہ

تخم بھنگ۔۔۔۔۔۔۔۔3 تولہ

پھلی دیسی کیکر۔۔۔۔۔۔۔۔ 5 تولہ

موچرس۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 5 تولہ

تخم دھتورہ سفید۔۔۔۔۔ 2 تولہ

دار چینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 3 تولہ

مازو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 2 تولہ

گوند کیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 5 تولہ

سب چیزیں مٹی گرد سے صاف کر کے ایک بار پانی سے نتار لیں

بعد میں دو کلو دودھ گائے کچا ڈال کر رب تیار کریں

## کشتہ شنگرف

شنگرف ایک تولہ

سفید پیاز ایک عدد

شنگرف کو پیاز میں رکھ کر پٹی باندھ لیں

دو سے تین کلو اوپلے جلالیں جب آگ بجھ جائے اس میں پیاز رکھ دے جب آگ بلکہ ٹھنڈی ہو جائے پیاز نکال لیں اس میں سے شنگرف نکال کر کھرل کر کے محفوظ کریں

مقدار خوراک ایک سے دو چاول مکھن دودھ کے ساتھ

اس کے بھی بہت اچھے رزلٹ مل رہے ہیں

یہ ترتیب نسخہ عامر حسن باجوہ بھائی کا ہیں

عامل حکیم عاصم راناسانگھڑ سندھ

## کشتہ شنگرف

شنگرف ایک تولہ

لہسن دیسی ایک کلو کو لے کر صاف کر لیں

لہسن کا نغدہ بنائیں درمیان میں شنگرف رکھ کر گل حکمت کے 10 کلو کی آگ دے دیں

کھرل کر کے محفوظ کریں

مقدار خوراک ایک سے دو چاول

مکھن دودھ کے ساتھ

دو مریضوں کو استعمال کروایا بہت اچھے رزلٹ ملے ہیں زکاوت حس پر

یہ ترتیب نسخہ امجد اقبال بھٹی کا ہے

عامل حکیم عاصم رانا سانگھڑ سندھ

## مردانہ کمزوری کے لیے

ھوالشافی

ستاور 30 گرام

موصلی سفید 30 گرام

سمندر سوکھ 50 گرام

بہمن سفید 20 گرام

تخم لاجونتی 50 گرام

الائچی سبز 20 گرام

برگد پھل 20 گرام

فلفل دراز 50 گرام

ثعلب مصری 10 گرام

کوزہ مصری 300 گرام

سب کا سفوف بنالیں

10 ماشہ صبح شام دودھ کے ساتھ

طالب دعا عامل حکیم عاصم رانا سانگھڑ سندھ پاکستان

## مردانہ کمزوری کا مکمل علاج

ہو الشافی

بہمن سفید 5 تولہ

بہمن سیاہ 5 تولہ

موصلی سفید 5 تولہ

موصلی سیاہ 5 تولہ

اسگند ناگوری 5 تولہ

بیج بدھارہ 5 تولہ

مصطگی رومی 5 تولہ

4 روں مغز 10 تولہ

شقاقل مصری 5 تولہ

ثعلب مصری 5 تولہ

کوزہ مصری 250 گرام

ایک چمچ صبح ایک چمچ رات کو دودھ کے ساتھ

طالب دعا آپکا بھائی عامل حکیم عاصم رانا سانگھڑ سندھ پاکستان

## قد بڑھانے کا نایاب نسخہ

اسگندھ ناگوری:

قد بڑھانے کا نایاب نسخہ/ایک بوٹی ہزار بیماریوں سے نجات!

اسگندھ ناگوری بھی ان چند اہم ترین جڑی بوٹیوں میں سے ایک ہے جو انتہائی موثر اور طاقتور ھیں۔اس میں ایک ہزار بیماری کی شفاء ھے ذیل میں چند نسخے شئیر کر رہا ھوں جو زیل ھیں۔

## کمر کے مہروں کا درد

کمر کے مہروں کا درد/ڈسک پرابلم/مہروں میں گیپ!

اسگندھ کی جڑھ لیں ایک کلو صاف کر کے کسی برتن میں ڈالکے چار کلو پانی ڈالکر آگ پہ رکھیں۔جب پانی تین پاو رہ جائے چھان کر محفوظ کر لیں۔رات سوتے وقت ایک گلاس نیم گرم دودھ میں آدھی چمچ ڈالکے پی جائیں پندرہ روز۔اوپر مزکورہ ان بیماریوں سے نجات مل جائیگی

مشت زنی، بچپن کی غلط کاریاں، عضو خاص کی کجی لاغری!

اسگندھ ناگوری

ستاور

بیخ بدھارہ

تخم کونچ

مصری ہموزن پیس کر دو گرام ہمراہ دودھ کھائیں۔ صبح شام کھانے کے بعد۔ مردانہ طاقت، دھنسی ہوئی آنکھوں، نظر کی عینک کے لئے اکسیر ہے۔

## قد بڑھانے کے لئے

قد بڑھانے میں سب سے بڑی رکاوٹ تھائیرائیڈ گلینڈ ہے

اسگند ناگوری

تخم شلجم

مورنگا کے پتے اور پھلی

برادہ سفیدہ (سفیدے کے درخت کے چھال کا چورہ)

خشک دودھ اچھی کمپنی کا

مصری

ہموزن پیس کر دو گرام دن میں تین بار دودھ سے کھانے سے رکا ہوا قد پھر سے بڑھنا شروع ہوجاتا ہے۔ اس نسخے میں عمر کی کوئی قید نہیں۔

## شوگر کے لئے

مغز پنبہ دانہ اسی فیصد

اسگندھ بیس فیصد پیس کر سفوف چار گرام صبح شام شوگر کے لئے اکسیر ہے۔

## عورتوں کا بانجھ پن

اسگندھ ناگوری کا سفوف دو گرام صبح شام ہمراہ دودھ چالیس دن دیا جائے۔

## سفید بال کالے کرنا

اسگندھ ناگوری کا سفوف دو گرام روزانہ صبح شام ایک سال ہمراہ دودھ کھانے سے سفید بال کالے ھوجاتے ھیں۔

## تھائیرائیڈ گلینڈ کا مسلہ

اسگندھ ناگوری کا سفوف شہد اور کالی مرچ کے ہمراہ چاٹنا غدود ورقیہ کے لئے مفید ھے۔یہ نسخہ تپ کے لئے بھی ھے۔

ماں کے دودھ کے بعد بوہڑ کادودھ اور پھر اسگندھ ناگوری کا نمبر آتا ھے۔

نوٹ! اسگندھ ناگوری کا سفوف کسی بھی حالت میں دو گرام سے ذیادہ نہ کیا جائے ورنہ غشی پیدہ کرتا ھے

## معجون نہایت مقوی باہ

ھوالشافی

مغز اخروٹ 2 تولہ

خشخاش سفید 4 تولہ

موصلی سفید 4 تولہ

موصلی سیاہ 4 تولہ

ثعلب مصری 4 تولہ

شقاقل 4 تولہ

بہمن 4 تولہ

سمندر سوکھ 4 تولہ

اندر جور 4 تولہ

تالمکھانہ 4 تولہ

موچرس 4 تولہ

طباشیر 4 تولہ

دار چینی 4 تولہ

مغز پستہ 8 تولہ

مغز چلغوزہ 8 تولہ

مغز بادام 8 تولہ

ان سب کا پہلے سفوف بنالیں

پھر ان سب کے وزن برابر شہید ملا کر کے معجون تیار کریں

10 ماشہ صبح دودھ کے ساتھ

10ماشہ رات کو دودھ کے ساتھ

انشاء اللہ ہر قسم کی مردانہ کمزوری کے لیے بہترین دوائی

طالب دعا عامل حکیم عاصم رانا سانگھڑ سندھ پاکستان

# شوگر سے مکمل نجات

کلونجی 50 گرام

کاسنی 100 گرام

سفید زیرہ 50 گرام

کالا زیرہ 50 گرام

مصطگی رومی 30 گرام

مال کنگنی 30 گرام

بادام مغز 30 گرام

جامن گھٹلی 30 گرام

گرمار بوٹی 50 گرام

میتھی دانہ 30 گرام

سب کا کپڑ چھان سفوف کر لیں ایک چمچ صبح شام کھانا کھانے کے بعد پانی سے

مکمل پرہیز کے ساتھ 3 ماہ استعمال کے بعد شوگر نارمل ہو جاتی ہیں اور لبلبہ ایکٹو ہونا شروع ہو جاتا ہے

طالب دعا عامل حکیم عاصم رانا سانگھڑ سندھ

## کمپنی کی ادویات سے

سردی کے امراض کا علاج۔

..1 لعوق شپستان۔ ھمدرد

آدھی چائے والی چمچ

..2 لعوق سعال خاص۔ اشرف

آدھی چائے والی چمچ

3.. خمیرہ بنفشہ۔ ھمدرد

آدھی چائے والی چمچ

صدوری شربت۔ ھمدرد

دو چائے والی چمچ

4 لنگزول شربت۔ اشرف

2 چائے وال چمچ

ایک پیالی نیم گرم پانی میں ملا کر چسکی کے ساتھ 10 منٹ میں ختم کریں۔

5.. اشرلینی منٹ آئل۔ اشرف

ایک چمچ چائے والی پانی میں ڈالکر بھاپ لیں۔

یہ نزلہ زکام کھانسی۔ سردی کے امراض کا کامیاب اور بے ضرر علاج ہے۔

چھوٹے بڑے سب کیلے یکساں مفید ہے۔

## گندھک مصفیٰ ابیض

)یہ محترم جناب عبد الکریم آذاد صاحب کا نسخہ ہے (

گندھک آملہ سار 50 گرام تا 100 گرام کھرل میں ڈالکر باریک کر لیں۔

اب اس میں ایک چمچ نوشادر مسفوف

ایک چمچ گلابی نمک مسفوف( کھیوڑہ کان والا نمک خود پیسا ہوا(

ایک چمچ پھٹکڑی سفید خام مسفوف

تینوں چیزیں گندھک میں ڈالکر کھرل کریں۔ جب اچھی طرح مکس ہو جائے تو اس میں ایک دو چمچ سرکہ بازاری سفید (سینتھیٹک سرکہ) ڈالکر کھرل کریں۔

اسی طرح تھوڑا تھوڑا سرکہ ڈالکر کھرل کرتے جائیں۔ 5 سے 6 گھنٹے کھرل کے بعد کھرل میں اتنا پانی ڈالیں کہ کہ کھرل بھر جائے کسی چیز سے تھوڑی دیر ہلادیں کہ نوشادر، پھٹکڑی، نمک وغیرہ پانی میں حل ہو جائیں۔

رات کو پڑا رہنے دیں صبح اوپر کے نتھرے پانی کو گرادیں۔

اور دوسے دن مذکورہ بالا ترکیب سے نیا نوشادر پھٹکڑی اور نمک شامل کر کے سرکہ اضافہ کر کے کھرل کرتے جائیں۔ اور رات کو پانی ڈالکر صبح نتھار ضائع کر دیں۔

پانچ سے چھ دن اسی ترکیب سے عمل کرنے پر آپ کی گندھک بہترین مصفی اور براق سفید ہو گی۔

جہاں چاہئیں استعمال کریں۔

یہاں تک نسخہ عبدالکریم آزاد صاحب نے بیان کیا۔

میں نے اس کے بعد ایک اور عمل کیا۔ جو مندرجہ ذیل ہے۔

مذکورہ گندھک سفید کو چند بار غسل دینے کے بعد روغنی ہانڈی میں ڈالیں اور اس پر ایک کلو آب لہسن دیسی مقطر در مقطر ڈا کر دھیمی آگ پر رکھیں۔ جب پانی آدھا پاؤ رہ جائے تو گندھک کو نکال کر دھوپ پر خشک کر کے سفوف کر لیں۔

اب یہ نسخہ تیار کر سکتے ہیں۔

## ملین غدی عضلاتی

ملین غدی عضلاتی۔یا ملین نمبر 4.(ثلاثہ(

اجوائن دیسی 2 تولہ

تیزپات 2 تولہ

رائی 2 تولہ

باپچی 2 تولہ

گندھک سفید مذکورہ بالا 6 تولہ

سفوف کرکے اتنا کھرل کریں کہ رڑک نہ رہے۔

250 ملی گرام اور 500 ملی گرام والے کیسول بھر لیں۔

حسب عمر جنس و جسامت ایک کیسول کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تینوں وقت مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

تمام سوداوی مزمن امراض میں تریاق کا درجہ رکھتی ہے۔

بواسیر خونی بادی ۔جلدی امراض۔ دھدر خارش ۔پھوڑے پھنسی۔ دنبل ۔نوجوان لڑکے لڑکیوں کے چہرے دانے و داغ دھبے۔ گلٹیاں رسولیاں۔ عورتوں کے چہرے پر بال

وغیرہ

تمام سوداوی امراض میں پورے اعتماد سے استعمال کرا سکتے ہیں۔

نوٹ۔ فوری نتائج حاصل کرنے کیلیے اس نسخہ میں پوست ریٹھا شامل کر لیں۔ تو پہلی خوراک میں مریض کو فائدہ دیتا ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# کشتہ قلعی در برگ حنا

قلعی مصفی چاول اڑھائی تولہ

برگ مہندی مسفوف 1 یک پاؤ

کسی کجی میں آدھا سفوف بچھا کر اس کے اوپر قلعی کے چاول رکھیں ۔چاولوں کے اوپر باقی ماندہ سفوف بچھا کر دبا دیں۔ کجی کو گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔

1 رتی کشتہ مکھن کی ٹکیہ میں ڈال کر نہار منہ ناشتے سے ایک گھنٹہ پہلے دودھ سے استعمال کرائیں۔ صرف سات دن سات خوراک دیں۔

صفراوی ضعف باہ۔ جریان مذی۔ بوقت خاص انتشار کا ٹوٹ جانا۔ نامکمل انتشار۔ کیلیے کافی مفید ثابت ہوا۔

غذا

دودھ۔ دہی۔ چاول کی کھیر۔ گھی کی چوری۔ جو کا دلیا۔ گندم کی روٹی کے علاوہ ہر چیز بند۔

نسخہ کے حصول کی تفصیل۔

ھمارے علاقے میں ایک بیوہ خاتون جن کی آمدنی کا واحد ذریعہ یہی کشتہ قلعی ہے او جھڑ پھونک کا کام کرتی ہیں۔ ضعف باہ جریان سرعت انزال احتلام کے ہر مریض کو یہی کشتہ سات خوراک دیتی ہیں۔ اور 80 فیصد مریض ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اور لاعلاج مریض بھی ٹھیک ہوتے دیکھے گے ہیں۔ یہ عام سا نسخہ ہے۔ لیکن ترکیب استعمال نرالی ہے۔ مذکورہ خاتون مریض کو سختی سے پرہیز کراتی ہیں۔

تجربہ کے بعد یہ کشتہ واقعی مفید ثابت ہوا۔ لیکن جن مریضوں نے پرہیز نہیں کی انہیں کم فوائد حاصل ہوئے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد۔

## امراض بول اور سنیاسی نسخہ

اجزا

بروزہ خشک ایک پاؤ

ملٹھی آدھا کلو

سیپے والی بوریاں 10 عدد

پانی۔ 8 کلو

ترکیب تیاری

ملٹھی کو جوکوب کر کے 8 کلو پانی میں میں ابالیں جب 4 کلو رہ جائے تو پن چھان لیں۔ اور اس کے چار حصے کر لیں۔

ایک کلو جوشاندہ ملٹھی کسی گہرے پیندے والے برتن میں ڈالیں۔ بروزہ کو لے کی کڑائی میں پگھلا کر ایک کلو جوشاندہ ملٹھی میں بجھاؤ دیں۔ اسی طرح دوسری اور تیسری بار بجھاؤ دیں۔

چوتھی دفعہ نیا ایک کلو جوشاندہ ملٹھی لیکر اس میں تین بجھاؤ دیں۔

خشکہ ہر ایک کلو جوشاندہ ملٹھی میں تین تین بجھاؤ دیں یعنی کل 12 بجھاؤ دینے ہیں۔ اس کے بعد بروزہ خشک کر کے پیس لیں۔

10 عدد سیپے والی بوریاں صاف شدہ لیکر

جلا کر سفید راکھ بنائیں اور چھان لیں۔

مذکورہ بالا بروزہ مدبر ایک پاؤ میں 10 تولہ راکھ سیپے کی بوری والی

ملا کر، 500 ملی گرام، 250 ملی گرام، 125 ملی گرام کیپسول بھر لیں۔

حسب عمر و جسامت ایک کیپسول کھانے کے ایک گھنٹہ بعد شربت بزوری ملے پانی کے ساتھ تینوں وقت دیں

مطب میں بول فی الفراش کو چھوڑ کر گردہ مثانہ کے تمام امراض میں یہ اکیلا نسخہ استعمال کراتا ہوں۔

اس کے ساتھ سوسی آدھی چائے والی چمچ کھانے کے بعد تینوں وقت استعمال کراتا ہوں۔ کسی دوسری دوا کی کبھی ضرورت نہیں پڑی۔

## سوسی کا نسخہ

ہلدی 5 تولہ ملٹھی 5 تولہ سونف 5 تولہ گوگھرو خورد 15 تولہ قلمی شورہ خالص 3 تولہ

سفوف بنالیں

آدھی چائے والی چمچ کھانے کے کے بعد شربت بزوری ملے پانی کے ساتھ تینوں وقت۔

پیشاب کا جل کر آنا۔ قطرہ قطرہ آنا۔ سوزش کیوجہ سے باربار آنا۔ خون اور پیپ کا اخراج ہونا۔ سوزاک کیلیے معمول مطب ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# ضعف باہ کیلیے میرا معمول

- معجون چندن
- فلفل سیاہ 3 تولہ
- زنجبیل 3 تولہ
- فلفل دراز 3 تولہ
- ہلیلہ سیاہ 3 تولہ
- آملہ خشک 3 تولہ
- زراوند 3 تولہ
- خولنجان 3 تولہ
- سورنجان شیریں 3 تولہ
- مغز پستہ 3 تولہ
- مغز اخروٹ 3 تولہ
- گری ناریل 3 تولہ
- چینی 18 چھٹانک

معروف طریقے سے معجون تیار کریں۔

6 گرام دوا ناشتے سے ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ساتھ

## معجون بیشی

- میٹھا تیلیہ مدبر۔ 1 تولہ
- فلفل سیاہ 5 تولہ
- ثعلب مصری 5 تولہ
- شقاقل مصری 5 تولہ
- موصلی سفید 5 تولہ
- سمندر سوکھ 5 تولہ
- تخم ریحان 5 تولہ
- مغز بنولہ 5 تولہ
- گری ناریل 10 تولہ
- شہد۔ تین گنا

معروف طریقے سے معجون بنالیں۔

یا شہد کی مدد سے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک۔

تین گرام دوارات کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ایک گلاس دود کے ساتھ دیں۔ اور گولی ہو تو ایک تا دو گولی جسامت اور عمر کے حساب سے

افعال۔

جلق اور کثرت جماع سے جو لوگ تباہ ہو چکے ہوں۔ رطوبات صالح کی کمی سے ضعف باہ ہو۔ اعصاب کو ن ئ ے سرے سے تازہ کر نے والا اور مطب میں بکثرت استعمال ہونے والا نسخہ ہے۔

مضر: لو بلڈ پریشر۔ ضعف قلب۔ فی منٹ حرکات قلب کی کمی والے مریضوں کو احتیاط سے استعمال کرائ یں۔

ایک اہم نکتہ بھی بیان کر دیتا ہوں۔

لبوب کبیر 100 گرام اور معجون بیشی 50 گرام۔ دونوں کو مکس کر لیں۔

6 گرام دوارات سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کرائ یں۔ سوداوی اور صفراوی ضعف باہ کے مریضوں کو فائ دہ دیتا ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# تمام بدن میں تازہ خون پیدا کرنے والا نسخہ

نسخہ الشفاء:

مغز بادام 10 عدد، الائچی خورد 2 عدد، چھوہارہ 2 عدد۔

ترکیب تیاری:

تینوں چیزوں کو رات کو مٹی کے کورے برتن میں بھگو رکھیں صبح نکال کر مغز بادام کو چھیل لیں الائچی کا چھلکا جدا کر دیں چھوہارے کی گھٹلی نکال دیں تینوں چیزوں کو پتھر کی سل پر یا کونڈی میں اتنا باریک کریں کہ مکھن کی طرح ملائم ہو جائے اب 50 گرام مصری ملا کر چند منٹ تک گھوٹ کر یکجان کر لیں اس کے بعد ان سب چیزوں کو گائے یا بھینس کے 50 گرام مکھن میں ملا کر کھا لیں، یہ ایک خوراک ہے روزانہ تازہ بنائیں۔

فوائد:

زرد اور مرجھائے ہوئے چہرے اس کے استعمال سے چند ہی دنوں میں سرخ ہو جاتے ہیں لاغر اور سوکھے ہوئے جسم بھی چند ہی ہفتوں میں سرسبز و شاداب ہو جاتے ہیں اس لذیذ ناشتہ سے تمام جسم کی قوتوں کو نشوونما ہوتی ہے دماغی کام کرنے والوں کے لئے اس سے بہتر کوئی غذا نہیں ہے پچکے گال ٹھیک

ہو جاتے ہیں خون تازہ پیدا ہو گا جن کے چہرے پر گڑھے پڑے ہوں ان حضرات کے لئے تحفہ ہے نسخہ استعمال کریں اور خوشگوار زندگی گزاریں۔

## بواسیر خونی

رب سک سمبلو 2 تولہ۔

تخم بکائین بریاں 2 تولہ۔

پوست ریٹھا 2 تولہ۔

رب مولی 2 تولہ

گندھک مدبر در آب پوست ریٹھا 1 تولہ

پوست لکڑی کبابہ خنداں تازہ 4 تولہ (خشک 2 تولہ)

گودہ گھیکوار 5 تولہ

کوٹ چھان کر سفوف پوست ریٹھا کو علیحدہ رکھیں۔ باقی ادویات کو گودہ گھیکوار میں کھرل کریں۔ آخر میں پوست بندق شامل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔

دو گولیاں کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تازہ دہی کی لسی کے ساتھ

خونی بواسیر کیلیے بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ جریان خون، سوزش، جلن،درد کو مفید پڑتی ہیں۔

موہکے خشک ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## عجائبات طب

(1) ہچکی۔

اعصابی غدی تریاق۔(ثلاثہ)(ھلدی مسفوف 15 تولہ+شیر عشر 1 تولہ۔ایک گھنٹہ کھرل کرلیں(

دو سے چار رتی سونف+الائچی+گل سرخ کے قہوہ یا عرقوں سے دیں۔ پہلی خوراک سے 5 منٹ میں ہچکی رک جاتی جاتی ہے۔ سینکڑوں بار کا آزمودہ یے۔

(2) الم کلیہ و مرارہ۔

فلفل سیاہ مدبر در آب مرارہ۔

دو سے چار رتی فلفل سیاہ مدبر نیم گرم عرق مکویا جوشاندہ خار خسک سے دیں۔ تڑپتا ہوا مریض پرسکون ہو جائے گا۔

(4) غدی تحریک سے پیچش کیلیے اعصابی غدی تریاق دو سے چار رتی همراہ جوشاندہ بیلگری دیں۔ ایک دو خوراک کافی رہتی ہیں۔

(5) پیٹ درد

اجوائن دیسی سالم آدھی چائے والی چمچ۔ همراہ ایک کپ پانی + ایک لیموں نچوڑ کر فوراً نگلوا دیں۔ ان شاء اللہ 5 منٹ میں آرام آجائے گا۔ معمول ہے۔

اس میں راز یہ کہ فورا نگلوا دیں تا کہ لیموں کے ایسڈ اور نمک کا ایکشن ری ایکشن معدہ میں ہو۔

(6) اسہال۔

.بیلگری مسفوف۔ آدھی سے ایک چمچ چائے والی حسب عمر بیخ انجبار کے قہوہ سے دیں۔ کم ہی کسی دوسری دواکی ضرورت پڑتی ہے۔

(7) لیکوریا۔ صفراوی وسوزشی

بیخ مرجان احراق شدہ +.بیلگری ھموزن ملا کر ایک سے دو ماشہ ھمراہ دودھ تسلی بخش نتائج کی حامل ہے۔

(8) لیکوریا بلغمی برنگ سفید

.بیلگری + ہرڑسیاہ مدبر در گھی۔

ایک سے دو ماشہ ھمراہ پانی۔ جواہرات سے اچھے نتائج کی حامل ہے اور معمول ہے۔

(9 پیچش

.بیلگری + ہرڑسیاہ مدبر در گھی + موچرس۔ ھموزن

ایک سے دو گرام دہی کے ساتھ دیں۔ میں صرف تین خوراک دیتا ہوں۔ شرط یہ ہے کہ پیچش امبیائی نہ ہوں۔

(10) رانی کھیت۔ (مرغیوں کی بیماری(

محترم جناب حکیم عزیز احمد صاحب فرام چکوال کا نسخہ کرونا بنام گودنتی + گندھک ایک ایک پاؤ۔

مرغیوں کی بیماری رانی کھیت میں چار دفعہ کامیاب تجربہ ہو چکا ہے۔ ایک رتی فیڈ میں ملا کر یا کسی مناسب طریقے سے دیں۔

(11 پھیپڑوں کی کسی بھی بیماری میں جب پسلیوں میں درد سانس میں تنگی گھٹن ہو۔ بلغم کا اخراج نہ ہو رہا ہو۔ تو اشرف لیبارٹری کا ایک آئل "اشرف لینی منٹ" ایک چمچ کسی برتن میں پانی ڈال کر آئل شامل کر کے ہوا بند کمرے میں بھاپ لیں۔ فوراً تنفس بحال کرتا ہے۔ درد ختم ہو جاتا ہے۔ میں نے اپنی فیملی میں ڈبل نمونیا کے تیسرے درجے کے مریض بچے کا کامیاب علاج کیا تھا۔ جسے ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا۔ تب سے یہ عرصہ 8 سال سے میرا معمول ہے۔ اور سینکڑوں مریضوں کا علاج کر چکا ہوں میرے اپنے گھر میں اس آئل کی دو سے تین بوتلیں ہر وقت موجود رہتی ہیں۔

سانس اور پھیپھڑوں کے حوالے سے اس سے بڑھ کر زود اثر اور جراثیم کش دوا میں نے نہیں دیکھی۔ کرونا کے حوالے سے بھی حکما اس کو مد نظر رکھیں۔ تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔ اشارہ کافی ہے۔

جن دوستوں کو اعتراض ہوتا ہے کہ میں کمپنی کی ادویات کی مشہوری کرتا ہوں ۔ان کیلیے عرض ہے کہ اس آئل کا جزو اعظم روغن تارپین ہے ۔وہ استعمال کریں۔

(12) پمپلز۔

گنھک مدبر در زلال چھکاریٹھا ایک حصہ + چھلکا ریٹھا دو حصہ

دو سے چار تی کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ

نوجوان لڑکے لڑکیوں کے پمپلز۔چھائیوں اوبے رونقی کیلیے کم خرچ بالا نشیین نسخہ ہے۔احتلام کیلیے بھی کامیاب دوا ہے۔

دو ہفتہ سے زیادہ استعمال نہ کرائیں۔یا پھر ایک ہفتہ ناغہ کرائیں۔

(13) تقویت قلب

نہار منہ مربہ ہی اور سوتے وقت مربہ آملہ ایک عدد چبا کر کھالیں۔ دودھ استعمال نہ کریں۔یا قوتیوں سے زیادہ مقوی قلب ثابت ہوا ہے۔

(14) پھیپڑوں کے زخم۔

درخت چیڑ کی لکڑی میں جو گانٹھیں ہوتی ہیں انہیں چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں۔ بھجی میں بند کرکے کوئلہ کرلیں۔

باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے برابر وزن ہلدی مسفوف ملا کر رکھ لیں۔ ایک گرام دوا ایک چمچ شہد میں ملا کر صبح شام چٹائیں۔ پہلی خوراک سے خون آنا بند ہو جائے گا۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے پھیپھڑوں کے زخم مندمل ہونا شروع ہو جائیں گے۔

کھانسی میں لعوق سپستان میں ملا کر

قروع معدہ میں جوارش کمونی کبیر میں ملا کر گردوں کے زخم میں۔ تریاق گردہ کے ساتھ۔

کثرت بول میں جوارش زرعونی کے ساتھ۔

الغرض ایک طبیب اس سے سینکڑوں کام لے سکتا ہے۔ صرف ایک بات یاد رکھیں۔ یہ ایک غیر معمولی جراثیم کش اور مندمل قروح دوا ہے۔ فرداً فرداً لکھنے سے پوسٹ بہت لمبی ہو جائے گی۔

یہ ترکیب مجھے دوران مراقبہ سوجھی تھی۔

نوٹ۔۔اسے معجون نہ بنائیں تاسیر کم ہو جاتی ہے۔ بوقت ضرورت شہد میں ملا کر دیں

(15) بلغمی کھانسی

جب بلغمی کھانسی کے مریض کو کوئی دوافائدہ نہ کر رہی ہو حالت مایوس کن ہو چکی ہو۔ تو اللہ کا نام لیکر ایک قطرہ روغن تارپین لعوق شپستان ایک چمچ میں ملا کر تین وقت چٹائیں۔ اور اور قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔ آپ نتائج دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔

طلبااس کو استعمال نہ کریں۔

(16) آگ سے جلنا

خواتین جو اکثر کچن میں جل جاتی ہیں۔ اگر فوراً برگ گھیکوار توڑ کر زرد رس نکلنے کے بعد گودہ متاثرہ جگہ پر لگانا شروع کر دیں۔ تو جلن فوراً ختم ہو جاتی ہے۔ آبلہ نہیں پڑتا۔ سب سے بڑی بات کہ جلد پر نشان نہیں رہتا۔ آزمودہ ہے۔

(17) کثرت حیض۔

سفوف دھمانسہ + سک سمبلو۔ هموزن

ایک سے دو گرام پانی کے ساتھ۔

بڑے بڑے نسخوں اور قیمتی ادویات سے زود اثر ہے۔ معمول ہے۔

(18) مقوی باہ۔

لہسن دیسی 3 جوئے۔ ہاون دستے میں رگڑ لیں۔ ایک گلاس گرم دودھ ہاون میں ڈالکر مکس کریں۔ نیم گرم بغیر میٹھا ملائے سوتے وقت دیں۔ شدید انتشار

پیدا کرتا ہے۔جہاں کشتے نکام ہو چکے ہوں وہاں کام کرتا ہے۔ کافی مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔

(19) امساک بذریعہ غذا۔ (ایک عیاش سے ملا راز (

رات کو کریلا شملہ مرچ اور قیمہ ملا کر پکائیں۔ رات کو سیر ہو کھائیں۔ چودہ طبق روشن ہو جائیں گے۔ مریض آپ کے ہاتھ چومے گا۔

دل اور بواسیر کے مریض کو استعمال نہ کرائیں۔ کافی مریضوں کو استعمال کرا چکا ہوں۔ مستقل فائدہ کرتا ہے۔ 15 دن استعمال کرا کر 10 دن ناغہ کریں۔

بکثرت استعمال بواسیر اور بلڈ پریشر ہائی کرتا ہے۔

(20) حاملہ کی متلی۔

ایک چمچ انار دانہ دیسی۔ ایک پیالی پانی میں آدھا گھنٹہ بھگو دیں۔ مل چھان کر کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے پلا دیں۔ جوارش املی سے زیادہ زود اثر ہے۔ کمی اشتہا اور صفراوی پیٹ مروڑ کیلیے بھی بہت مفید ہے۔

(21) بواسیر خونی۔

کبابہ خنداں کی لکڑی ایک سے ڈیڑھ انچ موٹی بغیر لوہا لگائے پتھر کی مدد سے کٹوائیں۔ اور بطور عصا استعال کریں۔ کوشش کریں کہ آپ کی جیب میں کوئی لوہے کی کی چیز نہ ہو۔

بواسیر بغیر دوا کے ختم ہو جائے گی۔

ایک ولی اللہ سے ملا ٹوٹکا ہے۔ جو تجربہ میں بہت کامیاب ثابت ہوا۔ کبابہ خنداں سے بواسیر کی کامیاب دوا بھی بنائی جو کسی مناسب موقع پر شئیر کر دوں گا(بد قسمتی سے حکمانے کبابہ خنداں کو نظر انداز کیا۔ میرے ایک دوست نے۔ کبابہ خنداں اور بٹ پیا(زخم حیات) پر phd تھیسز لکھے ہیں۔ اگر ایڈمنز نے مناسب سمجھا تو شئیر کر دوں گا۔

(22)زہروں کا تریاق

مغز تخم بندق دو رتی روزانہ کچھ عرصہ کے استعمال سے خون میں یہ صفت پیدا ہو جاتی ہے کہ کوئی زہریلے کیڑے مکوڑے بھڑ وغیرہ کا زہر جسم پر اثر انداز نہیں ہوتا۔ مشاہدہ میں درست ثابت ہوا ہے۔

(23(مغلظ و مولد منی

دال ماش سالم تین دن دودھ میں بھگو دیں۔ روزانہ دودھ بدلتے رہیں۔ پھر ماش نکال کر کونڈے ڈنڈے سے اتنا کوٹیں کہ لیس ڈنڈے کے ساتھ اٹھنا شروع ہو جائے برابر وزن مکھن برابر وزن مصری کوٹ کر محفوظ رکھیں۔

دو دو تولہ صبح شام نہار منہ دودھ کے ساتھ

دیہی اور پہاڑی علاقوں میں بکثرت استعمال ہونے والا کامیاب غذائی ٹوٹکہ ہے۔

15 دن کی مقدار سے ذیادہ نہ بنائیں۔ ترش ہو جاتا ہے۔

(24) قوت مدافعت

سیب کا خالص جوس ایک کپ میں دو قطرے آب لیموں ملا کر نہار منہ اور شام کو پلانا قوت مدافعت کو فوراً بحال کرتا ہے۔ پلیٹ لیٹس کی کمی کو تیزی سے بحال کرتا ہے۔

(25) آبلہ دہن

برسات کے موسم میں نکلنے والی کھنبی سفید جو گنبد نما ہوتی ہے۔ دیہات میں لوگ اسے پکا کر کھاتے ہیں۔ اس کا ذائقہ انڈے کے سالن کی طرح ہوتا ہے

حسب ضرورت سکھا کر سفوف کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

ایک چٹکی منہ میں چھڑکیں۔ بہت جلد شفا ہو جاتی ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# لیکوریا۔ رحم کا ٹلنا۔ سوزش رحم

مجھے یہ نسخہ گیارہ سال پہلے ایک سنیاسی سے ملا تھا جو ہمارے علاقے میں بوٹیوں کی تلاش میں آیا تھا۔ اور ایک پہاڑ سے گر کر ٹانگ تڑوا بیھٹا۔ بیس دن اس کی تیمارداری کا موقع ملا۔

سنیاسی نے یہ نسخہ بطور تحفہ دیا تھا۔ میں نے چار بار بنایا۔ اس کے بعد محنت زیادہ ہونے کی وجہ سے ہمت نہیں ہوئی۔

نسخہ۔

ایک کلو پھٹکڑی سفید خام کو باریک پیس لیں۔

دو کلو آب ہلدی تازہ مقطر (تازہ ہلدی کو کوٹ کر پانی حاصل کریں) اور دو کلو آب دھمانسہ آپس میں ملا کر رکھیں۔ (میں نے تازہ دھانسہ نہ ملنے پر جوشاندہ استعمال کیا (

اب ان دونوں مخلوط پانیوں میں پھٹکڑی حل کریں۔ پھٹکڑی حل ہونے کے بعد میٹھا سوڈا اعلیٰ ڈال دیں۔ رات بھر پڑا رہنے دیں۔ صبح پانی نتھار کر مٹی کے برتن میں پکاءیں جب خشک ہو کر کھیل ہو جائے تو باریک پیس کر سفوف کر کے آدھا کلو رال سفید مدبر در جوشاندہ سنبلو شامل کریں۔

اب اس ساری دوا کا وزن کریں۔ اور ایک پاؤ دوا میں ایک درجن انڈے کی سفیدیاں مکس کر کے مٹی کے طباخ میں پھیلا کر چھاؤ ں میں خشک کر کے دوبارہ سفوف کر لیں۔

اچھی طرح مکس کر کے 500 ملی گرام۔ اور 250 ملی گرام والے کی کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک۔۔۔۔۔۔

حسب عمر و جسامت چھوٹا یا بڑا کیپسول صبح شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پیپل کی داڑھی یا چھال کے جوشاندہ سے دیں۔

پرہیز۔۔۔۔۔۔

دودھ۔ مکھن استعمال کرائیں۔ تیز مرچ مصالہ۔ ترشی ہر قسم اور انڈے سے سخت پرہیز کرائیں۔

ماش کی دال کا استعمال زیادہ کرائیں۔

## خواتین کی 75 فیصد بیماریوں کا علاج

خواتین کی 75 فیصد بیماریوں کا شافی علاج ہے۔

لیکوریا۔ سوزش رحم۔ کثرت طمث ۔ کمر درد۔ اٹھرا جنسی عمل کے دوران تکلیف ۔ پستاوں کا ڈھلک جانا۔ پنڈلیوں میں درد۔ اسقاط عمل پر میں نے کامیاب نتائج حاصل کیے ہیں۔

مریل سی خواتین اس کے استعمال سے صحت مند ہو گئیں۔

اگر مرض پرانا ہو تو دن میں صرف ایک خوراک دیں۔ اور ایک مہینہ استعمال کرائیں۔ دوسرے وقت ساتھ کوئی اور معاون دوا۔ حب مروارید ی۔ سپاری پاک۔ حب تریاق رحم ۔ کشتہ صدف ۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ مرجان وغیرہ میں سے جو مناسب سمجھیں دیں

15 دن سے زیادہ کسی کو دوا دینے کی ضرورت کم ہی پڑی ہے۔

رحم کی پانی کی تھیلی پر بھی بہت اچھے نتائج حاصل ہوئے ہیں۔

سنیاسی نے رحم کی رسولیوں پر بھی بتایا تھا لیکن میرا اس پر زیادہ تجربہ نہیں ہے۔ چند خواتین کو استعمال کرایا تھا لیکن بعد کے نتائج سے مجھے آگاہ نہیں کیا گیا۔

## رال مدبر

ایک پاؤ سک سنبلو کو دردرا کر کے رات کو تین کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب دو کلو پانی بچے تو ٹھنڈا کر کے صاف موٹے کپڑے سے دو دفعہ پن لیں۔

اس جوشاندہ کو کسی گہرے پیندے والے برتن میں ڈالیں۔ تین پاؤ رال کو ململ کی پوٹلی میں ڈال کر ڈول جنتر پکائیں کہ جوشاندہ جل کر ایک کلو رہ جائے۔

نکال کر خشک کر کے سفوف کر کے آدھا کلو شامل دوا کریں۔

آگ تیز ہو تو رال کپڑے سے نکل کر نیچے برتن میں گر جاتی ہیے۔ ایسی صورت میں میں اسی رال کو دوبارہ پوٹلی میں باندھ لیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# نسیان بوجہ بڑھاپا

نسیان بوجہ بڑھاپا۔ عدم توجو۔ یا کمی ارتکاز

شربت سلاجیت۔ کنز الاطبا حکیم محمد عبداللہ صفحہ 58

جو لوگ اپنی توجہ کسی خاص نقطہ پر مرکوز نہیں کر سکتے۔ ہر وقت ذہنی انتشار کا شکار رہتے ہیں۔ مزاجاً۔ خشک سرد۔ ارتکاز توجہ سے سر درد ہونے لگے۔ ضعف دماغ بوجہ بڑھاپا و کمزوری ان کیلیے بہت مفید ثابت ہوا۔

پان کے تازہ پتوں کا رس آدھ سیر

انگور کا رس آدھ سیر

دانہ الائچی خورد 5 تولہ

مگھاں 5 تولہ

کیکر کی چھال کا جوشاندہ آدھ سیر

ملٹھی کا جوشاندہ آدھ سیر

ان سب دوواں کو چینی کے کسی برتن میں ڈال کر

اس میں سلاجیت مصفیٰ 5 تولہ

برادہ فولاد 5 تولہ

کھانڈ چار سیر۔

شہد ایک سیر

ملا کر زمین میں دفن کر دیں

ایک ماہ بعد۔ نکال کر چھان لیں۔

چھ ماشہ سے ایک تولہ تک دن میں دو مرتبہ صبح ناشتے کے بعد اور عصر کے وقت دودھ میں ڈالکر دیں۔

اس کے ساتھ رات کو سوتے وقت کشتہ مرجان در مکھن دو رتی + کشتہ صدف مروارید ایک رتی + کشتہ چاندی دو چاول رات سوتے وقت دودھ سے دیں۔ سردیوں میں دوپہر کو مچھلی کے سر کی یخنی ایک کپ دیں۔

۔۔۔مضر۔۔۔

) رات کو قطعاً نہ دیں۔ بے خوابی پیدا کرتا ہے۔ (

صفراوی مزاج کو مضر پڑتا ہے۔ ہڈیوں کی دردیں شروع ہو جاتی ہیں۔

عورتوں کو اتنا فائدہ نہیں دیتا۔ مردوں کو خاص کر خشک سرد مزاجوں کو بہت مفید ہے۔

مردہ جسم میں جان ڈال دیتا ہے۔ بغیر نقصان کئے ذہنی اور جسمانی طاقت کو بحال کرنے میں اس کا ثانی نہیں ہے۔ طبعیت میں بشاشت پیدا کرتا ہے۔ رنگ کو نکھارتا ہے۔

انگور نہ ملنے کی صورت میں آدھا کلو کشمش کو تین کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح مل کر جوش دیں جب آدھا کلو رہ جائے تو تین دفعہ کپڑے سے چھان کر شامل دوا کریں۔

اس اکیلے شربت سے بیسیوں کام لئے جا سکتے ہیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## پیشاب میں البیومن آنا۔

قرص زمرد۔ ھمدرد

دو دو عدد صبح شام ھمراہ آب تازہ

جوارش زر عونی عنبری بہ نسخہ کلاں۔ ھمدرد

آدھی چائے والی چمچ صبح شام ھمراہ آب تازہ

دوالکرکم کبیر۔ ھمدرد یا اشرف

آدھی چائے والی چمچ دوپہر ھمراہ آب تازہ

نسخہ مہنگا ہے لیکن گردوں کیلیے حیات نو ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

# کثرت بول

صبح۔۔۔۔۔

قرص سلاجیت۔ ھمدرد

ایک عدد ھمراہ عرق گلاب

دوپہر ورات۔۔۔۔

اکٹرین۔ ھمدرد

ایک ایک عدد ھمراہ آب

رات۔۔۔۔۔

قرص بیضہ مرغ۔ ھمدرد

دو عدد ھمراہ آب

کثرت بول کی صورت میں ساتھ۔۔۔۔

بلوطی۔ ھمدرد

آدھی چمچ چائے والی رات سوتے وقت

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

# بواسیر

1)قرص رسوت۔ ھمدر

دو عدد صبح دوپہر ھمراہ آب تازہ

(2 قرص مقل۔ ھمدرد

دو عدد صبح دوپہر ھمراہ آب تازہ

(3 حبوب مقوی معدہ۔ ھمدرد

دو عدد رات سوتے وقت ہمراہ شربت ارزانی دو چمچ در آب حل کردہ ساتھ اسبغول 3 گرام

(4 نیموراۂڈ مرھم۔

مقامی طور پر استعمال کرائیں

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

# سنگ گردہ و مثانہ

صبح و دوپہر۔۔۔۔۔

قرص حجر یہود۔ ھمدرد

ایک ایک عدد

معجون حجر یہود ھمدرد۔

آدھی چمچ ھمراہ

یوروسینال شربت۔ قرشی

دو چمچ در آب حل کردہ

رات۔۔۔۔

قرص ملین۔ ھمدرد

دو عدد ھمراہ آب نیم گرم سوتے وقت

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

# تبخیر و ضعف معدہ

1 ) جوارش جالینوس۔ اشرف

آدھی چائے والی چمچ کھانے کے بعد

2) اطریفل اسطوخودوس۔ ھمدرد

آدھی چائے والی چمچ کھانے کے بعد

3) گیسٹول سیرپ۔ اشرف

2 چمچ ایک پیالی پانی میں حل کر کے اس کے ساتھ مندرجہ بالا دونوں دوائیں نگلوالیں۔

اگر ساتھ قبض ہو تو رات سوتے وقت دو گولی قرص ملین دیں۔

اگر تبخیر سے وہم و وسواس بھی ہو تو قرص ملین کی جگہ اطریفل زمانی ۔ ھمدرد۔ ایک سے آدھی چمچ دیں۔

آپ نے جاروب دماغ کا نام سنا ہو گا اور یہ جاروب معدہ ثابت ہو گی۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

## کانچ نکلنا

1) دواالمسک معتدل سادہ یا جواہر دار۔ اشرف

آدھی چائے والی چمچ صبح شام کھانے کے بعد

2) انوشدارو سادہ۔ ھمدرد

آدھی چائے والی چمچ ھمراہ شربت ارزانی۔ ھمدر۔

20 گرام در آب حل کردہ

نیموراائڈ مرھم۔ ھمدرد

صبح شام مقامی طور پر استعمال کریں۔

کامیاب اور اصولی علاج ہے

## کمی اشتہا۔

رینو گولیاں۔ قرشی

ایک سے دو گولی کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے عرق سونف کے ساتھ دیں۔

رینکس پھکی۔ قرشی۔

چار رتی کھانے کے بعد پانی کے ساتھ

جوارش کمونی سادہ۔ اشرف

آدھی چمچ کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔

10دن بعد رینو ختم کر دیں۔

باقی ادویہ کچھ وقت جاری رکھیں۔

کمی اشتہا کا مسلہ حل ہو جاۓ گا۔

بچوں۔ السر معدہ اور خونی بواسیر کے مریضوں کو رینو استعمال نہ کرائیں۔ کیونکہ اس میں تیزاب گندھک ہے۔

## رینو RENO

اس کے اجزا یہ ہیں۔

نوشادر۔ اجوائن دیسی۔ سوڈا خوردنی۔ جو کھار۔ سجی سرخ۔ ٹاٹری۔ نمک سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ ست پودینہ روغن سونف۔ روغن سفیدہ۔

تیزاب گندھک۔

## لیکوریا

(1 حب مرواریدی۔ اشرف یا ھمدرد

دو دو گولی صبح شام دودھ کے ساتھ

(2 وومنز کارڈیل سیرپ۔ اشرف

دو دو چمچ صبح شام کھانے کے بعد

(3 تریاق رحم گولیاں۔ اشرف

دو دو گولیاں صبح شام پانی کے ساتھ

(4 عروسک۔ ھمدرد

دو سے تین گرام ململ کی پوٹلی میں بطور شافہ رات سوتے وقت استعمال کرائیں۔

وائرل انفیکشن نہ ہو تو ان شاء اللہ 95% خواتین ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

ایک اور بات کہ وہ نو عمر بچیاں جو جنہیں ہارمونز کی خرابی کی وجہ مینسز بے قاعدہ ہوں وہ صرف وومنز کارڈیل سے ہی ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ لیکوریا کیلیے ساتھ کشتہ صدف یا کشتہ بیضہ مرغ دورتی ساتھ دیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

# نزلہ زکام کھانسی گلے کی خراش۔

(1 لعوق سپستان۔ ھمدرد

(2 لعوق سعال خاص۔ اشرف

دونوں سے آدھی آدھی چمچ چائے والی۔

(3 صدوری شربت۔ ھمدرد

دو چمچ چائے والے۔

(4 لنگزول شربت۔ ھمدرد

دو چمچ چائے والے۔

ایک کپ نیم گرم پانی میں ملا کر

مریض سے کہیں کہ ہر منٹ بعد ایک گھونٹ پی ئے۔

اگر ساتھ زکام ہو تو۔

(5 تریاق نزلہ۔ اشرف۔

آدھی چمچ شامل کریں۔ صدوری شربت شامل نہ کریں۔

یہ مزکورہ شکایات میں بہت ہی کامیاب کمبینیشن ہے۔ اس ترکیب و ترتیب کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ

## اسقاط حمل

صندل سفید

صندل سرخ

برگ نیم

برگ حنا

ملٹھی

مجیٹھ

کچور

گیرو

ہرپچی(یہ ہارڈوی ئر و چونا پینٹ والی دو کانوں سے ملتی ہے۔)

سب ادویہ برابر وزن لے کر سفوف بنالیں۔

ایک رتی سے دو رتی تک پانی کے همراہ بوقت صبح دیتے رہیں۔

اگر عورت دوران حمل اس کا عمل جاری رکھے تو اسقاط حمل سے محفوظ رہے گی۔ نیز اولاد نرینہ پیدا ہو گی۔

علاوہ ازیں خرابی خون۔ پھوڑا پھنسی۔ وغیرہ کیلیے مانند اکسیر ہے۔

---

یہ نسخہ مندرجہ بالا الفاظ کے ساتھ کنز المجربات جلد دوم نسخہ نمبر 288 صفحہ نمبر 496 پر درج ہے۔

میں اس میں دھمانسہ کپڑ چھان کا اضافہ کرتا ہوں۔ باقی اجزا اگر دو دو تولہ ہوں تو دھمانسہ چار تولہ۔

عرق منڈی خود ساختہ یا قہوہ منڈی کے ساتھ دیتا ہوں۔

اگر ضرورت پڑے تو نشاط حیات نسواں۔ اشرف کی دن میں ایک خوراک دیتا ہوں۔ کہ یہ بھی محافظ حمل اور تغذیہ جنین میں معاون ہے۔

یا کبھی معجون حمل علویخانی۔ ھمدرد دے دیتا ہوں۔ دونوں کے اجزا تقریباََ ایک جیسے ہیں۔ نشاط حیات نسواں کے نتاۓج ذیادہ اچھے ہیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہر احمد حویلیاں ایبٹ آباد۔

# سعالی

سعالی۔ کھانسی کی دوا جو معمول مطب ہے۔

آک کے تازہ پھول دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ فلفل دراز دو تولہ۔ کاکڑا سنگی ایک تولہ۔

آک کے پھولوں کے علاوہ سب چیزوں کو مثل غبار پیس لیں۔ آک کے پھولوں کو کوٹ کر ملائم نغدہ کی طرح کر لیں۔ نغدے کو کونڈے میں ڈال کر تینوں دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈال کر کوٹتے جائیں تا آنکہ سارا سفوف ختم ہو جائے۔ اس مرکب کے دو حصے کر لیں۔ ایک حصہ کو خشک کر کے مثل غبار کر لیں۔

خشک کھانسی والے کو ایک سے دو رتی یہ دوا ایک چمچ شہد میں ملا کر بغیر پانی چٹا دیں۔ ان شاء اللہ زبان پر رکھتے ہی خشک کھانی والے کو افاقہ ہو گا۔

دوسرے حصے میں صدوری شربت۔ ھمدرد کا ایک بوتل بذریعہ کھرل جذب کریں کہ گولی باندھنے کے قابل ہو جائے۔ دو رتی کی گولی بنا لیں۔

جس مریض کا بلغم بوجہ لزوجت اور گاڑھا ہونے کے خارج نہ ہوتا ہو۔ اسے ایک گولی چوسنے کے لیے دیں۔ شدید صورتوں میں ہر آدھے گھنٹے بعد گولی دے سکتے ہیں۔ بلغم کو رقیق کر کے اخراج کرتی ہے۔ اس کی موجودگی میں کسی دوسری دوا کی کم ہی ضرورت پڑی ہے۔

"احتیاط"

سفوف ہو یا گولی اس دوا کو استعمال کرنے کے بعد 20 منٹ تک کچھ بھی کھانے پینے سے منع کریں۔ قے ہونے کا اندیشہ ہے۔

یہ نسخہ حکیم عبداللہ صاحب مرحوم کی کتاب۔ درختوں اور پودوں کے خواص صفحہ 24 پر درج ہے۔ جو تجربات اور ضروری ترامیم کے بعد اسطرح معمول مطب ہے۔

"نوٹ"

بعض دفعہ آک کے تازہ پھول نہ ملنے کی صورت میں آک کے خشک پھول ایک تولہ کی مقدار میں شامل کرتا ہوں۔ تب بھی اتنا ہی مفید ہے۔

حکم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## حب تیرہ تیزک

تیزابیت اور سوداوی امراض کیلیے ایلو پیتھک "او میرازول" کے پائے کی دوا ہے۔

ہلدی 5 تولہ ،تارامیرا (تیرہ تیزک) 5 تولہ

دونوں کو سفوف کر کے گودہ گھیکوار کی مدد سے کابلی چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

ایک تا دو گولی کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے پانی کے ساتھ۔

معدہ کی جلن۔ تیزابیت۔ بواسیری زہر کے عوارض۔ سوتے میں بادی کا پانی منہ سے آنا۔ خرابی معدہ کی وجہ سے دانتوں کی خرابی۔ چھپاکی۔ جلدی الرجی کیلیے قابل بھروسہ۔ اور معمول مطب دوا ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## مصفی خون

حکیم محمد سعید صاحب مرحوم بانی ھمدرد کا معمول مطب۔

جو کافی عرصے سے میرا بھی معمول ہے۔ یہ واحد نسخہ جو دراصل بدرقہ ہے۔ بہت سے نسخہ جات سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ تر خارش پھوڑے پھنسی۔ دنبل۔ چھالے۔ رحم سے پیپ کا اخراج۔ سر میں کھرنڈ بننا کیلیے اچھا نسخہ اور معمول ہے۔

نسخے کا مزاج خشک سرد ہے۔ فاسد رطوبات کو خشک کرتا ہے۔

نسخہ۔

رسوت خالص۔ 5 تولہ۔ چاکسو مدبر 5 تولہ۔ نرکچور 5 تولہ۔ کتھ سفید 5 تولہ۔

چاروں چیزوں کو دردرا( موٹا موٹا ) کوٹ لیں۔ اور 9.9 گرام کی پڑیہ بنا لیں۔

ترکیب استعمال۔

رات کو ایک پڑیہ کو کانچ کے گلاس میں ڈال کر اوپر تیز گرم پانی ڈیڑھ کپ ڈال کر رکھ دیں۔ گلاس ہلانا نہیں ہے اور نہ ہی چمچ سے ہلانا ہے۔ گلاس جہاں رکھا ہے۔ وہیں رکھا رہنے دیں۔ اس میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ دوا پر پانی ڈالنے کے بعد گلاس کو چھلکانا نہیں ہے ورنہ دست شروع ہو جائیں گے۔۔ صبح نہار منہ آرام سے پانی نتھار کر پی لیں۔ کپ میں جو دوا ہے اس کے اوپر تازہ ایک کپ گرم پانی ڈال دیں۔ اور عصر کے بعد پی لیں۔ اگلے دن کیلئے تازہ دوا ڈال کر اسی ترکیب پر عمل کریں۔ پہلی دوا کو ضائع کر دیں۔

بطور بدرقہ

آپ اسی طریقے سے تیار کیۓ گے خساندہ کے ساتھ اطریفل شاہترہ ۔معجون مصفی خاص۔ معجون عشبہ میں سے جو مناسب سمجھیں استعمال کرائیں۔

اب میں اسے سفوف بنا کر 1000 ملی گرام والے کیپسول صبح شام استعمال کراتا ہوں۔

فوائد بعینہ ہیں۔ لیکن اس میں ایک قباحت ہے کہ سفوف کی شکل میں استعمال سے خشکی بہت کرتا ہے۔ دودھ گھی کا ستعمال زیادہ کرائیں۔

۔۔۔۔نوٹ۔۔۔۔۔

سفوف کے استعمال کی صورت میں سفوف ریٹھا 125 ملی گرام والا کیپسول صبح شام ساتھ استعمال کراتا ہوں اس کے فوائد بھی بڑھ جاتے ہیں اور خشکی بھی نہیں ہوتی۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## دوائے بخار

پھٹکڑی سفید 5 تولہ۔ قلمی شورہ 5 تولہ۔ شیر مدار 5 تولہ۔

پھٹکڑی اور قلمی شورہ کو سفوف کر کے آہنی کڑائی میں ڈالیں۔ اوپر شیر مدار ڈال کر ملائیں۔ کڑاھی کو آگ پر رکھ کر نرم آگ پر شیر مدار جذب کر

دیں۔ پھٹکری کھیل ہونے پر چولہے سے اتارلیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس کرایک گھنٹہ کھرل کرلیں۔

دو سے چار رتی کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی یا مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

ان شاء اللہ، پسینہ آکر بخار اتر جائے گا۔ ہر قسم کے بخار،ں اور سردی کے دردوں میں عرصہ سے معمول ہے۔ اب میں اس کے ساتھ کشتہ گودنتی دو رتی ملا کر دیتا ہوں۔ اس سے اثرات اور قوی ہو گے ہیں۔

والسلام : حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## قے اور اجوائن

اجوائن دیسی 5 تولہ۔ نمک خوردنی 1 تولہ۔ لیموں حسب ضرورت

اجوائن دیسی کو توے پر ڈھیری کی شکل میں بچھائیں اس کے اوپر نمک کی تہہ بچھائیں۔ اس کے اوپر اتنے لیموں نچوڑیں کہ تمام اجوائن تر ہو جاۓ۔ اجوائن کے اوپر کوئ ی ایسا برتن اوندھا رکھیں کہ اس کے لب توے سے مل جائیں۔ توے کے نیچے 8 سے 10 منٹ درمیانی آگ جلائیں۔ کہ اجوائن کوئلہ ہوجاۓ۔ لیکن جلے نہیں۔ جب توا مکمل ٹھنڈا ہو جاۓ تو اجوائن کو نکال کر کانچ کی ہوابند بوتل میں محفظ رکھیں۔ پینا نہیں ہے۔ دو سے چار رتی صرف اتنے

پانی سے دیں کہ مریض نگل لے۔ فوراً قے رک جائے گی۔ جہاں ایلو پیتھک دوا گریوینٹ ناکام ہو اس دوا نے وہاں بھی رزلٹ دیا ہے۔ یاد رہے کہ یہ مستقل علاج نہیں ہے۔ قے رکنے کے بعد مرض اور اسباب کے مطابق مستقل علاج کریں۔

یہ دوا کھلی ہوا میں نہ رکھیں۔ نمی والی جگہ برسات کے موسم میں اور تین ماہ بعد دوا کے اثرات میں کمی آجاتی ہے۔ گولی بنانے سے بھی دوا نے مذکورہ فوائد نہیں دیئے۔ البتہ کیپسول میں بھری جا سکتی ہے۔ لیکن استعمال کرتے وقت کیپسول سے نکال کر استعمال کرائیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# حب بواسیر بندقی

گندھک آملہ سار مدبر در آب برگ مدار 5 تولہ۔ قلمی شورہ 5 تولہ۔ بندق سوختہ 5 تولہ۔ تارامیرا 5 تولہ

سفوف کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

ایک سے دو گولی کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ۔

خونی بواسیر میں شربت انجبار کے ساتھ دیں۔ بادی بواسیر میں شدید نمبر 4 (ثلاثہ) دو گولی ملا کر ہمراہ عرق کاسنی و سونف کے ساتھ دیں۔

بواسیر کیلئے مفید نسخہ ہے

گندھک مدبر

برگ مدار کو دیگچے میں رکھ کر اوپر ڈھکن رکھ کر آگ جلائیں۔ جب نرم ہو جائیں۔ تو کوٹ کر نچوڑ کر پانی حاصل کریں۔ اس پانی کا مقطر حاصل کریں۔ یہ پانی دو کلو ہونا چاہئیے۔ اس پانی میں ایک پاؤ گندھک معروف طریقے سے مدبر کر لیں۔ اور 5 تولہ شامل دوا کریں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

# حاملہ کی متلی و قے

1) جوارش تمر ہندی۔ اشرف۔

ایک چمچ چائے والی کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے همراہ ایک چمچ انار دانہ دیسی در آب حل کردہ

2) جوارش انارین خاص۔ اشرف

ایک چمچ چائے والی کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔

3) جوارش آملہ خاص۔ اشرف

ایک چمچ چائے والی رات سوتے وقت پانی کے ساتھ

اگر مریضہ گھبراہٹ بے چینی۔ اور ہاتھ پاوں کے سن ہونے کی شکایت کرے تو ساتھ

4) خمیرہ مروارید۔ ھمدرد

ایک چمچ بوقت عصر دودھ کے ساتھ

ان شاء اللہ حمل کے ابتدائی ماہ میں ہونے والی تمام علامات کیلیے شافی و کافی ہے

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد

# اکسیری آئل

مغز حب الملوک مدبر۔ مغز بادام شیریں۔ مغز ناریل۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز تخم ارنڈ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تربوز۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔

برابر وزن

پتال جنتر یا کسی بھی طریقے سے تیل حاصل کریں۔

قبض۔۔۔۔۔۔

ایک سے تین قطرے دودھ میں ڈال کر رات کو دیں۔ صفراوی اور سوداوی امراض میں بہترین قبض کشا اور بغیر تکلیف و جلن مروڑ کے مسہل ہے۔ جتنے قطرے دیں گے اتنے اسہال آئیں گے۔

طلاء۔۔۔۔۔۔

تین قطرے بطور طلا استعمال کریں۔

مجلوقین کے لیئے بہترین طلا ہے۔ جبکہ عضو سکڑ گیا ہو۔ پتلا پن ہو۔ عضو کی فربہی کیلیے تسلی بخش نتائج کا حامل طلا ہے۔

دھدر خشک۔

خشک دھدر کے لیئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ دھدر کے پھیلاؤ کے حساب سے چند قطرے دھدر پر لگادیں۔ ایک ہفتے میں ان شاء اللہ جلد نارمل ہو جائے گی۔ متاثرہ جگہ پہلے سرخ ہو گی کھرنڈ بنے گا اور جلد صاف ہو جائے گی۔

گنج پن۔۔۔

برابروزن روغن زردی بیضہ مرغ شامل کر کے متاثرہ جگہ پر مالش کریں۔ پھنسیاں پیدا ہوں لگانا بند کر دیں۔ مسلسل استعمال سے کافی حد تک نئے بال اگ آتے ہیں۔ ایک سے دو ماہ میں اطمینان بخش نتائج حاصل ہوئے ہیں۔

بالچر۔۔۔۔۔۔

برابروزن روغن تارامیرا شامل کریں۔

بالچر پر اس کا تجربہ بہت کامیاب رہا ہے۔ طریقہ استعمال گنج پن والا ہی ہے۔

احتیاط۔۔۔۔۔

چہرے اور نازک اعضا پر استعمال نہ کریں۔

حکیم ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## ورمین

ریوند خطائی 250 گرام۔

سورنجان شیریں 250 گرام۔

سوہاگہ خام 150 گرام۔

سنڈھ 150 گرام۔

مکودانہ 150 گرام

کچور 150 گرام۔

ناگ کیسر 100 گرام

اندر جو شیریں 100 گرام۔

نوشادر 100 گرام۔

تربد سفید مجوف 100 گرام۔

ترکیب تیاری۔

تربد کے اوپر سے چھلکا اتار لیں۔ اور چھلکا 100 گرام شامل دوا کریں۔ لکڑی پھینک دیں۔

تمام ادویات کو پیس چھان لیں۔

مقدار خوراک۔

1 سے 2 گرام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ صبح دوپہر شام دیں۔

زبردست محلل اورام ہے۔ جس کے کسی بھی حصے میں ورم ہو۔ ہر جنس اور عمر کو یکساں مفید ہے۔

میرے مطب میں خواتین کیلیے سب سے زیادہ استعمال ہنے والا نسخہ ہے

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد۔ حویلیاں ایبٹ آباد

## بڑھا ہوا پیٹ

مردوں اور عورتوں میں بڑھا ہوا پیٹ

۔۔۔۔ مردوں میں۔۔۔

جوارش جالینوس۔ اشرف

آدھی چاۓ والی چمچ کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے ھمراہ ایک چمچ سرکہ انگوری دتو والا ایک کپ پانی میں ملا کر

حب صابر۔

ایک سے دو گولی کھانے بعد ھمراہ گیٹول سیرپ۔ اشرف۔ پانی میں ملا کر

ساتھ شدید 4 آدھی چاۓ والی چمچ کھانے کے بعد۔

۔۔۔۔۔۔ عورتوں میں۔۔۔۔

جواش جالینوس۔ اشرف

اطریفل اسطوخودوس۔ ھمدرد

دونوں سے آدھی آدھی چائے والی چمچ کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے لیموں ملے پانی کے ساتھ

جوارش بسباسہ۔ اشرف

آدھی چائے والی چمچ کھنے کے بعد

شدید 5 ثلاثہ

ایک کیپسول 500 ملی گرام زیرہ سفید اور الائچی سبز کے لیموں ملے قہوہ کے ساتھ

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## معجون چندن

فلفل سیاہ 3 تولہ

زنجبیل 3 تولہ

فلفل دراز 3 تولہ

ہلیلہ سیاہ 3 تولہ

آملہ خشک 3 تولہ

زراوند 3 تولہ

خولنجان 3 تولہ

سورنجان شیریں 3 تولہ

مغز پستہ 3 تولہ

مغز اخروٹ 3 تولہ

گری ناریل 3 تولہ

چینی 18 چھٹانک

معروف طریقے سے معجون تیار کریں۔

6 گرام دوا کھانے سے ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ساتھ

نوٹ۔

ناشتے کے معجون چندن 6 گرام دودھ سے اور

رات سوتے وقت معجون بیشی 6 گرام دودھ کے ساتھ

ضعف گردہ اور ویاگرہ کے مسلسل استعمال سے ضعف باہ کے مریضوں کو فائدہ دیتا ہے۔ قلت منی کو مفید پڑتا ہے۔

اس ترتیب سے اکثر مریضوں کو فائدہ ہوتا ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## مدر حیض جوشاندہ

خواتین کیلیے ایک معمول مطب نسخہ شیئر کرتا ہوں اکثر تجویز کرتا ہوں۔ بہت اچھے نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ یہ نسخہ ایک پیر صاحب سے حاصل ہوا جو تجربہ میں مفید ثابت ہوا۔

یہ ایک جوشاندہ ہے۔ دو دن کے جوشاندہ کی مقدار خوراک لکھتا ہوں۔

پرسیاؤ شاں 6 ماشہ۔

گاؤ زبان 4 ماشہ

مویز منقی 7 دانہ

بادیاں 6 ماشہ

تخم خیارین 6ماشہ

تخم خربوزہ نیم کوفتہ 6ماشہ

گوگھرو 6ماشہ

مکودانہ 6ماشہ

سنامکی 6ماشہ

گل سرخ 6ماشہ

سونٹھ 4ماشہ

باؤبڑنگ 4ماشہ۔

پوست املتاس 1 تولہ

قندسیاہ 3 تولہ

تمام ادویہ کو سوائے گڑ کے تین سیر پانی میں پکاءیں۔ دو سیر رہنے پر چھان کر گڑ ملالیں۔

ایک سے دو پیالی تک جسامت کے حساب سے صبح دوپہر شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد۔ ایک دفعہ کابنایا جوشاندہ دودن تک قابل استعمال ہے

سات دن کا استعمال کافی رہتا ہے۔

بند ش حیض ۔ خصوصاً قلت حیض والی خوا تین جن کو کھل کر مینسز نہ ہو تے ہوں۔ بلکہ داغ لگتے ہوں۔ اور خاص الخاص طور پر وہ نو جوان لڑ کیاں جنہیں ہار مونل ڈسٹر بنس کی وجہ سے تین تین مینسز نہ ہو تے ہوں جسم پھولا ہوا کمی خون کی شکار ہوں۔ کیلیے بہت مفید ثابت ہو تا ہے۔

وہ خوا تین جن کے مینسز تو نارمل ہوں لیکن پھر بھی بے اولاد ہوں ان کو مینسز سے سات دن پہلے یہ جوشاندہ استعمال کروا کر غسل کے بعد دس دن "ورمین نام کا ایک نسخہ استعمال کراتا ہوں۔ ان شاء اللہ اکثر مریضاﺉیں پہلے مہینے پریگنیٹ ہو جاتی ہیں۔اس کا نسخہ علیحدہ شی ئر کر دیتا ہوں

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## سیمنز میں پس سیلز

ایسے کیسوں میں میرا معمول یہ ہے۔

سفوف ریٹھا۔ 250 ملی گرام + روح طوطیا 2 چاول ملا کر صبح شام کھانے کے بعد شرت بزوری کے ساتھ۔

(نوٹ) اگر مریض کو مکھن اور گھی کے استعمال میں کوئی مسلہ نہ ہو تو دونوں کھانوں میں مکھن یا گھی کا استعمال ضرور کریں۔

(2) ہلدی 5 تولہ۔ ملٹھی 5 تولہ۔ سونف 5 تولہ۔ گوکھرو خورد 10 تولہ ۔سفوف بنالیں۔ آدھی چائے والی چمچ تینوں وقت کھانے کے ایک گھنٹہ بعد۔

گوند کتیرا 1 تولہ۔ گوند کیکر 1 تولہ۔ دکنی سپاری 1 تولہ۔ موصلی سفید 2 تولہ۔ قلمی شورہ اصلی 6 ماشہ۔ کباب چینی 4 ماشہ۔ طباشیر 3 ماشہ۔ ستاور 1 تولہ۔ کوزہ مصری 5 تولہ۔

سفوف بنالیں۔

ایک چمچ چائے والی نہار منہ اور ایک چمچ رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## سوداوی مریضوں کیلیئے ہاضم

آک کے تازہ پھول۔ 2 تولہ

فلفل دراز۔ 4 تولہ

زنجبیل۔ 4 تولہ۔

نمک سانبھر 6 تولہ

آک کے پھولوں کے علاوہ تمام اجزا کو پیس چھان کر ملالیں۔

آک کے پھولوں کو ہاون دستہ میں کوٹ کر ملاءم کر لیں۔اور اجزا کا مرکب تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور کوٹتے جاءیں۔ آخر میں حسب ضرورت گودا گھیکوار شامل کر کے نخودی گولی بنالیں۔

ایک تادو گولی کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔

نوٹ:

تازہ پھول نہ ملنے کی صورت میں خشک پھول 1 تولہ شامل دوا کریں۔

سوداویت کی وجہ سے ضعف معدہ۔ بدہضمی درد معدہ۔ اور نفخ میں بہت مفید ہے۔

تیزابیت کیلیے اس سے اچھی اور زود اثر دوا تجربہ میں نہیں آءی۔

صفراوی مزاج کو بھی مفید پڑتا ہے۔ رطوبات صالح پیدا کرتا ہے۔

مضر۔۔۔۔

ہاءی بلڈ پریشر اور 10 سال سے کم عمر کے بچوں کو نہ دیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# صفراوی مریضوں کیلیے ہاضم

یہ دو نسخوں پر مشتمل ہے۔

(1) تریاق جگر

نوشادر۔ 1 تولہ

قلمی شورہ۔ 2 تولہ

افسنتین۔ 3 تولہ

ریوند خطائی۔ 4 تولہ

سبکو پیس کر سفوف بنالیں۔ صبح شام چار رتی کھانے کے بعد عرق مکوو کاسنی کے ساتھ

سفوف ہاضم۔(یہ نسخہ حکیم اعجاز احمد باجوہ صاحب فیصل آباد کا ہے۔)

الائچی سبز۔ 250 گرام

زیرہ سفید 250 گرام

سونف 250 گرام

پودینہ 250 گرام

میٹھا سوڈا اصلی 150 گرام

سفوف بنالیں۔

ایک چمچ چائے والی کھانے کے بعد پانی کے ساتھ

صفراوی مریضوں کیلیے ان دو دواؤں کی موجودگی میں تیسری دوا کی ضرورت کم ہی پڑتی ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## صفراوی اور سوداوی فساد خون

یہ نسخہ بھی حکیم سعید صاحب مرحوم کے معمولات میں سے تھا۔

اور تجربہ کے بعد بہت مفید ثابت ہوا۔

فوائد کے لحاظ سے صرف اتنا کہوں گا کہ یہ نسخہ سوداوی اور صفراوی دونوں اخلاط کے بگاڑ کا تنقیہ کرتا ہے۔ لیکن

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خصوصاً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جگر اور صفرا کے بگاڑ کی وجہ سے جو جلدی امراض ہوتے ہیں ان کیلیے بہت مفید اور اکیلا نسخہ ہے۔

جو لوگ برگ جھاؤ کی افادیت سے واقف ہیں وہ اس کی اہمیت کو جان لیں گے۔

اشارتاً بتاتا ہوں کہ جگر کیلیۓ **ھمدرد** کی مشہور دوا "اکٹرین" برگ جھاؤ سے تیار کی جاتی ہے۔ لیور اپسیس کے ابتدائی درجے میں بھی مفید ثابت ہوا ہے۔

۔۔۔۔۔۔نسخہ۔۔۔۔۔۔

شاہترہ۔ 5 گرام

چراہتہ 5 گرام

سرپھوکا 4 گرام

منڈی 4 گرام

عناب 5 دانے

ہلیلہ سیاہ 5 گرام

برگ جھاؤ 4 گرام

گل سرخ 4 گرام

عشبہ مغربی 3 گرام

اسے آپ تین طریقوں سے استعمال کرا سکتے ہیں۔ خیسانده۔ جوشانده اور سفوف۔

خیسانده۔

تمام ادویات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں صبح مل چھان کر نہار منہ پلا دیں۔

جوشانده۔

تمام دواؤ ں کو ایک پاؤ پانی میں رات کو بھگو دیں ۔ صبح اسی پانی میں جوشاۓ یں کہ پانی تین چھٹانک رہ جاۓ۔ پن چھان کر آدھا ناشتے کے ایک گھنٹہ بعد اور آدھا رات سوتے وقت نیم گرم یا موسم کے حساب سے استعمال کرائۓ یں۔

۔۔ سفوف ۔۔

مندرجہ بالا نسبت سے سفوف بنا لیں۔ 1000 ملی گرام والا کیپسول کھانے کے ایک گھنٹہ بعد عرق مکوو کاسنی کے ساتھ تینوں وقت دیں۔

خواتین کی مخصوص خارش اور فساد لبن میں بھی اس نسخہ کے خیسانده نے کافی فائدہ کیا ہے۔ (حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد)

## جنون

مغز بادام شیریں۔ 5 تولہ

مغز تخم کدو 3 تولہ

تخم کاہو 3 تولہ

خشخاش سفید 3 تولہ

کنجد سفید 3 تولہ

صندل سفید 2 تولہ

الائچی کلاں 1 تولہ

سبکو کونڈے ڈنڈے میں کوٹ لیں۔ (گرائینڈر میں نہ ڈالیں)

ایک چاۓ والی چمچ ایک پیالی دودھ آدھا کپ عرق گلاب ملا کر شیک بنائیں نہار منہ استعمال کرائیں۔

(2) گل سرخ ایرانی 3 تولہ

گل نیلوفر۔ 3 تولہ

چھوٹی چندن 3 تولہ

گوند کیکر 3 تولہ

کشنیز خشک 3 تولہ

صندل سفید 3 تولہ

تخم کاھو۔ 3 تولہ

الائچی خورد 3 تولہ

سفوف بنالیں

ایک سے دو گرام صبح شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد

جوارش شائی۔

ایک چاۓ والی چمچ کھانے کے بعد پانی کے ساتھ تینوں وقت

نوٹ (

یہ صرف جنون اور پاگل پن کے ایسے مریض کیلیے ہے۔ جو توڑ پھوڑ، مار دھاڑ، کرتا ہو اور وحشت کا شکار ہو۔

جو مریض وہم و وسواس، خاموشی اور تنہائی پسند ہو اسے قطعاً نہ دیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد۔

# مسمن بدن و مقوی دماغ

بادام گری شیریں 7 عدد

ہرڑ زرد 1 عدد

خشخاش سفید 1 چائے والی چمچ

مکھن۔ کھانے والا ایک چمچ۔

مصری مسفوف۔ دو سے چار تولہ

سوائے مکھن کے تمام کو مٹی کے برتن میں رات کو بھگو دیں۔ صبح ہرڑ کو توڑ کر گھٹلی نکال دیں۔ بادام کے اوپر سے جھلی اتار دیں۔

سب سے پہلے ہرڑ کو کونڈے ڈنڈے میں کوٹیں۔ پھر گری بادام کو ٹیں۔اس کے بعد خشخاش شامل کر کے رگڑیں۔ جب ملائم چٹنی بن جائے تو مکھن شامل کریں۔

آخر میں مصری سفوف شامل کریں۔

یہ خوش ذائقہ ناشتہ ہے۔ صبح استعمال کریں۔ اور اوپر سے دودھ پی لیں۔

مسمن بدن ہے۔ سوکھے سڑے جسم کو دو تین ہفتوں میں موٹا تازہ کرتا ہے۔ جسم کو سڈول بناتا ہے۔ بچوں اور نوجوانوں کیلیے بہترین غذائی ٹانک ہے۔ مقوی دماغ و حافظہ ہے۔

اگر صرف گرمی کیلیے ستعمال کرنا ہو تو مکھن کی جگہ ایک پیالی دودھ شامل کر کے شیک بنائیں اور نہار منہ پی لیں۔ گرمیں میں کسی اور ٹھنڈے مشروب کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## مراق (مالیخولیا)

مراق (مالیخولیا) اور مکمل علاج

## 1 سفوف مراق

افسنتین 5 تولہ

گل سرخ 3 تولہ

گل گاؤ زبان 3 تولہ

مصطگی رومی 3 تولہ

عود غرقی 2 تولہ

دانہ الائچی خورد 1 تولہ

طباشیر بانسہ 1 تولہ

سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:4 سے 6 رتی

صبح دوپہر شام کھانے کے بعد همراہ عرق مراق

## (2) معجون مراق

مربہ آملہ 5 عدد

مربہ ہلیلہ 7 عدد

مربہ سیب 5 عدد

رب آملہ 7 تولہ

رب بلیلہ 5 تولہ

کشنیز خشک 7 ماشہ

دانہ الائچی خورد 5 ماشہ

دانہ الائچی کلاں 7 ماشہ

زیرہ سفید 9 ماشہ

زیرہ سیاہ 5 ماشہ

بالچھڑ 5 ماشہ

فلفل سفید 5 ماشہ

گل سرخ 5 ماشہ

گل سیوطی 3 ماشہ

زنجبیل 7 ماشہ

ھینگ بریاں در گھی 7 ماشہ

پودینہ خشک 5 ماشہ

شہد کی مدد سے معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک۔

6 ماشہ سے ایک تولہ تک کھانے کے بعد عرق مراق کے ساتھ۔

## (3) عرق مراق

عرق بادیاں 1 پاؤ

عرق پودینہ ایک پاؤ

عرق الائچی 1 پاؤ

روغن بادیاں۔ 6 ماشہ

روغن پودینہ۔ 2 ماشہ

رب سیب 10 تولہ

تمام کو ملا کر کانچ کی بوتل یا جار میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک۔

3 تا 5 تولہ ھمراہ سفوف و معجون۔

مالیخولیا۔ مراق۔ وسواس ڈپریشن۔ کیلیے بہت کامیاب اور مکمل علاج ہے۔

اس کے علاوہ بدہضمی دل کی کمزوری جگر کی خرابی تبخیر معدہ۔ اور ہسٹیریا پر بہت اچھے نتائج حاصل ہوئے ہیں۔

روغن بادیاں اور روغن پودینہ کا حصول تھوڑا مشکل ہے۔ اس لیے چند بار کے علاوہ میں نے پھر نہیں ڈالا۔ تب بھی اثرات میں کوئی کمی نہیں آئی (

یہ محترم جناب حکیم منیر احمد قریشی اسلام آباد کا معمول تھا جو تجربہ میں بہت مفید ثابت ہوا۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد۔

## بواسیر خونی

رب سک سمبلو 2 تولہ۔

تخم بکائین بریاں 2 تولہ۔

پوست ریٹھا 2 تولہ۔

رب مولی 2 تولہ

گندھک مدبر در آب پوست ریٹھا 1 تولہ

پوست لکڑی کبابہ خنداں تازہ 4 تولہ (خشک 2 تولہ)

گودہ گھیکوار 5 تولہ

کوٹ چھان کر سفوف پوست ریٹھا کو علیحدہ رکھیں۔ باقی ادویات کو گودہ گھیکوار میں کھرل کریں۔ آخر میں پوست بندق شامل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔

دو گولیاں کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تازہ دہی کی لسی کے ساتھ

خونی بواسیر کیلیے بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ جریان خون، سوزش، جلن، درد کو مفید پڑتی ہیں۔ موہکے خشک ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## دماغی امراض اور ایک ملین نسخہ

سقمونیا۔ 1 تولہ

مصبر۔ 2 تولہ

ریوند عصارہ۔ 2 تولہ

رسوت۔ 5 تولہ

تروی۔ 2 تولہ

رب السوس۔ 2 تولہ

ہرڑسیاہ۔ 5 تولہ

سبکو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

چار رتی سے ایک ماشہ تک رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ

مالیخولیا کے مریضوں کو بہت استعمال کراتا ہوں۔

مالیخولیا کے ہر درجے کے مریض کو مفید پڑتا ہے۔ ملین ہے۔ وہم وسواس۔ دائمی قبض۔ آنتوں کے سدے۔ معدے کے بخارات کا دل و دماغ کی طرف چڑنا۔ ڈپریشن اور مالیخولیا کے وہ مریض جنکی قبض کسی دوا سے کشا نہ ہو رہی ہو تو یہ دوا بہت مفید پڑتی ہے۔

اس کی سب سے بڑی صفت یہ ہے کہ اس سے اسہال نہیں آتے نہ ہی مرڑ پڑتے ہیں۔ بلکہ ملین ہے۔

قرابادینی طرز کا یہ نسخہ معمول ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## اکسیر عزیزی

کشتہ فولاد۔ 1 تولہ

کشتہ عقیق۔ 1 تولہ

کشتہ مرجان۔ 1 تولہ

کشتہ صدف مروارید۔ 1 تولہ

کشتہ بیضہ مرغ۔ 1 تولہ

اذراقی مدبر۔ 1 تولہ

کشتہ زمرد۔ 1 تولہ

کشتہ چاندی 6 ماشہ

کشتہ قلعی پارہ والا۔ 6 ماشہ

(کشتہ چاندی نہ بھی ڈالیں تب بھی بہترین کام کرتا ہے)

تمام کشتہ جات کسی اچھی کمپنی کے یا ذاتی تیار شدہ لے لیں۔

تمام کشتہ جات و اذراقی کو 10 تولہ رس ببول میں کھرل کریں۔

اب دو طریقوں سے تیار کر سکتے ہیں۔

(1) جب سارا رس ببول کھرل ہو جائے تو خشک کر کے دوبارہ سفوف کر لیں۔(نمی کے موسم میں دوبارہ جڑ جاتا ہے۔)

(2) جب سارا رس کھرل ہو چکے تو چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر کجی میں بند و گل حکمت کر 15 کلو آگ دیں۔

مقدار خوراک۔۔۔۔۔۔

ایک سے دو دو رتی خمیرہ گاؤ زبان میں ملا کر۔دودھ کے ساتھ۔خواتین کو سفوف سپاری پاک میں ملا کر۔بچوں کو خمیرہ مروارید میں ملا کر۔

مزاج۔خشک سرد ہے۔

صفراوی اور بلغمی مریضوں کیلیے تریاق صفت دوا ہے۔

ضعف قلب۔تحلیل قلب۔مقوی عضلات قلب۔لو بلڈ پریشر۔فی منٹ حرکات قلب کی کمی۔

خواتین کو بہت مفید ہے۔خو تین کو میں بکثرت اتعمال کراتا ہوں۔

انتہائی مقوی رحم ہے۔ لیکوریا۔ جریان۔ سرعت انزال۔ میں مجرب و معمول ہے۔

موقع محل اور مناسب تشخیص سے ہر جنس و عمر میں بیسیوں جگہ استعمال کرا سکتے ہیں۔ جواہر مہرہ کے ہم پلہ فوائد دیکھنے آئے ہیں۔

مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔

## رس ببول

کلائی جتنی موٹائی برابر پانچ پانچ فٹ کے ڈنڈے لیں۔ ان کے اوپر اپلے اس طرح چن دیں کہ ڈنڈوں کے آخری سرے ایک ایک فٹ تک خالی رہیں۔ آخری سروں کے کے نیچے گڑھا بنا کر اس میں برتن رکھ دیں۔

اپلوں کو آگ لگا دیں۔

حرارت کی وجہ سے ڈنڈوں کے آخری سروں سے قطروں کی شکل میں رس ببول گڑھے میں موجود برتن میں جمع ہو جائے گا۔ جو سیائی مائل گڑھا ہو گا۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد۔

## مولد کرم منی۔ کم خرچ بالا نشین۔

(1) اسگند ناگوری 10 تولہ
بیخ بدھارہ۔ 10 تولہ
ستاور 10 تولہ
صدف مروارید صلایہ در عرق گلاب 3 تولہ
مصری 30 تولہ
سفوف بنالیں۔
ایک چمچ چائے والی نہار منہ
ایک چمچ چائے والی رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ۔
(2) حب راحت
سفوف ریٹھا 5 تولہ
کشتہ قلعی پارہ والا 1 تولہ
حب نخود بنالیں۔
ایک گولی ناشتے کے بعد
ایک گولی رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ
(3) سفوف خار خسک
خار خسک 10 تولہ
مصری 10 تولہ
ایک چمچ چائے والی صبح شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ۔

غریب مریضوں کیلیے جو قیمتی ادویات کے متحمل نہ ہو سکتے ہوں۔ کم خرچ بالا نشین کمبینیشن ہے۔ اور معمول ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد۔

## سوینا، دماغی امراض

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو 5 تولہ۔ کشتہ مرجان 2 تولہ

ضعف دماغ

کثرت جماع سے جب دماغ انتہاءی کمزور ہو چکا ہو۔ مریض کسی ایک کام پر توجہ مرکوز نہ کر سکتا ہو۔ دماغ کھوپڑی میں چھلکتا ہوا محسوس ہو تو یہ نسخہ بہت مفید پڑتا ہے۔ دماغ کے خاکی مادہ کو بڑھاتا ہے۔

ایک چمچ چاۓ والا نہار منہ ایک چمچ رات سوتے وقت ھمراہ ایک چمچ خمیرہ گاؤزبان سادہ دودھ میں حل کردہ

## (2) انقطاع رابطہ

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو 5 تولہ۔ صلایہ چاندی در عرق گلاب 1 تولہ

ایک چمچ نہار منہ دودھ کے ساتھ۔

ایک چمچ رات سوتے۔ وقت معمول ہے۔

## (3) جنون وبائی بلڈ پریشر

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو 5 تولہ۔ چھوٹی چندن 5 تولہ

چھوٹی چائے والی چمچ ناشتے کے ایک گھنٹہ بعد ایک چائے والی چمچ مغرب کے وقت عرق گلاب کے ساتھ۔

## (3) ضعف حافظہ

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو 5 تولہ۔ برہمی بوٹی 5 تولہ۔ کشتہ مرجان 2 تولہ

ایک چائے والی چمچ ناشتے کے بعد ایک چمچ رات سوتے وقت ھمراہ دودھ لائم واٹر دو چمچ پانی میں حل کردہ

## (4) بے خوابی و بے چینی

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو 5 تولہ۔ گل نیلو فر 5 تولہ کشتہ مرجان 1 تولہ

ایک چمچ دوپہر کے وقت ایک چمچ رات سوتے وقت گل بابونہ کے خیساندہ کے ساتھ (ایک کپ گرم پانی لیں اس میں گل بابونہ دو گرام ڈال کر اوپر پرچ اوندھی رکھ دیں۔ جب پانی ٹھنڈا ہو جائے تو پرچ اتار کر استعمال کریں۔

## (5) ڈپریشن

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو

5 تولہ۔ افتیمون 5 تولہ

ایک چمچ ناشتے کے دو گھنٹہ بعد ایک چمچ رات سوتے وقت ھمراہ ایک کپ قہوہ بابونہ 20 قطرے پیسی فلورا مدر ٹنکچر (ہومیو دوا) حل کردہ کے دیں۔

## (6) فطری کمینہ پن

غیبت۔ بہتان اور جھگڑا پیدا کرنے والے لوگ۔

یہ عموماً صفراوی ہوتے ہیں۔

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو 5 تولہ۔ کشتہ مرجان 1 تولہ۔ صندل سفید 3 تولہ۔ گل سرخ 3 تولہ

ایک چمچ نہار منہ ایک چمچ رات سوتے وقت عرق کاسنی کے ساتھ

## (7) سرعت انزال و جریان مذی

(7) سرعت انزال و جریان مذی (بوجہ صفراوی مزاج)

بادام مقشر 15 تولہ۔ خشخاش 5 تولہ۔ تل سفید 5 تولہ۔ تخم کاہو 5 تولہ۔ مغز کدو 5 تولہ۔ کشتہ سہہ دھاتہ دو تولہ

ایک چمچ عصر کے وقت مکھن ملے دودھ کے ساتھ

میں اس نسخے کو اور بھی بہت سے امراض پر استعمال کراتا ہوں لیکن وہ ٹاپک سے ہٹ کر ہے۔

حکیم ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# یورک ایسڈ۔ کولیسٹرول اور سنیاسی نسخہ

لہسن دیسی مقشر 1 کلو

دودھ اونٹنی۔(نہ ملنے کی صورت میں دودھ بکری پہاڑی)3 کلو

مغز کدو۔1 چھٹانک

کڑاچھال مسفوف کپڑچھان۔5 تولہ

لہسن کو چٹنی بنالیں۔ سٹیل کے برتن میں دودھ ڈال کر لہسن کی چٹنی شامل کر کے دھیمی آگ پر پکانا شروع کریں۔ جب گاڑھا ہونے لگے۔ کڑاچھال شامل کریں کفگیر مسلسل ہلاتے رہیں۔ جب کھویا بن جائے لیکن ابھی نمی باقی ہو تو مغز کدو شامل کر کے آگ سے اتار لیں۔

کسی محفوظ جگہ جاذب کاغذ یا اخبار پر پھیلا دیں۔ روز کاغذ نیا بدل دیں۔ تین چار دن میں خشک ہو جائے گا۔

آدھی چمچ سے ایک چمچ تک صبح شام کھانے کے یک گھنٹہ بعد ادرک کے قہوہ سے دیں۔

یورک ایسڈ کو تیزی سے کم کرتا ہے۔ دردوں کیلیے بہت مفید ہے۔ کولیسٹرول کو نارمل کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ جسم میں قوت و فرحت پیدا کرتا ہے۔ مستقل فائدہ کرتا ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد۔

## گینٹھیا کا سنیاسی نسخہ

گودہ گھیکوار 3 کلو

دیسی گھی 1 پاؤ

بیسن چنا خالص۔ آدھا پاؤ

مغز بادام مقشر۔ 1 چھٹانک

چار مغز 1 چھٹانک

پستہ 1 چھٹانک

مغز تخم ریٹھا 1 چھٹانک

مٹی کی روغنی ہانڈی یا سٹیل کے برتن میں گودہ گھیکوار، بیسن اور دیسی گھی ڈال کر ریگ جنتر پکانا شروع کریں کفگیر مسلسل ہلاتے رہیں۔ جب حلوہ کی طرح ہونے لگے تو مغز ریٹھا کو چھوڑ کر تینوں مغز بھی شامل کریں۔ آگ کم کر دیں۔ جب حلوہ گھی چھوڑنے لگے نیچے اتار کر مغز ریٹھا مسفوف بھی شامل کر کے اچھی طرح مکس کر دیں۔

کانچ کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

چائے والی چمچ سے لیکر کھانے والے چمچ تک حسب عمر و جسامت رات کو سوتے وقت روغن بادام و شہد ملے دودھ کے ساتھ۔

گھنٹیا کے آخری درجے کی دوا ہے۔ جب جوڑوں کی حرکت ساکت ہو چکی ہو۔ مریض مارے درد کے سو نہ سکتا ہو۔ تو اس کیلیے زندگی کا سہارا ثابت ہوتا ہے۔

سردیوں میں اس کا استعمال مناسب رہتا ہے۔

یہ نسخہ حکیم سعید صاحب بانی ہمدرد کا بھی معمول رہا ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## 1- ایچ پائیلوری

ایچ پائی لوری گرم خشک (غدی عضلاتی) مزاج میں

(1) الائچی سبز 125 گرام۔

زیرہ سفید۔ 125 گرام

سونف 125 گرام

پودینہ 125 گرام

افسنتین اصلی۔ 50 گرام

سفوف بنالیں

آدھی چائے والی چمچ یا 1000 ملی گرام والے دو کیپسول کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے پانی کے ساتھ

## 2- پنج سین

سونف 5 تولہ سنامکی 5 تولہ سنڈھ 5 تولہ نمک سیاہ 5 تولہ میٹھا سوڈا اصلی 10 تولہ

سفوف بنا لیں۔ چوتھائی سے آدھی چائے والی چمچ کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔

اگر کسی مریض کا بلڈ پریشر ہائی ہوتا ہو تو نمک نکال دیں

## (3)سوسی

ھلدی 5 تولہ

ملٹھی 5 تولہ

سونف 5 تولہ

رال سفید 3 تولہ

سفوف بنا لیں۔

آدھی چائے والی چمچ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ

ایچ پائیلوری نیگیٹو ہونے کے بعد

صبح نہار منہ دو عدد مربہ آملہ اور رات سوتے وقت دو عدد مربہ ہرڑ 15 دن کیلیے کھلا دیں۔

ایچ پائیلوری کے علاج میں افسنتین اصلی کے جو نتائج میرے مشاہدے میں آئے ہیں۔ اونٹنی کے دودھ کے علاوہ کسی دوا میں نہیں آئے۔

افسنتین کو اس مرض میں نظر انداز نہ کریں۔ یہ بہترین جراثیم کش دوا ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

ایچ پائیلوری اور میرا معمول

خشک سرد (عضلاتی اعصابی) مزاج میں

## (1) حب تیرہ تیزک

ہلدی 5 تولہ + تیرہ تیزک 5 تولہ

سفوف کر کے نخودی گولیاں تیار کریں

دو دو گولی کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے پانی کے ساتھ تینوں وقت

## (2) تریاق تبخیر

ہیرا ھینگ بریاں 1 تولہ

جائفل 1 تولہ

لونگ 1 تولہ

دار چینی 1 تولہ

عاقر قرحا 1 تولہ

فلفل دراز 2 تولہ

زنجبیل 2 تولہ

ایک گھنٹہ آب ادرک اور ایک گھنٹہ آب لیموں میں کھرل کر کے نخودی گولیں بنالیں۔

1 تادو گولی حسب مریض کھانے کے بعد پانی کے ساتھ تینوں وقت۔

## نمبر3

اجوائن دیسی۔ رائی۔ تیزپات۔ پودینہ۔

ہموزن سفوف کرلیں۔

آدھی چائے والی چمچ کھانے کے بعد پانی کے ساتھ

ایچ پائیلوری ٹیسٹ نیگیٹو آنے پر 10 دن تریاق جگر استعمال کروادیں۔

## (4)تریاق جگر

نوشادر۔ 1 تولہ

قلمی شورہ۔ 2 تولہ

افسنتین۔ 3 تولہ

ریوند خطائی۔ 4 تولہ

سبکو پیس کر سفوف بنالیں۔ صبح دوپہر شام چار رتی کھانے کے بعد عرق مکوو کاسنی کے ساتھ

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## بھوک نہ لگنا

اجوائن مصفی۔ ایک پاؤ۔ نمک خوردنی بغیر آیوڈین پانچ تولہ۔ اجوائن بغیر پیسے مٹی کے روغنی برتن یا کانچ کے برتن کے میں ڈال کر تین دفعہ آب لیموں سے تر و خشک کر کے پیس لیں۔ اور 10 تولہ انار دانہ ترش پیس کر شامل کریں۔

اب اس میں برابر وزن گڑ ملا کر ٹافی جتنی گولیاں بنالیں۔

ایک سے دو گولی حسب عمر کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے چوس لیں۔

کھل کر بھوک لگتی ہے۔ کھایا پیا ہضم ہوتا ہے۔ اور جزو بدن بنتا ہے۔

عورتوں اور بچوں کو یکساں مفید ہے۔ دور حاضر میں والدین کا سب سے بڑا مسلہ کہ بچے کھاتے کچھ نہیں ہیں کیلیے بہت کامیاب اور معمول مطب ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## پنج سین

سونف 5 تولہ سنامکی 5 تولہ سنڈھ 5 تولہ نمک سیاہ 5 تولہ میٹھا سوڈا 10 تولہ

سفوف بنالیں۔ چوتھائی سے آدھی چائے والی چمچ کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔

ھاضم کاسر ریاخ۔ محلل اورام۔ محرک کبد۔ دافع صفرا۔ ملین ہے۔ جگر اور آنتوں کے سدے کھولتی ہے۔ قبض کشا ہے۔

2007 سے اس بنا رہا ہوں۔ مذکورہ امراض میں بہت مفید ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

# شاہی قہوہ

سردیوں کے امراض اور میرا معمول

ھوالشافی

قرنفل چالیس گرام

دارچینی پچاس گرام

بادیان خطائی سو گرام

الائچی خورد دس گرام

پودینہ خشک دس گرام

تمام ادویہ خوب باریک کرلیں تیار ہے

معروف طریقے سے قہوہ بنالیں ایک گرام دوا سے دو بندوں کیلئے بنالیں

خواص

موسمی تبدیلی کے اثرات نزلہ وزکام تر کھانسی ہلکا بخار اور جسمانی تھکاوٹ اور تیزابیت کی زیادتی کو رفع کرے گا کمی بھوک کیلئے مفید ہے طبعیت کی گرانی دور

ہو جاتی ہے بچے بڑے سب استعمال کر سکتے ہیں۔ سردیوں کے وبائی امراض میں حفظ ما تقدم بھی ہے۔ اور کامیاب علاج بھی۔ سردیوں کے موسم میں گھر کا ہر فرد روزانہ استعمال کرے۔ بے ضرر ہے۔ یہ قہوہ گھر کا ڈاکٹر سمجھیں ابتدائی امراض کیلئے لاجواب ہے

خوشبو دار بنتا ہے منہ کی بدبو کو بھی زائل کرتا ہے مقوی معدہ ہے کثرت البول کو بھی مفید ہے

میٹھے میں شہد میسر آجاے تو فوائد دو چند ہو جاتے ہیں

یہ قہوہ سردیوں میں گھر میں لازمی رکھیں۔

پنسار سے لے کر نیم کوب کر لیں۔

بطور حفظ ما تقدم صحت مند بچوں کو بھی دن میں ایک دفعہ استعمال کراتے رہیں تو بچے سرد امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔ اس کا کوئی نقصان نہیں ہے۔

) شاہی قہوہ کا یہ نسخہ حکیم آصف رضا صاحب تلہ گنگ کا ہے (

## اکسیر قسط

ہلدی 3 تولہ

ملٹھی 3 تولہ

سونف 3 تولہ

قسط شیریں 6 تولہ

سبکو باریک سفوف بنالیں۔

آدھی چائے والی چمچ کھانے کے بعد

اوپر والے شائی قہوہ کے ساتھ تینوں وقت کھانے کے بعد دیں۔

نزلہ زکام کھانسی۔ نمونیا۔ کرونا ۔پیٹ درد۔ السر۔ گردوں کا انفیکشن۔ الرجی۔ قلزم۔ ھمدرد تین قطرے قسط شیریں والے سفوف پر ڈالکر شائی قہوہ کے ساتھ تینوں وقت دیں۔

اشرف لینی منٹ آئل۔ اشرف لیبارٹری

یہ گلے اور چھاتی پر مالش بھی کی جاسکتہ ہے۔

اسے سونگھنے سے ناک کھل جاتی کھانسی کو آرام آتا ہے۔

ایک چمچ چائے والی پانی میں ڈال کر بھاپ لینے سے کھانسی اور چھاتی کے درد کو فورا سکون ہو جاتا ہے۔

اشرف لینی منٹ بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں یہ پینے کی دوا نہیں ہے۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## کشتہ فولاد سپیشل

20 تولا برادہ فولاد عمدہ

4 تولا مصفی پارہ

4 تولا ورقیہ اعلیٰ

4 تولا سفید سم الفار

4 تولا گندھک آملہ سار

4 تولا کافور

ایک عدد مضبوط کڑاہی

ترکیب تیاری

برادہ فولاد اس میں ایک تولا سم الفار

ڈیڑھ گرام کافور مکس کر کے کنوار گندل کے پانی سے زوردار ہاتھوں سے 6 گھنٹہ کھرل کریں پھر ان کی چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر سایا میں خشک کر کے پھر کو ٹھالی میں بند گل کر کے 2 کلو اپلوں کی بے دود آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں اب ایک تولا ورقیہ ڈیڑھ گرام کافور مکس کر کے 6 گھنٹہ کھرل کر کے بند گل کر کے 2 کلو کی بے دود آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں ایک تولا گندھک ڈیڑھ گرام کافور مکس کر کے کنوار گندل کے پانی سے 6 گھنٹہ کھرل کریں ٹکیہ بنا کر بند گل کر کے 2 کلو کی بے دود آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں اب ایک تولا پارہ ڈیڑھ گرام کافور مکس کر کے کنوار گندل کے پانی سے 6 گھنٹہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بند گل کر کے 2 کلو کی بے دود آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

اب سابقہ نمبر 1 ایک سے شروع کریں اس طرح نمبر 2

نمبر 3

نمبر 4 تک سابقہ عمل کرتے رہیں

یعنی اول سم الفار کافور

دوم ورقیہ کافور

سوم گندھک کافور

چہارم پارہ کافور

مکس کر کے کنوار گندل کے پانی سے 6 گھنٹہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے 2 کلو کی بے دود آگ دیں اس طرح 4 عمل کریں

4 عمل مکمل ہونے پر ایک منزل پوری ہوتی ہے

اس طرح ہر ایک جز میں سے 4 آگ ہو نگی

اس طرح نمبر ایک سے 4 تک جملہ 16 عمل کریں ہر جز میں 4 عمل ہو نگے یعنی

4 عمل سم الفار میں

4 عمل ور قیہ میں

8 عمل گندھک میں

4 عمل پارہ میں

ہر عمل میں کافور لازم شامل کرنا ہے

آگ پوری ہونے پر کشتہ فولاد کو کڑاہی میں ڈالکر ہلکی آگ پر گرم کریں جب گرم ہو جائے تو اس میں 16 تولا بیر بہوٹی جو تازہ خشک کی گئی ہو ایک ایک

تو لاڈالتے جائیں جب مکمل بیر بہوٹی جل کر خاک ہو جائے تو جو بیر بہوٹی کی راکھ کشتہ میں شامل ہوئی ہے اس کو ہلکی ہوا دیکر نکالیں اب اس کشتہ کو شیشہ کی بوتل میں بند کر کے 40 دن زمین میں مدفن کریں 40 دن مکمل ہونے پر کشتہ کو نکالیں اچھی طرح کھرل کر کے کانچ کی بوتل میں محفوظ رکھیں۔

۔۔۔۔بے دود آگ۔۔۔۔۔

بے دود آگ سے مراد یہ ہے کہ دو کلو اوپلوں کو ٹکڑے کر کے آگ لگاد یں جب شعلہ اٹھنا بند ہو جائے تو آدھے نگارے چمٹے یا ”سنی“ کے ساتھ پکڑ کر نیچے آدھے کو ٹھالی کے اوپر رکھ دیں۔

آگ ہوا بند گڑھے میں دیں۔ میں لوہے کی پرانی بالٹی میں آگ دیتا ہوں۔

2 چاول سے ایک رتی تک مکھن میں لپیٹ کر دیں۔

میرے مطب میں ہیرا کسیس کے فولاد کے بعد سب سے زیادہ استعمال ہونے والا کشتہ فولاد ہے۔ زمانہ طالب علمی سے لے کر اب تک بنا رہا ہوں۔ میری نظر میں اس سے اچھا کشتہ فولاد نہیں آیا۔

یہ نسخہ کرشن کنور دت شرما کی کتاب میں بھی درج ہے۔ اور حکیم یوسف بٹالوی نے اپنی کتاب ”اسرار باہ“ میں بھی ذکر کیا ہے۔

میں نے یہ نسخہ ایک دفعہ 54 آگ میں بھی تیار کیا ہے۔ لیکن اس نتیجے پر پہنچا ہوں۔ کہ اگر رگڑائی اچھی کی جائے تو 16 آگ بھی کافی اور شافی ہوتی ہیں۔

یہ نسخہ درست تشخیص اور تجویز کے ساتھ استعمال سے مرجھائے جسم میں نئی زندگی دوڑادیتا ہے۔

مجلوقین کیلیے جن کا چشمہ حیات خشک ہو چکا ہو۔21 دن یا ایک ماہ کے استعمال سے جوانی کی قوتیں لوٹ آتی ہیں۔ وافر مقدار میں خون پیدا کرتا ہے۔

خواتین کو بھی بہت مفید پڑتا ہے۔جنکو کمی خون کی وجہ سے نسوانی مسائل ہوتے ہیں۔ بندش حیض۔ چہرہ کی بے رونقی۔ نسوانی حسن کی کمی۔ بیضہ کی ناپختگی بوجہ ضعف کیلیے مفید ثابت ہوا ہے۔

ایسے ایزوسپرمیا کے کیس جو پیدائشی نہ ہوں بلکہ کسی کمزوری یا مرض کی وجہ سے ایزوسپرمیا میں تبدیل ہو چکے ہوں۔ کیلیے بہت کامیاب ثابت ہوا ہے۔

پس سیلز کے بغیر اگر سپرم ایٹو نہ ہوں تو دو چاول مذکورہ کشتہ ایک چمچ لبوب کبیر میں ملا کر ناشتے کے بعد ایک گلاس دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ 15 سے 21 دن میں پورے ایکٹو ہو جاتے ہیں۔

خشک سرد مزاج کیلیے اس سے اچھی دوا نہیں ہو سکتی۔

خاص نکتہ۔

پچھلے دو سال سے میں کشتہ فولاد ہیرا کسیس والا تیار کر کے پانچ، چھ دفعہ پانی میں غسل دے کر، خشک کر کے۔ اس میں سے 20 تولہ علیحدہ کر کے مذکورہ 16 آگ والا عمل کرتا ہوں۔

اس ترتیب سے تیار کردہ نسخہ کی افادیت میں بھی کوئی فرق نہیں آیا۔

۔۔۔۔۔۔مضرت۔۔۔۔

صفراوی مزاج، دل کے مریض، السر معدہ کے مریض کو قطعاً نہ دیں۔

حکیم ڈاکٹر ظہیر احمد حویلیاں ایبٹ آباد

## افیون کا نعم البدل

خشخاس-------- 5 تولہ

اجوائن خراسانی---- 3 تولہ

تخم بھنگ------- 3 تولہ

پھلی دیسی کیکر----- 5 تولہ

موچرس-------- 5 تولہ

تخم دھتورہ سفید---- 2 تولہ

دار چینی--------- 3 تولہ

مازو---------- 2 تولہ

گوند کیکر-------- 5 تولہ

سب چیزیں مٹی گرد سے صاف کر کے ایک بار پانی سے نتار لیں

بعد میں دو کلو دودھ گائے کچا ڈال کر رب تیار کریں

از حکیم عبدالرحمن کلیمی

## طلائے مقوی شنگرفی

تریاق تنخیر (ثلاثہ والی)۔10 گرام

ویزلین۔۔۔30 گرام

مکس کر لیں

طریقہ استعمال

بطور مقوی۔۔۔دائیں طرف لگائیں

کجی کے لیئے۔۔۔بائیں طرف لگائیں

فوائد

نفس کو طاقت دیتا ہے

گروتھ کے لیے مجرب ہے

کم خرچ۔۔بالا نشین۔۔ طمانیت بخش

مشاھدات کلیمی

از حکیم عبد الرحمن کلیمی راولپنڈی سے

0308 5004085

## تریاق گردہ اکسیری

تریاق گردہ ثلاثہ۔۔۔10 گرام

امروسیاء۔۔۔20 گرام یونانی

قلمی شورہ اصلی۔۔50 گرام

مکس کر لیں

500mg

دن میں دو بار ھمراہ شربت بزوری

فوائد:

درد گردہ ،پتھری ،سوجن ،ورم گردہ، جلن پیشاب

سب کے لئے اکسیر ھے

## شدید 5 جدید

المعروف اوجاعی جدید

از۔۔ حکیم جمیل احمد پیر سباقی صاحب

مجرب و مصدقہ

از حکیم عبدالرحمن کلیمی راولپنڈی سے

سنڈھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

نوشادر۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام

کالی مرچ۔۔۔۔۔۔10 گرام

سورنجان شیریں۔۔50 گرام

سب کو باریک پیس لیں اور 500 ملی گرام صبح شام کھانے کے بعد دودھ سے دیں۔

**افعال و اثرات**۔۔ گرم تر

**فوائد** :درد جسم ،پٹھوں کا کھچاو ،کمر درد ،سر درد ،ھائی بلڈ پریشر یورک ایسڈ اور کولیسٹرول ختم کرنے میں اپنی مثال آپ ہے

مشاہدات کلیمی ،از حکیم عبدالرحمن کلیمی

## اکسیر دنداں المعروف

منجن سرخ

پھٹکڑی سفید خام

سہاگہ سفید خام

لونگ باریک کلاہدار

تمام برابر وزن

باریک پیس کر لوھے کی کڑاھی میں ڈال کر ھلکی آنچ پر بریاں کر لیں جب پانی خشک ھو جائے تو اتار لیں پھر دوبارہ باریک پیس کر محفوظ کر لیں

بوقت ضرورت مسوڑھوں پر لگائیں پہلی خوراک سے اثر

فوائد

مسوڑھوں کی سوجن و سوزش، درد ، پیپ و ریشہ، دانتوں کا ھلنا، خون آنا، ٹھنڈا گرم کا احساس۔

گویا کہ دانتوں اور مسوڑھوں کی حفاظت کا ضامن ھے

معمول مطب نسخہ ھے بنائیں دعا میں یاد رکھیں

## کمر درد

کمر درد کے لیے اور عام جسمانی کمزوری کے لیے تیر بہدف دوا :

حب اسگندھ (اشرف کمپنی) دو گولیاں صبح دو گولیاں شام کو۔ بیس دن استعمال کریں۔ اللہ شفاء دیگا۔

## جوڑوں کے درد اور لو بلڈ پریشر

حب ازراقی عنبری۔۔ اشرف کمپنی کی

بہت اعلی دوا ھے ، جوڑوں کے درد ، لو بلڈ پریشر اور کمزوری کے لیئے

اللہ تعالی کی خاص رحمت ھے اس دوا پر

مرگی کے لیئے بہترین مرکب۔۔ قرابادینی نسخہ پورے اجزاء سے تیار کردہ استعمال کروائیں۔مایوسی نہیں ہوگی ان شاء اللہ

# خمیرہ گاؤزبان عنبری

خمیرہ گاؤ زبان عنبری جدوار, عود صلیب والا

مرگی کے مریض کو خشک, سرد, قابض و ثقیل اغذیہ نقصان دیتی ہیں۔ان سے پرھیز لازمی کروائیں۔

# کمر کی چک یا درد

کمر کی چک یا درد نکل جانے کی صورت میں سنڈھ سورنجاں شیریں زیرہ سفید تربد سفید پیپلا مول برابروزن پیس لیں آدھا چمچ صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ پتی دیں انشاءاللہ کمر کی چک یا درد ٹھیک ھو جاے گا

## تریاق بخار

مغز کرنجوہ 50 گرام

نوشادر ٹھیکری 20 گرام

کالی مرچ 20 گرام

پھٹکری بریاں 10 گرام

پانچ سو ملی گرام کیپسول صبح و شام

ہر قسم کے ملیریا بخار کے لیے بے حد مفید ہے

عقر قرحا 10 گرام

دارچینی 10 گرام

لونگ 10 گرام

جڑپان 10 گرام

خراطین 10 گرام

ریگ ماہی 10 گرام

جند بدستر 10 گرام

اسگند 10 گرام

زعفران 10 گرام

جوند ماصل 10 گرام

جلوتری 10 گرام

مغز جائفل 10 گرام

کشتہ شنگرف 10 گرام

کشتہ کچلہ مدبر

سب کو پیس کر، زیرو سائز کیپسول رات کو ایک عدد۔

لونگ 10 گرام

جاوتری 10 گرام

جوند ماصل 10 گرام

عقرقرحا 10 گرام

دار چینی 10 گرام

مغز جائفل 10 گرام

زنجبیل 10 گرام

سب کا پاؤڈر بنا کر زیرو کیپسول بھر لیں اور رات گرم دودھ کے ساتھ لیں

## کوبرا طلاء

ریگ ماہی

زعفران

جلوتری

دار چینی

زنجبیل

خراطین

لونگ

مالکنگنی

عقر قرحا

جائفل مغز

بیر بوٹی

کشتہ شنگرف

مچھلی کا تیل

زیتون کا تیل

تلوں کا تیل

دار چینی کا تیل

لونگ کا تیل

## طاقت کا خزانہ

دیسی گھی یا خالص زیتون کا تیل 125 گرام

ادرک 125 گرام

بادام 125 گرام

ادرک کو دیسی گھی یا خالص زیتون کے تیل میں براؤن کر لیں اس کے بعد پسے ہوئے بادام ڈال کر پکائیں جب خوب پک جائیں تو اتار کر شہد ڈال کر اچھی طرح مکس کریں۔

خوراک ایک چمچ صبح نہار منہ

تلسی ک پتے ۲۵ گرام

کالی مرچ ا گرام

دونوں کو پانی میں پیس کر چنے برابر گولیاں بنالیں

ایک گولیاں پانی سے دن میں دو بار لیں

ملیریا کے بار میں خاص فائدہ کرتی ھے

حکیم شاہد ممبئی بھارت

## برائے بخار تمام اقسام

گودنتی ایک کلو گرام

پھٹکری سفید ایک کلو گرام

شک ابیض دس گرام

ترکیب تیاری۔

سب سے پہلے روغنی ھانڈی میں آدھا کلو پھٹکری سائیدہ فرش کریں اس کے اوپر آدھا کلو گودنتی سائیدہ فرش کریں اس کے اوپر دس گرام شک ابیض خوب باریک کر کے چھڑک دیں اس کے اوپر بقایا گودنتی اس کے اوپر پھٹکری کا لحاف دے کر احتیاط سے ھانڈی کے اوپر ڈھکن دے کر گلحکمت کریں پندرہ سے بیس کلو اُپلوں کی آنچ دیں جو کچھ برآمد ھو باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک۔

دو سے چار رتی حد گرام تک حسب ضرورت استعمال کر سکتے ہیں دودھ پتی کے ساتھ

پسینہ لاکر پہلی خوراک سے بخار اتر جاتا ھے۔

یہ نسخہ حکیم محبوب علی شاہ صاحب نے مجھے گفٹ دیا تھا۔

حکیم سید عبد الغنی بخاری۔

## بخارینہ (Feverex)

اکثر قسم کے بخار بالخصوص موسمی بخاروں اور ان سے پیدا شدہ دوسرے عوارض میں برسوں کا معمول مطب ہے۔ بنائیں۔ استعمال کروائیں۔ اور اس بندہ پر تقصیر کو اپنی خصوصی دعاوں میں یاد رکھیں۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

اجزاء:- کشتہ ہڑتال ورقیہ

کشتہ ابرک سیاہ

کشتہ گاودنتی

کشتہ قرن ایل

سب سو سو گرام

اتیس چار سو گرام

خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں۔

مقدار خوراک:- دو سے چار رتی ہمراہ بدرقہ مناسب روزانہ تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

نصاب:- تین سے پندرہ روز

## ٹائیفائیڈ کے لیے مجرب

اتیس شیریں 20

صندل سفید 20

الائچی خورد 20

کچور 20

مغز کرنجوا 20

پھٹکڑی سرخ 20

گیرو 20 گرام

ست پودینہ 5 گرام

سفوف بنا کر

500 ملی گرام کیپسول بھر لیں

ایک کیپسول صبح دوپہر شام

حکیم قاری محمد اسلم 03004448816

## بخار کے لئے مجرب

زاج ابیض 500 گرام

گودنتی عمدہ 100 گرام

دونوں کو موٹا موٹا کوٹ لیں

کسی کڑاھی میں نصف زاج ابیض کا فرش کر کے درمیان میں گودنتی رکھ اوپر بقیہ نصف زاج ابیض کا لحاف دے کر درمیانی آگ پر سوار کریں۔

آب زاج مکمل خشک ہو جانے پر اتار کر مہین سفوف کر لیں

ہمہ قسم حمیات میں 125 ملی گرام سے 500 ملی گرام تک خوراک

حسب عمر ہمراہ شیر گاو یا بز

دو خوراکوں میں وقفہ 6 ساعت کا رکھیں

دعاؤں میں یاد رکھیں

حکیم عبدالعلیم بخاری راجن پور۔

## بخار کیلیئے

بخار کے لیے میرے مطب کا چلتا ہوا نسخہ

ھوالشافی

1 گلو تازہ
2 اجوائن دیسی
3 ایلو ویرا
4 نوشادر
5 شب یمانی خام
6 گودنتی

تمام اجزا برابر وزن 250 گرام

گل حکمت کر کے 15 کلو کی بند آگ دیں

مقدار خوراک 500 ملی صبح شام عمر اور مرض کی نوعیت کے مطابق کم یا زیادہ بھی کر سکتے ہیں

حکیم عمر فاروق فرام گوجرانوالہ

## عرق النساء، لنگڑی، شیاٹیکا

عرق النساء لنگڑی شیاٹیکا کے درد سے مکمل نجات

10 گرام لاکھ دانہ کا باریک سفوف بنا کر پھر اس کے 12 حصہ بنا لیں

ایک حصہ روزانہ صبح خالی پیٹ مکھن سے استعمال کریں

12 دن میں 20 سال پرانا درد کافور ہو جائے گا

نوٹ اس نسخہ میں دائیں بائیں کی کوئی قید نہیں باشرط درد عرق النساء لنگڑی شیاٹیکا کا ہی ہو تو بفضل خدا کامل شفاء ہو گی ان شاء اللہ

احتیاطی نوٹ

احباب ذہین نشین کر لیں کہ حاملہ خواتین کے لئے اس کا استعمال ممنوع ہے۔

عطیہ و تحفہ۔۔۔ سنیاسی حکیم عبدالکریم آزاد صاحب سندھ پاکستان

# سفوف ہاضم اور اکسیر معدہ

۔ کیپسول کا نسخہ۔

نسخہ۔ گندھک املہ سار 20 گرام۔ پودینہ خشک 50 گرام۔ سنڈھ 20 گرام. فلفل سیاہ 10 گرام۔ ٹھیکری نوشادر 20 گرام۔ سوڈا بائیکارب 20 گرام۔ ست اجوائن 1 ماشہ۔

تمام اجزا صاف ستھرے لیکر سفوف بنالیں۔

خوراک۔ ہزار ایم جی یعنی فل سائز کا کیپسول بھر لیں اور صبح و شام ایک کیپسول دیں انشاء اللہ معدے کے جملہ امراض میں مفید پائیں گے اگر اس میں کوئی کمی پیشی ھو تو اساتذہ اکرام رہنمائی فرمادیں بہت شکریہ۔ والسلام۔

اپ کا دوست و بھائی ڈاکٹر محمد عمر مدنی فرام رائے ونڈ لاہور پاکستان۔

## بواسیر، درد، بھگندر

تخم نیم، تخم کلونجی، تخم تارا میرا، تخم بکائن، پوست ریٹھہ ہموزن بہت باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے شہد کی مدد سے سفید بڑے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح شام پانی کے ساتھ۔

فوائد: پرانی سے پرانی خونی و بادی و ریاحی بواسیر، موہکوں مسوں چند دن میں ختم ہوتے ہیں۔ دائمی قبض، معدے کی جلن، گیس تبخیر، مہلک تیزابیت، پیٹ کے کیڑوں فسچولہ یا فشر یا بگھندر، جوڑوں کے درد یورک ایسڈ، چہرے کے دانے، مہاسے، کیل، رنگت میں سیاہی، الرجی، پرانی سے پرانی خارش، داد چنبل، خارش بڑھے ہوئے پیٹ، رحم کی اور ہر طرح کی رسولی و گلٹی خواہ کہیں ہو سب کیلئے قلیل اجزا اسہل الحصول کم خرچ اور بالا نشین اکسیر ہے۔

بواسیر کیلئے تقریبان 3 ماہ استعمال کرواتا ہوں مکمل جڑ سے ختم ہوجاتے ہیں دوبارہ نہیں ہوتے ان شاء اللہ۔

## سرعت انزال کے لیئے

..ویاگرا کا متبادل... تخم جوزماثل 5 تولہ۔۔۔۔ ہرمل۔10 تولہ......
...اجوائن خراسانی 10 تولہ..جائفل 3 تولہ.........ان تمام چیزوں کا سفوف بنائیں اور 500 ملی گرام کا کیپسول بھر لیں ایک کیپسول رات کو دودھ کے ساتھ پندرہ سے بیس دن استعمال کروائیں وقتی ٹائمنگ کے لیے ایک گھنٹہ پہلے ایک کپ پانی کے ساتھ استعمال کروائیں یہ میرے مطب کا آزمودہ نسخہ حکیم جواد شاہ فیصل آباد

## ملیریا کے لیے

چھلکا ریٹھا 1 تولہ۔مغز کرنجوا 2 تولے۔افسنتین 2 تولے کالی زیری 2 تولے۔ کشتہ ابرک سفید 5 گرام۔۔500 ایم جی کیپسول صبح دوپہر شام قبل از طعام ہمراہ آبِ تازہ 5 منٹ بعد دلیہ یا کھچڑی کھلائیں الحمدللہ ملیریا کے لیے بہت مفید پایا حکیم عبدالسلام عاجز ضلع لیہ

## قوت باہ کے لیے

سناسیوں کے سینہ کے راز

لونگ عمدہ قسم جس کے اوپر پھول لازم ہوں 1 تولا

ان کو شیر بر گد میں تر کر کے رکھیں جب خشک ہوجائے تو دوبارہ عمل کریں اس طرح تین عمل کریں

زعفران عمدہ قسم 3 گرام

لونگ کو الگ سے پیس لیں بلکل باریک

پھر زعفران کو باریک کھرل کریں

دونوں کو کھرل کر کے اچھی طرح مکس کریں شیر بر گد قطرہ قطرہ مکس کر کے کھرل کرتے جائیں جب حب بنانے کے قابل ہوں تو سیاہ مرچ برابر حب بنالیں

بس نسخہ تیار محفوظ رکھیں

ہر روز صبح خالی پیٹ ایک سے دو حب دودھ سے استعمال کریں

ہر سال میں ایک ماہ استعمال کرنے سے زندگی میں قوت باہ کے لیے کسی دوا کی نوبت پیش نہیں آئے گی۔ ان شاء اللہ

۔۔ عبدالکریم آزاد۔۔

## رحم میں پانی کی تھیلیاں

رحم میں پانی کی تھیلیوں کیلیے 12 سال سے معمول مطب ہے اور شاندار ریزلٹ ہیں رتن جوت ہزار 1000mg کیپسول صبح شام ہمراہ نیم گرم پانی مدت تین ہفتے۔

## کوبرا اطلاء

کوبراناگ کی چربی

ریگ ماہی

زعفران

جلوتری

دارچینی

زنجبیل

خراطین

لونگ

مالکنگنی

عقر قرحا

جائفل مغز

بیر بوٹی

کشتہ شنگرف

مچھلی کا تیل

زیتون کا تیل

تلوں کا تیل

دار چینی کا تیل

لونگ کا تیل

سکونم

ماخذ۔۔ حکیم منیر صاحب ننکانہ

تصدیق از حکیم عبد الرحمن کلیمی راولپنڈی سے

## معدہ کی جلن ۔ قلاع الفم

نسخہ

سونف۔۔50 گرام

دھنیا خشک۔۔۔50 گرام

سبز الائچی۔۔۔20 گرام

ست پودینہ۔۔۔10 گرام قند ابیض 1 کلو

ادھی چمچ صبح شام کھانے کے بعد پانی سے

گھبراہٹ۔۔ چکرانا۔۔ متلی وقے

معدہ کی جلن۔۔ قلاع الفم

## بچوں کی کھانسی نمونیہ

سہاگہ کھل کردہ اور کوڑی زرد اگ میں رکھ کر سفید کرلیں۔ دونوں برابر وزن

تین ماہ کے بچے کو ارتی ماں کے دودھ میں یا شہد میں ملا کر چٹا دیں۔

جو ہسپتال کے دھکے کھا کھا کر مایوس ہو چکے ہوتے ہیں پھر ہمارے پاس اتے ہیں۔ تو ان کو میں استعمال کراتا ہوں۔ تنگی سانس خشک کھانسی کالی کھانسی کے لیے۔

حکیم حاجی عبد الجبار حجازی صاحب

# امراض حیض

سفوف راحت النساء

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

بانی: پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن

یہ نسخہ عضلاتی سوزش سے پیدا شدہ امراض بالخصوص کثرت حیض و نفاس میں لاجواب اثرات مرتب کرتا ہے۔ عضلاتی سوزش فوراً ختم کرتا ہے۔ ورم رحم اور سوزش رحم, پیشاب کی جلن, پیچش, مروڑ, پیٹ درد وغیرہ میں فوری مؤثر ہے۔

ھوالشافی

سونف۔۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

گوند کیکر بریاں۔۔۔۔50 گرام

ملٹھی مقشر۔۔۔۔۔۔50 گرام

زیرہ سفید۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

ھلدی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

گندھک آملہ سار۔۔۔100 گرام

دانہ الائچی خورد۔۔۔20 گرام

تمام ادویات مثل غبار سفوف بنالیں۔

استعمال: دو گرام روزانہ تین مرتبہ دودھ,پانی یا کسی مناسب عرق یا شربت سے استعمال کریں۔

گرم تر تاثیر کا حامل نسخہ ہے۔اوپر بیان کردہ فوائد کے علاوہ ہاتھ پاؤں کی جلن اور خون کے اخراج کو فوری کنٹرول کرتا ہے۔پہلی خوراک سے ہی مریض راحت محسوس کرتا ہے۔

## امراض حیض

ایک آسان سا ٹوٹکا پیش خدمت ہے امراض حیض کے لیے منقٰی بغیر دانہ 10 گرام۔سونف 10 گرام

آبِ ہلہل 5 گرام

پرانا گڑ 10 گرام۔

ان تمام اشیاء کو ایک کلو پانی میں ڈال کر خوب اچھی طرح جوش دیں جب پانی ایک پاؤ رہے جائے تو پن کر دن میں تین بار ایک ایک کپ پی لیں اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز کریں یہ عمل تین دن کرنا ہے دو یا تین ماہ میں حیض کی بندش ختم ھو جائے گی۔

حکیم محمد یاسین سبزہ زار لاہور بندش حیض کے لئے بہت ہی آزمودہ نسخہ زعفران ایک ایک گرام کے تین کیپسول بھر لیں۔ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ

بندش حیض ختم ہوجاتی ہے عام طور پر تیسری خوراک دینے کی ضرورت پیش نہیں آتی بہت سستا اور انتہائی آسان علاج بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے

## بندش حیض کیلئے مجرب

بندش حیض کیلئے مجرب المجرب ہے۔

نسخہ یہ ہے

تخم حلبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔100 گرام

کلونجی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔100 گرام

تخم گاجر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔100 گرام

تمام ادویہ کو سفوف بنائیں

ایک چمچ بطور جوشاندہ استعمال کروائیں۔

صبح و شام قبل از غذاء

احتباس حیض کیلئے مجرب اور معمول مطب ہے۔

حکیم مفتی عبدالعلیم فرام افغانستان

ماہواری سے پہلے پیڑو کمر کولھوں اور رانوں میں شدید درد ہوتا ھے کبھی متلی اور قے بھی ہوتی ھے ماہواری کے وقت خون بہت کم مقدار میں آتا ھے

**نسخہ:**

-1مرمکی 10 گرام

-2ابہل 10 گرام

-3سونتھ 10 گرام

-4باءوبڈنگ 10 گرام

-5 ہینگ 500 ملی گرام اچھی کوالیتی کی لیناھے

سبھی اجزاء کے سفوف بنا کے 500 ایم جی کیپسول بھر کے دن میں دو سے تین وقت گرم پانی سے دیں

# ماہواری کا درد کیلیئے دیسی نسخہ

*نسخہ الشفاء:

امر بیل 10 گرام،

چھڑیلہ 10 گرام،

تخم سویہ 10 گرام،

تخم گاجر 10 گرام،

اجوائن دیسی 10 گرام،

گڑ پرانا ک 50 گرام

*ترکیب تیاری:

تمام ادویہ کو دو گلاس پانی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں اور ایک گلاس رہ جانے پر چھان لیں۔

*مقدار خوراک:

آدھا صبح اور آدھا شام خالی پیٹ ماہواری، حیض، ایام، پیریڈ، آنے سے ہفتہ پہلے استعمال شروع تین دن میں حیض کھل کر آجائے گا جب آجائے تو استعمال بند کردیں۔

ھوالشافی۔۔ اسارون اور سوڈا بائی کارب۔۔ ھموزن۔۔ 500۔ ملی گرام تا 1000۔ ملی گرام صبح شام ھمراہ پانی کھلانا عسر الطمث میں مفید پایا

## بندش طمث کے لئے

بندش طمث کے لئے کم خرچ بالا نشیں نسخہ۔ اس نسخے کی ایک اور خاصیت یہ ہے کہ جن خواتین کے پیٹ زچگی کے بعد لٹک جاتے ہیں فیٹی بیلی کے لئے بھی کارآمد ھے۔

نسخہ۔۔

مصبر اور میٹھا سوڈا هموزن 0 کیپسول یعنی 500 ملی گرام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے همراه آب تازہ استعمال کریں صبح شام۔ حسب ضرورت مقدار میں کمی بیشی کر سکتے ہیں۔

نوٹ۔۔۔

اس نسخے کو کھانے کے بعد نہیں کھلانا ورنہ متلی کا احساس هوتا هے کچھ مریضوں کو۔

حکیم سید عبد الغنی بخاری

## جراثیم کش و اینٹی کینسر

هو الشافی ثابت ہلدی اور ثابت دار چینی هموزن پیس چھان کر دو گنے شہد میں ملا کر ہر بار ہلا کر پہلے چوتھائی پھر نصف پھر پورا چمچ صبح دوپہر شام همره پانی لینے سے پٹھوں کا کھنچاو جوڑوں کمر مہروں ڈسک کا درد اور جملہ مسائل چوٹ کے درد اور حاملہ کے لیے لاجواب هے جس سے حاملہ زچگی کے تیسری دن بستر سے اٹھ کر گھر کا کام سنبھال لیتی هے. یہ جراثیم کش اور اینٹی کینسر بھی هے. سرسوں کے تیل میں پکا کر پھوڑے، ورم اور ٹوٹی ہڈی زخم اور ختنے کے زخموں پر لیپ

کرنے اور جسم میں ناسور پیپ پر لیپ کرنے گلے سڑے حصّہ اور جہاں کیڑے پڑھ گئے ھوں وہاں ہلدی کا سفوف چھڑک کر دبا دینے سے کیڑے فورن ھلاک ھوجاتے ہیں وہاں کھرنڈ بن جاتا ھے جو 20-15 دن بعد خود اتر جاتا ھے

## طلاء انمول خاص

اجزاء۔۔۔۔

زردی بیضہ۔ 175 عدد

بہر بوٹی۔۔ 125 گرام

مالکنگنی۔۔ 125 گرام

لونگ۔۔۔ 125 گرام

دار چینی۔۔ 125 گرام

ہیرا ہینگ۔۔ 25 گرام

سنکھیا۔۔ 3۔ گرام

تیاری۔۔

) سنکھیا) چھوڑ کر تمام اجزاء کا روغن بذریعہ پتال جنتر کشید کریں

کشید کرنے کے بعد اس روغن میں سنکھیا کھرل کریں طلاء انمول تیار ہے۔

افعال۔۔

یہ طلاء کمزور اور بے جان رگوں میں خون کی روانی کو بحال کرتا ہے خاص کر ان دوستوں کے لئے تحفہ خاص ہے جن کی شکایت ہے کہ سختی کا نہ ہونا ٹشوز کا کمزور ہونا اور وقت خاص پر ( penis ) کا مرجھا جانا کمزور بے جان رگوں میں جوانی کی لہریں دوڑا دیتا ہے۔۔

حکیم ابرار صاحب

## دردوں کے لئے

سنڈھ۔اسگندھ۔سورنجاں شیریں۔مرچ سیاہ۔کٹھ شیریں ۔ہر ایک 50 گرام۔اجوائن خراسانی 25 گرام۔سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک ایک ماشہ صبح۔دوپہر۔شام

فواہد وجع المفاصل عرق النساء اور کمر درد میں نہایت مفید ہے

اگر کمر کے مہروں میں گیپ آجائے تو اس دوا کے ساتھ یہ والی گولی صبح شام دیں۔

کہربا 1 تولہ۔رال 2 تولہ۔گوند کیکر 1 تولہ۔باریک پیس کر نخودی گولی بنالیں۔

حکیم شاہد جاوید حویلیاں ایبٹ آباد

## پٹھوں کا کھچاؤ

پٹھوں کا کھچاؤ اور عضلاتی (خشکی) کے دردوں کے لیے آزمودہ ہے

**ہوالشافی**

گل بنفشہ، برگ بانسہ، سونف، ہلدی، ملٹھی، سہاگہ سفید خام۔

سب ہم وزن ملا کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک: چھوٹا آدھا چمچ ہمراہ پانی

ان شاء اللہ پہلی خوراک سے فائدہ محسوس ہو گا۔۔۔۔

## ہائی بلڈ پریشر اور ٹائیفائیڈ کے لیئے

ہائی بلڈ پریشر کے لیے،ٹائیفائیڈ کے لیے

جوڑوں کے درد اور کھچاؤ کے لیے،خونی بواسیر کے لیے،سوزش معدہ کے لیے،درد سر شقیقہ کے لئے،خونی پیچش کے لیے، کثرت حیض اور درد ماہواری کے لیے اسکے علاوہ اور بھی بہت سے امراض میں ہم یہ دوا استعمال کرتے ہیں۔۔۔

دعاؤں کا طالب

حکیم قاری محمد عمر

0301-4818151

## کمر درد، مہروں کا درد

ہو الشافی

کالی مرچ 70 گرام

ورقیہ در برگ مدار 10 گرام

بڑی کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔۔۔

ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ پتی یا ادرک پودینے کے قہوہ کے ساتھ استعمال کریں۔

کمر درد، مہروں کا درد، گردن درد اور جوڑوں کے درد کے لیے بہترین کام کرتی ہے۔ طالب دعاء: حکیم قاری محمد عمر: 0301-4818151

نسخہ بواسیر 1 گرام

ریوند خطائی 50 گرام

زنگار 20 گرام

سبز ہریڑ 50 گرام

ہریڑ سیاہ 20 گرام

رسونت 50 گرام

ریٹھ 100 گرام

تخم گندناں 50 گرام

تخم کرنجوہ 50 گرام

مصبر 50 گرام

گوگل 50 گرام

سونڈھ 50 گرام

کتھ 50 گرام

تخم مولی 50 گرام

مردار سنگ 50 گرام

رال سفید 50 گرام

ناگر موتھا 50 گرام

آملہ سار 50 گرام

کچور 50 گرام

پھٹکڑی بریاں 50 گرام

کڑ چھال 50 گرام

تخم بکین 50 گرام

تخم نیم 50 گرام

تمام ادویہ کو باریک پیس کر مولی کے پانی کی مدد سے گولیاں نخود گولیاں بنا لیں 2 گولی صبح 2 شام ہمراہ پانی۔

نسخہ نمبر 2

سمندر سوکھ 80 گرام

گوگل بھنسیا200 گرام

رسونت200 گرام

بیخ انجبار200 گرام

ریٹھہ250 گرام

ہریڑ سبز 250 گرام

نرکچور200 گرام

زرشک200 گرام

تمام ادویہ کو موٹا موٹا کوٹ کر 5 کلو پانی میں بھگو دیں چار دن کے بعد اس کو آگ پر رکھیں جب پانی کا چوتھا حصہ رہ جائے تو اتار لیں اور پن چھان کر دوبارہ آگ پر رکھیں جب لٹی سے بن جائے تو اتار لیں اور مندرجہ ذیل چیزیں باریک سفوف کر کے اس میں شامل کر کے نخود گولیاں بنالیں

نمک سانبھر 25 گرام

نمک سیاہ 25 گرام

زہر مہرہ 250 گرام

سفید مرچ 2 تولہ

سنگ مرمر 200 گرام

ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی اور اس کے ساتھ اوپر والے نسخہ سے دو دو گولیاں ساتھ ملا کے دیں اس سے بڑھ کر شائید آج تک کسی نے نسخہ دیا ہی نہی ہو گا میرا مجرب اور معمول مطب ہے بنائیں اور خدمت خلق کی بھلائی میں حصہ ڈالیں

حکیم امانت علی تبسم جنرل سیکرٹری طبی فاؤنڈیشن پاکستان

تحریرو تحقیق

از حکیم عبدالرحمن کلیمی راولپنڈی سے

## گردہ کی خرابیاں

گردہ کی تمام خرابیاں دور کرنے والی مفرد دوا

گوگھرو۔۔۔۔۔50 گرام

پانی۔۔۔۔۔2 کپ

خوب ابال لیں جب ایک کپ پانی رہ جائے تو اتار کر پن چھان لیں

نیم گرم پی لیں

گردہ کی صفائی کرنے کے لیے اکسیر مجرب المجرب ہے

کمر درد

عرق النساء

مہروں کے لئے مفید مجرب ہے

گوکھرو۔۔۔ یورک ایسڈ زیادتی کو کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔۔ مجرب ہے۔۔ البتہ اس کے ساتھ تخم خربوزہ اور تخم خیارین کا اضافہ کر لیا جائے تو تو بہترین نتائج چند روز میں محسوس کیئے جاسکتے ہیں۔۔۔

طبیب رانا عبد الستار ملتان

## خون گاڑ، افالج، لقوہ، سوداوی رعشہ

ہڑتال ورقیہ چترالی اعلیٰ قسم 20 سے 50 گرام۔ برگ مدار صاف شدہ 100 عدد۔ لوہے کی کڑاہی اور خشک ریت۔ پہلے کڑاہی میں 50 عدد برگ مدار ترتیب سے رکھیں پھر ورقیہ کی 10 10 گرام کی ڈلیاں رکھکر اوپر بقایا برگ مدار رکھیں اور ریت سے کڑاہی بھر دیں 6 سے 7 گھنٹہ درمیانی آگ جلائیں سرد

ہونے پر احتیاط سے ریت الگ کر کے چرخ شدہ یاقوتی رنگ کی کشتہ ورقیہ نکال لیں اور پوڈر کر کے محفوظ کر لیں یہ کشتہ ورقیہ تیار ھے کشتہ ورقیہ 10 گرام فلفل سیاہ پوڈر 100 گرام خوب کھرل کر کے ہمراہ منقا فلفلی گولیاں بنالیں۔یہ گولیاں مزاج کے اعتبار سے قشری اعصابی یعنی گرم تر مزاج کی حامل ھے۔مقدار خوراک 1 سے 2 گولی عمر اور جسامت کو مد نظر رکھ کر استعمال کروائیں۔ یہ گولیاں اعصابی سوداوی اور ریاحی امراض کے لئیے مفید ھے۔ خصوصاً دل کے وال کھولنے کولسٹرول خون گاڑا فالج لقوہ سوداوی رعشہ اور پھٹوں کی دردوں کے لئے مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کروائیں بے حد مفید مجرب اور معمول مطب ھے۔ یہ گولیاں خاص طور پر کرونا کے مریضوں کی جملہ علامات بخار چکر لو بلڈ پریشر سوزش گلہ درد سینہ کھانسی لیس دار بلغم نمونیہ کے لئیے اعلیٰ درجہ کی دوا ھے۔نوٹ۔ کرونا کے مریضوں کو تریاق بلغم کا استعمال ضرور کروائیں مجرب ھے۔اس اکسیر کے افعال واثرات قابل حکیم یامعالج ہی سمجھ سکتاھے۔ حکیم حافظ حبیب اللہ شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب۔ 03007272642

## ممسک لیپ

اٹ سٹ کی جڑ حسب ضرورت

اس کو کوٹ کر لیپ بنایا جائے خواہ سبز ہو یا خشک ہو۔

پاؤں دھو کر لیپ کر لیں جب تک پاؤں زمین پر نہ رکھیں گے انزال نہی ہو گا۔

اٹ سٹ کنوار گندل تے بکھڑا اسی ہو روی جڑی بوٹیاں جاندے آں

اسگند ناگوری 50 گرام

سونف ملٹھی ہلدی قسط شیریں

